گیارہ ہزار محاوروں کو یکجا کر کے عام فہم معنی
کے ساتھ اُردو داں قارئین کے لیے جامع لغت

اُردو محاورے

نئی نسل کے لوگ، اگر ضرورت سمجھیں تو اپنی زبان میں اسے استعمال کرنے پر غور کریں

مؤلفہ
ڈاکٹر خوشنودہ نیلوفر
تقدیم
پروفیسر سیّد امیر کھوکھر

گیارہ ہزار محاوروں کو یکجا کر کے عام فہم معنی
کے ساتھ اُردو داں قارئین کے لیے جامع لغت

اُردو محاورے

نئی نسل کے لوگ اگر ضرورت سمجھیں تو اپنی زبان میں اسے استعمال کرنے پر غور کریں

مؤلفہ

ڈاکٹر خوشنودہ نیلوفر

ناشران

بُک کارنر

شوروم: بالمقابل اقبال لائبریری بک سٹریٹ جہلم پاکستان
فون نمبر 0544-614977 موبائل 0323-5777931

پرنٹرز۔ پبلشرز۔ کمپوزرز۔ ڈیزائنرز۔ بک سیلرز۔ ہول سیلرز اینڈ لائبریری آرڈر سپلائیرز

Urdu Muhawaray
By: Dr. Khushnuda Nilofer
Jhelum: Book Corner. 2015
256p.
1. Urdu Literature - Urdu Dictionary

اشاعت: 2017ء

مؤلفہ

ڈاکٹر خوشنودہ نیلوفر

Publisher:
Gagan Shahid & Amar Shahid
Book Corner
Printers, Publishers & Booksellers
Jhelum. Pakistan.

ناشر:
گگن شاہد، امر شاہد
بک کارنر
پرنٹرز، پبلشرز اینڈ بک سیلرز، جہلم، پاکستان

+92 (544) 614977, (544) 621953 info@bookcorner.com.pk

book corner showroom 0321-5440882 www.bookcorner.com.pk

مطبع: زاہد بشیر پرنٹرز، لاہور

انتساب

ہمشیرہ محترمہ

امیر النسا خانم

اور

بھائی جان محترم

جناب نفیس احمد خان

کی

بے پناہ محبتوں کے نام

وہ عطر دان سا لہجہ مرے بزرگوں کا

رچی بسی ہوئی اُردو زبان کی خوشبو

(بشیر بدر)

اُردو زبان میں محاورے کی اہمیت

اُردو زبان نے مختلف ارتقائی مراحل سے گزر کر اپنا اعتبار اور وقار بنایا ہے۔ اس کی نشو ونما اور ارتقا میں برصغیر کے ادبا و شعرا نے اپنا خونِ جگر صرف کیا ہے۔ اس کی لسانی ساخت و پرداخت میں صدیوں کے ادبی سرمائے اور ماحولیاتی و معاشرتی اثر و نفوذ کو عمل دخل رہا ہے۔ اُردو کے شعرا و ادبا نے اس کے دامن کو متنوع اصنافِ ادب سے بھرپور کیا ہے۔ جُوں جُوں زبان کا دائرہ وسیع ہوتا گیا، مختلف تہذیبوں کے اثرات سے اس نے اخذِ فیض کیا۔

دیگر زبانوں کی طرح اُردو زبان بھی اپنے اندازِ بیان اور اسلوبِ تحریر میں ان تمام لوازمات کی حامل ہے جو کلام کو حُسن اور بیان کو جمال عطا کرتے ہیں۔ الفاظ و تراکیب میں ظاہری حسن اور معنوی جمال جا بہ جا ہمیں اُردو ذخیرۂ ادب میں ملتا ہے۔ ایجاز و اختصار ہو یا تفصیل و اطناب؛ بات کرنے والا افہامِ مطلب کے لیے مختلف فنی و ادبی اسالیب سے کام لیتا ہے، کبھی تو تشبیہ سے وضاحت کرنی پڑتی ہے اور کبھی تلمیح کا سہارا لینا پڑتا ہے؛ کبھی تمثیل مفیدِ مقصد ہوتی ہے اور کبھی استعارے کا استعمال ناگزیر ہوتا ہے، کبھی ''روزمرہ'' کو زینتِ کلام بنانا پڑتا ہے اور کبھی محاورے کو جزوِ بیان بنانا ضروری ہوتا ہے۔

اُردو زبان جس وسیع و عریض حلقے میں وجود میں آئی اور جن معاشرتی رویوں میں اس نے عروج وارتقا کی منازل طے کیں؛ خوش قسمتی سے وہ نہ صرف ادب پرور تھے بلکہ اس کو قدم قدم پر رہنمائی دینے کے لیے ہردم تیار رہے۔

اُردو زبان کا لسانیاتی مطالعہ پیش کرنے والوں نے اس کے مختلف گوشوں پر گراں قدر کام کیا ہے۔ تلمیحات واستعارات اور تمثیلات وتشبیہات سے متعدد کتب اور مقالات زیورِ طبع سے آراستہ ہوکر شائقین ادب کے لیے رہنمائی اور تسکین ذوق کا خوش گوار فریضہ ادا کرتے رہے ہیں۔ لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ اُردو محاورات جیسے اہم موضوع پر جس قدر کام ہونا چاہیے ابھی تک نہ ہونے کے برابر ہے۔ زیرِ نظر کتاب اسی ادبی خلا کو پُر کرنے کی ایک لائق تحسین کاوش ہے۔

اس کتاب کی اہمیت وحیثیت سے کماحقہٗ آشنا و آگاہ ہونے کے لیے محاورہ کی معنویت سے آشنائی ضروری ہے۔ محاورے کی ماہرین لسانیات نے کئی تعریفیں کی ہیں جن میں سے چند ایک ہدیہ قارئین کی جاتی ہیں۔

عبداللہ جان عابد محاورے کی تعریف کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"محاورہ دو یا دو سے زیادہ الفاظ کا وہ مجموعہ ہے جو اہلِ زبان کی روزمرہ بول چال یا اُن کے مُرتّبہ یا ان کے مجوّزہ قواعد کے مطابق ہوتا ہے۔ الفاظ کا یہ مجموعہ اپنے حقیقی، لغوی اور بنیادی معنوی کے بجائے اصطلاحی غیر وضعی اور خاص معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔"

ڈاکٹر عشرت جہاں ہاشمی محاورے کی وضاحت کرتے ہوئے رقم طراز ہیں:

"محاورہ عربی کا لفظ معلوم ہوتا ہے اس لیے کہ اس میں "محور" شامل ہے، جس کے گرد دائرے بنائے جاتے ہیں۔ یہاں ہم یہ کہہ سکتے

ہیں کہ محاورہ زبان کا مرکزی نقطہ ہوتا ہے وہ دائرہ جو مختصر ہونے کے
باوجود اپنے گرد پھیلی ہوئی بہت ساری حقیقتوں کو اپنے اندر سمیٹ لیتا
ہے، یہ عمومی زبان اور عام لب ولہجہ سے قریب ہوتا ہے اور ایک حد
تک اس میں تخیل، تجربہ اور تجزیہ کا آمیزہ بھی پایا جاتا ہے۔"

ڈاکٹر فرمان فتح پوری لکھتے ہیں:

"محاورے سے مراد لفظوں کا ایسا مرکب ہے جو اصل معنی کے بجائے
بولا جائے۔"

اس تفصیل سے واضح ہوگیا کہ محاورہ معاشرتی رویوں، سماجی قدروں اور ماحولیاتی لب ولہجہ کو اپنے ضمن میں لیے ہوتا ہے۔ محاورے کے ساتھ روزمرہ بھی زبان کی لازمی حصہ ہے لیکن روزمرہ اور محاورہ میں بنیادی فرق یہ ہے کہ روزمرہ اپنے حقیقی معنوں میں استعمال ہوتا ہے جب کہ محاورہ اپنے حقیقی معنوں میں استعمال نہیں ہوتا۔ روزمرہ اور محاورہ دونوں زبان کے ایسے اسلوب ہیں جن میں کوئی بھی زبان سانس لیتی ہے۔ زبان اور اس کی بقا کا انحصار جہاں دوسرے فنی لوازمات پر ہوتا ہے وہاں اس کی معنوی توسیع روزمرے اور محاورے کے بغیر ٹھوس بنیادوں پر استوار نہیں ہوتی اور نہ ہی اس کا ارتقا ممکن ہے۔

اُردو نثر کے ساتھ ساتھ نظم میں محاورے کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا ہے۔ اساتذۂ فن شعرا کے کلام میں محاورات کا استعمال جا بہ جا ملتا ہے جس سے حُسنِ کلام بڑھ جاتا ہے۔ ذیل میں نمونے کے طور پر چند اشعار پیش کیے جارہے ہیں جن میں عمدگی سے محاورات کا استعمال کیا گیا ہے:

جان دی، دی ہوئی اُسی کی تھی
حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا

(غالب)

کیا لطف جو غیر پردہ کھولے
جادُو وہ جو سر چڑھ کے بولے

(نسیم)

آئینِ نو سے ڈرنا طرزِ کہن پہ اَڑنا
منزل یہی کٹھن ہے قوموں کی زندگی میں

(اقبال)

کوئی اُمید بر نہیں آتی
کوئی صورت نظر نہیں آتی

(غالب)

اگرچہ بُت ہیں جماعت کی آستینوں میں
مجھے ہے حکمِ اذاں، لاالٰہ الااللہ

(اقبال)

دل کے پھپھولے جل اٹھے سینے کے داغ سے
اِس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے

(نامعلوم)

خیالِ خاطرِ احباب چاہیے ہر دم
انیسؔ ٹھیس نہ لگ جائے آبگینوں کو

(میر ببر علی انیس)

دُنیا کی محفلوں سے اُکتا گیا ہوں یارب
کیا لطف انجمن کا جب دل ہی بُجھ گیا ہو

(اقبالؔ)

میں بھی منہ میں زبان رکھتا ہوں
کاش پوچھو کہ مدّعا کیا ہے

(غالب)

آئے عشّاق گئے وعدۂ فردا لے کر
اب ڈھونڈ انھیں چراغِ رُخِ زیبا لے کر

(اقبال)

ان اشعار میں حق ادا ہونا، جادو سر چڑھ کے بولنا، اُڑنا، اُمید بر آنا، اور آستینوں میں ہونا، آگ لگنا گھر کے چراغ سے، دل کے پھپھولے جل اٹھنا، آبگینوں کو ٹھیس لگنا، دل کا بُجھ جانا، منہ میں زبان رکھنا اور چراغ لے کر ڈھونڈنا محاورات ہیں جن کو بڑی خوبصورتی سے اشعار کی لڑی میں پَرو دیا گیا ہے۔

ان محاورات کو سمجھنے کے لیے یقیناً لغت کی ضرورت ہے اور عام لغات میں ان کو تلاش کرنا اور ان کے معانی سے کماحقہ' آگاہ ہونا مشکل ہے، اسی مشکل کو حل کرنے کے لیے ادب پرور شخصیت جناب امر شاہد نے اس مختصر مگر جامع لغت کا انتخاب کیا ہے۔ جو یقیناً لاجواب ہے۔ اس کتاب میں اختصار کے ساتھ جس عمدہ تحقیقی انداز میں محاورات کے معانی کو یکجا کیا گیا ہے وہ نہ صرف اُردو زبان کے لسانیاتی ذخیرے میں ایک گراں قدر اضافہ ہے بلکہ طلبہ کے ساتھ ساتھ محققین کے لیے بھی ایک نعمت سے کم نہیں۔ اس سے پہلے ادارہ کی جانب سے فارسی محاورات کا ذخیرہ بھی اُردو اور انگلش ترجمے کے ساتھ منظرِ عام پر آ چکا ہے۔ ادارہ بک کارنر اپنی اس علمی و ادبی پیش کش پر مبارک باد کا مستحق ہے۔

پروفیسر سیّد امیر کھوکھر

ایم اے، ایک او ایل، ایم فل

پیش لفظ

ماہرینِ زبان کے مطابق ’’خاص اہلِ زبان کے روزمرہ یا بول چال، یا اسلوبِ بیان کا نام محاورہ ہے۔ لیکن روزمرہ اور محاورہ میں امتیاز نہ کرنے کے لیے محاورہ کے ایک محدود معنی مان لیے گئے ہیں۔ اب محاورہ کا اطلاق خاص کر ان افعال پر ہوتا ہے جو کسی اسم کے ساتھ مل کر اپنے حقیقی معنوں کی بجائے مجازی معنوں میں استعمال ہوتے ہیں۔ مثلاً ’اتارنا‘ کے حقیقی معنی کسے شے کو اوپر سے نیچے لانے کے ہیں، مثلاً گھوڑے سے سوار کو اتارنا، کھونٹی سے کپڑا اتارنا، کوٹھے سے پلنگ اتارنا لیکن ان میں سے کسی کو بھی محاورہ قرار نہیں دیا جاسکتا کیونکہ ان میں ’اتارنا‘ حقیقی معنوں میں استعمال ہوا ہے۔ لیکن اس کے برعکس نقشہ اتارنا، نقل اتارنا، دل سے اتارنا محاورات ہیں کیونکہ یہاں ’اتارنا‘ مجازی معنوں میں استعمال ہوئے ہیں۔ اسی طرح ’روٹی کھانا‘ محاورہ نہیں ہے، لیکن غم کھانا، قسم کھانا اور دھوکا کھانا محاورہ ہے۔‘‘

محاورے اردو زبان کا لسانی سرمایہ ہیں اور ان کے بطن میں کئی کہانیاں، واقعات وحادثات بھی اسی طرح پوشیدہ ہوتے ہیں جس طرح کہاوتوں میں۔ یقیناً محاورے دریا میں کوزے کے مترادف ہوتے ہیں۔ جدید دور میں جہاں اصنافِ ادب میں بے شمار تبدیلیاں

آئی ہیں وہیں ایک افسوس ناک امر یہ بھی ہے کہ ہم نے کلاسکی ادبی روایت کی بنیادی خوبیوں سے بھی صرفِ نظر کرلیا ہے۔

سہل الحصول شے کی جستجو میں ہیروں کو چھوڑ کر کوئلے کو بیش قیمتی پتھر سمجھنا یقیناً دانشمندی نہیں۔ اساتذہ نے محاوروں کے استعمال سے نثر ہو یا نظم جو جادو بیانی ادبی شہ پاروں میں یکجا کردیے ہیں آج ان کو پڑھ کر نہ صرف حیرت ہوتی ہے بلکہ اردو زبان کی وہ خوبی جسے رمز وایمائیت کہتے ہیں کا راز ظاہر ہوتا ہے:

کب شرارت سے باز آتے ہیں
آگ پانی میں وہ لگاتے ہیں

نثری شہ پارے ہوں یا اخباروں کی سرخیاں، ادبی تقریر ہو یا سیاسی تقریر محاوروں کے استعمال سے اس کی شدت میں بے پناہ اضافہ کیا جا سکتا ہے، گہرائی و گیرائی پیدا کی جاسکتی ہے۔ محاوروں کا زبان سے کیا تعلق ہے اور اُردو زبان کی موجودہ صورتِ حال میں محاورے کیوں کہیں گم ہوتے جارہے ہیں یہ ایک ایسا سوال ہے جو اپنے آپ میں تحقیق کا ایک بڑا موضوع ہے لیکن ایک طالب علم کی حیثیت سے خود میں نے یہ محسوس کیا ہے کہ اُردو زبان کا جادو اگر آج بھی ساری دنیا کے سر چڑھ کر بول رہا ہے تو اس کی ایک بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ اس زبان نے کبھی بھی علاقائی زبانوں سے اخذ واستفادہ میں لیت ولعل سے کام نہیں لیا اور اس کا اثر یہ ہوا کہ اردو زبان میں اپنی مٹی ہمیشہ مہکتی رہی۔ جہاں تک سوال محاوروں کا ہے تو یہ ایک بڑی حقیقت ہے کہ آزادی کے بعد ہندوستان میں اُردو زبان کی حالت نہایت دگرگوں ہوگئی۔ ایک بڑا طبقہ نقل مکانی کر گیا اور جو یہاں رہ گئے ان کے سامنے زبان کی حفاظت سے زیادہ اپنے وجود کی حفاظت کا سوال آ کھڑا ہوا۔ بٹوارے کے بعد جو سیاسی ماحول ہندوستان میں قائم ہوا اس میں اُردو زبان کو ایک خاص مذہب سے جوڑ دیا گیا،

حالانکہ اس کی سازش بہت پہلے انگریز شروع کر چکے تھے لیکن بٹوارے کے بعد جب پاکستان میں اردو کو سرکاری زبان کا درجہ دیا گیا تو خود ہندوستان میں اس زبان کو غیر سمجھا جانے لگا۔ سرکاری سرپرستی نہ ملنے کے سبب بھی اس زبان سے نئی نسل دور ہوتی چلی گئی اور آخر وہ وقت بھی آ گیا کہ اپنے ہی وطن میں یہ زبان بے نام ہو گئی۔ یہی وہ اسباب ہیں جن کی وجہ سے اُردو زبان کو پڑھنے اور سمجھنے والے رفتہ رفتہ کم ہوتے چلے گئے۔ حالانکہ اب ملک کے حالات تبدیل ہو گئے ہیں اور یہاں تمام علاقائی زبانوں کی ترقی کے لیے ازسرِ نو شروعات کی جا چکی ہے لیکن اب زبان کے جملہ تشکیلی عناصر کو ملحوظِ خاطر رکھ کر ادب تخلیق کرنے والوں کی کمیابی نے اس رفتار میں روڑے اٹکانے شروع کر دیے ہیں۔

محاورے زبان کو تہذیب و ثقافت سے جوڑے رکھنے میں معاونت تو کرتے ہی ہیں، کم لفظوں میں زیادہ سے زیادہ باتوں کی ترسیل بھی محاوروں کے ذریعے آسان ہو جاتی ہے۔ ایسے میں میری یہ ادنیٰ سی کوشش تھی کہ میں اردو زبان میں مستعمل محاوروں کی ایک کتھونی جمع کروں اور یہ سلسلہ اپنی پوری رفتار میں اس وقت آ گیا جبکہ میرے پروجیکٹ میں ورکشاپ کے موقع پر پروفیسر او۔ این۔ کول (سابق ڈائریکٹر آف سی، آئی، آئی، ایل) صاحب تشریف لائے اور اس کام کو انجام تک پہنچانے کا مجھے نہ صرف مشورہ دیا بلکہ قدم قدم پر میری رہنمائی بھی کی اور تقریباً گیارہ ہزار محاوروں پر محیط یہ کتاب وجود میں آئی۔

میں نے کوشش کی ہے کہ اپنے آس پاس کے لوگوں کے ذریعے استعمال کیے جانے والے محاوروں کو یکجا کر کے ایک عام فہم معنی کے ساتھ اُردو والوں تک پہنچا دوں تاکہ نئی نسل کے لوگ اگر ضرورت سمجھیں تو اپنی زبان میں اسے استعمال کرنے پر غور کریں۔

ڈاکٹر خوشنودہ نیلوفر

(آ)

آن بننا: بلا نازل ہونا، مصیبت پڑنا
آ پہنچنا: منزل طے کرنا، پہنچ جانا
آ پھنسنا: پھنس جانا، فریب میں آنا
آ جانا: سیکھ لینا، پہنچ جانا
آ دبانا: پکڑ لینا، دبوچ لینا
آ دھمکانا: بے دھڑک چلے آنا
آ ڈٹنا: ڈیرہ جما لینا، آ موجود ہونا
آ رہنا: سکونت اختیار کرنا، گر پڑنا، ٹھہر جانا
آ لگنا: قریب آ جانا، پہنچنا
آ لینا: پکڑ لینا، قریب پہنچ جانا
آ مرنا: آ موجود ہونا (تحقیراً) آ جانا
آ نکلنا: بے ارادہ پہنچ جانا، اتفاقاً چلے آنا
آب آب کرنا: شرمندہ کرنا
آب آب ہونا: شرمندہ ہونا
آب آ جانا: رونق آ جانا
آب بردن: بے رونق کرنا، خراب کرنا
آب بگڑنا: ماند ہو جانا
آب نہ رہنا: بے رونق ہو جانا
آب و ہوا بدلنا: صحت و تندرستی کی بحالی کے لیے کسی بہتر جگہ جانا
آب و ہوا کا راس آنا: کسی جگہ کا موسم طبیعت کے موافق ہونا
آب و ہوا بگڑنا: موسم کی خرابی
آب اڑنا: چمک جاتی رہنا
آب دینا: سینچنا، چمکانا
آب و دانہ ختم ہونا: رزق ختم ہونا، موت آنا
آبرو بخشنا: مرتبہ بڑھانا، بزرگی دینا
آبرو برباد ہونا: بدنام ہونا
آبرو بڑھانا: عزت میں اضافہ کرنا
آبرو بگڑنا: ذلیل ہونا
آبرو بنانا: رتبہ بڑھانا
آبرو بنی ہونا: عزت سلامت ہونا
آبرو بیچنا: عزت گنوانا
آبرو پانا: عزت حاصل کرنا
آبرو پانی ہونا: عزت برباد ہونا
آبرو پر پانی پھر جانا: عزت جاتی رہنا
آبرو پر حرف آنا: عزت میں فرق آنا
آبرو پیدا کرنا: ناموری پیدا کرنا
آبرو تھامنا: عزت محفوظ رکھنا
آبرو سے رہنا: عزت سے بسر کرنا
آبرو کا لاگو ہونا: عزت کے پیچھے پڑنا
آبرو گرہ میں باندھنا: عزت کو بہت عزیز رکھنا
آبرو میں بٹہ لگ جانا: عزت میں خلل پڑ جانا
آبرو میں (داغ) دھبہ لگ جانا: عزت میں خلل پڑ جانا
آپ اپنی قبر کھودنا: اپنی بربادی کا آپ سامان کرنا
آپ جانے اور آپ کا کام: آپ اپنے نیک و بد کے خود ذمے دار ہیں
آپ سے بے آپ ہونا: بہت بے چین ہونا
آپ سے گزرنا: انسانیت سے گزرنا

آپ کو آسمان پر کھینچنا: غرور و تکبر کرنا
آپ میں نہ رہنا: ہوش و حواس کھو دینا
آپ کیا گاتے ہیں: آپ کی بات سمجھ میں نہیں آتی
آپ ہارے مہو کو مارے: اپنی خفت دوسرے پر اتارنا
آپ ہی آپ باتیں کرنا: خود سے باتیں کرنا
آپے سے جانا: حواس کھو دینا
آپے سے گزر جانا: بے حد غصہ آنا
آپے سے نکلنا: آپے سے باہر ہو جانا
آپے میں آنا: ہوش میں آجانا
آپے میں نہ رہنا: زیادہ غرور کرنا
آپے میں نہ ہونا: سخت غصہ آنا
آتما ٹھنڈی کرنا: بھوکے کا پیٹ بھرنا
آتما ستانا: جی دُکھانا
آتما کا کلپانا: جی دُکھانا
آتما مسوسنا: مامتا اور محبت کو ضبط کرنا
آٹا آٹا کر دینا: بہت باریک کر دینا
آٹا آٹا ہو جانا: بہت باریک ہو جانا، بوسیدہ ہو جانا
آٹے دال کا بھاؤ بتانا: تنبیہ کرنا، دھمکانا
آٹے دال کا بھاؤ کھلنا: دنیا کے نشیب و فراز معلوم ہونا
آٹے دال کا بھاؤ معلوم ہونا: قدر و عافیت معلوم ہونا
آٹے کے ساتھ گھن پسنا: گناہ گار کے ساتھ بے گناہ کو سزا ملنا

آٹھ آٹھ آنسو رونا: پھوٹ پھوٹ کر رونا
آٹھ اٹھارہ کرنا: پریشان کرنا
آٹھویں ساتویں: کبھی کبھی، گاہے بہ گاہے
آثار اچھے یا برے ہونا: ڈھنگ اور علامتیں اچھی یا بری ہونا
آثار باقی ہونا: نشان رہ جانا
آثار بندھ جانا: علامتیں ظاہر ہونا
آثار پا جانا: علامتیں دکھائی دینا
آثار پڑنا: بنیاد قائم کرنا
آثار پیدا ہونا: علامت ظاہر ہونا
آثار چھا جانا: علامات کا کثرت سے ظاہر ہونا
آج کل بتانا: ٹالنا
آج کل نہ جانا: مکر و فریب سے باز نہ آنا
آچار نکالنا: بہت پیٹنا، گت بنانا
آخر کر دینا: ختم کر دینا
آخرت بگاڑنا: عاقبت خراب کرنا
آخرت بنانا، سنوارنا: زندگی میں نیک کام کرنا کہ عاقبت میں جزا ملے
آخرت کا سودا: عاقبت سنوارنے کے کام
آخرت کی کمائی: نیک کام جو مرنے کے بعد فائدہ پہنچائیں
آداب بجالانا: شکریہ ادا کرنا
آداب عرض کرنا: ادب سے سلام کرنا
آداب کرنا: ادب سے سلام کرنا
آدمی بنانا: مہذب بنانا
آدمی بننا: آدمیت سیکھنا، حیثیت درست کرنا

آدمی پر آدمی گرنا: بہت بھیڑ

آدمی کی کسوٹی معاملہ ہے: معاملہ پڑنے پر ہی آدمی کی حقیقت معلوم ہوتی ہے

آدمی کے جامے میں آنا: شریف بننا

آدمی ہونا: شریف ہونا

آدمیت آنا: تمیز اور سلیقہ حاصل ہونا

آدمیت اُٹھ جانا: انسانیت جاتی رہنا

آدمیت اختیار کرنا: اچھی عادتیں سیکھنا

آدمیت سے گزر جانا: شرافت چھوڑ دینا

آدمیت کے جامے میں آنا: شریف بن جانا

آدمیت میں لانا: شرافت سکھانا

آدھ سیر آٹا: پیٹ بھر کا آٹا، گزر اوقات کا ذریعہ

آدھ سیر آٹے سے لگ جانا: روزی کمانے لگنا

آدھا رہ جانا: بہت دُبلا ہو جانا

آدھار ہونا: پیٹ بھرنا، کافی ہونا

آدھا کر دینا: بہت کم کر دینا، شرمندہ کر دینا

آدھار ہونا: پیٹ بھرنا، کافی ہونا

آر لگانا: سست آدمی کو ابھارنا

آراستہ پیراستہ ہونا: مزیّن ہونا، مسلح ہونا

آراستہ کرنا: سجانا، سنوارنا

آرام چاہنا: راحت تلاش کرنا

آرام چھوڑ دینا: راحت سے ہاتھ اٹھانا

آرام سے گزرنا: چین سے بسر ہونا

آرام لینا: ٹھہرنا، سکون حاصل کرنا

آرائش کرنا: سجانا، آراستہ کرنا

آرزو خاک میں مل جانا: خواہش پوری نہ ہونا

آرزو کا خون ہونا: خواہش کا پورا نہ ہونا

آرزو بر آنا: مراد پوری ہونا

آرزو ٹپکنا: دلی خواہش کا نہ چھپنا

آرزو مٹانا: امید کے خلاف کرنا

آرزو مر جانا: خواہش ختم ہو جانا

آرزو مند ہونا: خواہش مند ہونا

آرزو نکلنا: مراد پوری ہونا

آرسی تو دیکھو: اپنی اصل تو ذرا دیکھو

آرسی مصحف دکھانا: دلہن دولہا کو عقد کے بعد آئینہ دکھانا

آرے بلے کرنا: ٹالنا، ہاں ہاں کرنا

آرے چلنا: جان پر بننا، مصیبت اٹھانا

آڑ باندھنا: اوٹ کرنا، پردہ ڈالنا

آڑ پکڑنا: پناہ لینا، بہانہ کرنا

آڑ توڑنا: حجاب توڑنا

آڑ ڈھونڈنا: پناہ چاہنا

آڑ کرنا: پردہ کرنا

آڑ لینا: پناہ لینا

آڑ میں آجانا: اوٹ میں آجانا

آڑ میں آنا: بیچ میں پڑنا

آڑ ہونا: حجاب ہونا

آڑے آجانا: حائل ہونا

آڑے ہاتھوں لینا: برا بھلا کہنا

آڑا اتارنا: کپڑے کو ترچھا پھاڑنا

آڑا ترچھا ہونا: بگڑنا، ناراض ہونا

آڑی ترچھی سنانا: برا بھلا کہنا

آڑی ترچھی سننا: برا بھلا سننا

آڑی کرنا: کھیل میں دوست بنانا

آزاد کرنا: رہا کرنا

آزاد ہونا: رہا ہونا

آزار اٹھانا: درد دکھ جھیلنا

آزار پہنچانا: دکھ دینا

آزار پھیلانا: کسی بیماری کا بڑھنا

آزار پیدا ہونا: روگ لگنا

آزار دینا: دکھ دینا

آزار لگنا: بیماری لگنا

آزردہ کرنا: رنجیدہ کرنا

آس باندھنا: اُمید کرنا

آس ہونا: امید ہونا

آس پجنا: مراد برآنا

آس پوری ہونا: امید پوری ہو جانا

آس تکنا: انتظار کرنا

آس توڑنا: ناامید کرنا

آس ٹوٹنا: ناامید ہونا

آس چھوٹنا: مایوس ہونا

آس چھوڑنا: مایوس ہونا

آس دینا: امید بندھوانا

آس رکھنا: بھروسہ رکھنا

آس لگانا: امید باندھنا

آستین چڑھانا: لڑنے مرنے کو تیار ہونا

آسرا پکڑنا: سہارا لینا

آسرا تکنا: پناہ چاہنا

آسرا ٹوٹنا: امید ختم ہونا

آسرا دینا: امید دلانا

آسرا ڈھونڈنا: سہارا تلاش کرنا

آسرا کرنا: امید کرنا

آسرا لگانا: اُمید لگانا

آسرا لینا: پناہ لینا

آسرا ہونا: امید ہونا

آسمان پر اُڑنا: اترانا، غرور کرنا

آسمان پر تھوکنا: بے ہودہ اور بے فائدہ کام کرنا

آسمان پر چڑھانا: مرتبہ بخشنا، چاپلوسی کرنا

آسمان پر دماغ کھینچنا: غرور کرنا

آسمان پر قدم رکھنا: شیخی مارنا، غرور کرنا

آسمان پر ہونا: بلند مرتبہ ہونا

آسمان پھٹ پڑنا: سخت مصیبت پڑنا

آسمان تھرّانا: شدید ظلم ہونا

آسمان ٹل جانا: ناممکن انقلاب ہو جانا

آسمان ٹوٹنا: آسمان گر پڑنا

آسمان جھانکنا: اُڑنے کا ارادہ کرنا

آسمان دیکھنا: نا اُمیدی کے عالم میں نظر بخدا ہونا، مجبوری کی حالت میں آسمان کی طرف نظر اٹھانا

آسمان زمین ایک ہونا: بڑا تغیر ہونا، سخت مصیبت پڑنا

آسمان زمین کا فرق: بہت بڑا فرق

آسمان زمین کے قلابے ملانا: انتہا درجے کی کوشش کرنا، گپ مارنا

آسمان زمین میں دھوم پڑنا : دنیا بھر میں مشہور ہونا
زمین آسمان میں سناٹا چھا جانا : ہر طرف خاموشی چھا جانا
آسمان زمین ہلا دینا: طوفان برپا کر دینا
آسمان سر پر اٹھانا: بہت غل مچانا
آسمان سے آگ برسنا: سخت گرمی پڑنا
آسمان سے اترنا: کسی چیز کا نہایت عمدہ ہونا
آسمان سے ٹکر لینا: بہت بلند ہونا
آسمان سے گرنا: آسمان سے نیچے آنا، اونچے مرتبے سے گرنا
آسمان کا رنگ بدلنا: انقلاب آنا
آسمان کی خبر لانا: بہت بلند پروازی کرنا
آسمان کی سوجھنا: دور کی سوجھنا
آسمان کی سیر کرنا: خیالات کا دور پہنچنا
آسمان کے تارے توڑنا: ناممکن اور دشوار کام کرنا
آسمان میں تھگلی لگانا: عیاری کرنا، چالاکی کرنا
آسمان میں چھید کرنا: نہایت عیاری اور چالاکی کرنا
آسمان میں چھید ہو جانا: لگاتار مینہ برسنا
آسمان پھٹ پڑے: قیامت نہ آجائے
آسمان و زمین سیاہ ہو جانا: حد سے زیادہ پریشان اور غم ہونا
آسمان ہلا دینا: بہت زور سے چیخنا چلاّنا
آسن اکھڑنا: سوار کا اپنی جگہ سے ٹل جانا

آسن باندھنا: رانیں جکڑنا
آسن پاٹی لے کر پڑنا: روٹھ کر پڑ جانا
آسن تلے آنا: ران تلے آنا
آسن جلنا : ایک طرح بیٹھے بیٹھے ران یا زانو میں گرمی پیدا ہو جانا
آسن جمانا: گھوڑے پر جم کر بیٹھنا
آسن جمنا: ران جمنا
آسن سے آسن جوڑنا: رانوں کے بل بیٹھنا
آسن ڈگانا: عبادت کی بیٹھک سے اٹھا دینا
آسن لینا: ٹانگیں اٹھانا
آسن مار کر بیٹھنا : جوگیوں کا عبادت کے واسطے بیٹھنا، کسی جگہ جم کر بیٹھنا
آسودہ ہو جانا: پیٹ بھر جانا
آسیب آنا: صدمہ پہنچنا
آسیب اتارنا: بھوت بھگانا
آسیب پہنچانا: صدمہ دینا
آسیب پہنچنا: صدمہ پہنچنا
آسیب سر پر چڑھنا: کسی پر جن بھوت کا اثر ہونا
آسیب سر سے اتارنا: جن بھوت کا اثر زائل ہونا
آش پکانا: شوربا پکانا، کسی کے خلاف سازش کرنا
آشنائی چھوٹنا: ملاقات ترک ہونا
آشنائی کرنا: دوستی کرنا، آنکھ لڑانا
آشنائی نباہنا: دوستی اور محبت میں وفادار ہونا
آشنائی نبھنا: محبت قائم رہنا
آشوب اٹھانا: فتنہ وفساد برپا کرنا
آشیاں اٹھانا: گھونسلا چھوڑنا، جگہ تبدیل کرنا

آغاز انجام جاننا: اوّل و آخر کا علم ہونا
آغاز انجام نہ سوچنا: آگا پیچھا نہ دیکھنا
آغوش آباد کرنا: گود میں آنا، گود گرم کرنا
آغوش بھرنا: گود میں بھر پور آنا، عورت کا اولاد والی ہونا
آغوش پھیلانا: گود میں لینے کو بڑھنا
آغوش خالی کرنا: گود سے نکل جانا، کنارہ کشی کرنا
آغوش کھولنا: گود پھیلانا
آغوش گرم کرنا: گود میں آنا
آغوش لبریز ہونا: گود کا بھرا ہونا
آغوشِ لحد میں سونا: مر جانا، قبر میں دفن ہونا
آغوش میں آنا: گود میں آنا
آغوش میں رہنا: پہلو میں رہنا
آغوش میں لینا: محبت سے بغل میں لینا
آغوش وا ہونا: گود کھلنا
آفت آنا: مصیبت پڑنا
آفت اٹھانا: مصیبت جھیلنا
آفت پڑنا: قہر نازل ہونا
آفت توڑنا: غصہ ہونا، ظلم کرنا
آفت ٹالنا: مشکل آسان کرنا
آفت ٹلنا: مصیبت دور ہونا
آفت ٹوٹنا: مصیبت پڑنا
آفت جان پر لینا: دکھ سہنا، مصیبت اٹھانا
آفت جھیلنا: مصیبت برداشت کرنا
آفت ڈالنا: بلا نازل کرنا
آفت ڈھانا: قیامت برپا کرنا
آفت سر پر لینا: جھگڑا مول لینا
آفت کا ٹکڑا: بدذات، شریر
آفت کا مارا: مصیبت کا شکار
آفت مچانا: غل مچانا
آفت میں پھنسنا: مصیبت میں پھنسنا
آفت میں جان آنا: بہت مصیبت ہونا
آفت میں مبتلا ہونا: بلاؤں میں گھرنا
آفت ہے: غضب ہے، قیامت ہے
آفتاب بر سر دیوار: زوال، بڑھاپا
آفتاب برآمد ہونا: سورج کا نکلنا
آفتاب بنا دینا: درجہ بلند کرنا
آفتاب ڈھلنا: دن کا زوال شروع ہونا
آفتاب سر پر آنا: دوپہر ہونا
آفتاب سوا نیزے پر آنا: قیامت آنا، دھوپ کی تیزی
آفتاب غروب ہونا: شام ہونا
آفتاب کا مغرب سے نکلنا: قیامت آنا
آفتاب کو دیا دکھانا: تجربہ کار آدمی کو کام کے ڈھنگ بتانا
آفریں کرنا: شاباشی دینا
آگ اُٹھانا: جھگڑا اٹھانا، لڑائی کھڑی کرنا
آگ بتانا: آگ دکھانا
آگ بنانا: آگ جلانا
آگ بھری ہونا: سوز و گداز ہونا
آگ بھڑکانا: فساد بڑھانا، غصہ دلانا
آگ بھڑکنا: شعلہ اُٹھنا، لڑائی پھیلنا

آگ پر پانی ڈالنا: آگ بجھانا، فساد ختم کرانا
آگ پر لٹانا: بے حد بے قرار کرنا
آگ پر لوٹنا: بہت بے قرار ہونا
آگ پھانکنا: جھوٹ بولنا، چغلی کرنا
آگ پھونکنا: سوزش پیدا کرنا
آگ پھیلانا: فساد برپا کرنا
آگ ٹھنڈی کرنا: غصہ ٹھنڈا کرنا
آگ جاگ اُٹھنا: شوق بڑھ جانا
آگ جاگنا: عشق بھڑک اُٹھنا
آگ تلوؤں سے لگنا: نہایت غصے میں ہونا
آگ جگانا: شوق بڑھانا، خواہش تیز کرنا
آگ جوڑنا: اپلے یا لکڑی آپس میں ملا کر آگ سلگانا
آگ جھاڑنا: آگ سے راکھ دور کرنا
آگ دابنا: فتنہ و فساد مٹانا، غصہ دور کرنا
آگ دکھانا: آگ لگانا، شتابا لگانا
آگ دوڑنا: آگ کا پھیلنا، شورش پھیلنا
آگ دھونا: آگ سے راکھ دور کرنا
آگ دینا: جلانا، آگ لگانا
آگ سرد ہونا: آگ بجھنا، فساد مٹنا
آگ سلگانا: آگ روشن کرنا، لگائی بجھائی کرنا
آگ سلگنا: آگ جلنا، سوز عشق ہونا
آگ سے پانی ہو جانا: غصہ دور ہو جانا
آگ کا بنا ہوا: بہت گرم مزاج
آگ کجلانا: آگ کا ٹھنڈ یا جانا
آگ کرنا: آگ سلگانا، غصہ دلانا

آگ کے لو کے اٹھنا: آگ کے شعلے بلند ہونا، جی جلنا
آگ لگا پانی کو دوڑنا: لڑائی کروا کر صلح کے درپے ہونا
آگ لینے آنا: آکر جلدی چلے جانا
آگ مٹنا: جلن جاتی رہنا، حسد نہ رہنا
آگ میں آگ لگانا: رنجیدہ کو اور صدمہ دینا
آگ میں پانی ڈالنا: لڑائی کو دبانا، جھگڑا مٹانا
آگ میں پڑنا: مصیبت یا بلا میں پھنسنا
آگ میں جلانا: رشک و حسد میں جلانا، سوز عشق میں پھونکنا
آگ میں جلنا: سوز عشق میں جلنا، آگ میں بھننا
آگ میں جھونک دینا: آفت میں مبتلا کر دینا
آگ میں کود پڑنا: نتیجہ سوچے بغیر کسی مشکل کام کو ہاتھ میں لینا
آگ میں گرنا: مصیبت یا بلا میں پڑنا، آگ میں کودنا
آگ ہو جانا: غصے میں لال پیلا ہونا
آگا باندھنا: سامنا روکنا، سد راہ ہونا
آگا پیچھا سوچنا، دیکھنا: آغاز و انجام پر نگاہ رکھنا
آگا پیچھا کرنا: ہچکچانا
آگا تاگا لینا: آؤ بھگت کرنا، خاطر تواضع کرنا
آگا دیکھا نہ پیچھا: آغاز سوچا نہ انجام
آگا روکنا: سامنا روکنا، مقابل ہونا
آگا سنبھالنا: آگے کا بندوبست کرنا

آ گا مارنا: حملہ کرنا، شکست دینا
آگاہ کرنا: اطلاع دینا، بتلانا
آگاہی پانا: خبر پانا، واقف ہونا
آگاہی دینا: اطلاع دینا، خبر دینا
آگاہی رکھنا: خبر رکھنا، واقفیت رکھنا
آگے آگے ہونا: پیش پیش ہونا، رہبر ہونا
آگے آنا: سامنے آنا، نزدیک ہونا
آگے بڑھانا: آگے چلنا
آگے پانا: کیے کی سزا پانا، تکلیف اٹھانا
آگے پیچھے چلنا: بے ترتیبی سے چلنا
آگے پیچھے نہ ہونا: تن تنہا ہونا، بے وارثا ہونا
آگے پیچھے ہاتھ دھرے ہونا: ننگا ہونا، نہایت مفلس ہونا
آگے چلنا: آگے بڑھکر چلنا، غالب آنا
آگے خدا کا نام: اس کے آگے کچھ نہیں
آگے خیریت ہے: آئندہ کچھ نہیں ہے
آگے دھر لینا، آگے رکھ لینا: سامنے رکھ لینا، آگے کر لینا
آگے دھرنا: سامنے رکھنا، روبرو رکھنا
آگے ڈالنا: روبرو ڈال دینا، گزارہ کے واسطے بیوہ عورت کی روپیہ سے مدد کرنا
آگے رکھ لینا: ڈھال بنالینا، قابو کر لینا
آگے رنگ لانا: آئندہ کو خرابی لانا
آگے سے ٹھانا: پہلے سے نتیجہ نکالنا
آگے سے روکنا: پیش بندی کرنا، پہلے سے روک دینا

آگے سے سوچنا: پہلے سے فکر کرنا
آگے سے گانٹھنا: پہلے سے راضی کر لینا، سامنے سے دور کرنا
آگے قدم دھرنا: پہل کرنا، ترقی کرنا
آگے کا قدم پیچھے پڑنا: پیچھے ہٹنا، تنزل کرنا
آگے کرنا: سامنے کرنا، پیش کرنا
آگے نکل جانا: آگے بڑھ جانا، سبقت لے جانا
آگے ہونا: پیش قدمی کرنا، مقابلہ کرنا
آگیا پالنا: فرماں برداری کرنا
آگیا دینا: حکم دینا، ہدایت کرنا
آگیا ماننا: حکم ماننا، اطاعت کرنا
آلا پٹ جانا: گنجفے میں دونوں طرف سر کرنے سے فارغ ہو جانا
آلا بالا بتا دینا: ٹال دینا، فریب دینا
آلنگ پر آنا (ہونا): گھوڑی کا مستانا، مد میں بھرنا
آم کاٹپکا لگنا: درختوں سے پک کر آم ٹپکنا شروع ہونا
آمد برآمد کے دن: موسم بدلنے کے دن، رت پھرنے کا زمانہ
آمد و رفت ہونا: راہ و رسم ہونا، آتے جاتے رہنا، آمد و رفت لگانا، آنا جانا، جاری رکھنا
آمد و رفت لگی رہنا: آنے جانے کا تار بندھا رہنا
آمنے سامنے ہونا: روبرو ہونا، مقابل ہونا
آمین آمین ہونا: امن چین ہونا، مراد بر آنا

آمین پڑھنا: قبول کرنا، ماننا
آن توڑنا: قول وقرار توڑنا، رسم کے خلاف کرنا
آن جانا: بات خراب ہونا، آبرو جانا
آن رہ جانا: بات رہ جانا، آبرو رہ جانا
آن بان سے رہنا: ٹھاٹھ سے رہنا، وضع بنائے رہنا
آن تان میں پورا ہونا: وضع میں کامل ہونا
آن نکلنا: حسن وخوبی کا چمکنا
آن بننا: مصیبت پڑنا، آ پھنسنا
آن پڑنا: یکا یک آ گرنا، پناہ میں آنا
آن پہنچنا: داخل ہونا، کنارے لگنا
آن لینا: آلینا، آ کر مل جانا
آنا کانی کرنا: سنی ان سنی کرنا، درگزر کرنا
آنت کی آنت: بہت لمبی چیز، طول طویل چیز
آنتوں کا قل ہو اللہ پڑھنا: سخت بھوکا ہونا
آنتوں میں بل پڑنا: پیٹ میں بل پڑنا، پیٹ میں درد شروع ہو جانا
آنتیں الٹ جانا: قے ہونا
آنتیں سمیٹنا: بھوکا رہنا، بھوک برداشت کرنا
آنتیں سوکھنا: فاقہ کشی کرنا
آنتیں گلے میں آنا: بلا میں مبتلا ہونا
آنتیں منہ کو آنا: بیزار ہونا، نہایت ناگوار گزرنا
آنٹ پڑنا: دل میں فرق آنا، دشمنی ہونا
آنچ آنا: مصیبت آنا، صدمہ پہنچنا
آنچ دکھانا: گرم کرنا
آنچ کڑی ہونا: تیز آگ ہونا

آنچ کھانا: تاؤ کھانا، پگھلنا
آنچ نہ آنے دینا: نقصان یا ضرر نہ ہونے دینا
آنچیں نکلنا: شعلے اٹھنا
آنچل پھاڑنا: آنچل کترنا، جادو کرنا
آنچل سنبھالنا: آنچل درست کرنا
آنچل لینا: مہمان آنے والی عورت کا استقبال کرنا اور اس کے دوپٹہ کا کنارہ تعظیماً چھونا
آنچل میں بات باندھنا: کسی کی نصیحت کو یاد رکھنا
آنچل میں سات باتیں باندھنا: جادو کرنا، ٹونا ٹوٹکا کرنا
آندھی آنا: جھکڑ چلنا
آندھی اٹھنا: طوفان اٹھنا
آندھی چھانا: آندھی کا غبار چھانا
آندھی کاٹنا: افسوں پڑھ کر انگلی سے آندھی روکنا
آندھی کی طرح آنا بگولے کی طرح جانا: آتے ہی جلدی سے رخصت ہو جانا
آندھی کی طرح طبیعت آنا: بے اختیار کسی چیز پر مائل ہونا
آندھی کے آم: بہت سستی چیز، چندروزہ
آندھی ہونا: کسی کام میں نہایت سرگرمی سے مصروف ہونا
آنسو آنا: آنسو بھرنا
آنسو بہانا: گریہ وزاری کرنا
آنسو بھر آنا: آبدیدہ ہونا
آنسو بھر لانا: آبدیدہ ہونا
آنسو بہنا: رونا

آنسو پونچھنا: ڈھارس بندھانا
آنسو پینا: صبر کرنا، ضبط کرنا
آنسو تھمنا: رونا بند ہونا
آنسو ٹپکانا: رونا
آنسو ٹپک پڑنا: کسی صدمہ کے اثر سے رو پڑنا
آنسو چلنا: اشک رواں ہونا
آنسو خشک ہونا: آنسو سوکھنا
آنسو ڈالنا: آنسو گرانا، رونا
آنسو ڈبڈبانا: آنکھوں میں آنسو بھر آنا
آنسو گرانا: ماتم کرنا، تعزیت کرنا
آنسو نکل پڑنا: بے اختیار آنسو گرنا
آنسوؤں سے منھ دھونا: زار زار رونا، بہت رونا
آنسوؤں کا تار بندھنا: زار و قطار رونا
آنسوؤں کی جھڑی لگنا: مسلسل روتے رہنا
آنسوؤں کے دریا میں نہانا: بہت زیادہ رونا
آنکھ آشنا ہونا: واقف ہونا، روشناس ہونا
آنکھ آنا: آنکھیں دکھنا
آنکھ اُبل آنا: آنکھ کے آشوب کا زور کرنا
آنکھ اٹک جانا: آنکھ لگ جانا، محبت ہو جانا
آنکھ اٹھا کر دیکھنا: نظر بھر کر دیکھنا، توجہ کرنا
آنکھ اٹھا کر نہ دیکھنا: نہایت بے پروائی کرنا
آنکھ اٹھانا: نظر اونچی کرنا، باز رہنا
آنکھ اٹھ جانا: نگاہ اونچی ہو جانا، دیکھ لینا
آنکھ اٹھ نہ سکنا: نہایت شرمندہ ہونا
آنکھ اُچٹ جانا: جاگ پڑنا، نیند میں آنکھ کھل جانا
آنکھ الجھنا: آنکھ لگنا، محبت ہونا

آنکھ اونچی نہ ہونا: شرم سے آنکھ نہ اٹھنا
آنکھ بچا جانا: کترا جانا، آنکھ چرا لینا
آنکھ بچا کر کچھ کرنا: چھپا کر کوئی کام کرنا
آنکھ بچا کے آنا: چھپ کر آنا، خود کو چھپانا
آنکھ بچانا: کسی کی نظر سے خود کو چھپانا
آنکھ بچنا: نگاہ چوکنا، خیال ہٹنا
آنکھ بدل جانا: بے وفائی کرنا، پہلی سی نظر نہ رہنا
آنکھ برابر کرنا: آنکھ ملانا، آنکھ روبرو کرنا
آنکھ برابر نہ کر سکنا: شرمندہ ہونا، حیا کرنا
آنکھ بگڑنا: بینائی میں فرق آجانا
آنکھ بند کر کے کچھ دے دینا: بنا دیکھے بھالے کچھ دے دینا
آنکھ بند کر کے کچھ کرنا: بنا سوچے سمجھے کوئی کام کرنا
آنکھ بند کر لینا: سو جانا، بے خبر ہو جانا
آنکھ بند ہو جانا: سو جانا، مر جانا، خوف چھا جانا
آنکھ بنوانا: آنکھ کی پُتلی کو صاف کرانا
آنکھ بھر آنا: آنکھوں میں آنسو آجانا
آنکھ بھر کے دیکھنا: پوری طرح دیکھنا
آنکھ بھر لانا: آب دیدہ ہونا
آنکھ بھوں چڑھانا: تیوری چڑھانا، خفا ہونا
آنکھ بیٹھ جانا: آنکھ پھوٹ جانا، اندھا ہو جانا
آنکھ پر پردہ پڑنا: غافل ہونا، دھوکا کھانا
آنکھ پڑنا: گرفت کرنا، توجہ کی نگاہ پڑنا
آنکھ پسارنا: آنکھیں پھاڑنا، دور اندیش ہونا
آنکھ پسیجنا: آنسو آنا

آنکھ پلٹنا: نظر پھرنا، نگاہ بدلنا
آنکھ پہ پٹی باندھنا: آنکھ بند کر لینا
آنکھ پھرنا: نگاہ پھرنا، دشمن ہونا
آنکھیں پھوڑ لینا: اپنے آپ کو اندھا کر دینا
آنکھیں پھیر لینا: بے مروّت ہو جانا، مرجانا
آنکھ پیدا کرنا: دیکھنے یا پرکھنے کی لیاقت پیدا کرنا
آنکھ تاڑ جانا: تیور سے عندیہ دریافت کر لینا
آنکھ طوطے کی طرح بدل لینا: بے مروّتی کرتے دیر نہ لگنا
آنکھیں ٹھنڈی کرنا: دل خوش کرنا
آنکھ ٹیڑھی کرنا: ترش روئی سے پیش آنا
آنکھ ٹیڑھی ہونا: برہم ہونا، ترش رو ہونا
آنکھ جھینپنا: شرمانا، نظر نیچی ہونا
آنکھ چرا جانا: کترا جانا، آنکھ بچا جانا
آنکھ چرا کر دیکھنا: کن انکھیوں سے دیکھنا
آنکھ چرانا: غماض کرنا، شرم یا کراہیت کی وجہ سے نہ دیکھنا
آنکھ چرا کر کچھ کرنا: چوری چھپے کام کرنا
آنکھ چمکانا: آنکھ مٹکانا
آنکھیں چندھی ہونا: بیماری کے سبب آنکھ پوری نہ کھلنا
آنکھ چوکنا: نظر بچنا، غافل ہونا
آنکھ چھپانا: شرم کرنا، مغرور ہونا
آنکھیں چیر چیر کر دیکھنا: آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھنا
آنکھیں خیرہ ہونا: آنکھ میں چکا چوند ہو جانا

آنکھ دبا کر دیکھنا: آنکھ میچ کر دیکھنا
آنکھ دکھلانا: گھور کر دیکھنا
آنکھ دیکھتے جانا: اندازہ لگاتے جانا
آنکھ دیکھ کے کچھ کرنا: منشا سمجھ کر کام کرنا
آنکھ دیکھنا: صحبت برتنا، تربیت پانا
آنکھ ڈالنا: سرسری نظر سے دیکھنا
آنکھ ڈبڈبانا: آبدیدہ ہونا
آنکھ ڈھکنا: آنکھ بند کرنا
آنکھ رکھنا: پیار کی نظر سے دیکھنا، امید رکھنا
آنکھیں روشن ہونا: کسی کو دیکھکر خوش ہونا
آنکھ سامنے نہ کرنا: شرمانا
آنکھ سامنے نہ ہونا: روبرو نہ ہونا، شرم کے مارے آنکھ نہ اٹھانا
آنکھیں سرخ ہونا: غصہ کرنا
آنکھ سیدھی ہونا: مہربانی کی نظر ہونا
آنکھ سے آنکھ ملانا: آنکھ چار ہونا، محبت کرنا
آنکھ سے آنکھ ملنا: روبرو ہونا، محبت ہونا
آنکھ سے اوجھل ہونا: نظر سے دور ہونا
آنکھ سے ٹپ ٹپ آنسو گرنا: آنکھ سے متواتر آنسو گرنا
آنکھ سے دیکھ کر کچھ کرنا: دیکھ بھال کر کوئی کام کرنا
آنکھ سے دیکھنا: اپنی نظروں سے دیکھنا
آنکھ سے سلام لینا: آنکھ کے اشارے سے سلام کا جواب دینا
آنکھ سے گرنا: نظر سے گرنا

آنکھ سے لہو ٹپکنا: آنکھ سے خون جاری ہونا
آنکھ سے نکل جانا: نگاہ سے گزر جانا
آنکھ سینکنا: آنکھ گرم کرنا
آنکھ سے نہ دیکھنا: نظر نہ کرنا، حقیر سمجھنا
آنکھ شرمانا: حیا کرنا
آنکھ کا پردہ: آنکھ کی لاج
آنکھ کا تارا: آنکھ کا تل، نہایت پیارا
آنکھ کا تارا ہونا: بہت عزیز اور پیارا ہونا
آنکھ کا حجاب: آنکھ کی شرم
آنکھ کا کاجل چرانا: چوری کے فن میں یکتا ہونا
آنکھ کا لہو کی بوٹی ہو جانا: آنکھ کا سرخ ہو جانا
آنکھ کھلنا: جاگ اٹھنا، حقیقت معلوم ہونا
آنکھ کھولنا: بیدار ہونا، پیدا ہونا
آنکھ کی پتلی پھرنا: علامت مرگ کا ظاہر ہونا
آنکھ کے بل چلنا: انتہائے شوق کا اظہار کرنا
آنکھ گاڑنا: نظر جما کر دیکھنا
آنکھ گرم کرنا: نظارہ بازی کرنا
آنکھ گڑنا: نظر جمنا
آنکھ لال کرنا: خفا ہونا
آنکھ لجانا: لحاظ کرنا، مروّت کرنا
آنکھیں لڑانا: عاشق ہونا، آنکھ ملانا
آنکھ لڑ جانا: عاشق ہو جانا
آنکھ لگانا: محبت کرنا، تاک میں رہنا
آنکھ لگنا: نیند آنا، محبت ہو جانا
آنکھ للچانا: خواہش مند ہونا
آنکھ مارنا: آنکھ سے اشارہ کرنا

آنکھ مچ جانا: آنکھ بند ہو جانا
آنکھ مچکانا: آنکھ مٹکانا
آنکھ ملانا: متوجہ ہونا، ملاقات کرنا
آنکھ ملنا: مقابل ہونا، نگاہ لڑنا
آنکھ مندنا: آنکھ بند ہونا، بے خبر ہونا
آنکھ میلی کرنا: تیوری پر بل لانا، بے مروت ہو جانا
آنکھ میں آنکھ ڈال کر دیکھنا: گھور کر دیکھنا
آنکھ میں بسنا: نظر میں سمانا، پسند آنا
آنکھیں لڑانا: آنکھ ملانا، مقابلہ کرنا
آنکھ لڑ جانا: شیفتہ ہونا، عاشق ہو جانا
آنکھ لگانا: محبت کرنا، تاک میں رہنا
آنکھ لگنا: نیند آنا، محبت ہو جانا
آنکھ للچانا: خواہش مند ہونا
آنکھ مارنا: آنکھ سے اشارہ کرنا
آنکھ میں چھپنا: آنکھوں میں سمانا
آنکھ میں خار ہونا: ناگوار ہونا
آنکھ میں خاک جھونکنا: دھوکا دینا
آنکھ میں سرمے کی تحریر کھینچنا: آنکھوں میں ہلکا سا سرمہ لگانا
آنکھ میں سمانا: آنکھ میں بسنا
آنکھ میں کھبنا: نظر پہ چڑھنا، پسند آ جانا
آنکھ میں کھٹکنا: ناگوار ہونا
آنکھ میں مروّت نہ ہونا: بے مروّت ہونا
آنکھوں میں موتی کوٹ کوٹ کر بھرے ہونا: آنکھوں کا خوبصورت ہونا

آنکھ میں نیل کی سلائی پھرنا: اندھا کرنا
آنکھ ناک سے درست ہونا: بے عیب ہونا، تندرست ہونا
آنکھ ناک سے ڈرنا: خدا سے ڈرنا
آنکھ نہ پڑنا: توجہ نہ کرنا
آنکھ نہ پسیجنا: رحم نہ کرنا، آنسو نہ نکلنا
آنکھ نہ پھرنا: بے مروّت نہ ہونا
آنکھ نہ ٹھہرنا: نظر نہ جمنا، چکا چوندی لگنا
آنکھ نہ جمنا: روشنی یا چمک کی تاب نہ لانا
آنکھ نہ جھپکنا: نیند نہ آنا، دلیرانہ مقابلہ کرنا
آنکھ نیچی کرنا: لجانا، شرمانا
آنکھوں آنکھوں میں چرا لینا: چپکے سے اڑا لینا
آنکھوں آنکھوں میں سحر ہو جانا: ساری رات جاگتے کٹنا
آنکھوں پر بٹھانا: نہایت عزت و احترام کرنا
آنکھوں پر پٹی باندھنا: جان بوجھکر بے خبر ہونا
آنکھوں پر پردے پڑنا: غفلت کرنا، کچھ نہ سوجھنا
آنکھوں پر ٹھیکری رکھنا: بے مروّتی کرنا، بے حیا بننا
آنکھوں پر جگہ دینا: نہایت اعزاز و اکرام کرنا
آنکھوں پر دیوار اٹھانا: جان بوجھکر انکار کرنا
آنکھوں پر رکھنا: محبت کرنا
آنکھوں پر قدم رکھنا: آپ کے قدم سر آنکھوں پر
آنکھوں پر ہاتھ رکھ لینا: شرمندہ ہو جانا
آنکھوں تلے پھرنا: خیال میں پھرنا
آنکھوں تلے لہو اترنا: غیظ و غضب میں بھر جانا

آنکھوں سے آنکھیں ملانا: نظر رو برو کرنا
آنکھوں سے اترنا: دل سے اترنا
آنکھوں سے اٹھانا: نہایت شوق سے اٹھانا
آنکھوں سے اوجھل ہونا: نظر سے چھپ جانا
آنکھوں سے بجالانا: کسی حکم کی تعمیل خوشی سے کرنا
آنکھوں سے بلانا: اشاروں سے بلانا
آنکھوں سے پاؤں لگانا: حسن عقیدت او رفرط محبت سے کسی کے پاؤں کو اپنی آنکھوں سے رگڑنا
آنکھوں سے پردہ اٹھ جانا: لاعلمی دور ہو جانا
آنکھوں سے تلوے سہلانا: انتہائی محبت کا اظہار کرنا
آنکھوں سے دم (جان) نکلنا: راہ تکتے تکتے مر جانا
آنکھوں سے خون برسنا: بہت غصے میں ہونا
آنکھوں سے دریا بہانا: بہت زیادہ رونا
آنکھوں سے شعلے نکلنا: بہت زیادہ غصہ آنا
آنکھوں سے صورت نہ جانا: ہر وقت تصور میں نقشہ قائم رہنا
آنکھوں سے گرانا: ذلیل و حقیر سمجھنا
آنکھوں سے گرنا (گر جانا): بے قدر ہونا
آنکھوں سے لگانا: بہت قدر کرنا
آنکھوں سے لگا رکھنا: بہت عزیز رکھنا
آنکھوں سے نور جاتا رہنا: اندھا ہو جانا

آنکھوں سے نیل ڈھلنا: مرنے کی علامت کا ظاہر ہونا
آنکھوں سے نیند اڑنا: بے قراری سے نیند نہ آنا
آنکھوں کا برسنا: زار زار رونا
آنکھوں کا پانی ڈھلنا: بے شرم و بے لحاظ ہونا
آنکھوں کا تارا: نہایت پیارا
آنکھوں کا تیل نکالنا: باریک کام کرنا
آنکھوں کو بدل کر دیکھنا: تیور بدل کر دیکھنا
آنکھوں کا تلووں سے ملنا: بیحد خوشامد کرنا
آنکھوں کا کھو (رو) بیٹھنا: اندھا ہو جانا
آنکھوں کی پتلیاں پھر جانا: مرنے کے وقت پتلیوں کا آنکھوں کے گوشوں میں چھپ جانا
آنکھوں کی صفائی: چالاکی، بے مروتی
آنکھوں کی فصدیں کھلواؤ: دیکھنے کی لیاقت پیدا کرو
آنکھوں کے آگے اندھیرا چھانا: ضعف یا غم کے باعث کچھ دکھائی نہ دینا
آنکھوں کے آگے پلکوں کی برائی کرنا: عزیز کی برائی عزیز کے سامنے کرنا
آنکھوں کے آگے پھر جانا (تلے پھر جانا): تصور میں کسی بات کا ہو بہ ہو سامنے آنا
آنکھوں کے آگے تارے چھوٹنا: ضعف یا صدمے سے چکر آنا
آنکھوں کے آگے عالم تاریک ہونا: غم کے مارے کچھ نہ دکھائی دینا

آنکھوں کے آگے چاندنا ہونا: تیورا جانا، تارے نظر آجانا
آنکھوں کے آگے (سامنے) رکھنا: نظروں میں رکھنا
آنکھوں کے آگے سے سرکنا: نظر سے غائب ہونا
آنکھوں کے آگے ناک، کیا سوجھے خاک: چیز کے سامنے ہوئے بھی نظر نہ آنا
آنکھوں کے بل چلنا: نہایت تعظیم اور ادب سے جانا
آنکھوں کے تارے چھٹنا: نظر یا دماغ کی کمزوری کے باعث ترمرے نظر آنا
آنکھوں کے آگے اندھیرا: کچھ نہ سوجھنا، چکر آنا
آنکھوں کے تلے لہو اترنا: غصے کے مارے آنکھوں کا سرخ ہو جانا
آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جانا: ضعف یا کمزوری سے آنکھوں میں تاریکی چھا جانا
آنکھوں کے سامنے رہنا: ہر وقت روبرو رہنا
آنکھوں میں آنا: نظر پر چڑھنا، نظروں میں سمانا
آنکھوں میں باتیں کرنا: اشاروں میں باتیں کرنا
آنکھوں میں بچن ہونا: آنکھوں میں قول و قرار ہونا
آنکھوں میں بسنا: آنکھ میں بھانا
آنکھوں میں بہار آنا: نگاہوں میں خوشی ٹپکنا
آنکھوں میں بہار پھیلنا: نگاہوں میں خوشی ٹپکنا

آنکھوں میں بہار چھانا: نگاہوں میں خوشی ٹپکنا
آنکھوں میں بھنگ گھٹنا: گہرا نشہ ہونا
آنکھوں میں بیٹھنا: نظروں میں بھلا لگنا
آنکھوں میں پالنا: نہایت پیار و محبت سے پرورش کرنا
آنکھوں میں پھرنا (پھر جانا): کسی چیز کا سماں یاد آ جانا
آنکھوں میں پھیکا لگنا: نظروں میں اچھا معلوم نہ ہونا
آنکھوں میں پی جانا: ضبط کرنا، خاموش رہنا
آنکھوں میں تلنا: نظروں میں جچنا، اندازہ ہونا
آنکھوں میں تیل لگانا: آنکھوں کی خرابی کا بہانہ کرنا
آنکھوں میں ٹھنڈک پڑنا: تسکین ہونا، دل خوش ہونا
آنکھوں میں ٹیسو پھولنا: آنکھوں میں زردی چھا جانا
آنکھوں میں جی (جان) آنا: مرنے کے قریب پہنچنا
آنکھوں میں جچنا: بھلا لگنا، سمجھ میں آ جانا
آنکھوں میں جھفتے پڑنا: بینائی میں فرق آنا
آنکھوں میں جگہ دینا: عزیز سمجھنا، قدر کرنا
آنکھوں میں جہاں اندھیرا (سیاہ) ہونا: غم یا رنج کے مارے کچھ نہ دکھائی دینا
آنکھوں میں چرانا: سب کے سامنے سے چرا لینا
آنکھوں میں چکا چوند ہونا: تیز روشنی میں نظر قائم نہ رکھ سکنا
آنکھوں میں خار ہونا، لگنا، گزرنا: طبیعت پر گراں معلوم ہونا
آنکھوں میں خاک: چشم بد دور، کچھ نہیں، بالکل نہیں
آنکھوں میں خاک ڈالنا، جھونکنا: ظاہر بات کو چھپانے کی کوشش کرنا
آنکھوں میں خون اترنا: بہت غصہ آنا
آنکھوں میں دم اٹکا ہونا: نزع میں ہونا
آنکھوں میں دنیا تاریک ہونا: شدت غم سے کچھ دکھائی نہ دینا
آنکھوں میں رات کاٹنا: بالکل نہ سونا
آنکھوں میں رسیلا پن ہونا: آنکھوں کا خوبصورت ہونا
آنکھوں میں رکھنا: نظروں میں رکھنا
آنکھوں میں رہنا: نہایت عزیز اور پیارا ہونا
آنکھوں میں سبک ہونا: نظروں میں حقیر ہونا
آنکھوں میں سرسوں پھولنا: ہر چیز بھلی معلوم ہونا
آنکھوں میں سرمہ دینا (کھلانا): سرمہ لگانا
آنکھوں میں سرمہ کھلنا: آنکھوں میں اچھی طرح سرمہ پڑنا
آنکھوں میں سفیدی چھا جانا: اندھا ہو جانا، نہایت پسند آ جانا
آنکھوں میں سمانا: آنکھوں میں بسنا
آنکھوں میں سوال و جواب ہونا: اشاروں میں بات چیت ہونا

آنکھوں میں صورت پھرنا : آنکھوں کے سامنے نقشہ پھر جانا
آنکھوں میں صبح کرنا: جاگتے جاگتے صبح کر دینا
آنکھوں میں طراوت آنا : آنکھوں میں ٹھنڈک آنا
آنکھوں میں غبار آنا، چھانا، ہو جانا: دھندلا نظر آنا
آنکھوں میں کاجل بن کر پھرنا: آنکھوں میں بسنا
آنکھوں میں کھائے جانا: رغبت یا غصہ کی نگاہ سے دیکھنا
آنکھوں میں کھٹکنا: نظروں میں برا لگنا
آنکھوں میں کھٹک ہونا: آنکھوں میں درد ہونا
آنکھوں میں کہنا: اشارے سے بات کرنا
آنکھوں میں گھر کرنا: عزیز ہونا
آنکھوں میں لے جانا: سامنے سے چیز دھوکہ دیکر چرا لینا
آنکھوں میں نقشہ پھر جانا: کسی شے کی ہو بہ ہو تصویر نگاہوں میں پھرنا
آنکھوں میں نمک ڈالنا: اندھا کرنا
آنکھوں میں نہ آنا: نظروں میں نہ جچنا
آنکھوں میں نیند بھر آنا (جانا) : نیند سے آنکھیں بند ہونے لگنا
آنکھوں نے دیکھا نہ کانوں نے سنا: کوئی عجیب یا خلاف قیاس واقعہ ہونا

آنکھوں ہی آنکھوں میں: اشاروں اشاروں میں
آنکھوں ہی آنکھوں میں چرا لینا: سب کے سامنے چرا لینا
آنکھیں آنا: آنکھیں دُکھنے آنا
آنکھیں اِدھر اُدھر ہونا: نگاہیں پریشان ہونا
آنکھیں اُبل پڑنا: سخت بیماری کی حالت ہونا
آنکھیں الٹ جانا: پتلیاں چڑھ جانا
آنکھیں امنڈنا: رونے کا جوش ہونا
آنکھیں اندر دھنس جانا : آنکھوں کے ڈھیلوں کا حلقے میں بیٹھ جانا
آنکھیں انگارہ بن جانا : غصے یا بیماری سے آنکھیں بہت سرخ ہو جانا
آنکھیں اوپر نہ اٹھانا: لحاظ یا حیا سے اوپر نہ دیکھنا
آنکھیں بچھانا: نہایت تعظیم وتکریم کرنا
آنکھیں بدلنا: نگاہیں پھیر لینا
آنکھیں بند کر کے کوئی کام کرنا: بے تامل کسی کام کو کر بیٹھنا
آنکھوں میں کھٹکنا: نظروں میں برا لگنا
آنکھیں بند کرنا: سونا، آرام کرنا، انتقال کرنا
آنکھیں بھر لانا: آبدیدہ ہو جانا
آنکھیں بے نور ہو جانا : آنکھوں کی روشنی جاتی رہنا
آنکھیں پانی ہو کر بہہ جانا : اتنا رونا کہ آنکھیں خراب ہو جائیں

آنکھیں پٹ پٹانا (پھڑ پھڑانا) : جلدی جلدی آنکھیں بند کرنا
آنکھیں پٹم ہو جانا: اندھا ہو جانا
آنکھیں پُر آب ہونا: آنکھوں میں آنسو آجانا
آنکھیں پڑنا: خاص توجہ ہونا
آنکھیں پلٹ جانا: بے مروت ہو جانا
آنکھیں پونچھ ڈالنا: رو دھو کر چپکا ہو رہنا
آنکھیں پونچھنا: تسلی دینا، ڈھارس بندھانا
آنکھیں پھاڑ کر دیکھنا: بہت غور یا رغبت سے دیکھنا
آنکھیں پھٹنا: حیران ہونا
آنکھیں پھرا کے رہ جانا: تیورا کے مر جانا
آنکھیں پھرانا: آنکھیں مٹکانا
آنکھیں پھر جانا: بے مروت ہونا
آنکھیں پھڑکانا: ناز و غمزے سے دیدے مٹکانا
آنکھیں پھوٹ بہنا: بے اختیار آنسو جاری ہونا
آنکھیں پھیر کے چل دینا: منہ پھیر کے چل دینا
آنکھیں ترسنا: کسی چیز کے دیکھنے کو آنکھوں کا مشتاق ہونا
آنکھیں ترش ہونا: نظر سے غصہ ظاہر کرنا
آنکھیں تلوؤں سے رگڑنا: عقیدت کا اظہار کرنا
آنکھیں تلی ہونا : نظروں سے کسی بات کی آمادگی ظاہر کرنا
آنکھیں تلے اوپر ہو جانا: نزع کے وقت پتلیاں پھر جانا

آنکھیں تھک جانا: دیکھتے دیکھتے آنکھوں کا گھبرا جانا
آنکھیں تیورا جانا: آنکھوں میں اندھیرا آجانا
آنکھیں ٹمٹمانا: آنکھوں کا ذرا ذرا کھلنا
آنکھیں ٹوٹ آنا: آنکھیں دکھنے آنا
آنکھیں جاتی رہنا: اندھا ہو جانا
آنکھیں جلنا: آنکھوں میں جلن ہونا
آنکھیں جھپکنا: آنکھیں کھلنا اور بند ہونا
آنکھیں چار طرف رہنا: چاروں طرف دیکھتے رہنا
آنکھیں چار نہ کرنا: آنکھ سے آنکھ نہ ملانا
آنکھیں چار ہونا: مقابل ہونا، ایک دوسرے کے سامنے ہونا
آنکھیں چرانا: چشم پوشی کرنا
آنکھیں چڑھانا: خفا ہونا
آنکھیں چڑھنا (چڑھی ہوئی ہونا): آنکھوں میں شراب مانند کا خمار ہونا
آنکھیں چمکانا: نازنخرے سے آنکھیں گھمانا
آنکھیں چدھیانا: چکا چوند ہونا
آنکھیں چندھی ہونا: آنکھیں چھوٹی ہونا اور پوری نہ کھلنا
آنکھیں چھت کو لگ جانا : آنکھیں اوپر کو چڑھ آنا، نہایت انتظار کرنا
آنکھیں چیر کے نمک بھرنا: نیند مٹانے کی تدبیر کرنا
آنکھیں خون میں ڈوبنا: مارے غصے کے

آنکھیں لال ہو جانا
آنکھیں دکھنا (دکھنے آنا): آنکھوں کا سرخ ہو جانا
آنکھیں دوڑانا: چاروں طرف دیکھنا
آنکھیں دیکھا کرنا (دیکھتے رہنا): لطف و عنایت کا امیدوار ہونا
آنکھیں دیکھی ہیں: صحبت اٹھائی ہے، تربیت پائی ہے
آنکھیں دیوار ہو جانا: کچھ نہ سوچنا
آنکھیں ڈبڈبانا: آنکھوں میں آنسو آنا
آنکھیں ڈگرڈگر کرنا: آنکھوں سے کمزوری کا ظاہر ہونا
آنکھیں ڈھلنا: مائل نظارہ ہونا
آنکھیں رکھنا: جانچ اور پرکھ رکھنا
آنکھیں رورو کے لال (خون کبوتر کرنا): بہت رونا جس سے آنکھیں سرخ ہو جائیں
آنکھیں روشن کرنا: کسی عزیز یا بزرگ کے دیدار سے آنکھوں کو تازگی دینا
آنکھیں زمین سے لگ جانا: شرم کے مارے آنکھ نہ اٹھ سکنا
آنکھیں سفید ہونا: حد درجہ انتظار کرنا
آنکھیں سینا: کسی چیز پر ہر وقت آنکھیں لگائے رکھنا
آنکھیں کڑوانا: نیند کا خمار ہونا
آنکھیں کور ہو جانا: اندھا ہو جانا
آنکھیں کھل جانا: جاگ اٹھنا، ہوشیار ہو جانا

آنکھیں کھلنا: بیدار ہونا، حیران رہ جانا
آنکھیں کھلی کی کھلی رہ جانا: حیران ہونا، دم بخود ہو جانا
آنکھیں کھلی ہونا: زندہ ہونا، ہوشیار ہونا
آنکھیں کھولنا: جاگنا، ہوشیار ہونا، پیدا ہونا
آنکھیں گدی میں ہونا: اچھا برا نہ دیکھنا، سامنے کی چیز دکھائی نہ دینا
آنکھیں گرم کرنا: غصے سے دیکھنا، دیدہ بازی کرنا
آنکھیں گڑ جانا: کسی چیز کو برابر تکے جانا
آنکھیں گلابی ہونا: آنکھیں سرخ ہونا، آنکھوں میں نشہ ظاہر ہونا
آنکھیں لال کرنا: غصے سے نیلا پیلا ہونا
آنکھیں لگائے رہنا: نظر جمی ہونا
آنکھیں مانگنا: بینائی مانگنا
آنکھیں مٹکانا: آنکھیں گھمانا، نخرے کرنا
آنکھیں موند لینا: بے خبر ہونا، مر جانا
آنکھیں نکالنا: ناراض ہونا
آنکھیں نہ اٹھانا: شرمانا
آنکھیں نہ کھولنا: چشم وانہ کرنا
آنکھیں نہ ملانا: شرمانا، بات نہ پوچھنا
آنکھیں نیلی پیلی کرنا: غصہ کرنا
آنکھیں ہونا: سبق حاصل ہونا، عقل آنا
آنند کے تار بجانا: عیش و عشرت سے گزارنا
آنند ہونا: خوش ہونا
آنو آنا: آنو کا اجابت میں نکلنا

آنو پڑنا: پیچش ہو جانا
آنہ پائی کا حساب کرنا: قرض ادا کرنا، کنجوسی کرنا، کفایت شعاری کرنا
آوارہ پھرنا: مارامارا پھرنا
آوارہ کرنا: بگاڑنا، خراب کرنا
آوارہ ہونا: پریشان ہونا، بدراہ ہونا
آواز آنا: کان میں بھنک آنا، کان میں بول پڑنا
آواز اٹھانا: اونچے سر لگانا
آواز اکھڑنا (اکھڑ جانا): آواز بے سری ہو جانا
آواز بدل جانا: لہجہ تبدیل ہو جانا
آواز بڑھانا: آواز بلند کرنا
آواز بگڑ جانا: اچھی آواز کا برا ہو جانا
آواز بلند کرنا: اونچی آواز سے پڑھنا (بولنا)
آواز پر آنا: پکارنے کے ساتھ ہی آنا
آواز پر کان دھرنا (لگانا): نہایت غور سے سننا
آواز پر گولی لگانا: دیکھے بغیر آواز پر نشانہ لگانا
آواز پر لگانا: جانوروں کو ایسا سدھانا کہ وہ آواز سنتے ہی پاس آجائیں
آواز پہ لگنا: آواز پر بولنا، آواز پہچاننا
آواز پڑنا: گلا بیٹھنا، آواز بھاری ہونا
آواز پھٹنا: آواز بھاری ہونا
آواز پھولنا: آواز کا بھاری ہونا اور صاف نہ نکلنا
آواز جکڑ جانا: نزلہ کی وجہ سے آواز بیٹھ جانا
آواز دب جانا: آواز کا پست ہو جانا
آواز دینا: طلب کرنا، بلانا
آواز ڈوک میں آنا: زمانۂ بلوغ میں کنٹھ پھوٹنے سے آواز بھاری ہو جانا
آواز سنانا: اپنی آواز دوسرے کے کان تک پہنچانا
آواز سے آواز ملنا: سر سے سر ملنا
آواز سے شگون لینا: عورتیں اور عوام بعض جانوروں کے آواز سے فال لیتے ہیں
آواز صاف ہونا (ہو جانا): درست آواز نکلنا
آواز کا پاٹ نہ ملنا: آواز کا بہت بلند ہونا
آواز کرنا: پکارنا، آواز دینا
آواز کسنا: تان کی آواز لگانا
آواز کھل جانا (کھلنا): آواز صاف ہونا
آواز گرنا: نیچے سروں میں آواز ہونا
آواز گوش آشنا ہونا: آواز کی پہچان ہونا
آواز گوش زد ہونا: آواز سنائی پڑنا
آواز لڑنا: آواز میں آواز ملنا
آواز لگانا: پکارنا، صدا دینا
آواز ملانا: باہم آواز ملا کر گانا
آواز میں آواز ملانا: سُر سے سُر ملانا
آواز میں پتّی لگ جانا: کسی سبب سے آواز کھر کھرانے لگنا
آواز میں پیچ دینا: تان لیتے وقت خوبصورتی کے ساتھ آواز نکالنا
آواز میں کھٹکا ہونا: آواز میں بہت ہی پر اثر اور پسندیدہ کیفیت ہونا
آواز میں لوچ ہونا: آواز میں نرمی اور نزاکت ہونا

آواز نکالنا: صدا نکالنا، منہ سے بات نکالنا
آواز نکلنا: صدا آنا، منہ سے بات نکلنا
آواز ہونا: کسی چیز سے آواز نکلنا
آواز بلند ہونا: مشہور ہونا، شور پیدا ہونا
آواز پہنچا: شہرت پہنچنا
آواز پھیلنا: شہرت ہونا
آواز پھینکنا: فقرہ کسنا، طعنہ دینا
آواز سنانا: بولی ٹھولی مارنا
آواز کرنا: پھٹکارنا، طنز کرنا
آواز کسنا: طنز کرنا
آواز مارنا: طعنہ دینا
آوازے سننا: طعن و تشنیع سننا
آوازے کرنا: طنز سے کچھ کہنا
آہ بھر کر رہ جانا: کلیجہ تھام کے رہ جانا
آہ پڑنا: بددعا کا اثر ہونا
آہ خالی نہ جانا: فریاد کا با اثر ہونا
آہ روکنا: آہ کا ضبط کرنا
آہ سرد بھرنا: ٹھنڈی سانس بھرنا
آہ کر کے رہ جانا: کسی صدمہ پر صبر کرنا
آہ کرنا (کھینچنا): کراہنا، نالہ و فریاد کرنا
آہ لینا: بددعا لینا
آہ نکلنا: ہائے نکلنا
آہ نہ آئے: ذرا رحم نہ آئے
آہٹ پانا: کھٹکا محسوس کر لینا
آہٹ پر کان ہونا: پاؤں کی آواز کا منتظر ہونا
آہٹ لینا: ہوشیار ہونا

آئی بلا ٹالنا: آفت کو دور کرنا
آئی بلا سر سے ٹالنا: سر پر مصیبت آ کر دور ہو جانا
آئی بلا کو ٹال دینا: آفت کو دور کرنا
آئی ہوئی ٹل جانا: موت یا مصیبت آتے آتے دور ہو جانا
آئے حواس جانا: ہوش جانا
آئینہ الٹا دکھانا: نظر بد کا اثر دور کرنے کے لیے ٹوٹکے کے طور پر الٹا شیشہ دکھانا
آئینہ بنا دینا: حیران کر دینا
آئینہ بن جانا: چمکدار ہو جانا
آئینہ بندی کرنا: آرائش کرنا
آئینہ دکھانا: عیب و ہنر ظاہر کرنا
آئینہ دیکھنا: آئینے میں اپنی شکل دیکھنا
آئینہ سامنے سے نہ ہٹنا: ہر وقت بناؤ سنگار میں لگے رہنا
آئینے میں بال آ جانا (پڑ جانا): آئینے میں خفیف سا خط نمودار ہونا
آیا گیا ہونا: فراموش ہو جانا، بھول جانا
آیت اترنا: آیت نازل ہونا

(ب)

بجد ہونا: اڑ جانا
بخیر انجام: اچھا نتیجہ نکلنا
بضد ہونا: ہٹ کرنا
بہم پہنچنا: مہیا ہونا، حاصل ہونا
بہم کرنا: حاصل کرنا

باپ کا سمجھنا: اپنی ملکیت سمجھنا
بات آپڑنا: الجھاؤ پڑ جانا
بات آزمانا: تجربہ کرنا
بات آگے آنا: کہا پورا ہونا
بات آئینہ ہونا: بات کا کھل کر سامنے آنا
بات آئی گئی ہوگئی: بات بھول جانا
بات آئے پر چوکنا: ذہن میں آئی ہوئی موقع کی بات نہ کہنا
بات اتنی ہے: حقیقت یہ ہے
بات اٹھا رکھنا: کسی معاملے کو ملتوی کر دینا
بات اٹھا نہ رکھنا: کوئی کسر نہ چھوڑنا
بات اڑانا: افواہ پھیلانا
بات اڑا دینا: بات کو ٹال دینا
بات اس کان سے سننا اس کان سے اڑا دینا: بے پروائی کرنا
بات الٹنا: کہہ کر مکر جانا
بات اور ہے: جو سمجھا گیا تھا وہ نہیں کوئی اور بات ہے
بات بات میں: ہر بات میں
بات بات میں چھری کٹاری: ہر بات پر لڑنے کو تیار
بات بات میں کھنچنا: خوامخواہ روٹھنا
بات بات میں موتی پرونا: پیاری پیاری باتیں کرنا
بات باندھنا: جھوٹی بات بنانا
بات بدلنا: مکر جانا

بات بڑھانا: بات کو طول دینا
بات بڑھنا: تکرار ہونا
بات بڑی کرنا: بات کو طول دینا
بات بگاڑنا: کام بگاڑنا
بات بگڑنا: کام بگڑنا
بات بنا لینا: کوئی بات دل سے گڑھ لینا
بات بن پڑنا: تدبیر بن پڑنا
بات بن جانا: معاملہ درست ہو جانا
بات پر بات یاد آنا: بات میں سے بات پیدا کرنا
بات پر ٹھہرنا: اپنے قول پر قائم رہنا
بات پر جانا: کسی کے کہے پر بھروسہ کرنا
بات پر جان دینا: قول نبھانا
بات پر چلنا: اپنا طریقہ نہ چھوڑنا
بات پر خاک ڈالنا: درگزر کرنا
بات پر زبان کٹنا: بات کرنے کی اجازت نہ ہونا
بات پر قائم رہنا: وعدہ پورا کرنا، ضد پر اڑ جانا
بات پر کان رکھنا: بات کو غور سے سننا
بات پکڑنا: نکتہ چینی کرنا
بات پر مرمٹنا: آبرو پر جان دینا
بات پکی ہونا: کسی معاملے کو یقینی طور پر طے کرنا
بات پلٹنا: کہہ کر مکر جانا
بات پلّے باندھنا: نصیحت کو یاد رکھنا
بات پوچھنا: حال دریافت کرنا
بات پوچھنا بات کی جڑ بوچھنا: کرید کرید کر پوچھنا
بات پہنچنا: بات معلوم ہونا

بات پھوٹنا: بھید کھلنا
بات پھیرنا: کہی ہوئی بات کے خلاف کرنا
بات پھیلانا: کسی بات کو مشہور کرنا
بات پھینکنا: طعنہ مارنا
بات پی جانا: برا بھلا سن کر خاموش ہو جانا
بات پیدا کرنا: حیلہ بہانا کرنا، خوبی پیدا کرنا
بات پیش نہ جانا: دال نہ گلنا
بات تاڑنا: قیاس سے بات کو معلوم کر لینا
بات تلخ ہونا: بات کا ناگوار ہونا
بات تیر لگنا: بات کا سخت برا لگنا
بات ٹالنا: دوسرا تذکرہ چھیڑ دینا
بات ٹپکنا: بات ظاہر ہونا
بات ٹل جانا: بات کا بھول میں پڑنا
بات ٹوٹنا: معاہدہ منسوخ ہونا
بات ٹھاننا: منصوبہ باندھنا
بات ٹھن جانا: کوئی بات دل میں بیٹھ جانا
بات ٹھنڈی پڑنا: معاملے کا دب جانا
بات ٹھہرنا: تجویز قرار پانا
بات جا پڑنا: دورانِ گفتگو کسی اور کا ذکر چھڑ جانا
بات جانا: اعتبار جاتا رہنا
بات جمنا: بات ذہن نشین ہونا
بات جھٹلانا: بات کو غلط سمجھنا
بات جھنڈے پر چڑھانا: کسی بری بات کو مشہور کرنا
بات جی سے گڑھنا: اپنی طرف سے بات تراش لینا

بات اور ہے: جو سمجھا گیا تھا وہ نہیں کوئی اور بات ہے
بات جی کو لگنا: بات ذہن نشین ہونا
بات جی میں بیٹھنا: بات کا دل پر اثر ہونا
بات جی میں نہ رہنا: پیٹ کا ہلکا ہونا
بات چبانا: چبا جانا: بات ٹال جانا
بات چبا چبا کے کرنا: صاف صاف گفتگو نہ کرنا
بات چٹکیوں میں اڑانا: کسی کو نہیں میں ٹالنا
بات چلانا: ذکر چھیڑنا
بات چلنا: تذکرہ ہونا
بات چلی جانا: بات کا سلسلہ نہ ٹوٹنا
بات چندرا کے کہنا: انجان بن کے بات کہنا
بات چھیڑنا: گفتگو کا آغاز کرنا
بات دبانا: معاملہ کو خفیہ رکھنا
بات کا دل پر نقش ہو جانا: بات کا اثر ہونا
بات دل میں کھب جانا: بات کا دل پر نقش ہو جانا
بات دماغ سے نکالنا: بات کو ذہن سے نکال دینا
بات دور پہنچنا: بات کا مشہور ہو جانا
بات دو کوڑی کی ہونا: بھرم نہ رہنا
بات دہرانا: ایک بات کو دوبارہ کہنا
بات دینی آنا: جواب دہی کا ذمہ دار ہونا
بات ڈالنا: ذکر چھیڑنا
بات ڈبونا: اعتبار کھونا
بات ڈھال کے کہنا: بات کو سیدھے نہ کہنا
بات ڈھالنا: الزام رکھنا

بات ذہن پر چڑھنا: بات کا خیال میں آنا
بات ذہن میں آنا: بات کا خیال میں آنا
بات ذہن میں اتر جانا (بیٹھ جانا): بات کا ذہن نشین ہونا
بات رکھ لینا: عزت رکھ لینا
بات رو میں نکل جانا: بات کا بے اختیار لب پر آجانا
بات رہ جانا: عزت رہ جانا
بات زبان پر آنا: کسی امر کا تذکرہ ہونا
بات زبان پر لانا: کسی بات کا بیان کرنا
بات زبان سے نکلنا: بات ظاہر ہونا
بات زہر سے بھری ہونا: بات میں شرارت بھری ہونا
بات زہر لگنا (زہر ہونا): بات کا بے حد نا پسند ہونا
بات سبک ہونا: بات ہلکی ہونا
بات سمجھانا: کسی امر سے واقف کرنا
بات سنوارنا: برہمی کی اصلاح کرنا، بات بنانا
بات سنی ان سنی کر دینا: توجہ نہ دینا
بات سوجھنا: خیال میں نیا مضمون آنا
بات سوچنا: غور کرنا
بات سہنا: کڑوی بات برداشت کرنا
بات سے بات نکلنا: دورانِ گفتگو کوئی نئی بات نکل آنا
بات سے پھرنا: قول سے پھرنا
بات سے نکل جانا: کہی بات سے مکر جانا

بات شیر و شکر ہونا: بات کا دل کو پسند آنا
بات ظاہر ہو جانا: راز کھلنا
بات کا ایما پانا: اشارہ سمجھنا
بات کا پا جانا: تہہ تک پہنچ جانا
بات کا رنگ پانا: بات کامیاب ہونا
بات کارگر ہونا: تدبیر کا بااثر ہونا
بات کا سر پیر نہ ہونا: بے تکی اور ناقص گفتگو ہونا
بات کا موقع: بات چیت کرنے کی فرصت
بات کان پڑنا: اتفاقاً کوئی بات سن لینا
بات کان تک پہنچنا: خبر پہنچنا
بات کان سے سننا: کسی بات کی طرف توجہ دینا
بات کان میں ڈال دینا (پھونک دینا): باخبر کر دینا، کہہ دینا
بات کا ہیٹا (کچا): بے اعتبار
بات کتر دینا: بات کاٹنا
بات کٹ جانا: بیچ میں بول پڑنا
بات کرتے پتھر مارتا ہے: سخت بد کلام ہے
بات کرسی نشین ہونا: بات ٹھیک بیٹھ جانا
بات کرنا: گفتگو کرنا
بات کرنے میں پھول جھڑنا: شیریں کلام ہونا
بات کرید کرید کر پوچھنا: جرح کرنا
بات کڑوی ہونا (لگنا): بات تلخ ہونا، ناگوار ہونا
بات کو آنچل میں باندھنا: نصیحت یا وصیت پر عمل کرنا
بات کو چکر دینا: بات کو گھما پھرا کے کہنا

بات کو طول دینا: جھگڑا بڑھانا
بات کو منھ سے لے لینا: کوئی بات کرنے لگے اس سے پہلے خود کہہ دینا
بات کھٹائی میں پڑنا: کام میں دیر لگ جانا
بات کھٹائی میں ڈالنا: بات لٹکائے رکھنا
بات کھٹکنا: بات دل میں چبھنا
بات کہکے کنہ گار ہونا: کچھ کہہ کر الزام اٹھانا
بات کھلنا: صحیح بات کا پتہ لگنا
بات کہنا: منھ سے بولنا، ذکر کرنا
بات کہنے کو رہ گئی: شکایت رہ گئی
بات کہنے میں آتی ہے: اچھی ہو یا بری کہنی ہی پڑتی ہے
بات کہے کی لاج: قول کی شرم، کہے کا نباہ
بات کی بات کو: دم بھر کے لیے
بات کی بات میں: آناً فاناً، فوراً
بات کی تاب لانا: بدزبانی کو برداشت کرنا
بات کی رٹ لگنا: رٹ لگانا
بات کی کر باندھنا: بات کو ایک رسم بنانا
بات کی گرفت ہونا: بات پر اعتراض ہونا
بات کے شاخسانے: بات کے مختلف پہلو
بات گانٹھ میں باندھنا: بات کو خوب یاد رکھنا
بات گوزشتر ہونا: فضول اور بے کار بات ہونا
بات گول کرنا: صاف صاف کچھ نہ بتانا
بات گڑھنا: جی سے بات بنانا
بات گئی پھر ہاتھ نہیں آتی: ایکبار اعتبار جاتا رہے تو پھر نہیں جمتا

بات لٹکائے رکھنا: صاف صاف نہ کہنا
بات لکھ رکھنا: بات کو بھولنے نہ دینا
بات لگانا: کان بھرنا
بات لگنا: سگائی ہونا
بات لمبی چوڑی ہونا: بات میں طوالت ہونا
بات مقدور سے باہر کرنا: اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام کرنا
بات من میں بسنا: بات دل کو پسند آنا
بات منگوانا: سگائی کا پیغام طلب کرنا
بات منھ پر آنا: تذکرہ ہونا
بات منھ پر رکھنا: کسی بات کو جتانا
بات منھ پر کہنا: روبرو کہہ دینا
بات منھ سے نہ نکالنا: شکوہ نہ کرنا
بات منھ سے نہ نکلنا: لاجواب ہونا
بات میں بات ملانا: ہاں میں ہاں ملانا
بات میں بات نکالنا: باریکی نکالنا
بات میں بولنا: بیچ میں بول پڑنا
بات میں پخ نکالنا: نکتہ چینی کرنا، اعتراض کرنا
بات میں پہلو نکالنا: بات سے کوئی نئی بات نکالنا
بات میں پھول جھڑنا: پیاری پیاری باتیں کرنا
بات میں توڑنا: کسی کو قائل کرنا
بات میں چپیاں لگانا: صاف صاف نہ کہنا
بات میں دخل دینا: کسی کی گفتگو میں بول اٹھنا
بات میں رخنے نکالنا: نکتہ چینی کرنا
بات میں فرق آنا: عزت کم ہو جانا
بات میں کلام ہونا: شبہ ہونا، اعتراض ہونا

بات میں ہندی کی چندی نکالنا: کرید کرید کے پوچھنا
بات میں ہیٹی ہونا: کسی بات میں کمی کے باعث بے عزت ہونا
بات نباہنا: وضع پر قائم رہنا
بات نشتر ہونا: بات ناگوار ہونا
بات نظر میں ہونا: معاملہ یاد ہونا
بات نکالنا: تذکرہ کرنا
بات نہ آنا: جواب نہ آنا
بات نہ پوچھنا: خبر نہ لینا، بے پروائی کرنا
بات نہ سننا: توجہ نہ دینا
بات نہ کر آنا: سیدھے پن کی وجہ سے بات کرتے نہ بننا
بات نہ کرنا: مغرور ہونا
بات نہ ہونا: معمولی بات ہے
بات نہیں بتنگڑ ہے: سخت جھگڑے کی بات ہے
بات نیچی پڑنا: آبرو جاتی رہنا
بات وزنی ہونا: بات باوقعت ہونا
بات ہاتھ آنا یا لگنا: نتیجہ حاصل ہونا
بات ہلکی ہونا: قدر گھٹنا
بات ہنس کے ٹال دینا: فضول سمجھکر بات کا جواب نہ دینا
بات ہنسی میں اڑا دینا: بات کو مذاق میں اڑا دینا
بات ہیٹی ہونا: سبکی ہونا
بات ہی کیا ہے: آسان سی بات ہے، کچھ مشکل نہیں

بات یہ ہے: اصل مطلب یہ ہے
باتوں باتوں میں کام نکالنا: ترکیب سے کام بنالینا
باتوں باتوں میں کہنا: کسی اور تذکرے میں مطلب کی بات کہنا
باتوں سے ڈر جانا: دھمکی میں آجانا
باتوں سے کام نہیں چلتا: کام کرنے سے ہوتا ہے باتوں سے نہیں
باتوں سے کلیجہ پک جانا: کسی کی تلخ باتوں سے دکھی ہونا
باتوں کا جھاڑ باندھنا: لگاتار بولے جانا
باتوں کا دفتر کھولنا: گلہ شکوہ کرنا
باتوں کی کنسوئیاں لینا: باتوں کی ٹوہ لگانا
باتوں میں: بات چیت میں
باتوں میں آنا: کہنے کا یقین کر لینا
باتوں میں الجھانا: باتوں میں لگانا
باتوں میں بہلانا: محض باتوں سے خوش کرنا
باتوں میں تاڑ لینا: باتیں کرتے ہوئے اندازہ لگالینا کہ کہنے والا کیا کہنا چاہتا ہے
باتوں میں ٹالنا: باتوں میں وقت گزارنا
باتوں میں ٹٹولنا: باتیں کرتے ہوئے دل کا حال جان لینا
باتوں میں دھر لینا: لاجواب کرنا
باتوں میں کھل جانا: بے تکلف ہو جانا
باتیں بنانا: جھوٹ بولنا
باتیں جڑنا: چغلی کھانا

باتیں چبا چبا کے کرنا: غرور کے ساتھ باتیں کرنا
باتیں سننا: برا بھلا سہنا
باجرا برسنا: پھوار پڑنا
باجرا سا بکھرنا: بے کل ہونا
باچھیں آنا: ہونٹوں کے کونوں کا پک جانا
باچھیں پکنا: ہونٹوں کے کونوں کا پک جانا
باچھیں پھٹنا: ہونٹوں کے کونوں کا پک جانا
باچھیں کھل جانا: نہایت خوش ہونا
بادل آنا: بادل کا نمودار ہونا
بادل اٹھنا: بادل کا آسمان پر نمودار ہونا
بادل امنڈنا: بہت زور سے گھٹا چھانا
بادل برسنا: بارش ہونا
بادل جھکنا: بادلوں کا بہت نیچے ہو جانا
بادل جھوم جھوم کے برسنا: زور و شور سے بارش ہونا
بادل چھانا: ابر گھرنا
بادل چھٹنا: آسمان کھل جانا
بادل کا آسمان پر گھرنا: گھٹا چھا جانا
بادل کڑکنا (گرجنا): بادلوں کے باہم ٹکرانے سے آواز ہونا
بادل کھلنا: آسمان کا بادلوں سے صاف ہو جانا
بادل کی طرح گرجنا: غصے میں آ کر شور مچانا
بادل گھر آنا: بادل چھانا
بار پانا: رسائی ہونا
بارہ باٹ کرنا: منتشر کرنا
بارہ باٹ ہونا: تتر بتر ہونا

باڑھ باندھنا: حد بندی کرنا
باڑھ پر آنا: زور پر آنا، نمو ہونا
باڑھ پر چڑھانا: دھار تیز کرنا
باڑھ پر رکھنا: نشانے پر رکھنا
باڑھ پر ہونا: ترقی پر ہونا
باڑھ پکڑانا: اکسانا، پٹی پڑھانا
باڑھ تیز کرنا: دھار تیز کرنا
باڑھ جاتی رہنا: دھار کا کند ہونا
باڑھ داغنا: کئی توپوں، بندوقوں یا پٹاخوں کا ایک ساتھ چھوٹنا
باڑھ دینا: کسی کام پر آمادہ کرنا
باڑھ رکھنا: دھار تیز کرنا
باڑھ روکنا: آگے نہ بڑھنے دینا
باڑھ کا ڈورا: خط شمشیر
باڑھ کر جانا: دھار کند ہو جانا
باز رکھنا: روکنا، منع کرنا
باز رہنا: عادت چھوڑنا
باز کی آنکھیں سینا: باز کی آنکھیں سی کر یا اس پر ٹوپی چڑھا کر رکھتے ہیں شکار کے وقت کھول دیتے ہیں
بازار بڑھ جانا: قیمت کا زیادہ ہو جانا
بازار بند ہونا: ہڑتال ہونا، دکانوں کا بند ہونا
بازار تیز ہونا (چڑھنا): چیزوں کی قیمتیں بڑھ جانا
بازار دیکھنا: بازار میں سودا لینے جانا

بازار کی چھینک رانڈ کا رونا: دونوں بے اثر ہوتے ہیں
بازار کی مٹھائی: آسانی سے مل جانے والی چیز
بازار کے بھاؤ پٹنا: خوب پٹنا
بازار گرم ہونا: زیادہ مانگ ہونا
بازار گرنا: بھاؤ کم ہونا
بازار میں آگ لگنا: چیزوں کا مہنگا ہونا
بازار ناپنا: آوارہ پھرنا
بازو پھڑکنا: بازو میں جھٹکا محسوس ہونا، شگون لینا
بازو رہ جانا: بازو کا تھک جانا
بازی آنا: کھیل سے واقف ہونا
بازی اٹھنا: کھیل ختم ہونا
بازی اڑنا: کھیل کا لمبا ہو جانا
بازی بدنا: شرط لگانا
بازی پانا: شرط جیتنا
بازی چڑھنا: بازی کا غالب آنا
بازی دینا: مات دینا
بازی کھانا: مات ہونا
بازی کھیلنا: تاش، گنجفہ اور شطرنج کھیلنا
بازی لگانا: شرط بدنا
بازی لے جانا: جیت جانا
بازی ہاتھ آنا (رہنا): کامیاب ہونا
باعث کھلنا: سبب ظاہر ہونا
باعث ہونا: سبب ہونا

باقی آنا: حساب میں جمع سے خرچ مجرا کرنے کے بعد رقم باقی نکلنا
باقی بے باقی کرنا: حساب بے باق کرنا
باقی پڑنا: بقایا ذمے رہنا
باقی نکالنا: حساب میں باقی رقم ظاہر کرنا
باقی نکلنا: مجرائی کے بعد کسی رقم کا واجب الادا رہنا
باگ اٹھانا: روانہ ہونا، چل پڑنا
باگ کھینچنا: گھوڑا ٹھہرانا
باگ لینا: روانہ ہونا
باگ مڑنا: گھوڑے کا رخ دوسری طرف ہو جانا
باگ موڑنا: گھوڑے کو موڑنا
باگ ہاتھ سے چھوٹنا: بے قابو ہو جانا
باگ ہاتھ سے چھوڑنا: لگام کو ڈھیلا کر دینا
بال آنا: دراڑ پڑنا
بال اترنا: مونڈن ہونا
بال بال بچنا: ذرا آنچ نہ پہنچنا
بال بال بندھنا (جکڑنا): بہت بری طرح پھنسنا، بہت زیادہ مقروض ہونا
بال بال دشمن ہونا: تمام زمانے کا دشمن ہو جانا
بال بال گج موتی پرونا: خوب آراستہ و پیراستہ کرنا
بال بال موتی پرونا: خوب آراستہ و پیراستہ کرنا
بال بال گناہ گار ہونا: بہت زیادہ گناہ گار ہونا
بال بال میں موتی ہونا: انتہائی درجہ کا آراستہ ہونا

بال باندھنا: غلاموں کی مانند فرماں بردار
بال باندھا چور: پورا چور، مشاق چور
بال باندھی (کوڑی) نشانہ اڑانا: ٹھیک نشانہ لگانا
بال برابر فرق نہ ہونا: ایک جیسا ہونا
بال برابر لگی نہ رکھنا: کوئی کسر اٹھا نہ رکھنا
بال بکھرنا: پریشان ہونا
بال بنانا: کنگھی کرنا
بال بیکا نہ ہونا: آنچ نہ آنا
بال پکنا: بڑھاپا آنا
بال رکھنا: بال بڑھانا
بال دھوپ میں سفید کرنا: بوڑھا ہونے پر بھی نا تجربہ کار رہنا
بال ڈالنا: خط ڈالنا، نشان ڈالنا
بال کا کمل بنانا: بال کا بھیڑ بنانا: بات کا بتنگڑ بنانا
بال کھچڑی ہونا: سیاہ بالوں میں سفیدی کا آجانا
بال کھڑے ہونا: خوف لگنا
بانا باندھنا: مسلح ہونا، تیار ہونا
باندھ رکھنا: زبردستی روک رکھنا
بانک بگڑنا: بنا بنایا کام خراب ہونا
بانہہ دینا: سہارا دینا
باہر کی ہوا لگنا: آوارہ ہونا
باہر نکلنا: پردیس جانا
بائیں بائیں کرنا: بے ہودہ باتیں کرنا، شور مچانا
بائیں ہاتھ سے رکھوالینا: زبردستی لے لینا
بایاں پاؤں لینا (چومنا): تعظیم کرنا

بپتا میں کوئی ساتھی نہیں: مصیبت کے وقت کوئی کام نہیں آتا
بت بن جانا: چپ اور خاموش ہو جانا
بت بن کر بیٹھنا: کوئی بات نہ کرنا
بتا سا سا گھلنا: غم یا بیماری سے آہستہ آہستہ دبلا ہو جانا
بتی بنا کر رکھ چھوڑو: بے کار ہے، مطلب کی نہیں
بتی بنانا: کسی چیز کو لپیٹنا
بتیسی بند ہونا: حالت غشی میں دانتوں کا جکڑ جانا
بتیسی حلق میں ہوگی: اتنی مار پڑے گی کہ دانت ٹوٹ کر حلق میں چلے جائیں گے
بتیسی دکھانا: بے ہودہ ہنسنا
بٹیر لڑانا: پالی میں بٹیروں کو لڑانا
بچ کے چلنا: احتیاط سے چلنا
بچار کرنا: فکر کرنا، سوچنا
بچن پالنا: اپنے قول پر قائم رہنا
بچن توڑنا: قول سے پھر جانا
بچن دینا: قول کرنا
بچن ڈالنا: سوال کرنا، پوچھنا
بچن لینا: وعدہ لینا
بچن ماننا: اطاعت کرنا، مان لینا
بچن نباہنا: بات کا پاس کرنا
بچن ہارنا: وعدہ کرنا
بچھونا اٹھانا: سوگ ختم کرنا
بحث آپڑنا: تکرار ہو جانا
بحث بڑھنا: بات لمبی ہو جانا

بحث پڑنا: تکرار ہونا، حجت ہونا
بحث چھڑنا: تذکرہ ہونا
بحث کرنا: جھگڑنا، تکرار کرنا
بحث نکال کھڑی کر دینا: جھگڑا پیش کر دینا
بخار بھرا ہونا: دل میں کدورت ہونا
بخار دل میں رکھنا: عداوت رکھنا
بخار رکھنا: کینہ یا عداوت رکھنا
بخار اٹھنا: دھواں اٹھنا
بخار نکالنا: غصہ اتارنا
بخت الٹنا: قسمت کا ناموافق ہونا
بخت پھرنا: قسمت خراب ہونا
بخت رسا: اقبال مندی، خوش نصیبی
بخت چمکنا: نصیب جاگنا
بخت سیدھا ہونا: نصیب کا موافق ہونا
بخت کھلنا: نصیب جاگنا
بخت یاور ہے: قسمت مددگار ہے
بخیر انجام پانا: اچھا نتیجہ نکالنا
بخیر یاد کرنا: بھلائی سے یاد کرنا
بخیہ ادھیڑنا: قلعی کھولنا
بد دعا دینا (کرنا): کوسنا
بد دعا لگنا: کسی کے کوسنے کا اثر ہونا
بد دعا لینا: کوسنے کا مستحق ہونا
بد ذاتی پر آنا: شرارت پر آمادہ ہونا
بد مزہ ہونا: بے ذائقہ ہونا، خفا ہونا
بدنامی اٹھانا: رسوائی برداشت کرنا
بدنامی سمیٹنا: رسوائی مول لینا، بدنام ہونا

بد نظر سے دیکھنا: بری نگاہ سے دیکھنا
بدل نصیب ہونا: گمشدہ چیز جیسی دوسری چیز مل جانا
بدل جانا: وعدہ خلافی کرنا
بدلی ہونا: تبدیلی ہونا، بادل ہونا
بدن اندر سے پھوڑا ہونا: سارا جسم دکھنا
بدن اٹّو کرنا: مارتے مارتے جسم کو نیلا کر دینا
بدن بگڑ جانا: جذام یا کوڑھ ہو جانا
بدن پاک کرنا: بدن سے نجاست دھونا
بدن پر بوٹی نہ ہونا: بہت دبلا ہونا
بدن پھل جانا: پورے جسم پر گری کے دانے نکلنا
بدن پھیکا ہونا: بخار ہونا، حرارت ہونا
بدن پختہ ہو جانا: بدن اکڑ جانا
بدن توڑنا: انگڑائی لینا، ورزش کرنا
بدن ٹوٹنا: عضا شکنی کرنا
بدن جلنا: بہت تیز بخار ہونا
بدن چرانا: شرم سے جسم کو سکوڑنا
بدن چور چور ہونا: بہت تھک جانا
بدن سانچے میں ڈھلنا: بدن کا موزوں ہونا
بدن سنسنانا: رونگٹے کھڑے ہونا
بدن سوکھ کر کانٹا ہونا: بہت دبلا ہونا
بدن سے چنگاریاں اڑنا: سخت گرمی محسوس کرنا
بدن کو غذا نہ لگنا: غذا کا جزو بدن نہ ہونا
بدن گدرانا: جسم کا تروتازہ ہونا
بدن گھل جانا: بہت لاغر ہو جانا
بدن میں جان نہ ہونا: کمال ناطاقتی اور ضعف

ہونا

بدھ کھانا، بدھ ملنا: اتفاق رائے ہونا

بدھ ملانا: جنم پتری ملانا

بدھیاں پڑنا: چوٹ کے نشان پڑنا

بدھیاں ڈالنا: مار کر کھال پر چوٹ کے نشان ڈالنا

بدھیا بیٹھنا: نقصان ہونا، دیوالہ نکلنا

بدھیا کرنا: خصی کرنا، نامرد کرنا

بدی پر آنا: برائی پر آمادہ ہونا

بدی کرنا: برائی کرنا

برآمد کرنا: کھوج نکالنا

برآنا: حاصل ہونا، پورا ہونا

برپا: برقرار، ٹھہرا ہوا

برلانا: پورا کرنا

برا بننا: مخالف بننا، دشمن ہونا

برا بھلا آنا: سلیقہ ہونا

برا بھلا کہنا: لعنت ملامت کرنا

برا چاہنا: حسد کرنا، کسی کی برائی چاہنا

برا حال کرنا: ستانا، تباہ کرنا

برا زمانہ: مصیبت کا وقت

برا سا منھ بنانا: چہرے سے ناگواری ظاہر ہونا

برا کرنا: نقصان پہنچانا

برا لگنا: ناگوار معلوم ہونا

برا ماننا: خفا ہونا، ناراض ہونا

برابر آنا: ہار جیت کا فیصلہ نہ ہونا

برابر اترنا: یکساں ہونا، تول میں برابر ہونا

برابر اٹھنا (اٹھ جانا): شطرنج کی بازی کا بغیر ہارے جیتے ختم ہو جانا

برابر پیش آنا: ایک جیسا برتاؤ کرنا

برابر کا جواب دینا: تُرکی بہ تُرکی جواب دینا

برابر نکلنا: ایک جیسا ہونا

برابر ہونا: ایک سطح پر ہو جانا

برابری کرنا: نقل کرنا

برات اُترنا: براتیوں کا کسی مقام پر ٹھہرنا

برائی آگے آنا: برائی کی سزا ملنا

برتن کھنکنا: مٹی کے ظروف کا وہ آواز دینا جس سے اس کا ٹوٹا یا پکا ہوا معلوم ہو

برتے پر رہنا: بھروسے پر رہنا، نازاں رہنا

برچھی تاننا: حملہ کرنے کے لیے تیار ہونا

برچھی تولنا: آمادگی ظاہر کرنا

برچھی جگر کے پار ہونا: بے حد صدمہ ہونا

برچھی چبھنا: بہت صدمہ ہونا

برچھی چلنا: برچھی سے وار ہونا

برسات کھا جانا: برسات کا اثر قبول کرنا

برف پڑنا: پالا پڑنا، بہت سردی پڑنا

برف میں لگانا: برف میں رکھ کر سرد کرنا

برف ہونا: نہایت سرد ہونا

برق بن کر گرنا: بجلی کی سی تیزی کے ساتھ ٹوٹ پڑنا

برقع اٹھانا: بے پردہ کرنا، منھ سے نقاب ہٹانا

برقع اوڑھنا: برقع پہننا

برقع ڈالنا: برقع اوڑھنا

برکت اٹھنا (جانا) اڑ جانا: نحوست آنا، رونق

نہ رہنا
برکت دینا: ترقی دینا، بڑھانا
برکت ہونا: اضافہ ہونا، تمام ہونا
برگ وبار لانا: پروان چڑھنا، نتیجہ نکلنا
بری آنکھ ڈالنا: بری نظر سے دیکھنا
بری بھلی جاننا: نیک وبد کی تمیز ہونا
بری بھلی کہنا: ہر قسم کی باتوں کا ذکر کرنا
بری بننا: ملزم ٹھہرنا، قصوروار ٹھہرنا
بری سنائی: بری خبر سنائی
بری طرح پیش آنا: سختی اور بد تہذیبی سے برتاؤ کرنا
بری لگنا: ناگوار لگنا
برے کی جان کو رونا: ظلم وستم پر صبر کرنا
برے وقت آڑے آنا: مصیبت کے وقت مدد کرنا
بڑ لگانا، ہانکنا: بڑ مارنا، بڑ ہانکنا
بڑ میں آنا: جوش میں آنا
بڑا اندھیر ہے: کوئی انصاف نہیں
بڑا ابچارا: تحقیر کے لیے کہتے ہیں
بڑا بول آگے پیش آنا: مغرور کا ذلیل ہونا
بڑا بول بولنا: غرور کرنا
بڑا پتھر ہے: بڑا ظالم ہے
بڑا پیٹ ہے: بہت رقم ہضم کرنے والا
بڑا تقدیر والا ہے: بہت خوش نصیب ہے
بڑا تیر مارا: طنزاً بہت بڑا کام کیا
بڑا دم گلا ہے: سخت چالباز اور بدمعاش ہے
بڑا دیدہ ہے: بے باک اور بے خوف ہے
بڑا راستہ پکڑنا: دور کا سفر اختیار کرنا، مرنا
بڑا سور ہے: بڑا بدذات ہے
بڑا شہدہ ہے: بڑا بیہودہ ہے
بڑا کام کرنا: قابل تحسین کام کرنا
بڑا کفر توڑا: بڑے ضدی کو قابو میں لائے
بڑا کوئی ہے: چالاک ہے، ہوشیار ہے
بڑا گھان مارا ہے: بہت بڑی کامیابی حاصل کی ہے
بڑا مزہ ہو: بڑا لطف، خوب سیر ہو
بڑا انکیلا: بڑی آن والا ہے
بڑا ہی سخت ہے: بہت بے رحم ہے، بہت محنتی ہے
بڑے دل کا: ہمت والا، عالی حوصلہ
بڑے بے تکے ہو: واہیات بکتے ہو
بڑے بے ڈھب ہو: بڑے چالاک اور شرارتی ہو
بڑے پاپڑ بیلے ہیں: بڑی تکلیف اٹھائی ہے
بڑے پاک ہو: طنزاً بڑے بے شرم ہو
بڑے پاؤں پھیلائے: بہت جھگڑا کیا
بڑے چلتے پرزے ہیں: بہت چالاک ہیں
بڑے حضرت ہیں: طنزاً بڑے شریر ہیں
بڑے دانت پیسے: بہت غصہ ہوئے، بہت لالچ کیا
بڑے دتار ہیں: طنزاً بڑے کنجوس ہیں
بڑے رستم ہیں: بڑے بہادر ہیں
بڑے گھر جانا: مرجانا، جیل جانا

بڑائی دینا: عزت دینا
بڑائی کرنا: تعریف کرنا
بڑائی مارنا: خودستائی کرنا، بڑ ہانکنا
بڑھ بڑھ کے باتیں بنانا: بہت باتیں کرنا
بڑھ جانا: آگے نکل جانا
بڑھ کے لینا: پیشوائی کرنا
بڑھاوے میں آنا: دھوکے میں آنا، خوشامد میں آنا
بڑی بڑی باتیں کرنا: بہت کچھ کہنا
بڑی بڑی زبانیں ہونا: زبان درازی کرنا
بڑی بڑائی ہوئی: بہت ہوا تو
بڑی ٹیڑھی کھیر ہے: بڑا مشکل کام ہے
بڑی دور کی بات ہے: عقلمندی اور دوراندیشی کی بات
بڑی دون کی لینا: شیخی مارنا، اترانا
بڑی رات آنا: رات کا بہت حصہ گزر جانا
بزرگوں کا ٹھیکرا: موروثی جائداد
بزم گرم ہونا: محفل خوب جمنا
بزن بولنا: قتل عام کا حکم دینا، حملہ کرنا
بس چلنا: اختیار ہونا
بس کی بات: قابو کی بات
بس میں آنا: قابو میں آنا
بس نہ چلنا: زور نہ چلنا
بس بونا: فساد کی ابتداء کرنا
بساط سے باہر: طاقت سے زیادہ
بساط کیا ہے: حیثیت کیا ہے

بستر اٹھانا: سکونت ترک کرنا
بستر بچھانا، کرنا، لگانا: قیام کرنا
بسر آنا: کامیاب ہونا، غالب آنا
بسر کرنا: گزر کرنا، نباہنا
بسرام کرنا، لینا: ٹھہرنا، آرام کرنا
بسم اللہ سے تمت تک: شروع سے آخر تک
بسم اللہ ہونا: آغاز ہونا
بسم اللہ ہی غلط: پہلا ہی کام خراب
بسنت پھولنا: سرسوں کے پھولوں کا کھلنا
بسنت کی خبر نہیں: ناتجربہ کار ہے
بغل بجانا: خوشی منانا، مضحکہ اڑانا
بغل سونگھنا: شرمندہ ہونا
بغل گرم کرنا: پہلو میں لیٹنا
بغل گیر ہونا: گلے لگنا
بغل میں ایمان دبانا: ایمان کو بالائے طاق رکھنا
بغل میں بیٹھنا: کسی کے پہلو میں بیٹھنا
بغل میں پرورش: کسی کی حمایت حاصل کرنا
بک بک کے بھیجا پکا دینا: بہت باتیں کر دماغ کھانا
بکٹا بھرنا، مارنا: جنگل مارنا، نوچنا
بُکل اترانا، اڑانا: درخت کی چھال اتارنا، خوب مارنا
بُکل مارنا: عورتوں کا دوپٹہ وغیرہ اوڑھ کر ایک سرا کندھے سے پیٹھ کی طرف ڈال دینا
بکھان ڈالنا: ذلیل کرنے کی غرض سے کسی کا پوشیدہ حال کھول کر بیان کرنا

بکھر پکانا: کچی شکر سے نکلا ہوا میل پکانا
بکھیڑا چکانا: جھگڑا ختم کرنا
بکھیڑے میں ڈالنا: جھگڑے میں ڈالنا
بگاڑ بیٹھنا: رنجش کر لینا
بگاڑ پر آنا: لڑنے پر آمادہ ہونا
بگاڑ پڑنا: رنجش ہو جانا
بگاڑ دینا: خراب کر دینا
بگاڑ ڈالنا: دشمنی پیدا کرا دینا
بگاڑ کرنا: ناراض کرنا
بگڑی بات بنانا: خراب معاملہ سدھارنا
بگڑی بن جانا: خراب حالت کا درست ہو جانا
بگڑی تو بگڑی ہی سہی: دشمنی ہوئی تو ہوئی رہے
بگڑے دل کا: ہر ایک سے الجھنے والا
بل آنا: طاقت آنا
بل اترنا: غصہ دور ہونا
بل بل جانا: صدقے جانا، قربان ہونا
بل بھرنا: طاقت جتانا
بل پر کودنا: بھروسے پر ناز کرنا
بل دینا: مروڑنا
بل ڈالنا: شکن ڈالنا، فرق ڈالنا
بل رہنا: پیچ رہنا، عداوت رہنا
بل کرنا: اکڑنا، غرور کرنا
بل کھانا: پیچ و تاب کھانا
بل کھلنا: خم نکلنا، سیدھا ہونا
بل میں آنا: مغرور ہونا
بل ہونا: سہارا ہونا، حساب کتاب میں فرق ہونا

بل ڈھونڈھنا: چھپنے کی جگہ تلاش کرنا
بل ادا کرنا: فرد حساب کے بہ موجب رقم ادا کرنا
بل بنانا: فرد حساب تیار کرنا
بلا اپنے گلے باندھنا: کوئی مصیبت اپنے اوپر لینا
بلا پالنا: بکھیڑے کی چیز اپنے ساتھ لگا رکھنا
بلا پڑنا: مصیبت آنا
بلا پیچھے لگانا: دکھ مول لینا
بلا پیچھے لگنا: مصیبت میں مبتلا ہونا
بلا ٹلنا: جھگڑے سے نجات ہونا
بلا جانے: کچھ خبر نہیں
بلا دفع کرنا، رد کرنا: مصیبت ٹالنا
بلا سر پڑنا: خوامخواہ مصیبت آنا
بلا سر سے ٹالنا: مصیبت دور کرنا
بلا سر لینا: تکلیف یا ذمہ داری اپنے اوپر لینا
بلا سر منڈھنا: الزام لگانا
بلا کٹنا: جھگڑا ختم ہونا
بلا گلے پڑنا: مصیبت آنا
بلا لوں: صدقے جاؤں
بلا لینا: نثار ہونا، صدقے جانا
بلا میں پڑ جانا: دکھ میں گرفتار ہو جانا
بلا مول لینا: مصیبت کو خود اپنے اوپر لینا
بلا نازل ہونا: مصیبت آنا
بلائیں لینا: صدقے جانا، قربان ہونا
بلغم آنا: بلغم خارج ہونا
بلوں بلوں کرنا: مصیبت کے مارے چیخ اٹھنا
بلہاری جانا: واری جانا

بلی بنا رہنا: مسکین صورت بنا رہنا
بم بلانا: خراب کرنا، نقارے کی طرح بنانا
بن آنا: مراد حاصل ہونا
بن بن کے بگڑ جانا: کسی کام کا درست ہو کے خراب ہو جانا
بن پڑنا: موقع ہاتھ آنا
بن آئی: ناگہانی موت
بنا بیٹھنا: وضع اختیار کیے ہونا
بنا رہنا: زندہ رہنا
بناؤ کرنا: سنوارنا، سنگار کرنا
بن جانا: تیار ہونا، درست ہونا
بند نہ ہونا: خوف نہ کرنا، عاجز نہ ہونا
بندہ بنا لینا: قابو میں کر لینا، غلام کر لینا
بنگا ٹھونکنا: روک دینا، بند کر دینا
بو پھوٹنا: بھید کھلنا
بو دینا: پتا دینا، علامت ظاہر کرنا
بو سمانا: کسی بات کا دل میں بیٹھ جانا
بو کا مست ہونا: خوشبو کا نہایت خوشگوار ہونا
بو ہونا: کچھ اثر ہونا، تھوڑی سی کوئی خاصیت ہونا
بوٹی بوٹی کانپنا: غصے یا خوف کے باعث جسم کانپنے لگنا
بوٹیاں توڑنا، کاٹنا، نوچنا: جسمانی سزا دینا
بوٹیا کتوں کوّوں کے نچوانا: دق کرنا، ایزا دینا
بوٹی بنانا: گلکاری کرنا
بوجھ اتارنا: چھٹکارا پانا
بوجھ اٹھانا: ذمہ لینا
بوجھ ہٹانا: مصیبت میں شریک ہونا
بوجھ پڑنا: دباؤ پڑنا
بوجھ ڈالنا: دباؤ پڑنا
بوجھ سر پر ہونا: ذمہ داری ہونا
بوجھ سر سے اتارنا: بار کا سر سے اتارنا
بوجھوں مرنا: سخت ذمہ داری لینا
بوچھاڑ پڑنا: چاروں طرف سے اعتراض ہونا
بوچھاڑ کرنا: بہت گالی گلوچ دینا
بوریا باندھنا، سنبھالنا: کوچ کی تیاری کرنا
بوریا بغل میں دابنا: چلے جانا، رخصت ہونا
بول اٹھنا: کہہ دینا، ہار مان لینا
بول جانا: ختم ہونا، جواب دے دینا
بول چال ہو جانا: آپس میں بات چیت ہونا
بول دھرنا: الزام دینا
بول مارنا: طعنے دینا
بولنا چالنا: روکنا ٹوکنا، غصہ کرنا
بولی بڑھانا: نیلام میں مال کی قیمت بڑھکر لگانا
بولی بڑھنا: نیلام میں قیمت کا زیادہ ہو جانا
بولی دینا: نیلام میں قیمت لگانا
بولیاں مارنا: طعنہ زنی کرنا
بوند چرانا: حاملہ ہونا
بہار دکھانا: سماں دکھانا، کیفیت دکھانا
بہار دیکھنا: لطف دیکھنا
بہار کھلنا: رونق ہونا
بہار لوٹنا: عیش کرنا، مزے اڑانا
بہانہ بنانا: ٹالنا، حیلے حوالے کرنا

بہانہ چلنا: حیلہ کارگر ہونا
بہانہ ڈھونڈ نا: موقع تلاش کرنا
بہانہ ملنا: حیلہ ہاتھ آنا
بہانہ کرنا: حیلے حوالے کرنا
بہت بڑی عمر ہے: ایسے موقع پر کہتے ہیں جب کسی شخص کا ذکر ہو اور وہ آ جائے
بہت بہت پوچھنا: کسی کو کسی کی مزاج پرسی کا پیغام دینا
بہت بہت سلام کہنا: کسی کو تاکید سے سلام کا پیغام دینا
بہت چل نکلنا: بہت ہوشیار یا چالاک ہو جانا
بہت خاک چھاننا: بہت کوشش کرنا
بہت دم دینا: بہت فریب کرنا
بہت دن چڑھنا: آفتاب بلند ہو جانا
بہت دن پڑے ہیں: بہت وقت ہے
بہت دنوں یاد کرنا: عرصے تک پچھتانا، افسوس کرنا
بہت رات آئی: رات کا کافی حصہ گزر گیا
بہت سر پٹخنا: بڑی کوشش کی، بہت سمجھایا
بہت گھول میل ہے: بڑا یارانہ ہے
بہت مار میں رونا نہیں آتا: بہت تکلیف میں شکایت نہیں کی جاتی
بہت ہوگا: زیادہ سے زیادہ یہ ہوگا
بہتا ہوا جوڑا: جلد جلد انڈے دینے والا کبوتروں کا جوڑا
بہتان اٹھانا: الزام لگانا، تہمت لگانا

بہتان لینا: اعتراض لینا
بہتیرے پاؤں پیٹے: بہت کوشش کی
بہروپ بدلنا: بھیس بدلنا، سوانگ بھرنا
بہروپ بھرنا (لانا): وضع اختیار کرنا
بہرہ رکھنا: حصہ دار ہونا، دسترس رکھنا
بہرہ کھلنا: نصیب کھلنا
بہک اٹھنا: نشے میں بکنا، غلطی کرنا
بہک جانا: گمراہ ہو جانا، دھوکا کھانا
بہک چلنا: مغرور ہونا
بہکا بہکا پھرنا: آوارہ پھرنا
بہکا لے جانا: کسی کو دھوکہ دیکر بھگا لے جانا
بہکاوے میں آنا: دھوکے میں آنا
بہکی بہکی باتیں کرنا: بے سروپا باتیں کرنا
بہلا دینا: دوسری طرف متوجہ کر دینا
بہم آنا: حاصل ہونا، میسر آنا
بہولانا: بیٹا بیاہنا
بہی پر (اتارنا) چڑھانا: بہی میں لکھنا
بھاجی بٹ جانا: کسی چیز کا تقسیم ہو کر ختم ہو جانا
بھاری پتھر چوم کر چھوڑ دینا: مشکل سمجھ کر کسی کام سے دستبردار ہو جانا
بھاری لگنا: دوبھر ہونا، ناگوار معلوم ہونا
بھاری ہونا: وزنی ہونا، ناگوار ہونا
بھاڑ پڑا ابھن رہا ہے: سخت گرمی یا تیز بخار ہے
بھاڑ جھونکنا: کوئی فن یا ہنر نہ جاننا
بھاڑ سا بھننا: کثرت سے قتل ہونا
بھاڑ میں جھونکنا (ڈالنا): ضائع کرنا، تذکرہ

نہ کرنا

بھاگ جاگنا، کھلنا، لگنا: قسمت کا اچھا ہونا

بھاگ پڑنا، مچنا: ہلچل مچنا، بے ترتیبی

بھاگوں بھاگ کرنا: بھاگنے پر تلا ہونا

بھانپ لینا: سمجھ لینا، تاڑ لینا

بھانجی مارنا: رخنہ ڈالنا، چغلی کھانا

بھانڈا پھوٹنا (پھوٹ جانا): بھید کھل جانا

بھانوری پھرنا: قربان ہونا، شادی کے بھانور لینا

بھاؤ اترنا: قیمت گھٹنا

بھاؤ بتانا: حالت ظاہر کرنا

بھاؤ لگانا: نرخ خراب کرنا

بھاؤ بگڑنا: نرخ خراب ہونا

بھاؤ بننا: قیمت طے ہونا

بھاؤ بہانا: مول گھٹا کر قدر کم کرنا

بھاؤ تیز ہو جانا: قیمت چڑھنا

بھاؤ کاٹنا: نرخ مقرر کرنا

بھاؤ کرنا: قیمت طے کرنا

بھاؤ گرنا: بھاؤ گھٹنا

بھائیں بھائیں کرنا: بے آبادی کی وجہ سے جگہ کا خوفناک معلوم ہونا

بھبھک اٹھنا: بھڑک جانا، نہایت گرم ہو جانا

بھبکی دینا: دھمکانا

بھبکی میں آجانا: دھمکی میں آجانا

بھبھوت رمانا: فقیر ہونا، جوگ لینا

بھبھوکا بننا (ہونا): غضبناک ہونا، آگ بگولا ہونا

بھبھو کے اٹھنا: شعلے اٹھنا، حسد کرنا

بھپارا دینا: بھاپ دینا، فریب دینا

بھپارے دینا: دھوکا دینا

بھپارے میں آنا: دھوکے میں آنا

بھتی کھانا: مرگی کا کھانا کھانا، ماتم کرنا

بھٹ پڑے: بھاڑ میں جائے، تباہ ہو

بھٹا سا اڑانا: ایک ہی ضرب میں چیز کا کاٹ دینا

بھٹی چڑھانا: بھٹی گرم کرنا

بھجن گانا: خدا کا دھیان کرنا، خوشی منانا

بھجن کرنا: عبادت کرنا

بھچک رہ جانا: متحیر ہونا

بھجنگے اڑانا: مفلس ہونا، جھوٹی خبریں اڑانا

بھدا کا دینا (سنانا): دے مارنا، گرا دینا

بھدرا کرانا: کریا کرم یا تیرتھ پر داڑھی مونچھے منڈوانا

بھدرا ہونا: بالکل لٹ جانا، چار ابرو کا سفایا ہونا

بھر آنا: زخم بھر جانا، رحم آنا

بھر پانا: اپنے کیے پر پچھتانا، وصول کرنا

بھر پیٹ: اچھی طرح پیٹ بھر کے

بھر لینا: پُر کر لینا، وصول کر لینا

بھرا بیٹھنا: شکوہ شکایت کے لیے تیار ہونا، غصہ ہونا

بھرا جانا: پر ہو جانا، حاملہ ہو جانا

بھرا گھر برباد ہونا: گھر کی رونق جاتی رہنا

بھرا ہونا: آزردہ ہونا، پُر ہونا

بھرے ہوئے (بیٹھے ہیں): خفا ہیں، ناراض

ہیں
بھرے رہنا: ناخوش رہنا، جمع رہنا
بھرے کو بھرنا: کھاتے پیتے پر احسان کرنا
بھرادینا: دم دینا، جھانسا دینا
بھرّے پر چڑھانا: جھانسے میں لانا
بھرے میں آنا: دھوکا کھانا
بھرت بھرنا: کمی پوری کرنا، دسادر کو لادنا
بھرتی بھرنا: سوداگری کا مال بھرنا
بھرتی کرنا: کسی محکمے میں داخل کرنا
بھرشٹ کرنا: بگاڑنا، خراب کرنا
بھرکس نکالنا: چورا چورا کرنا (بہت مار کر کچومر نکالنا)
بھرم باندھنا: اعتبار قائم رکھنا
بھرم بنا رکھنا: آبرو قائم رکھنا
بھرم جانا: اعتبار نہ رہنا
بھرم رکھنا: شک کرنا، گمان کرنا
بھرم کھل جانا: اعتبار اٹھنا
بھرم گنوانا: اعتبار ضائع کرنا
بھرنا بھرنا: کسی کا خرچ برداشت کرنا، کفالت کرنا
بھرتھالی میں لات مارنا: ناشکری کرنا
بھڑاس نکالنا: دل کی کوفت کا اظہار کرنا
بھڑک اٹھنا: جل پڑنا، غصہ ہونا
بھڑ کے بیٹھنا: زانو بہ زانو بیٹھنا
بھس اڑانا: ماتم کرنا (مجازاً) بھوسی اڑانا
بھس بھروانا: کھال کھنچوا کر اس میں بھس بھروانا

بھس لیپنا: فضول و بے فائدہ کام کرنا
بھس کھا جانا: بیوقوفی کی باتیں کرنا
بھسم کر دینا: جلا دینا، ہضم ہو جانا
بھسم ہونا: جل کر راکھ ہونا، غصے سے آگ ہو جانا
بھلا برا کہنا: بدزبانی کرنا، سخت سُست کہنا
بھلاوا دینا: دھوکا دینا، فریب دینا
بھلا ہونا: خوشی حاصل ہونا، بھلائی ملنا
بھلائی رہنا: نیکی کی یادگار باقی رہنا
بھلائی لینا: احسان کرنا
بھلے دن آنا: خوشحالی کا وقت آنا
بھلی بری سنانا: بدزبانی کرنا، گالیاں بکنا
بھلی چلائی: خوب کہا، بے ضرورت ہے
بھنڈ کرنا: تباہ و برباد کرنا
بھنگ تو نہیں کھائی: بدحواسی کی باتیں کرنے کے لیے کہتے ہیں
بھنگ رہنا: مست رہنا
بھنگ کھانا: نشے میں ہونا، بدحواس ہونا
بھنگ کے بھاڑے میں جانا: مفت جانا، ضائع ہونا
بھنگیڑ خانے کی گپ: بے بنیاد گپ
بھوت اتارنا: غصے سے نجات دلانا، خبیث روح کو دفع کرنا
بھوت اترنا: غصہ دور ہونا، خبیث روح کا دفع ہونا
بھوت بننا، ہو جانا: نشے میں سرشار ہونا،

خاک آلود ہونا

بھوت بن کر چمٹنا: پیچھا نہ چھوڑنا

بھوت چڑھنا (سوار ہونا): سخت غصہ آنا

بھور کر دینا: خوب زود کوب کرنا

بھوک (اڑنا) بھاگنا: کھانے کی خواہش جاتی رہنا

بھوک بند ہونا: بھوک نہ لگنا

بھوک پیاس اڑ جانا: بھوک پیاس مٹ جانا

بھوک جاتی رہنا: کھانے کی خواہش ختم ہونا

بھوک لگی تو گھر کی سوجھی: کھیل میں مصروف رہنے والوں کو کہتے ہیں

بھوک ہونا: اشتہا ہونا، خریداری کی خواہش ہونا

بھوکوں (کا) مرنا: مشکل سے گزر بسر کرنا

بھوگ پڑنا: لعنت پڑنا، گالیان پڑنا

بھول پڑنا: غلطی ہو جانا، یاد سے اتر جانا

بھول جانا: خیال نہ رہنا

بھول کے نہ کرنا: ہرگز نہ کرنا

بھولنا چوکنا: ذہن سے ہٹنا

بھولے سے بھی یاد نہ کرنا: ہرگز یاد نہ کرنا

بھوں پر بل پڑنا: ناپسندیدگی کا اظہار ہونا

بھوں بھوں کرنا: کتے کا بھونکنا، بکواس کرنا

بھون بھلس لینا: کچا پکا پکا کر کھالینا

بھیٹ چڑھانا: چڑھاوا لینا، رشوت لینا

بھیجا پکنا: کسی کی بک بک سے دماغ پریشان ہونا

بھید پانا: سراغ پانا

بھید کھولنا: راز ظاہر کرنا

بھید لینا: راز معلوم کرنا

بھیروں چڑھنا: دیوانوں کی سی باتیں کرنا

بھیروں ناچنا: رنگ میں بھنگ پڑنا

بھیرویں اڑانا، گانا: خوشی کے گیت گانا

بھیڑ پڑنا: آفت آنا، وقت ضائع ہونا

بھیڑ چھٹنا: ہجوم کا کم ہونا

بھیگی بلّی بتانا: ٹالنا، بہانہ کرنا

بھیمڑ اسپارنا: ضدی بچے کا بری طرح منھ بنا کر زور سے رونا

بے اجل مارنا: بے موت

بے بھاؤ کی پڑنا: بہت مار پڑنا

بے بہرہ پھرنا: آوارہ پھرنا

بے بہرہ ہونا: خود مختار و آزاد ہونا

بے پر کی اڑانا: بے بنیاد خبر مشہور کرنا

بے چھری حلال کرنا: بے حد ظلم وستم ڈھانا

بے حرمت کرنا: عصمت دری کرنا، ذلیل کرنا

بے حواس ہونا: حواس کا درست نہ ہونا، پاگل ہونا

بے حیائی کا برقعہ منھ پر لینا: بے شرمی کا نقاب چہرے پر ڈالنا

بے حیائی کا جامعہ پہننا: بے شرمی کا نقاب چہرے پر ڈالنا

بے دام کا بودم: بے وقوف، احمق

بے رخ ہونا: بے مروت ہونا، ناراض ہونا

بے رخی کرنا: پرواہ نہ کرنا

بے عزتی کرنا: بے آبرو کرنا

بے قضا مارا جانا: بے موت مارا جانا

بے نقطہ گالیاں دینا: فحش گالیاں دینا

بے نماز ہونا: نماز نہ پڑھنے والا ہونا، حائضہ ہونا

بے نوائی کرنا: بے نوا فقیر کا انداز اختیار کرنا

بے وقت کی راگنی، شہنائی: بے موقعہ کام

بے وقت کی سوجھنا: بے موقع بات کرنا

بیہودہ پھرنا: آوارہ پھرنا، مارا مارا پھرنا

بیان سے باہر ہونا: مفصل کیفیت ادا نہ ہوسکنا

بیاہ رچانا: شادی کا سامان کرنا، خوشی منانا

بیاہ مانگنا: شادی کی خواہش کرنا، بالغ ہونا

بیٹھا کا بیٹھا رہ جانا: فوراً مر جانا، سناٹا ہو جانا

بیٹھا جانا: سخت بے چین ہونا

بیٹھک دینا: تعظیم کرنا، منت پوری کرنا

بیٹھو بھی: چپ رہو، دخل نہ دو

بیٹھے بیٹھے سوکھ جانا: انتظار کرتے کرتے تھک جانا

بیٹی دینا: بیٹی کی شادی کرنا، داماد بنانا

بیٹی روٹی کرنا: گالی دینا

بیج بونا: کسی بات کی بنیاد ڈالنا، سبب ہونا

بیج بونا: بنیاد پڑنا، حمل ہونا

بیج پھوٹنا: بیج کا اُگنا

بیج جمنا: اُگنا، ٹھہرنا حمل

بیج دار: بہت بیجوں والا

بیج ڈالنا: تخم ریزی کرنا

بیج مارا جانا: تباہ ہونا، غارت ہونا

مار دینا: کسی چیز کو بالکل مٹا دینا

بیج ناس کرنا: بالکل نابود کرنا

بجناڈ ھلانا: پنکھا جھلنا

بیچ میں آجانا: حائل ہو جانا، فیصلہ کرانا

بیچ کھیت: کھیت یا میدان کا مرکز

بیچ میں بول اٹھنا: دولوگوں کی گفتگو میں تیسرے کا دخل دینا

بیچ میں پڑنا: پنچ بننا، ذمہ لینا

بیچ میں ڈالنا: حکم کرنا، ثالث کرنا

بیچ میں سان ڈالنا: بے وجہ کے جھگڑے میں کسی کو شریک بنالینا

بیچ میں قدم ہونا: واسطہ ہونا، حائل ہونا

بیچ میں کود پڑنا: پرائی بات میں بے سبب دخل دینا

بیخ کنی کرنا: جڑ سے اکھاڑنا، نیست و نابود کر دینا

بیخ و بن سے اکھڑ جانا: بالکل اکھڑ جانا

بید کی طرح کانپنا: بید کی طرح (خوف کے مارے) لرزنا

بید باندھنا: عداوت پر تل جانا

بیر بسانا: دشمنی مول لینا

بیر پڑنا: عداوت ہو جانا

بیر لینا (نکالنا): بدلہ لینا

بٹر بندی کرنا: کھیت کے گرد باڑ لگانا

بیڑا باندھنا: مجمع اکٹھا کرنا

بیڑا پار لگانا (کرنا): مصیبت دور کرنا، مراد برلانا

بیڑا پار ہونا: مشکل آسان ہونا
بیڑا ڈوبنا: کام بگڑنا، تباہ ہونا
بیڑا اٹھانا: ذمہ لینا، آمادہ ہونا
بیڑا اچپانا: پان چبانا
بیڑا اچننا: ہندوؤں کی شادی میں دلہن کے جسم پر مصری اور پان رکھ دیتے ہیں جس کو دلہا چن چن کر کھاتا ہے
بیڑا دینا: ناچنے گانے والیوں کو سائی دینا
بیڑا کھلانا: نسبت کا پکا کرنا
بیڑی بڑھانا: منت کی زنجیر یا حلقہ میعاد مقررہ کے بعد نذر و نیاز دلا کر اتارنا
بیڑی پڑنا: قید ہونا، شادی ہونا
بیڑی کٹنا: آزاد ہونا
بیس راہ لگا دینا: مختلف کاموں میں خرچ کر ڈالنا
بیس ہنڈیوں کا مزہ چکھنا: بہت جگہ نوکری کرنا
بیگار ٹالنا: بے دلی اور کم توجہی سے کوئی کام کرنا
بیگار کے لیے پکڑا جانا: بغیر اجرت کام کرنے کے لیے کسی کو مجبور کرنا
بیل بڑھنا: درخت یا پودے کی بیل پھیلنا، قد بڑھنا
بیل منڈھے چڑھنا: شادی کا وقت آنا، کامیاب ہونا
بینڈی سنانا: سخت جواب دینا

(پ)

پابند کرنا: مقید کرنا، شادی کرنا
پاپوش نہ مارنا: نہایت بے وقعت سمجھنا
پاپوش کی گرد سمجھنا: حقیر جاننا
پاپوش جانے: کچھ خبر نہیں، کچھ پتہ نہیں
پاپوش کی نوک پر مارنا: جوتی مارنا، بے پروائی کرنا
پاجامے سے باہر نکلنا (ہو جانا): آپے سے باہر ہو جانا
پاجامے میں ڈال کر پہن لینا: ادب و لحاظ نہ رہنا
پاچراغ کرنا: ایک پاؤں پر کھڑا ہونا
پاخانہ پھرنا: رفع حاجت کرنا
پاخانہ خطا ہونا: سخت خوف زدہ ہونا
پاخانے میں لوٹا نہ رکھواؤں: بہت حقیر سمجھنے کی جگہ بولتے ہیں
پاپ بسانا: عذاب مول لینا
پاپ کاٹنا: جھگڑا چکانا، خطا بخشا
پاپ کٹنا: مصیبت ٹلنا
پاپ کمانا: گناہ کرنا، برا کام کرنا
پاپ لگنا: دقت پیش آنا، روگ لگنا
پاپڑ بیلنا: مصیبت برداشت کرنا
پاد اڑانا: ریاح خارج کرنا
پاد بند ہونا: گوز نہ آنا، خوف غالب آنا
پار اتارنا: کنارے لگانا
پار کرنا: نباہنا، اِدھر سے اُدھر کرنا
پار لے جانا: سبقت لے جانا، جیتنا
پار ہو جانا (ہونا): دریا سے اتر جانا، مراد پا جانا

پارااڑانا: گرمی پہنچا کر پارے کو گیس بنا دینا
پارا ابھرا ہونا: بہت بھاری ہونا
پارا پلانا: بھاری کرنا، وزنی کرنا
پارا پینا: بھاری ہونا
پارا مارنا: پارے کو کشتہ کرنا
پارہ پارہ کرنا: پرخچے اڑانا
پارے کا قائم النار رہنا: جڑی بوٹیوں کے ملانے سے پارے میں یہ خاصیت پیدا ہو جانا کہ وہ آگ پر نہ اڑے بلکہ کشتہ ہو جائے
پاڑ آنا: مصیبت آنا
پاڑ پڑنا: صدمہ اٹھانا، مصیبت جھیلنا
پاس آلگنا: قریب آنا
پاس آنا: نزدیک آنا صحبت کرنا
پا بیٹھنا: تربیت پانا، قریب بیٹھنا
پاس پھٹکنے نہ دینا: نزدیک بھی نہ جانے دینا
پاس جانا: قریب جانا، ہمبستر ہونا
پاس نہ کھڑے ہونا: دور رہنا، پرہیز کرنا
پاسنگ بھی نہیں: کچھ بھی نہیں، برابر نہیں
پاکھنڈ پھیلانا: مکر کا جال بچھانا، فریب دینا
پاکی لینا: ناف کے نیچے کے بال صاف کرنا
پاگ جوڑنا: پاؤں جوڑنا
پاگل بنانا: اتنا تنگ کرنا کہ دوسرا اسٹ پٹا جائے
پالا چھوڑ کے بھاگ جانا: مقابلے سے بھاگ جانا
پالا پڑنا: کام پڑنا، سروکار رہنا
پالا چھونا: کوئی کام بہت جلد کرنا
پالا گرم ہونا: مجلس جمنا، چہل پہل ہونا
پالا مار جانا: برف یا کہرے کا کسی سبز چیز کو خشک کر جانا
پالا مار لینا: فتح پانا، میدان ہاتھ رہنا
پالٹ مارنا: پالٹ کا ہاتھ مارنا
پالی مارنا: فتح پانا
پالی باہر ہونا: ہار مان لینا، مقابلہ سے ہٹ جانا
پان اٹھانا: کسی ذمہ داری کو قبول کرنا
پان بنانا، لگانا: گلوری بنانا، پھول کاڑھنا
پانی چیرنا: بے فائدہ کام کرنا، بے کار رہنا
پان دینا: محبت کرنا، عزت کرنا
پان کھلانا: منگنی کی رسم ادا کرنا
پانچوں حواس ٹھکانے لگنا: بدحواس ہو جانا
پانی آنا: بارش ہونا
پانی اتارنا: پانی کم کرنا
پانی اتر آنا: موتیا بند کا عارضہ لاحق ہونا
پانی باندھنا: روک لگانا، بند باندھنا
پانی بجھانا: کسی دھات یا اینٹ کو گرم کر کے پانی میں ڈال دینا
پانی برسنا: بارش ہونا
پانی بہانا، رونا: کسی کے مر جانے پر گھر کے کنواڑوں پر پانی ڈالنا
پانی بہہ جانا: شرم جاتی رہنا
پانی بھرنا: برتن کو پانی سے بھرنا، غلام ہونا
پانی پانی کرنا: شرمندہ کرنا
پانی پانی ہونا: نادم ہونا، بہت زیادہ پانی برسنا

پانی پر بنیاد ہونا: ناپائیدار ہونا
پانی پڑنا: بارش ہونا، پھوڑے یا چھالے کا پک جانا
پانی پھرنا (پھر جانا): حقیر ہو جانا، رونق ہونا
پانی پھونکنا: پانی دم کرنا
پانی پھیر دینا: محنت برباد کرنا
پانی پی پی کر دعا دینا: زیادہ دعا دینا
پانی پی پی کر کوسنا: بہت کوسنا
پانی پی کر ذات پوچھنا: بے موقع اور بے وقت کام کرنا
پانی پینا: پیاس بجھانا
پانی تارا ہونا: کنویں کی گہرائی میں پانی کا تارا سا چمکنا
پانی چرانا: زخم کا پانی جذب کرنا، حاملہ ہونا
پانی چوانا: بوند بوند پانی ٹپکانا
پانی چھاجو برسنا: تیز بارش ہونا
پانی دکھانا: جانور کو پانی پلانا، پانی کے پاس لے جانا
پانی دینا: آبپاشی کرنا، پانی پلانا
پانی ڈھل جانا (ڈھلنا): جوانی کے دن گذر جانا
پانی سر سے اونچا ہونا (گزرنا): سخت آفت نازل ہونا
پانی سو نیزے چڑھنا: حد سے گزر جانا، ناحق بدنام ہونا
پانی سے پہلے پل باندھنا: تکلیف سے پہلے اس کا علاج کرنا

پانی قد آدم ہونا: پانی گہرا ہونا
پانی کی لہریں گننا: فضول و ناممکن کام کرنا
پانی کے کچے گھڑے بھروانا: مشکل کام کو پورا کرنا
پانی کے گھڑے پڑ جانا: شرمندہ ہونا
پانی گلے تک آجانا: انتہا ہو جانا
پانی لینا: استنجا کرنا
پانی مرنا: پانی کا جذب ہونا، خرابی کا ظاہر ہونا
پانی میں آگ لگانا: دوستوں میں لڑائی کرانا
پانی میں گرہ باندھنا (دینا، لگانا): ناپائدار کام کرنا
پانی نکلنا: اخراج منی ہونا، پانی جاری ہونا
پانی نہ پچنا: بھید کھول دینا، پیٹ کا ہلکا ہونا
پانی نہ مانگنا: دم نہ مارنا، اچانک دم نکل جانا
پانی ہارنا: مرغ یا بیٹر کا ہارنا
پاوں آگے بڑھانا: آگے بڑھنا
پاوں آگے نہ پڑنا: آگے بڑھنے کی ہمت نہ ہونا
پاوں اتر جانا: پاوں میں موچ آنا
پاوں اٹھا کے جانا: تیزی سے جانا
پاوں اٹھانا: قدم بڑھانا، تیز چلنا
پاوں اٹھ جانا: پاوں اکھڑ جانا
پاوں اڑانا: دخل دینا
پاوں اکھڑ جانا: ہمت ہارنا
پاوں الٹا پڑنا: آگے جاتے ہوئے ڈرنا
پاوں الجھنا: کسی قضیئے میں گرفتار ہو جانا
پاوں باندھ رکھنا: جانے نہ دینا

پاؤں باہر نکالنا: حد سے بڑھنا
پاؤں بچلنا: پاؤں ڈگمگانا
پاؤں بڑھانا: قدم تیز چلنا
پاؤں بھاری کرنا: نہ آنے کا عہد کرنا
پاؤں بھاری ہونا: حاملہ ہونا، رک رک کر چلنا
پاؤں بھٹکنا: پاؤں کا لڑکھڑانا
پاؤں بھر جانا: پاؤں کا گندا ہو جانا، پاؤں سوجانا
پاؤں بیچ میں ہونا: ذمہ داری ہونا، مداخلت ہونا
پاؤں پر پاؤں رکھنا: قدم پر قدم رکھنا، سیدھے راستے چلنا
پاؤں پر پاؤں بیٹھ کر سونا: بے فکری سے بسر کرنا، پرواہ نہ کرنا
پاؤں پرڈالنا: قربان کرنا
پاؤں پر سر رکھنا: پاؤں پر گرنا، معافی مانگنا
پاؤں پر کھڑے ہونا: سنبھل جانا
پاؤں پر گرنا: خوشامد کرنا
پاؤں پر لوٹنا: عاجزی کرنا
پاؤں پڑنا: نہایت عاجزی کرنا
پاؤں پسارنا: ضد کرنا، خواہش کرنا
پاؤں پکڑنا: مدد چاہنا، پناہ میں آنا
پاؤں پوجنا: بہت عزت کرنا
پاؤں پھسلنا: قدم ڈگمگانا، لالچ آنا
پاؤں پھنسنا: کسی معاملے میں پھنس جانا
پاؤں پھولنا: کمزور ہو جانا، ہمت ہارنا
پاؤں پھونک پھونک کر رکھنا: احتیاط کرنا، ڈرنا
پاؤں پھرنے جانا: شادی یا زچگی کے بعد عورت کا کچھ روز کے لیے میکے جانا
پاؤں پھیلا کر سونا: بے فکر ہو جانا، آرام سے سونا
پاؤں پھیلانا: ضد کرنا، لالچ کرنا
پاؤں پھیلائے پڑے رہنا: سست ہو جانا، کاہل ہو جانا
پاؤں پیٹ پیٹ کر مرنا: بہت تکلیف سے مرنا
پاؤں پیٹنا: کمال سختی سے جان دینا
پاؤں پیچھے ہٹنا: ثابت قدمی میں فرق آنا
پاؤں تلے کی زمین نکل جانا: ہوش اڑ جانا
پاؤں تلے کی مٹی نکل جانا: حواس باقی نہ رہنا
پاؤں تلے ملنا: تباہ و برباد کرنا
پاؤں توڑ کر بیٹھنا: ناامید ہونا، سست ہو جانا
پاؤں توڑنا: فضول آنا جانا
پاؤں تھرتھرانا: پاؤں لڑکھڑانا
پاؤں تھکنا: عاجز ہونا، چلتے چلتے تھک جانا
پاؤں ٹکانا: ٹھہرنا، قیام کرنا
پاؤں جمانا: قبضہ کرنا
پاؤں جمنا: بات پر قائم رہنا، رسوخ ہونا
پاؤں جھنانا: پاؤں میں سناہٹ ہونا
پاؤں چپّی کرنا: ٹانگیں دابنا، مٹھیاں بھرنا
پاؤں چلنا: پیدل چلنا، لاتیں پڑنا
پاؤں چومنا: تعظیم کرنا
پاؤں چھلنی ہونا: بہت زیادہ چلنا
پاؤں چھٹنا (چھوٹنا): ایام سے ہونا، فراغت پانا
پاؤں دابنا: پاؤں چپّی کرنا
پاؤں درمیان سے نکال لینا: ذمہ داری ہٹا لینا

پاؤں دھرنے کو جگہ ملنا: آسرا ملنا، سہارا ملنا
پاؤں دھودھو کر پینا: بہت عزت کرنا
پاؤں ڈالنا: آغاز کرنا، کسی کام میں دخل دینا
پاؤں ڈگمگانا: ہمت ہارنا
پاؤں رکاب میں ہونا: چلنے کو تیار ہونا
پاؤں رگڑنا: آوارہ پھرنا، خوشامد کرنا
پاؤں زمین پر نہ ٹھہرنا: نہایت معروف ہونا، تکبر ہونا
پاؤں زمین پر نہ رکھنا: بہت اترانا، ناز کرنا
پاؤں سر پر رکھ کر بھاگنا: بدحواس ہو کر بھاگنا
پاؤں سرکنا: قدم ہٹنا
پتا مرنا: غصہ دھیما کرنا
پتا نکالنا: جان نکال لینا، بہت مارنا
پتال کی خبر لانا: دور کی خبر لانا
پتّرے کھولنا: قلعی کھولنا، راز ظاہر کرنا
پتلا گاڑنا: ماش کے آٹے یا کسی اور چیز کا پتلا بنا کر تسخیر کے لیے زمین میں دفن کرنا
پتلون ڈھیلی ہونا: گھبرانا، ہمت ہار دینا
پتلی دال کھانے والا: کمزور، کم ہمت
پتلی پھیر لینا: بے مروتی کرنا
پتلیاں پھر جانا: پتلی چڑھ جانا
پتلیاں نچانا: آنکھیں مٹکانا
پتلیوں میں گھر کرنا: بہت عزیز ہونا
پتنگ اڑانا: کنکوا اڑانا
پتنگ کٹ جانا: کنکوے کی ڈور کا کٹ جانا
پتنگے لگنا: مرچیں لگنا، سخت ناراض ہونا

پتھر ادھیڑنا: پتھر اکھیڑنا
پتھر برسانا: پتھر مارنا
پتھر برسنا: پتھر پڑنا، ژالہ باری ہونا
پتھر بن جانا: خاموش ہو جانا
پتھر پانی ہونا: رحم آنا، مصیبت گزر جانا
پتھر پر لگانا: کسی دھار والی چیز کو پتھر پر رگڑ کر تیز کرنا
پتھر پڑنا: اولے پڑنا، پتھر برسنا
پتھر پڑیں سمجھ پر: سمجھ پر لعنت
پتھر تلے سے ہاتھ نکلنا: فارغ ہونا، غم سے نجات پانا
پتھر تلے کا ہاتھ: مجبوری، بے اختیاری
پتھر چٹانا: دھار تیز کرنا، پتھر پر گھسنا
پتھر چلنا: پتھروں کی بوچھار ہونا
پتھر چھاتی پر دھر لینا: صبر کرنا
پتھر ڈھونا: سخت محنت کرنا
پتھر سا پھینک مارنا: سختی سے جواب دینا
پتھر سے سر پھوڑنا (مارنا): بیوقوف کو سمجھانا
پتھر کا جگر پانی ہونا: سنگدل کو ترس آنا
پتھر کا کلیجہ کر لینا: دل کو سخت کر لینا
پتھر کلیجے پر دھرنا: صبر کرنا
پتھر کو موم یا پانی کر دینا: سنگدل کو نرم کر دینا
پتھر کھینچ مارنا: ایسی بات کہنا جو سننے والے کو ناگوار گزرے
پتھر کی تصویر بننا: خاموش ہو جانا، سکتے میں آجانا
پتھر کی چھاتی کر لینا: انتہائی ضبط کرنا

پتھر کے نیچے ہاتھ ہونا: سخت مصیبت میں ہونا
پتھر لڑھکانا: ثقیل اور بھدّے الفاظ استعمال کرنا
پتھر مارنا: سنگسار کرنا، سخت کلامی کرنا
پتھر نچوڑنا: کنجوس سے سخاوت چاہنا
پتھر نہیں پگھلتے: سنگدل کو رحم، بخیل کو سخاوت، جفا کار کو وفا پتھر کو نرمی وغیرہ ہونا ناممکن ہے
پتھر ہونا (ہو جانا): سخت ہونا، بے رحم ہونا
پٹ پڑنا: غیر موثر ہونا، ناکام ہو جانا
پٹّے کے ہاتھ دکھانا (نکالنا): جھوٹی دھمکی دینا
پٹا پھیرنا: ہندوؤں کی ایک رسم جو پھیروں کے وقت ہوتی ہے
پٹا تڑانا: عاجز آنا، آوارہ ہونا
پٹا لکھوالینا: معاہدہ کر لینا
پٹاپٹ بولنا: متواتر یا لگاتار بولنا
پٹا پڑنا: کثرت سے ہونا، بہت ہونا
پٹا دینا (پٹانا): چھت ڈلوانا، سودا کرنا
پٹاخ سے بولنا: فوراً جواب دینا
پٹارا توڑنا: چوری کرنا
پٹخنیاں دینا: بار بار زمین پر دے مارنا
پٹخنیاں کھانا: گر گر پڑنا، تڑپنا، لوٹنا
پِتا مرنا: غصہ دھیما کرنا
پِتا نکالنا: جان نکال لینا، بہت مارنا
پتال کی خبر لانا: دور کی خبر لانا
پتّرے کھولنا: قلعی کھولنا، راز ظاہر کرنا
پڑ پڑ باتیں کرنا: بہت باتیں کرنا
پیڑا کر دینا: تباہ کر دینا، کمزور کر دینا

پیڑ جمانا: آلتی پالتی لگانا
پٹکا باندھنا: کمر باندھنا
پٹکا پکڑنا: دامن پکڑنا، مزاحم ہونا
پٹکی پڑنا: آفت ہونا، صدمہ ہونا
پٹم ہونا: اندھا ہونا، چوپٹ ہونا
پٹی آنکھوں پر باندھنا: درگزر کرنا، بے مروتی کرنا
پٹی باندھنا: بندھن باندھنا، آنکھوں پر پٹی لگانا
پٹی بنانا: بال بنانا، سنگار کرنا
پٹی پڑھانا: سبق پڑھانا، ورغلانا
پٹی سے پٹی ملانا: بہت قریب ہونا
پٹی سے لگ کے رونا: پلنگ کی پٹی کے پاس بیٹھ کر رونا
پٹی نکالنا: سر کے بالوں کی آرائش کرنا
پٹے چھوڑنا: سر کے بالوں کو گردن کے اوپر چھوڑنا
پچایا پھیلانا: بے ترتیبی سے چیزیں پھیلانا
پچ پر ہونا، پچ کرنا: طرفدار ہونا، جانبداری کرنا
پچ کرنا: طرفداری کرنا، تعصب کرنا
پچا بیٹھنا: ہضم کر جانا، غضب کرنا
پچارا پھرنا: سفیدی کرنا، بہکانا
پچارا دینا: خوشامد کرنا
پچارے میں آنا: فریب میں آنا
پچ پچ کرنا: پیک تھوکنا
پچڑ اڑانا: کھونٹی گاڑنا، روک ٹوک کرنا
پچڑ ٹھونکنا: تکلیف دینا، مزاحمت کرنا

پچر مارنا: رخنہ ڈالنا، چغلی کھانا
پچھاڑیں کھانا: تڑپنا
پچھلے پاؤں پھرنا: فوراً واپس ہونا
پخ پھیلانا: فساد کرانا
پخ لگانا: تکرار بے جا کرنا، شرط لگانا
پخ مچانا: شور کرنا، مذاق کرنا
پخ نکالنا: خرابی ڈالنا، اعتراض کرنا
پدے کی ضامنی: ناقابل اعتبار آدمی کی ضمانت
پر باندھنا: مجبور کرنا، طاقت گھٹانا
پر پرزوں سے درست ہونا: بالغ ہونا، مقابلے پر آمادہ ہونا
پر پرزے جھڑنا: ضعیف ہونا، قوت زائل ہونا
پر پرزے نکالنا: ہوشیار ہونا، جوبن نکھارنا
پر تولنا: آمادہ ہونا
پر ٹوٹنا: قوت کم ہونا
پر جلنا: طاقت نہ رہنا، خوف ہونا
پر جمنا: پر نکلنا، گھمنڈ ہونا
پر جھاڑنا: پروں کو جھٹکنا، اڑنے کا ارادہ کرنا
پر قینچ کرنا: بے پر کرنا، مجبور کرنا
پر کا کوّا بنا دینا: بات کا بتنگڑ بنا دینا
پر لگا کے اڑ جانا: غائب ہو جانا
پر لگ جانا: ہوشیار ہو جانا
پر لگنا: بال و پر پیدا ہو جانا، شیخی مارنا
پر لینا: پر کترنا
پر مارنا: اڑنا، کوشش کرنا
پر نہ مارنا: رسائی نہ ہونا
پر و بال نکالنا: شعور ہونا، جوبن نکالنا
پرا باندھنا: سلسلہ وار کھڑا ہونا
پرا جمانا: قطار قائم کرنا
پر بجد ہونا: سخت مستعد ہونا
پرے خالی کرنا (ہونا): آدمیوں کا قتل عام ہونا
پرے سے پرا ملانا: ایک ہی قطار میں کھڑے ہونا
پرے کے پرے صاف کر دینا: بے انتہا آدمیوں کو قتل کر دینا
پران تج دینا: جان دے دینا، ہمت ہارنا
پران چھٹانا: جان لینا، آزاد کرنا
پران چھوٹنا: دم نکلنا، حواس باختہ ہونا
پران چھوڑنا: حوصلہ پست ہونا
پران لینا: قتل کرنا، تنگ کرنا
پرانا پڑنا: عمر رسیدہ ہو جانا
پرانے مردے اکھیڑنا: اگلے پچھلے جھگڑے نکالنا
پرائی آگ میں کودنا: دوسرے کی مصیبت اپنے سر لینا
پرائے بردے آزاد کرنا: دوسرے کی کمائی پر فخر کرنا
پرائے سر کی بلا لینا: دوسرے کی ذمہ داری اپنے سر لینا
پرائے گھر کا ہونا: لڑکی کا بیاہ کر دینا
پرایا سر لال دیکھکر اپنا سر پھوڑنا: دوسروں کی نقل کر کے اپنا نقصان کرنا
پرچخ اڑ جانا: پرزے پرزے ہو جانا

پرچک دینا: حمایت کرنا، طرفداری کرنا

پرچک لینا: طرفداری کرنا

پرچم اڑانا: جھنڈا لہرانا

پرچہ چاک کرنا: پولس میں ابتدائی رپورٹ کا لکھا جانا

پرچہ دینا: مقدمہ درج رجسٹر کرنا

پرچہ گزرنا: خبر پہنچنا، نالش ہونا

پرچھاواں پڑنا: سایہ پڑنا

پرچھائیں نہ پانا: پتہ نہ پانا

پرخچے اڑانا: بہت مارنا، دھجیاں کرنا

پرخچے اڑنا: پرزے پرزے ہونا

پرواز اڑانا: نقل اتارنا

پرواز ڈالنا (پرواز کرنا): ابتداء کرنا، خط و خال بنانا

پردہ پڑنا: اوٹ ہونا، بے وقوف ہو جانا

پردہ اٹھانا: نقاب اٹھنا، جھلی اتارنا

پردہ چاک کرنا: راز کھول دینا

پردہ ڈھانکنا: عیب چھپانا، رازدار ہونا

پردہ رہ جانا: شرم رہ جانا

پردہ فاش کرنا: عیب کھولنا، بھید ظاہر کرنا

پردہ کرنا: گھونگھٹ کرنا، چھپنا

پردہ کھولنا: عیب ظاہر کرنا

پردہ گرانا: گھونگھٹ کرنا

پردہ لگنا: پردہ ہونا

پردے بٹھانا: پردہ کرانا

پردہ ہو جانا: آڑ میں آجانا، پوشیدہ ہو جانا

پردے سے لگنا: پردے کے قریب بیٹھنا

پردے کی بات: راز کی بات، خفیہ معاملہ

پرزے اڑانا: ٹکڑے ٹکڑے کرنا

پرزے پرزے ہونا: دھجیاں اڑنا

پرسا دینا: ماتم پرسی کرنا

پرسا لینا: موت کی خبر سن کر رونا

پرشاد چڑھانا: نذر دینا

پرکما لگانا: طواف کرنا، قربان ہونا

پرلے سرے کا: بڑا بدمعاش، حد درجے کا

پرنالے بہانا: شدت سے رونا

پرنالی پڑنا: گھوڑے کی فربہی کے سبب پٹھوں اور سرینوں کے درمیان گڑھا سا پڑنا

پرندہ پر نہیں مار سکتا: کسی کو جانے کی اجازت نہیں

پروان چڑھانا: پال پوس کر بڑا کرنا، مراد کو پہنچنا

پروان چڑھنا: تکمیل کو پہنچنا، پورا ہونا

پرہیز ٹوٹنا: ممانعت کا دور ہونا

پرے بٹھانا: دور بٹھانا، حقیر کرنا

پرے ہٹ: دور ہو

پریت جوڑنا: محبت کرنا، دوستی کرنا

پڑا پایا: مفت ہاتھ آیا

پڑا رہنا: بے حرکت رہنا

پڑا سڑنا: کسی جگہ کسمپرسی کی حالت میں رہنا

پڑا ملنا: مفت ملنا

پڑا ہونا: گرا ہونا

پڑاؤ ڈالنا: قیام کرنا

پڑاؤ مارنا: ڈاکہ ڈالنا، میدان جیت لینا

پڑت پھیلانا: اوسط نکالنا، بانٹنا
پڑھا دینا: علم سکھا دینا، بدظن کر دینا
پڑے جھول رہے ہیں: یکسوئی نہیں
پڑھے جن کو شیشے میں اتارنا: چالاک کو قابو میں رکھنا
پڑے جھک مارنے دو: بکنے دو، پروا نہیں ہے
پڑے ہونا: بے قدری کی حالت میں پڑے ہونا
پڑاوے کا پڑاوہ کھنگڑ ہو جانا: سب کا سب خراب ہو جانا
پس و پیش کرنا: ٹالنا، سوچ و چار کرنا
پست کرنا: شکست دینا
پسلی پھڑکنا: خود بخود خبر ہو جانا
پسینا آنا: شرمندہ ہونا
پسینا پونچھنا: شرمندگی مٹانا
پسینا چھوٹنا: شرمانا، لاجواب ہونا
پسینا ہرا ہونا: نمی دور ہونا
پسینوں میں ڈوبنا (نہانا): بکثرت پسینا آنا
پسینے پسینے ہونا (ہو جانا): شرمندہ اور خجل ہونا
پسینے سے تر ہو جانا: بہت پسینا آنا
پسینے کی جگہ خون بہانا: کسی کے لیے جان دینے سے دریغ نہ کرنا
پسینے میں شرابور ہونا: بہت پسینہ آنا
پشت دکھانا: پیٹھ دکھانا
پشم اکھاڑنا: کسی قسم کا نقصان پہنچانا
پشم برابر جاننا: بہت حقیر سمجھنا
پشم پر مارنا: خاطر میں نہ لانا
پشم کندہ نہ ہونا: کچھ نہ ہو سکنا
پشم نہ سمجھنا: خاطر میں نہ لانا
پکا چٹّھا: پختہ بہی کا حساب
پکا دینا: پکا کے تیار کرنا، ستانا
پکا دینا: آمادہ کرنا، ذہن نشین کرنا
پکّا ہونا: معاملہ طے ہو جانا، مصمم ارادہ ہونا
پکار پڑنا: شہرت ہونا، تلاش ہونا
پکار پکار کر کہنا: بلند آواز سے کہنا
پکار دینا: آواز دینا، آگاہ کرنا
پکار کرنا: فریاد کرنا، شوروغل کرنا
پکڑ کرنا: کشتی کرنا
پکڑ لانا: قابو میں لانا
پکڑانا، پکڑ ڈالنا: گرفتار کرانا
پکی پکائی کھانا: بغیر محنت و مشقت گزر بسر کرنا
پکی کر لینا: اطمینان کر لینا، بات پختہ کر لینا
پکی ہونا: معاملہ یقینی ہو جانا
پگ بھانا: قدم رکھنا
پگڑی اتارنا: بے عزتی کرنا، فریب کرنا
پگڑی اٹکنا: مقابلہ ہونا
پگڑی اچھالنا: ذلیل کرنا، ہنسی اڑانا
پگڑی بدلنا: دوست بنانا
پگڑی سنبھالنا: عزت بچانا
پگڑی کی شرم رکھنا: آبرو رکھنا
پل باندھنا: مبالغہ کرنا، بڑھانا چڑھانا
پلّا بھاری ہونا: بکثرت حمایتی یا مددگار ہونا
پلّا پاک ہو جانا: قرض ادا ہو جانا، فیصلہ ہو جانا

پلاّ پکڑ لینا: دامن پکڑ لینا
پلاّ چھڑانا: ترک تعلق کرنا، ادا کرنا
پلاّ چھوڑنا: علیٰحدہ ہونا
پلاّ لینا: منھ ڈھکنا، بیزار کرنا
پلّے باندھنا: سپرد کرنا، شادی کرنا
پلّے بندھنا: گلے پڑنا، بیاہا جانا
پلّے ٹکا نہیں: پاس کچھ نہیں، غریب اور مفلس ہے
پلّے پڑنا: واسطہ پڑنا، قبضے میں آنا
پلّے جھاڑ کر کھڑا ہو جانا: بے تعلق ہو جانا
پلّے کیچڑ میں دھنس رہے ہیں: بکھیڑوں میں گرفتار ہے
پلّے نہ پڑنا: بات سمجھ میں نہ آنا
پلاستر اڑا دینا: بہت مارنا
پلٹ پڑنا: جاتے جاتے لوٹ پڑنا
پلٹ جانا: مکر جانا، بات بدلنا
پلٹ کر نہ دیکھنا: خبر نہ لینا
پلک جھپکنا: نیند آنا
پلک دریا: داتا، سخی
پلک سے پلک نہ لگنا: نیند نہ آنا
پلک لگ جانا: جھپکی آنا
پلک مارنا: آنکھ جھپکنا، آنکھ سے اشارہ کرنا
پلک نہ پسیجنا: رحم نہ آنا، آنسو نہ آنا
پلک نہ جھپکنا: نیند نہ آنا
پلکوں سے اٹھانا: کسی کی دی ہوئی چیز کو احترام سے اٹھانا

پلکوں سے زمین جھاڑنا: بہت عزت کرنا
پلکوں سے نمک چننا: ازحد مشکل کام کرنا
پلکیں چڑھنا: سخت رنج اور غصّے کو ضبط کرنا
پلکیں کترنا: خوبصورت بچوں کو نظر بد سے بچانے کے لیے ان کی پلکیں کتر کر چھوٹی کرنا
پلنگ پر بٹھا کر روٹی دینا: بغیر کسی معاوضہ کے اچھا سلوک کرنا
پلنگ کو لات مار کر کھڑا ہونا: سخت بیماری سے صحت پانا، زچگی سے فارغ ہونا
پلول ملانا: موافق کر لینا، سازش کرنا
پلیتہ چاٹ جانا: توپ کا بتی دینے پر نہ چلنا
پلیتہ دینا: بتی دکھانا، آگ لگانا
پلتھن نکل جانا: تباہ ہو جانا، بڑا نقصان ہونا
پلتھن نکالنا: بہت مارنا، کچومر نکال دینا
پنجہ پھیرنا: قابو پانا، پنجہ میں پنجہ ڈالکر مروڑ دینا
پنجہ کرنا: دو آدمیوں کا ہاتھ میں ہاتھ ڈالکر زور آزمائی کرنا
پنجہ مارنا: ہاتھ مارنا، چھین جھپٹ کرنا
پنجوں کے بل چلنا: غرور کرنا
پنجے گاڑنا (جمانا): قابض ہونا، پاؤں جمانا
پنجے جھاڑ کر پیچھے پڑ جانا: پیچھے لگ جانا، اِصرار کرنا
پنڈ پڑنا: ذمّے لگنا، حصّے میں آنا
پنڈ چھٹنا: آزادی ملنا، جدا ہونا
پنڈ چھڑانا: پیچھا چھڑانا
پنڈا اچھکا ہونا: ہلکا ہلکا بخار ہونا

پنڈا کورا ہونا: کنوارہ رہ جانا

پنکھ پسارنا: پر پھیلانا، لالچ کرنا

پنکھے لگ جانا: دل دھڑکنا

پنچھڑ بگاڑنا: پریشان کرنا

پنیر جمانا: بوڈالنا، جڑ جمانا

پنیر چٹانا: مانوس کرنا، قابو کرنا

پنیری جمانا: پود لگانا، بنیاد جمانا

پو بارہ ہونا: جیت ہونا، قسمت جاگنا

پوتا پھیرنا: سفید مٹی سے رنگنا

پوچھنا پاچھنا: دریافت کرنا

پود لگانا (جمانا): بنیاد قائم کرنا، مطلب براری کی تدبیر کرنا

پودا لگانا: چھوٹا پیڑ لگانا، کسی امید بچے کی پرورش کرنا

پورا اترنا: امتحان یا آزمائش میں کامیاب ہونا

پورا پڑنا: کافی ہونا

پورا ڈالنا: تمام کرنا، آخر تک ساتھ دینا

پورا ہاتھ پڑنا: کاری ضرب لگنا

پورا ہاتھ مارنا: پورا ادا کرنا

پورا ہونا: کافی ہونا

پورے دنوں سے ہونا: پوری مدت کا حمل ہونا

پورے دن لگنا: حمل کا نواں مہینہ شروع ہونا

پوری نہ پڑنا: کافی نہ ہونا

پوست اتارنا (کھینچنا): کھال اتارنا

پول کھلنا: عیب کھل جانا

پون بولنا: عاجز ہونا، مفلس ہونا

پون بٹھانا: جادو کرنا

پون چلانا: جادو کرنا

پہاڑ اٹھانا: مشکل کام کرنا

پہاڑ ٹلنا: مشکل رفع ہونا

پہاڑ ٹوٹنا: رنج و غم کی کثرت ہونا

پہاڑ سے ٹکر لینا: زبردست سے زور آزمانا

پہاڑ کاٹنا: دشوار کام کرنا

پہاڑ گرنا: اچانک مصیبت آنا

پہاڑ گزرنا: دوبھر ہونا

پہاڑ ہو جانا: مشکل ہونا

پہر بجنا: ہر پہر نوبت کا بجنا

پہرا بیٹھنا: دربان مقرر کرنا

پہرا چوکی بٹھانا: محافظ مقرر کرنا

پہرا دینا: حفاظت کرنا

پہرے پر کھڑا ہونا: نگراں ہونا

پہلو آباد کرنا: عاشق معشوق کا پاس بیٹھنا

پہلو بچانا: علحدہ ہو جانا، تدبیر کرنا

پہلو بدلنا: انداز بدلنا

پہلو بستر سے نہ لگنا: سخت بے چینی ہونا

پہلو پر نہ آنا: کہانہ ماننا

پہلو پھرنا: روش بدلنا

پہلو تہی کرنا: کنارہ کشی کرنا

پہلو چلنا: تدبیر کارگر ہونا

پہلو داب کر بیٹھنا: قریب ہو کر بیٹھنا

پہلو دبانا: حال چھپا جانا

پہلو ڈھونڈنا: موقع تلاش کرنا

پہلو سوچنا: تدبیر سوچنا
پہلو میں بیٹھنا: قریب رہنا
پہلو نکالنا: تدبیر سوچنا
پہلو نکلنا: تدبیر نکلنا، بھید معلوم کرنا
پھاڑ کھانا: بہت غصہ ہونا
پھاڑ کھانے کو دوڑنا: غصے میں بھڑک اٹھنا
پھاگ کھیلنا: ہولی منانا، خوشی منانا
پھاند مارنا (لگانا): جال پھیلانا، فریب کرنا
پھانس کھٹکنا: کسی سے دشمنی کی وجہ سے بے چینی ہونا
پھانس لانا (لینا): پھنسالانا
پھانس مارنا، دینا: کسی کو نقصان پہنچانا
پھانسی پانا: سولی چڑھنا
پھانسی کھڑی ہونا: پھانسی کا وقت آنا
پھاوڑا بجانا: کھدائی کرنا، گرانا
پھبتی اڑانا: مذاق کرنا
پھبتی سوجھنا: مناسب ظریفانہ تشبیہ کا خیال میں آنا
پھبتی کہنا: ظریفانہ تشبیہ دینا
پھبتی ہونا: بے ساختہ فقرہ چست ہونا
پھپھولے پھوٹنا: دل ٹھنڈا ہونا، دشمنی نکلنا
پھپھولے پھوڑنا: دل کا غصہ نکالنا
پھٹ پھٹ کرنا: برا بھلا کہنا
پھٹ جانا: رنج پہنچنا
پھٹ پڑنا: بے قابو ہونا
پھٹکا نہ کھانا: فوراً مر جانا

پھٹکار لگنا: دھتکار پڑنا
پھٹکنے نہ دینا: پاس نہ آنے دینا
پھڈے میں پاؤں دینا: بلاوجہ کسی کام میں دخل دینا
پھر جانا: لوٹ جانا
پھر کے نہ دیکھنا: بے پروائی ظاہر کرنا
پھر نہ کہنا: شکوہ نہ کرنا
پھر سے اڑ جانا: یک دم اڑ جانا
پھراٹا بھرنا: تیزی سے اڑنا، موجیں مارنا
پھرکی کی طرح پھرنا: ایک حال پر قرار نہ ہونا
پھریری آنا: خوف یا سردی کے باعث رونگٹے کھڑے ہو کر بدن کانپ جانا
پھریری لینا: جوش میں آنا
پھڑ پر رکھنا: بازی لگانا، داؤ لگانا
پھڑ پھکنا: قمار بازی ہونا، جوا ہونا
پھڑ پھڑا کر رہ جانا: تھوڑی دیر تڑپ کر مر جانا
پھڑک اٹھنا: بے قرار ہونا، عاشق ہونا
پھڑک جانا: تڑپ جانا، عاشق ہو جانا
پھس پھسا کر بیٹھ جانا: کچی دیوار کا پانی کے اثر سے بیٹھ جانا
پھسکڑا مار کر بیٹھنا: پھیل کر بیٹھنا
پھسل پڑنا: گر پڑنا، فریفتہ ہو جانا
پھسلا لینا: رضامند کر لینا
پھکا جانا: آگ یا بخار یا عشق کی گرمی سے جلا جانا
پھکو لڑنا: گالی گلوج میں مباحثہ کرنا
پھکڑ ہونا: نہایت بے تکلفی ہونا

پھل آنا: پھل پیدا ہونا
پھل اترنا: پھول تیار ہونا
پھل پانا: صلہ پانا، کئے کی سزا پانا
پھل چلنا: پھل کا پک کر بازار میں آنا
پھول لگنا: نتیجہ نکلنا، تلوار یا چاقو لگنا
پھل ملنا: صلہ پانا، کیئے کی سزا پانا
پھلجھڑی چھوڑنا: فتنہ وفساد کی بات کرنا
پھول پھولنا: ترقی کرنا، خوشحال ہونا
پھلیاں دھرنا: دانت نکلنے سے پہلے مسوڑھوں کا کھجلی ہو کر ابھر آنا
پھندا پڑنا: الجھنا، شادی ہو جانا
پھندا لگا دینا (لگانا): گرہ دینا
پھندا کٹنا: مصیبت سے نکلنا
پھندے میں پھنسانا: قابو میں لانا، فریب دینا
پھنگا مارنا (لگانا): ایک ہی دفعہ پھانک جانا
پھوٹ بہنا: رو پڑنا، بھید کھول دینا
پھوٹ پڑنا: نااتفاقی ہونا
پھوٹ ڈالنا: جدائی کرنا
پھوٹ سا کھل جانا: ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا، شق ہو جانا
پھوٹ نکلنا: توڑ کر نکل جانا، راز کھلنا
پھوڑا پھوٹنا: پھوڑا پک کر مواد نکلنا
پھوس کا تاپنا: فضول کام کرنا، کمینے سے فائدے کی امید کرنا
پھول آنا: موسم بہار آنا، حیض آنا
پھوٹ اترنا: درخت سے پھولوں کا چنا جانا

پھول پان دینا: خاطر مدارت کرنا
پھول جانا: خفا ہو جانا
پھول جھڑنا: خزاں ہونا، خوش کلامی کرنا
پھول چڑھانا: قبر یا مورت پر پھول چڑھانا
پھول چننا: پھول توڑنا
پھول سونگھ کے رہنا: بہت کم کھانا
پھول کاڑھنا: کپڑے پر سوئی تاگے سے پھول بنانا
پھول کا ہنسنا: پھول کھلنا
پھول کھلنا: بند کلی کا پھول بننا، بیاہ ہونا
پھول کی چھڑی نہیں چھوائی: بڑے نازونعمت میں رکھا
پھول کے دن: حیض کا زمانہ
پھول کے کپا ہو جانا: بہت موٹا ہو جانا
پھول لانا: پھول نمودار ہونا
پھول ہونا: تیجا ہونا
پھولوں میں تلنا: نہایت نازک بدن ہونا
پھول بیٹھنا: خفا ہو جانا
پھول پھول کر بیٹھنا: نہایت خوش ہو کر بیٹھنا، مغرور ہونا
پھولا نہ سمانا: نہایت خوش ہونا
پھولنا پھلنا: بامراد ہونا
پھوں پھاں کرنا: سانپ کی طرح پھنکارنا، غصہ کرنا
پھونک پھونک کر قدم رکھنا: بچ بچ کر کام کرنا
پھونک دینا: جلا دینا، کان میں کہہ دینا

پھونک ڈالنا: تباہ کردینا، منتر یا دم کرنا
پھونک سرک جانا: گھبرا جانا
پھونک مارنا: جادو کرنا، جلانا
پھونک نکل جانا: دم نکل جانا
پھیپھڑا جلانا: کسی کی خیر خواہی کرنا
پھیپھڑی بندھ جانا: پیاس سے ہونٹوں کا خشک ہو جانا
پھیر باندھنا: محدود کرنا، تار باندھنا
پھیر پڑنا: چکر پڑنا، فرق پڑنا
پھیر دینا: لوٹا دینا، رخ موڑنا
پھیر کھانا: دور کی راہ سے جانا، گھاٹا پڑنا
پھیر لینا: واپس کرنا
پھیر میں آنا: چکّر میں آنا
پھیری پھرنا: گشت لگانا
پھیکا پڑ جانا: رنگ مدھم ہو جانا، شرمندہ ہو جانا
پیار آنا: محبت کا جوش آنا، فریفتہ ہونا
پیار کرنا: عشق کرنا
پیار نکالنا: حسرت نکالنا، ارمان نکالنا
پیاس بجھانا: خواہش پوری کرنا
پیاس بھڑکنا: پیاس کی شدّت ہونا
پیاس کا چٹکا: بار بار پیاس لگنے کی کیفیت
پیاس لگنا: پانی کی خواہش ہونا
پیاس مارنا: تشنگی کو برداشت کرنا
پیاس مر جانا: خواہش باقی نہ رہنا
پیالہ اٹھانا: گداگری اختیار کرنا
پیالہ بہنا: اسقاطِ حمل ہونا، حمل گرنا

پیالہ پینا: مرید ہونا، بھنگ یا شراب پینا
پیالہ ہونا: آزاد فقیروں کی اصلاح میں فاتحہٗ سوم کی ضیافت عرس ہونا، مرنا
پیپ پڑنا: زخم کا پکنا
پیٹ ابھرنا: پیٹ پھولنا
پیٹ باندھنا: بھوک ضبط کرنا
پیٹ بجانا: خوش ہونا
پیٹ بری بلا ہے: بھوک بہت بری چیز ہے
پیٹ بڑا ہونا: ہوس کا زیادہ ہونا
پیٹ بڑھنا: خوراک بڑھنا
پیٹ پالنا: مشکل سے کما کر کھانا
پیٹ پانی ہونا: دست آنا، بدہضمی ہونا
پیٹ پر پتھر باندھنا: فاقے کی تکلیف برداشت کرنا
پیٹ پکار رہا ہے: بہت زور کی بھوک لگی ہے
پیٹ پکڑ کر ہنسنا: بہت ہنسنا
پیٹ تھامے پھرنا: پریشان پھرنا، آپے میں نہ رہنا
پیٹ پھٹنا: بے صبر ہونا، حسد اور رشک کرنا
پیٹ پھلانا: حاملہ ہونا، بہت لالچ کرنا
پیٹ پھولنا: حمل سے ہونا، بے چین ہونا
پیٹ پیٹھ سے لگنا: بہت دبلا ہونا، نہایت بھوکا ہونا
پیٹ ٹھنڈا رہنا: اولاد سے خوش رہنا، اولاد کا زندہ رہنا
پیٹ جاری ہونا (چھوٹنا): دست آنا

پیٹ چپاتی ہو جانا: پیٹ بہت ملائم ہونا، بھوک سے پیٹ بیٹھ جانا
پیٹ دکھانا: افلاس اور بھوک کی شکایت کرنا، دائی سے حمل کی شناخت کرانا
پیٹ ڈالنا: حمل گرانا
پیٹ رکھانا: حاملہ کرنا، حاملہ ہونا
پیٹ سے پاؤں نکالنا: بدراہ ہونا، بدوضعی ظاہر کرنا
پیٹ سے ہونا: حمل ہونا
پیٹ کا پانی نہ ہلنا: بے تکان جانا، سواری میں جنبش اور تکلیف نہ ہونا
پیٹ کاٹنا: کفایت کرنا، بھوکا مارنا
پیٹ کا گہرا: بھید ظاہر نہ کرنے والا
پیٹ کا ہلکا: تنگ ظرف جو بھید کو چھپا نہ سکے
پیٹ کا کڑکڑانا: خوف سے پیٹ کا بولنا
پیٹ کی آگ بجھانا: بھوک دور کرنا
پیٹ کے لیے دوڑنا: تلاش معاش میں پھرنا
پیٹ گدرانا: حمل کے آثار ظاہر ہونا
پیٹ لگ جانا: بھوک کے مارے پیٹ کا اندر دھنس جانا
پیٹ مارنا: کھانے میں کمی کرنا، نفس کشی کرنا
پیٹ مسوس کر رہ جانا: پیچ وتاب کھانا
پیٹ میں آگ لگنا: بھوک سے بیقرار ہونا
پیٹ میں انگارے بھرنا: حرام کا مال کھانا
پیٹ میں بات رکھنا: راز چھپانا، بھید مخفی کرنا
پیٹ میں بات نہ سمانا: بھید نہ چھپا سکنا

پیٹ میں بل پڑنا: ہنستے ہنستے پیٹ کا دہرا ہو جانا
پیٹ میں گھسنا (بیٹھنا): دوست بنکر مطلب نکالنا، خوشامد کرنا
پیٹ میں پالنا: کوئی بات دل میں رکھنا، فکر ہونا
پیٹ میں پاؤں ہونا: بہت مکار ہونا
پیٹ میں چوہے دوڑنا: بھوک سے بیقرار ہونا
پیٹ میں چیونٹے کی گرہ ہونا: نہایت کم خوراک ہونا
پیٹ میں داڑھی ہونا: کمسنی میں عقلمندی کی باتیں کرنا
پیٹ میں رکھنا: بھید ظاہر نہ کرنا
پیٹ میں سانس نہ سمانا: سانس پھول جانا، سخت گھبرانا
پیٹ میں کھلبلی مچنا: گھبراہٹ ہونا
پیٹ میں گھوڑے دوڑنا: پیٹ میں گڑبڑ ہونا
پیٹ میں گن بھرے ہونا: باطن میں شرارت ہونا
پیٹا چھوڑنا: کنکوے کی ڈور کا جھول دینا
پیٹھ پر ہاتھ پھیرنا: شاباشی دینا، تعریف کرنا
پیٹھ پر ہاتھ رکھنا: سرپرستی کرنا، حمایت کرنا
پیٹھ پر ہونا: مددگار ہونا، ایک بچے کے بعد دوسرے بچے کا ہونا
پیٹھ پھیرنا: جانا، مرنا، دوسری طرف منہ پھیر کر بیٹھنا
پیٹھ پیچھا ہے: منہ دیکھے کی خوشامد نہیں، موجود نہیں
پیٹھ پیچھے ڈال دینا: بے پرواہ کرنا

پیٹھ توڑنا: مایوس کرنا، ناامید کرنا
پیٹھ ٹھونکنا: ہمت بندھانا
پیٹھ چارپائی سے لگ جانا: بیماری یا کمزوری کے باعث چارپائی سے اُٹھ نہ سکنا
پیٹھ دکھانا: منہ موڑنا، سفر کو جانا
پیٹھ دینا: دغا دینا، مرجانا
پیٹھ سیدھی کرنا: لیٹنا، آرام کرنا
پیٹھ کا کچّا: جانور جس کی پیٹھ سواری کرنے یا بوجھ لادنے سے جلد زخمی ہوجائے
پیٹھ لگنا: پیٹھ میں زخم ہوجانا، کشتی میں چت ہوجانا
پیٹھ نہ لگنا: آرام نہ پانا، بے قرار رہنا
پیٹی اترنا: سپاہی کا موقوف ہوجانا
پیٹی لڑانا: جماع کرنا
پیٹے میں آجانا: زیربار ہونا
پیٹے میں پڑنا: قابو میں ہونا، ذمّے ہونا
پیچ اٹھنا: پیٹ میں پیچش سے درد ہونا، کنکوے بڑھنا
پیچ باندھنا: جواب دینا، کشتی کے داؤں کا توڑ کرنا
پیچ پر پیچ اٹھانا: رنج پر رنج سہنا
پیچ پر پیچ پڑنا: مشکل پر مشکل پڑنا
پیچ پر پیچ کھانا: غصّے سے بے تاپ ہونا
پیچ پر چڑھانا: کشتی کے داؤں میں دوسرے کو لانا
پیچ چلنا: دھوکے یا فریب سے کامیاب ہونا
پیچ چھٹنا: کنکوے کی بازی میں ایک کی ڈور کا دوسرے کی ڈور سے علیحدٰہ ہونا

پیچ چننا: پگڑی کے پیچوں کو احتیاط سے درست کرنا
پیچ ڈالنا: داؤں کرنا، شرارت کرنا
پیچ کاٹنا: کنکوے کی ڈور کاٹنا
پیچ کرنا: کشتی کا داؤں کرنا، دھوکا دینا
پیچ کھانا: بل کھانا، دل ہی دل میں غصہ کرنا
پیچ کھلنا: بل دور ہونا، بھید کھلنا
پیچ کھیلنا: داؤں کرنا، فریب دینا
پیچ لڑانا: کنکوے لڑانا
پیچ میں آنا: مصیبت میں پھنسنا
پیچ وتاب کھانا: لیٹنا، مضطرب ہونا
پیچھا بھری ہونا: پس پشت امداد کا موجود ہونا
پیچھا پکڑنا: ستانا، ہروقت ساتھ رہنا
پیچھا چھٹنا: نجات حاصل کرنا، جان بچنا
پیچھا چھڑانا: نجات حاصل کرنا، جان بچانا
پیچھا کرنا: تعاقب کرنا، درپے ہونا
پیچھا نہ چھوڑنا: ساتھ نہ چھوڑنا، درپئے آزار ہونا
پیچھے بلا لگنا: مصیبت میں پڑنا
پیچھے پڑنا: لپٹنا، ستانا، رسوائی چاہنا
پیچھے ڈالنا: تعاقب کرنا، تھوڑا تھوڑا بچا کر جمع کرنا
پیچھے لگا دینا: مخالف بنا دینا، ساتھ کر دینا
پیچھے ہولینا: پیروی کرنا، عقب میں چلنا
پیر بھاری ہونا: حاملہ ہونا
پیر کا ناخن نہ دکھانا: ذرا بھی سامنے نہ آنا
پیروں پڑنا: منت خوشامد کرنا، آداب بجالانا
پیروں میں سر دینا: از حد خوشامد کرنا

پیروں میں مہندی لگنا: نامناسب حیلہ تراشنا
پیڑ گننا یا آم کھانا: اپنی غرض سے مطلب رکھنا چاہیے
پیڑیں لگنا: دردِزہ ہونا
پیر پڑ جانا: ضد ہو جانا، دشمنی ہو جانا
پیزار پر مارنا: پرواہ نہ کرنا، بے حقیقت سمجھنا
پیزار دکھانا: جوتا دکھانا، خاطر میں نہ لانا
پیزار کی نوک پر (سے): پاپوش سے، جوتی سے
پیسا ٹھیکری کر دینا: بیدریغ روپیہ صرف کر دینا
پیسہ جوڑنا: روپیہ پیسہ جمع کرنا، بخل کرنا
پیسا ڈبونا: دولت برباد کرنا
پیسا کھوٹا ہو جانا: اولاد کا بد چلن اور آوارہ ہو جانا
پیسا ڈوبنا: نقصان ہونا، قرض وصول نہ ہونا
پیسے کے کام کا نہ ہونا: بے حقیقت ہونا، نکمّہ ہونا
پیش آنا: آگے آنا، برتاؤ کرنا
پیش چلنا (جانا): قابو چلنا، کارگر ہونا
پیش دستی کرنا: پہل کرنا، حملہ کرنا
پیشاب بھی نہ کرنا: بہت حقیر سمجھنا
پیشاب خطا ہونا: بہت خوف کھانا
پیشاب کرنا: بالکل خاطر میں نہ لانا
پیشاب کی دھار پر مارنا: بہت حقیر سمجھنا
پیشاب کی راہ بہانا: فضول خرچی کرنا، بدچلنی میں صرف کرنا
پیشاب میں چراغ جلنا: رعب ہونا، دھاک بیٹھنا
پیشاب نکل جانا: ڈرنا، خوف سے کانپنا

پیشانی پر شکن پڑنا: ملال ہونا، غصہ آنا
پیشانی رگڑنا: بہت خوشامد کرنا، فرمانبرداری کرنا
پیغام دینا: کسی سے کوئی بات کہلا بھیجنا، شادی کی درخواست کرنا
پیل ڈالنا: کچومر نکال دینا، بہت ظلم و ستم کرنا
پیمانہ چڑھنا: شراب پینا
پیمانہ چھلکنا: کم ظرفی ظاہر ہونا، آنسوؤں کا تار بندھنا
پیمانہ لبریز ہونا: پیالہ بھر جانا، زندگی ختم ہونا
پیں بولنا: عاجز ہونا، تنگ آجانا
پینیدے کا ہلکا: بات کا کچا، غیر مستقل مزاج
پینیدے کے بل بیٹھنا: ڈوبنا، غرق ہونا، بد حواس ہو جانا
پینک میں آنا: نشہ میں اونگھنا، افیون کا نشہ چڑھنا
پینک میں ہونا: بے خبر ہونا
پینگ بڑھانا: میل جول بڑھانا، بے تکلفی بڑھانا
پینگ دینا: جھولے میں جھونکا دینا
پیوست کرنا: ملانا، مضبوط کرنا، جذب کر دینا
پیوند لگانا: جوڑ لگانا، میل سے میل ملانا
پیوند گانٹھنا: کپڑے میں جوڑ لگانا
پیوند میں پیوند مل جانا: نسل میں نسل مل جانا

(ت)

تاب باقی نہ رہنا: ضبط نہ ہوسکنا، چمک نہ رہنا
تاب ضبط نہ رہنا: ضبط کی طاقت نہ رہنا
تاب مقاومت نہ لانا: مقابلے کی طاقت نہ رکھنا

تاب نہ رہنا: برداشت نہ رہنا، بے رونق ہونا
تاب نہ لانا: گھبرا جانا
تابعداری کرنا: حکم ماننا، ملازمت کرنا
تابوت اٹھنا: جنازہ اٹھنا
تاپ چڑھنا: بخار ہونا
تاثیر کرنا: اثر کرنا، سرایت کرنا
تاج بخشی کرنا: بادشاہی دینا، سلطنت بخشنا
تاج رکھنا: بادشاہ بننا، تاج پہننا
تاج سر سے گرنا: بادشاہی جاتی رہنا
تار باقی نہ چھوڑنا: ایک دھاگا نہ رہنے دینا
تار باندھنا: کسی کام کا مسلسل کرنا، سلسلہ باندھنا
تار بندھنا: کسی کام کا پے در پے ہونا
تار بھیجنا: تار برقی کے ذریعے خبر بھیجنا
تار تار بکنا: سارا زیور بک جانا
تار تار بولنا: ہر ایک لفظ جدا جدا بولنا
تار تار کرنا: کپڑا ٹکڑے ٹکڑے کرنا
تار ٹوٹنا: سلسلہ ٹوٹنا
تار چڑھانا: ستار کے تار کھینچنا
تار دبکنا: تاروں کو کوٹ کر گوٹے کے لیے چوڑا کرنا
تار دیکھنا: قوام یا چاشنی کی تیاری کا حال معلوم کرنا
تار دینا: تار برقی کے ذریعے خبر بھیجنا
تار کھینچنا: تار نکالنا
تار لگا نہ رکھنا: کسر باقی نہ رکھنا
تار لگا نہ رہنا: کسر باقی نہ رہنا

تار نکلنا: پتہ لگنا، باریک اور لمبی سویاں بٹنا
تار نہ ٹوٹے: کام نہ رکے، سلسلہ بند نہ ہو
تارا چمکنا: عروج ہونا، ستارہ روشن ہونا
تارا ڈوبنا: بدقسمتی ہونا، ستارہ غروب ہونا
تارا سی آنکھیں ہو جانا: آنکھوں کی بیماری جاتی رہنا
تارا ہو جانا: نہایت بلند اور اونچا ہو جانا
تارے اتارنا: تارے توڑنا، بہت مشکل کام انجام دینا
تارے توڑنا: عیاری کرنا، مشکل کام کرنا
تارے ٹانکنا: سونے چاندی کے ستاروں کو کپڑے میں سینا
تارے چھٹکنا: تارے کھلنا، تارے چمکنا
تارے دکھائی دینا: مصیبت پڑ جانا
تارے کھلنا: صاف رات میں تارے نکلنا
تارے گن گن کر رات کاٹنا: رات بھر بے چینی سے جاگتے رہنا
تارے گننا: رات بھر جاگنا
تاریخ پڑنا: مقدمے کی سماعت کے لیے تاریخ مقرر ہونا
تاریخ ٹھہرنا: نسبت، بیاہ یا کسی اور تقریب کا دن طے ہونا
تاریخ چڑھانا: کاغذات پر تاریخ لکھنا
تاریخ دینا: پیشکار عدالت کا کاغذ پر مقدمے کی تاریخ لکھ کر دینا
تاریخ ڈالنا: مقدمے کی سماعت کے لیے دن

مقرر کرنا
تاریخ کہنا: کسی واقعے کو نظم یا نثر میں بہ حساب ابجد ظاہر کرنا جس سے واقعہ مذکور کا سن معلوم ہو سکے
تاریخ مقرر کرنا: مقدمے کی سماعت کے لیے دن مقرر کرنا
تاریکی آجانا، چھانا: اندھیرا ہو جانا
تاریکی دور ہونا: روشنی ہونا
تاڑلینا (جانا): بھانپ لینا
تازہ شگوفہ کھلنا: انوکھی بات ہونا، بدنامی کی بات ہونا
تازہ شگوفہ چھوڑنا: انوکھی بات کہنا
تازہ گل کھلنا: نیا معاملہ پیش آنا
تازہ ہونا: سرسبز ہونا، نیا ہونا
تازیانہ کھانا: کوڑے کی مار کھانا
تازیانہ ہونا: تنبیہ ہونا، چابک پڑنا
تاک باندھنا: نشانہ باندھنا، برابر دیکھے جانا
تاک پر آنا: کسی امید یا توقع پر آنا
تاک پر ملنا: کسی چیز کا ضرورت کے وقت ملنا
تاک رکھنا: گھات میں لگے رہنا
تاک کر آنا: کسی کو دیکھ کر آنا
تاک کر مارنا: نشانہ نہ چوکنا
تاک لگنا: ٹکٹکی بندھنا
تاک لینا: خبر لینا، نگرانی کرنا
تاک میں رکھنا: کسی کو نظر میں رکھنا
تاک میں رہنا: وقت کا انتظار کرنا
تاک میں لگنا: تلاش میں ہونا
تاک میں ہونا: منتظر رہنا، داؤ لگائے رہنا
تاگا ڈالنا (پرونا): سینے کے لیے سوئی میں تاگا پرونا
تاگے ڈالنا: روئی دار یا دوہرے کپڑے میں دھاگے اس غرض سے ڈالنا کہ روئی کی تہ جمی رہے
تال اڑنا: تال کا ساز کے مطابق نہ ہونا
تال دینا: گانے کا وزن اور سُر قائم رکھنے کے لیے قاعدے سے تالی بجانا
تال ٹھونکنا: خم ٹھونکنا
تال سے بے تال ہونا: سر سے بے سر ہو جانا
تال مار کر اڑنا: پھڑ پھڑا کر ہوا میں بلند ہونا
تال مارنا: خم ٹھونکنا، خاموش رہنا
تال میل کھانا: موافقت ہونا
تالا بھڑنا: قفل لگ جانا، گھر اجڑ جانا
تالا توڑنا: قفل توڑنا
تالا جڑنا: قفل لگانا
تالا کھلنا: قفل کھلنا
تالو آنا: تالو میں ورم ہو جانا
تالو اٹھانا: بچے کی پیدائش کے بعد دائی انگلیوں سے اس کے تالو کو دبا کر درست کرتی ہے
تالو بگڑنا: آواز کا تالو سے اچھی طرح نہ نکلنا
تالو سے زبان نہ لگنا: چپ نہ رہنا
تالو لٹکنا: منھ کی بیماری کے باعث تالو کا اپنے مقام سے نیچے آجانا

تالی بجانا: ہاتھ پر ہاتھ مار کر آواز دینا، دستک دینا
تالی بجنا (پٹنا): بدنامی ہونا، رسوائی ہونا
تال دینا: ذلیل کرنا، مضحکہ اڑانا
تالی بجالے بنو بیاہ ہوگا: چھوٹی لڑکیوں کو کہتے ہیں جب وہ خوشی میں تالیاں بجاتی ہیں
تالیاں بجانا: خوشی منانا، ذلیل کرنا
تامڑا نکل آنا: بدرنگ ہو جانا، تابنے کے رنگ کا ہو جانا
تان اڑا لینا: کسی کے گانے کی طرز سیکھ لینا
تان اڑانا: گانے میں سروں کو خوبصورت انداز سے ادا کرنا
تان بھرنا: گانے میں خوبصورتی سے بعض سروں کو مکرر سہ مکرر زبان سے نکالنا
تان توڑنا: گیت کا سم پر لا کر ختم کرنا، طعنہ دینا
تان لینا (مارنا): اوڑھ لینا، تان بھرنا، طعنہ دینا
تان میں تکلیں اڑانا: بہت اونچی تان لینا
تانا بانا ادھیڑ دینا: کام خراب کر دینا، لاجواب کر دینا
تانا بانا کرنا: بار بار آنا جانا، ہیرا پھیری کرنا
تانا تاننا: کپڑا بننے کے لیے لمبائی کے رخ سوت کو خاص طریقے سے پھیلانا
تانبا سا آسمان ہو جانا: بارش کا نہ ہونا، قحط کے آثار نمودار ہونا
تانت باندھنا: بہت باتیں کرنے والے کو چپ کرانا

تانتا لگنا: سلسلہ جاری ہونا
تاوان دینا (بھرنا): جرمانہ ادا کرنا
تاویل بن پڑنا (آنا): بچاؤ کی صورت نظر آنا
تاؤ آنا: جوش کھانا، چاشنی کا پکنے پر آجانا
تاؤ بگڑنا: موقع نکل جانا
تاؤ بھاؤ کا فرق: تھوڑا سا فرق
تاؤ پر تاؤ آنا: غصے پر غصہ آنا
تاؤ پر ہونا: جوش پر ہونا
تاؤ دیکھیں نہ بھاؤ: بغیر سوچے سمجھے کام کرتے ہیں
تاؤ دینا: گرم کرنا، غصہ دلانا
تاؤ کھانا: سرخ ہو جانا، غصہ کھانا
تاؤ لگنا: خوب گرم ہونا
تاؤ میں آنا: جوش میں آنا، غصے میں بھرنا
تباہ کرنا: ویران کرنا، اجاڑنا
تباہ ہونا: اجڑنا، برباد ہونا
تباہی کا مارا: مصیبت کا مارا، تباہ حال
تبرّک ہو جانا: کسی چیز کا ذرا ذرا کر کے تقسیم اور ختم ہو جانا
تپ آنا: بخار آنا
تپ اترنا: بخار اترنا
تپ ٹوٹنا: بخار اتر جانا
تپ کا موت جانا: بخار اتر جانے کے بعد ہونٹوں پر چھالے پڑ جانا
تپ ہو جانا: بخار آنا
تپاک سے ملنا (پیش آنا): گرمجوشی سے ملنا

تپاک ظاہر کرنا: محبت یا دوستی کا اظہار کرنا
تپانچہ پڑنا: تھپڑ پڑنا
تپڑا الٹ دینا: دیوالہ نکال دینا
تمنچہ باندھنا: تمنچہ کمر میں لگانا
تمنچہ بھرنا: پستول بھرنا
تمنچہ چلانا: تمنچے کا گھوڑا دبانا
تمنچہ چھوڑنا (سر کرنا): تمنچہ چلانا
تتا ہونا: گرم ہونا، ناراض ہونا
تتے توے پر قسم کھانا: سخت قسم کھانا
تتے توے کی بوند ہوگئی: ذرا سی آمدنی معلوم بھی نہ ہوئی
تمبے لگے ہونا: گھر کے جھگڑے بکھیڑوں میں پھنسے ہونا
تو تھمیو کر دینا: روک تھام کر دینا، بیچ بچاؤ کر دینا
تتیا کا ناچ نچانا: ستانا، تنگ کرنا
تجربہ حاصل کرنا: کسی کام کو کر کے سیکھنا
تجویز پاس کرنا: تجویز منظور کرنا
تجویز پیش کرنا: کوئی معاملہ کسی جلسے میں پیش کرنا
تحت و تصرف میں لانا: قبضہ کرنا اور خرچ کرنا
تحویل میں دینا: کسی کے سپرد کرنا
تحویل میں لینا: قبضے میں لینا
تخت آراستہ ہونا: بادشاہ کا تخت سجایا جانا
تخت اترنا: پریوں کا تخت نیچے آنا
تخت الٹنا: سلطنت درہم برہم کرنا
تخت پر بٹھانا: بر سر حکومت کرنا

تخت پر بیٹھنا: بادشاہ ہونا
تخت چڑھنا: پلنگ پر لیٹنا، شادی ہونا
تخت چھوڑنا: بادشاہی ترک کرنا
تخت سے اتارنا: بادشاہی ترک کرنا
تخت سے اتارنا: بادشاہی سے ہٹا دینا، طلاق دینا
تخت کا تختہ ہونا: بادشاہی کا جاتا رہنا، کچھ نہ رہنا
تختہ الٹنا: سلطنت درہم برہم کرنا
تخت پر بیٹھنا: بادشاہ ہونا
تخت نے پاؤں چومے: تخت پر بیٹھا
تختہ الٹنا: شہر اجڑنا، تباہی
تختہ پھولنا: کیاری کا پھولوں سے بھرا ہونا
تختۂ تابوت پر سلانا: قتل کر دینا، مار ڈالنا
تختہ لگانا: ایک ٹکڑے میں پودے لگانا
تختۂ مشق بنانا: کسی مقصد کے لیے کسی کا بار بار استعمال کرنا
تختہ ہو جانا: اکڑ جانا، بدن کا سخت ہو جانا
تخفیف کرنا: کمی کرنا، گھٹانا
تخمہ نکلنا: کبوتر کے جسم پر پھنسیوں یا مسّوں کا نکلنا
تدبیر الٹی ہونا: منصوبہ بگڑ جانا
تدبیر بن نہ پڑنا: تدبیر کارگر نہ ہونا
تدبیر پیش جانا: تجویز کارگر یا با اثر ہونا
تدبیر چلنا: تدبیر کا اثر ہونا
تدبیر سوجھنا: تجویز خیال میں آنا
تدبیر سوچنا: تجویز نکالنا
تدبیر کارگر ہونا: ترکیب بن پڑنا

تدبیر کرنا: انتظام کرنا، بندوبست کرنا

تدبیر لڑانا: ربط پیدا کرنا، کوشش کرنا

ترارا بھرنا: چھلانگ مارنا، سرپٹ جانا

ترارا مارنا: شیخی مارنا، گپ مارنا

ترازو ہونا (ہو جانا): دونوں طرف برابر ہونا

تراش خراش نکالنا: نیا انداز نکالنا

تراش ڈالنا: چھیلنا، کترنا

تراش نکالنا: وضع پیدا کرنا

تراوش پانا: ظاہر ہونا، معلوم ہونا

تراوش کرنا: قطرہ قطرہ ہو کر گرنا، ٹپکنا

تراوش ہونا: ٹپکنا

تراہ تراہ کرنا: ہائے ہائے کرنا، توبہ توبہ کرنا

تراہ تراہ ہونا: قحط ہونا

تربت پر پھول چڑھانا: بزرگوں کی قبر پر تعظیماً پھول رکھنا

ترجیح دینا: فضیلت دینا، بہتر سمجھنا

ترچھا دیکھنا: کن انکھیوں سے دیکھنا

ترچھا لگنا: ٹیڑھا ہو کر لگنا، آڑا لگنا

ترچھا ہونا: ٹیڑھا ہونا، غصہ ہونا

ترس آنا: رحم آنا

ترس جانا: خواہش مند ہونا

ترس کھانا: رحم کرنا

ترسا ترسا کر دینا: شوق دلا کر تھوڑا سا دینا

ترسا ترسا کر مارنا: سخت شوق دلا کر نہ دینا

ترش ہونا: رنجیدہ ہونا، برہم ہونا

ترغیب دینا: لالچ دینا، شوق دلانا

ترقی پانا: عہدہ بڑھنا، تنخواہ میں اضافہ ہونا

ترقی پر ہونا: ترقی کرنا

ترقی دینا: عہدہ یا درجہ بڑھانا

ترک لگانا: اجزاء کو ترتیب دینا

ترک ہونا: چھوٹ جانا

ترکاری بنانا: سبزی پکانا

ترکاری چڑھانا: ترکاری کو بنا کر چولہے پر رکھنا

ترکے میں آنا: ورثے میں ملنا

ترکے میں چھوڑنا: مرے پیچھے مال و جائیداد چھوڑنا

ترکی بہ ترکی جواب دینا: سخت جواب دینا

ترکی تمام ہونا: گھمنڈ جاتا رہنا، ساری بہادری نکلنا

ترکیب دینا: ملانا، مختلف اجزاء کو ملا کر تیار کرنا

ترکیب سوجھنا: تدبیر سوجھنا

ترکیب سے چلنا: خاص اصولوں پر کاربند ہونا

ترکیب کرنا: صورت نکلنا

ترکیب نکالنا: طریقہ سوچنا

ترکیب نکلنا: ڈھنگ معلوم ہونا

ترنگ آنا: جوش پیدا ہونا، طبیعت میں لہر اٹھنا

تریا مت میں آنا: عورتوں کی عقل پر چلنا

تڑاتڑ پڑنا: لگاتار مار پڑنا

تڑاتڑ جواب دینا: جلد جلد جواب دینا

تڑاق سے جواب دینا: جو منہ میں آئے کہہ دینا

تڑاقا بیتنا: فاقہ گزرنا

تڑاقا کھا کر گرنا: غش کھا کر گرنا

تڑاقا کھانا: کمی ہونا، توڑا ہونا
تڑاقے سے ہونا: بناؤ سنگار سے ہونا
تڑپ اٹھنا: بے چین ہو جانا
تڑخ کر بولنا: غصے سے جواب دینا
تڑکا ہونا: صبح ہونا، صفایا ہونا
تڑی دینا: دھمکانا، دھوکہ دینا
تڑی میں آنا: رعب میں آنا
تزلزل پڑنا: زلزلہ آنا، شور مچنا
تسبیح پڑھتے رہنا: ہر وقت خدا کو یاد کرنا
تسبیح پھیرنا: وظیفہ کرنا، مالا جپنا
تسبیح پڑھی جانا: بار بار کسی کا نام لیا جانا
تسلّط جمانا: حکومت قائم کرنا، حصہ کرنا
تسلیم بجالانا: سلام کرنا، آداب عرض کرنا
تسلیم عرض ہے: سلام کرتا ہوں
تسمہ جمانا: تسمے سے مارنا، حصہ لگانا
تسمہ کھینچنا: پھانسی دینا
تسمہ لگا نہ رکھنا: ذرا کسر نہ رکھنا
تسمہ لنگوٹا باندھنا: جوگی کا چیلا ہونا
تسمے کے واسطے بھینس مارنا: تھوڑی بات کے واسطے بہت نقصان کرنا
تشابہ لگنا: حافظ قرآن کا پڑھتے الفاظ یکساں ہونے کی صورت میں کچھ کا کچھ پڑھ دینا
تشت از بام ہونا: ظاہر ہونا، مشہور ہونا
تشریف ارزانی فرمانا: کسی امیر اور بزرگ کا آنا
تشریف لے جانا: رخصت ہونا
تشویش میں پڑنا: سوچ میں پڑنا

تصدّق اتارنا: صدقہ کرنا
تصدّق کرنا: صدقہ کرنا
تصدّق ہونا: نثار ہونا
تصریف میں ہونا: استعمال میں ہونا
تصویر آنکھوں میں پھرنا: ہر وقت کسی کا خیالی تصور دھیان میں رہنا
تصویر بن جانا (ہو جانا): بے حس و حرکت ہو جانا
تصویر بنا دینا: حیرت میں ڈال دینا
تصویر پر کھینچ دینا: واقعات بتا دینا
تصویر کھینچنا: مورت بنانا، فوٹو لینا
تصویر لگانا: دیوار پر تصویر ٹکانا
تصویر ہو کر رہ جانا: حیران ہو جانا، چپ ہو جانا
تعریف کرتے منہ سوکھنا: بہت زیادہ تعریف کرنا
تعریف کے پل باندھنا: بے انتہا تعریف کرنا
تعزیہ اٹھانا: تعزیے کو گشت کرانا
تعزیہ ٹھنڈا ہونا: تعزیے کا دفن ہونا، دیوالہ نکل جانا
تعظیم بجالانا: آداب بجالانا
تعظیم سے پیش آنا: اخلاق سے ملنا
تعظیم کرنا: عزت کرنا
تعلق رکھنا: میل جول رکھنا
تعلق رہنا: محبت رہنا
تعلق منقطع ہو جانا: دوستی جاتی رہنا
تعلق ہونا: آشنائی ہونا، ملازمت ہو جانا
تعلقات اچھے ہونا: یارانہ ہونا

تعلی پر آنا (لینا): ڈینگ مارنا
تعلیم پانا (حاصل کرنا): علم سیکھنا
تعلیم لینا: علم حاصل کرنا
تعویز بخشنا: تعویز دینا
تعویز بنانا: کسی کو ہر وقت پاس رکھنا
تعویز بہانا: حصول مقصد کے لیے تعویز دریا میں بہانا
تعویز چاٹنا: کلام الٰہی کا رکھا ہوا پرزہ زبان سے چاٹنا
تعویز دھو کے پینا: تعویز برائے دفع بیماری دھو کر پینا
تعویز عمل میں ہونا: کسی شخص میں اتنی روحانی طاقت ہو کہ اس کے ہاتھ کا لکھا ہوا تعویز اثر دکھائے
تعویز کرنا: کسی کاغذ کو بہت حفاظت سے رکھنا
تعویز گاڑنا: حصول مقصد کے لیے تعویز زمین میں دفن کرنا
تف نہ کرنا: ادنی توجہ بھی نہ دینا
تقدیر کو رونا: بدقسمتی کا شکوہ کرنا
تف ہے تیری اوقات پر: لعنت ہے تیرے اطوار پر
تفاوت ہونا: جدا ہونا، علیٰحدہ ہونا
تفرقہ اٹھ جانا: کوئی فرق نہ رہنا
تفرقہ ڈالنا: مخالفت کرنا، فساد کرانا
تقاضا اترنا: وہ چیز دی جائے جس کا اصرار ہو
تقاضا اٹھانا: تقاضے کو برداشت کرنا

تقدیر آزمانا: بخت آزمائی کرنا
تقدیر پر الٹنا (بگڑنا) پلٹنا: مقدر کا برگشتہ ہونا
تقدیر اونچی جگہ لڑنا: امیر گھر میں شادی ہونا
تقدیر پر چھوڑنا: کسی معاملے میں کوشش نہ کر خدا پر چھوڑنا
تقدیر پھرنا: بھلے دن آنا، اقبال نہ رہنا
تقدیر پھوٹ جانا: تقدیر کا بگڑ جانا
تقدیر چمکنا (جاگنا): بھلے دن آنا
تقدیر سیدھی ہونا: بھلے دن آنا
تقدیر سو جانا: قسمت کا ناموافق ہونا
تقدیر کا برگشتہ ہونا: وقت پھر جانا
تقدیر کا بل: قسمت کا پھیر
تقدیر کا بل نکل جانا: بدبختی دور ہونا
تقدیر کا پلٹا کھانا: اچھی سے بری یا بری سے اچھی حالت ہو جانا
تقدیر کا پھیر: قسمت کا چکّر، بدنصیبی
تقدیر کا دامن پکڑنا: کام قسمت پر چھوڑنا
تقدیر کا سو جانا: حالات کا موافق نہ رہنا
تقدیر کا لکھا پورا ہونا: جو قسمت میں ہو وہ ہو جانا
تقدیر کا منھ پھیر لینا: تقدیر الٹنا
تقدیر کا موافق ہونا: اچھے دن ہونا
تقدیر کو رونا: بدقسمتی کا شکوہ کرنا
تقدیر کو سونپنا: قسمت پر چھوڑنا
تقدیر کھل جانا: تقدیر چمکنا
تقدیر کھوٹی ہونا: بدقسمت ہونا
تقدیر کے ہاتھ کی بات ہے: معاملہ خدا کے

سپرد ہے
تقدیر لڑنا: تقدیر کا موافق آنا
تقدیر موافق ہونا: بخت یاور ہونا
تقدیر میں لکھا ہونا: قسمت میں ہونا
تقدیر میں لکھنا: خدا کا مقدر کرنا
تقدیر یاور ہونا: قسمت مددگار ہونا
تقدیر یوں ہی تھی: قسمت میں اسی طرح لکھا تھا
تقریر کا لچھا بندھ جانا: نہایت شستہ اور سلسلہ وار گفتگو ہونا
تقریریں چھٹنا: باتیں ہونا، بحث ومباحثہ ہونا
تکّا اتارنا: گوشت کی بوٹیاں چیلوں کو ڈالنا
تکا بوٹی کرنا: ٹکڑے ٹکڑے کرنا
تکّے لگانا (پکانا): کباب لگانا، طنز کرنا
تکا چلانا: اٹکل پچو تدبیر چلانا، کوئی فضول کام کرنا
تکا سا کھڑا رہنا: سر پر کھڑا رہنا
تکا کرنا: حسرت سے دیکھنا
تکان اترنا: سستی دور ہونا
تکان پہنچنا: صدمہ یا تکلیف پہنچنا
تکان ہونا: تھک جانا
تکرار کرنا: الجھنا، جھگڑا کرنا
تکرار نکالنا: جھگڑا پیدا کرنا
تکلے کا بل: تکلے کا خم یا ٹیڑھا پن
تکلے کا سا بل نکل گیا: درست ہو گیا، مار کھا کھا کر ٹھیک ہو گیا
تکلف برتنا: ظاہر داری برتنا
تکلف کرنا: آراستہ کرنا، حجاب کرنا

تکلف میں ریل چل دی: تکلف میں ریل نکل گئی اور سوار بیٹھے نہیں "پہلے آپ کے" چکر میں
تکلف نکلنا: خوبی نبھنا، لطافت نکلنا
تکلیف کرنا (فرمانا): تکلیف اٹھانا، تشریف لانا
تکمیل پانا: مکمل ہو جانا، ختم ہو جانا
تکمیل تفتیش: مقدمے کے ہر پہلو کو دریافت کرنا
تکمیل کو پہنچانا: مکمل کرنا
تکیہ پروردگار پر رہنا: خدا پر بھروسہ ہونا
تکیہ دھوپ میں رکھنا: گردن کے درد کا علاج سمجھا جاتا ہے
تکیہ کرنا: بھروسہ کرنا، آس رکھنا
تکیہ لگا کر بیٹھنا: تکیہ یا کسی اور چیز سے پیٹھ لگا کر بیٹھنا
تکیہ لگانا: بھروسہ کرنا، آس لگانا
تکیے سے سر نہ اٹھا سکنا: بہت بیمار ہونا
تگ و دو لگی رہنا: دوڑ دھوپ جاری رہنا
تگنی کا ناچ نچانا: حیران و پریشان کرنا
تل دھار برسنا (موسلا دھار): زور و شور سے بارش ہونا
تل لگانا (بنانا): کاجل کی بندی لگانا
تل بندھنا: آفتاب کی کرنوں کا آتشی شیشے سے نکل کر کسی چیز پر تل کی شکل کا بن پڑنا
تل دھرنے کو جگہ نہ ہونا: بہت ہی بھرا ہوا ہونا
تلوں میں تیل نہ کہنا: ظاہر بات کو چھپانا
تلوں میں تیل نہ ہونا: مروّت نہ ہونا، محبت نہ ہونا

تلوں میں سے تیل نکالنا: کفایت شعاری کرنا

تل بیٹھنا: ہم وزن ہو کر بیٹھنا، آمادہ ہونا

تُل پڑنا: کسی کام کو کرنے کے لیے مستعد ہو جانا

تُل رہنا: مقابلے میں کھڑا ہونا، سامنے ہونا

تلا دینا: ہانڈی یا پتیلی کے نیچے مٹی چڑھانا تا کہ آگ کے اثر سے محفوظ رہے

تلا لگانا: جوتی کے نیچے کے حصے میں چمڑا لگانا

تلا گودن کرنا: طعنے دینا، ستانا

تلا بیٹھنا: آمادہ ہونا

تُلا ہونا: برابر، ہم وزن، جو تولا جائے

تلا ہونا: جوش سے آمادہ ہونا

تلخ کرنا: کڑوا کرنا، ناگوار بنانا

تلخ ہونا: بدمزہ ہونا، ناگواری ہونا

تلک چڑھانا (دھارنا): ٹیکا لگانا، قشقہ کھینچنا

تلف کرنا (کر دینا): برباد کرنا

تلک کرنا: گدی پر بٹھانا، رخصت کرنا

تلوا نہ لگنا: ایک جگہ نہ ٹھہرنا

تلوؤں تلے ملنا: روندنا، پامال کرنا

تلوؤں سے آنکھیں ملنا: نہایت عاجزی کرنا

تلوؤں سے لگنا: بے قرار ہونا، غصہ آنا

تلوؤں سے لگنا سر میں جا بجھنا: سر سے پاؤں تک غصہ میں جلنا

تلوؤں سے لگی سر میں سے نکل گئی: سخت غصہ آیا

تلوؤں سے ملنا: پامال کرنا، خاک میں ملانا

تلوؤں میں لہو اترنا: زیادہ چلنے سے تلوے بھاری ہونا

تلوے تلے ہاتھ دھرنا: خوشامد کرنا

تلوے جلنا: گرمی سے تلوؤں میں جلن ہونا

تلوے چاٹنا: نہایت خوشامد کرنا

تلوے چھلنی ہونا: بہت چلنے سے تلوے زخمی ہونا

تلوے دھو دھو کے پینا: کمال قدردانی کرنا

تلوے سہلانا: خوشامد کرنا

تلوے گرم کرنا: رشوت دینا، ہتھیلی گرم کرنا

تلوے گھس جانا: بہت پھرنا، بہت سفر کرنا

تلوار آزمانا: تلوار کی کاٹ کا امتحان کرنا

تلوار اُٹھانا: لڑائی کے لیے تیار ہونا

تلوار اگلی پڑنا: ہر وقت لڑائی کے لیے تیار رہنا

تلوار باندھنا: تلوار کمر میں لگانا

تلوار بجنا (رہنا): سخت جنگ ہونا

تلوار بندھنا: تلوار کمر میں لگنا

تلوار بجنا (برسنا): تلوار چلنا

تلوار پرناچنا: ایک قسم کا ناچ جس میں دو آدمی تلوار لے کر ناچتے ہیں

تلوار ہاتھ پر رکھنا (دھرنا): تلوار پر ہاتھ رکھ کر قسم کھانا

تلوار پڑنا: تلوار کا کاٹ کرنا

تلوار پکڑنا: لڑائی کی تیاری کرنا

تلوار تولنا: لڑنے کو تیار ہونا

تلوار تھامنا: تلوار ہاتھ میں لینا

تلوار تیر جانا: تلوار کا کاٹ کر دوسری طرف نکل جانا

تلوار جھاڑنا: تلوار مارنا

تلوار چلنا: جنگ ہونا
تلوار چمکانا: تلوار میان سے نکال کر ہلانا
تلوار چھوڑنا: تلوار کا وار کرنا
تلوار حلق پر پھیرنا: تلوار سے گلا کاٹنا
تلوار حمائل رکھنا: تلوار گلے میں لٹکانا
تلوار درمیان) میں رکھ کر سونا: مرد کا اپنے اور عورت کے درمیان تلوار رکھ دینا تا کہ وصل میں روک رہے
تلوار دکھانا: قتل کی دھمکی دینا
تلوار زیب کمر کرنا: تلوار کمر سے باندھنا
تلوار سونتنا: قتل کا ارادہ کرنا
تلوار سے دو ٹکڑے کرنا: تلوار کا وار کر دو حصوں میں کاٹ دینا
تلوار عرش پر جھولنا: تیغ زنی کی شہرت ہونا
تلوار کا آری بننا: مجازاً سخت جنگ ہونا
تلوار کا پانی پلانا: تلوار سے زخمی کرنا
تلوار کا دونوں ہاگوں سے کسنا: تلوار کے دونوں سرے ملانا
تلوار کاری پڑنا: تلوار کا پوری طرح کاٹ کرنا
تلوار کا قبضہ چومنا: لڑنے سے پہلے تلوار کے قبضے کو بوسہ دینا
تلوار کا کسنا: تلوار کا خم ہونا، لچکنا، جھکنا
تلوار کا مینہ برسنا: بہت شمشیر زنی ہونا
تلوار کر جانا: تلوار میں دندآنے پڑ جانا
تلوار کرنا: تلوار مارنا
تلوار کسانا: تلوار مارنا

تلوار کو پتھر چٹانا: تلوار تیز کرنا
تلوار کو خالی دینا: تلوار کے وار سے بچنا
تلوار کھینچنا: تلوار سونتنا
تلوار کے قبضے پر ہاتھ ڈالنا: جنگ کا ارادہ کرنا
تلوار کے گھاٹ اتارنا: مار ڈالنا
تلوار کے ہاتھ: تلوار کے حملے
تلوار گر جانا: بہادری جاتی رہنا، ہار جانا
تلوار گھسیٹنا: تلوار میان سے نکالنا
تلوار لگانا: تلوار مارنا
تلوار لیے پھرنا: لڑنے کے لیے تیار رہنا
تلوار مارنا: تلوار کا وار کرنا
تلوار منہ پر کھانا: تلوار کے وار سے منہ نہ پھیرنا
تلوار میان سے کھینچنا: لڑنے کو تیار ہو جانا
تلوار میان سے نکلی پڑنا: ہر وقت لڑنے کے لیے آمادہ رہنا
تلوار میان میں کرنا: لڑنے سے باز رہنا
تلوار میں بال آجانا: تلوار میں نقص ہو جانا
تلوار میں چھالے پڑنا: تلوار میں جگری داغ پڑنا
تلوار میں کاٹ ہونا: تلوار کا نہایت تیز دھار ہونا
تلواروں پر رکھ لینا: تلواروں سے حملہ کرنا
تلواروں کا لہریں لینے لگنا: لڑائی میں تلواروں کا چلنا
تلواروں کی محراب: ایک انگریزی محاورہ ہے (جب کسی فوجی افسر کی شادی ہوتی ہے تو رسم نکاح کے بعد دولہا دلہن گرجے سے نکلتے ہیں، تو دروازے پر بہت سے افسران تلواریں نکال کر

آمنے سامنے کھڑے ہو کر تلواروں کے کونوں کو اونچا ملا کر محراب سی بنا دیتے ہیں اور دولہا دلہن اس کے نیچے سے گزرتے ہیں
تلواریں نیام میں ہو جانا: صلح ہو جانا
تلے تلے دیکھنا: نیچی نظروں سے دیکھنا
تلے کی دنیا اوپر ہونا: انقلاب عظیم ہونا
تلے کی زمین اوپر کر دینا: گڑبڑ مچا دینا
تلے کے دانت تلے اور اوپر کے اوپر رہ جانا: حیرت سے منہ کھلا رہ جانا
تلے کے سانس تلے اور اوپر کے سانس اوپر: حیران رہ جانے کے موقع پر بولتے ہیں
تم بھی کیا ہو: عجیب آدمی ہو
تم پوچھنے والے کون: دخل در معقولات کرنے والے کو کہتے ہیں
تماچا اٹھانا: تھپڑ مارنے کا قصد کرنا
تماشا بنانا: مذاق اڑانا
تماشا بن جانا: قابل تضحیک ہو جانا
تماشا دکھانا: بہار دکھانا، سزا دینا
تماشا کرنا: سوانگ بھرنا، کرتب دکھانا
تماشا ہونا: انوکھی یا عجیب بات ہونا
تمام ہونا (ہو جانا): پورا ہونا، مرجانا
تمغا بٹھانا: سکہ بٹھانا، رعب جمانا
تُمن باندھنا: فوج جمع کرنا
تمنائے دلی بر آنا: دل کی خواہش پوری ہونا
تمھارے فرشتوں کو بھی خبر نہیں: تمھیں کچھ خبر نہیں

تمہید اٹھانا: کسی بات کا عنوان شروع کرنا
تمہید کرنا: کسی بات کا پیش کرنا
تن بدن اولا ہو جانا: جسم سرد ہو جانا
تن بدن پھونک دینا: جلا دینا، جلن پیدا کر دینا
تن بدن ڈھانک لینا: کپڑے پہن لینا
تن بدن کا ہوش نہ ہونا: اپنے آپ سے بے خبر ہونا
تن بدن کی خبر نہ رہنا: بے خبر ہو جانا
تن بدن میں آگ لگنا: سخت غصہ آنا
تن بے جان میں جان آنا: نئے سرے سے زندگی پیدا ہونا
تن پھکنا: بدن جلنا، بخار ہونا
تن ڈھانکنا: ستر پوشی کرنا
تن کی تپت بجھانا: بھوکے کو کھانا کھلانا
تن کی سدھ نہ رہنا: ہوش و حواس قائم نہ رہنا
تن گھلنا: جسم لاغر یا دُبلا ہونا
تن من میں ایک ہونا: بڑا یارانہ ہونا
تن من بھر جانا: دل بھر جانا، خوش ہو جانا
تن من کی سدھ بدھ نہ رہنا: بدحواس ہو جانا، گھبرا جانا
تن من میں پھولے نہ سمانا: بہت خوشیاں منانا
تن من میں جان آنا: ہوش و حواس درست ہونا
تناریری لگانا (لگا رکھنا): بے وقت کا راگ گانا
تناول فرمانا: کھانا نوش فرمانا
تنبول دینا (بانٹنا): ہندوؤں میں بھانجے بھانجی کی شادی کے بعد رخصت ہوتے وقت

بہن کی رشتے دار عورتوں کو نقدی دینا

تنبول پینا: پان کا عرق پینا

تنتنا پیٹنا (توڑنا) کرنا: فخر کرنا، ناک بھوں چڑھانا

تنخواہ جاری ہونا: تنخواہ بحال ہونا

تند ہونا: تیز ہونا، ناراض ہونا

تندور بھرنا (پاٹنا): پیٹ بھرنا، اچھا برا کھانا

تنکا اِدھر اُدھر ہونا: تھوڑا سا نقصان ہونا

تنکا بھی پاس نہ رہنا: بالکل مفلس ہو جانا، کچھ باقی نہ رہنا

تنکا بھی نہ توڑ سکنا: نہایت کمزور ہونا، سست ہو جانا

تنکا دانتوں میں لینا: اطاعت کرنا، عاجزی کرنا

تنکا سا توڑنا: انکار کرنا، دوٹوک جواب دینا

تنکا ناک میں ڈالنا: عورتوں کا ناک کے چھید میں تنکا ڈالنا

تنکا نہ توڑنا: کچھ نہ کرنا

تنکا نہ رہنا: کچھ پاس نہ رہنا

تنکا ہو جانا: بہت دبلا ہو جانا

تنکے اوٹ پہاڑ ہونا: ادنی چیز کی اوٹ میں بڑی چیز ہونا

تنکے چننے لگنا: بدحواس ہو جانا، گھبرا جانا

تنکے چنوانا: دیوانہ بنا دینا

تنکے کا احسان: تھوڑا سا احسان

تنکے کا احسان ماننا: تھوڑے سے بھی احسان کا بوجھ بڑا ہوتا ہے

تنکے کا سہارا: ذرا سی امداد

تنکے کا پہاڑ کر دکھانا: بات کا بتنگڑ بنانا، مبالغہ کرنا

تنگ آنا: عاجز آنا، تھک جانا

تنگ پکڑنا: عاجز کر دینا، گھوڑے کی لگام کو کھینچا رکھنا

تنگ ترش ہونا: ناراض ہونا، رنجیدہ ہونا

تنگ ٹوٹنا: گھوڑے کی تنگ کا دو ٹکڑے ہو جانا

تنگ حال ہونا: غریب ہونا، نادار ہونا

تنگ ڈھیلا ہونا: گھوڑے کی پیٹی پوری طرح کسی نہ ہونا

تنگ رہنا: کم آمدنی زیادہ خرچ ہونا

تنگ ہاتھ ہونا: مفلس ہونا، پیسہ پاس نہ ہونا

تنگی ترشی سے گزارا ہونا: بڑی کفایت شعاری سے گزارہ ہونا

تنگی کرنا: سختی کرنا، کنجوسی کرنا

تنگی ہونا: آمدنی کی کمی ہونا، تکلیف ہونا

تنور جھونکنا: تنور گرم کرنا

تنور کی سوجھنا: تنور پر جا کر روٹی کھانا

تنی رہنا: جھگڑا رہنا

تنی میں گانٹھ دینا: منگنی کرنا، یاد رکھنا

توتڑاق کرنا: بدزبانی کرنا

تو تو کرنا: توتڑاق کرنا

تونہیں تیرا بھائی سہی: تونہیں کرتا تو کوئی اور اس کام کو کرے گا

تو اہنسا: کالے آدمی کا پان کھا کر ہنسنا (جلتے توے کے نیچے بہت سا کاجل جمع ہو کر ذرا ذرا

سی روشنی کے ذرات سلسلہ وار چمکنے لگتے ہیں: اسے عورتیں توے کا ہنسنا کہتی ہیں اور اسے شادی اور رزق کی افزونی شگون سمجھتی ہیں۔
توے کی بوند: ناپائدار چیز
توبڑہ چڑھائے رکھنا: ہر وقت منہ پھلائے رکھنا
توبہ بلوادینا: دق کرنا
توبہ بندے: دق کر ڈالا
توبہ بھولی جانا: حواس گم ہونا، پریشان ہونا
توبہ توبہ مچادینا: ایسا ظلم یا گناہ کرنا کہ ساری دنیا توبہ توبہ کرلے
توبہ توڑنا: قول وقسم سے پھرنا
توبہ ٹوٹنا: قسم ٹوٹ جانا
توبہ دھاڑ مچانا: شوروغل کرنا، پناہ مانگنا
توبہ کا در بند ہو جانا: استغفار کا وقت نہ رہنا یا گزر جانا
توبہ کرانا: عاجز کرنا، معافی منگوانا
توبہ کر کے کہنا: خدا سے معافی مانگ کر دعوے یا شیخی کی بات کہنا
توبہ کرنا: گناہ سے باز آنا، فریاد کرنا
توپ داغنا: توپ چلانا
توپ دم کرنا: توپ کے منہ پر باندھ کر اڑانا
توپ سے اڑادینا: توپ کے منہ پر باندھکر اڑادینا
توپ کو بتی دکھانا: توپ کی بارود کو آگ لگانا
توپ لگانا: توپ کو ایک جگہ نصب کرنا
توپ لگنا: توپ کا نصب ہونا
توپ مارنا: توپ چلانا
توتا پالنا: کوئی بیماری مول لے لینا
توتا سا پڑھنا: بچوں کے بولنے یا پڑھنے کی تعریف میں کہتے ہیں
توتے اڑ جانا: حواس باختہ ہو جانا
توتے پڑھانا: کند ذہن کو پڑھانا، توتے کو بولنا سکھانا
توتے کی سی آنکھیں پھیرنا: بے وفائی کرنا، محبت سے منہ موڑنا
توتے کی طرح یاد کرنا: بے سمجھے بوجھے یاد کرنا
توتی بولنا: کسی ہنر یا خوبی کی وجہ سے مشہور ہونا
توتیا باندھنا (توتیا طوفان جوڑنا): الزام لگانا
توثیق کرنا: مضبوط کرنا، تصدیق کرنا
توجہ پھرنا: متوجہ ہونا، توجہ ہٹالینا
توجہ سے دیکھنا: غور سے ملاحظہ کرنا
توجہ رہنا: خیال رہنا، مہربانی رہنا
توجہ کرنا: متوجہ ہونا
توجہ کی نظر ہونا: مہربانی کی نگاہ ہونا، لحاظ کرنا
توجہ مبذول ہونا: متوجہ ہونا
توجہ نہ رہنا: بے خیال ہو جانا
تورہ توڑنا: غرور توڑنا
تورہ جتانا: فخر کرنا، غرور کرنا
تورہ ڈھانا: غرور مٹانا
تورہ لگنا: اترانا، فخر کرنا
توڑ پر: ضد پر
توڑ جوڑ چلنا: چال چلنا

توڑ جوڑ کا استاد ہے: بڑا چلتا پرزہ ہے

توڑ ڈالنا: توڑنا

توڑ کرنا: حساب صاف کرنا، جواب رد کرنا

توڑ کے نکل جانا: کسی مضبوط چیز کے آر پار ہونا

توڑ لانا: الگ کرلانا

توڑ لینا: الگ کرلینا، اپنی طرف کرلینا

توڑا پڑنا: کمی ہونا، قحط ہونا

توڑا جانا: ٹوٹنا، کم غذا سے طاقت گھٹانا

توڑا ڈالنا: کمی کرنا، تنگی کردینا

توڑا لگنا: گھاٹا پڑنا

توڑا ہونا: کمی ہونا

توڑے کا منھ کھول دینا: بہت بخشش اور فیاضی کرنا

توڑنا مروڑنا: کسی شے کو بل دینا

توڑنا پھوڑنا: ٹکڑے ٹکڑے کرنا

توڑنا جوڑنا: بگاڑنا، بنانا

توسن اڑانا: گھوڑا دوڑانا

توسن اڑنا: گھوڑے کو بہت تیز دوڑانا

توسن پھڑکنا: گھوڑے کا ڈر جانا

توسن چمکانا: گھوڑا تیز ہونا

توفیق ہونا: ہمت ہونا

توکل پر بیٹھنا: توکل پر گزارہ کرنا، خالی بیٹھنا

تول کستا ہے: روپیہ وزن میں پورا نہیں

تول لینا (تولنا): وزن کرنا

توں تاں کرنا: تو تو میں میں کرنا

توبنی ہاتھ میں لینا: فقیر بننا

تہ پانا: حقیقت دریافت کرلینا

تہ توڑنا: سب کھا جانا کچھ نہ چھوڑنا

تہ ٹوٹنا: مفلس ہوجانا، کپڑے کا تھان کھلنا

تہ جمانا: ایک چیز کے اوپر دوسری چیز ملا کر رکھنا

تہ جمنا: کسی رقیق چیز کے نیچے کا حصہ جم جانا

تہ دام آنا: گرفتار ہونا

تہ دینا: کسی چیز کا نیچے اوپر رکھنا، استر لگانا

تہ کو پہنچنا: اصل مطلب دریافت کرلینا

تہ لگانا: کپڑے کو ٹھیک طور سے لپیٹنا

تہ مارنا: گھوڑے کی ایک بیماری جس میں سخت پیاس لگتی ہے

تہ ملانا: جوڑا لگانا، نر کے ساتھ مادہ کو ملانا

تہ میں بیٹھ جانا: نتیجے بیٹھ جانا، بھید لے لینا

تہ نکالنا: اصل بات کو پا جانا

تہ نہیں ٹوٹی: کپڑا بالکل نیا ہے

تہا تہی رکھ چھوڑنا: احتیاط سے رکھنا، استعمال میں نہ لانا

تہلکہ مچنا: آفت بپا ہونا، کہرام مچنا

تہمت لے مرنا: الزام لگانا، عیب لگا دینا

تہمتیں تراشنا: جھوٹی تہمت لگانا

تہمت سر لگنا: الزام لگنا

تھاپ لگنا: طبلہ بجنا

تھاپ دینا: ناچ گانا موقوف کرنے کے لیے طبلے پر زور سے ہاتھ مارنا

تھاپ سہارنا: تکلیف جھیلنا

تھال لگانا: تھال پر کھانا چننا

تھالی بجانا: تھالی پر ہاتھ یا کوئی اور چیز مار کر آواز پیدا کرنا
تھالی پھرانا: مداریوں کا ایک کرتب
تھالی پھرنا: سخت ہجوم ہونا کہ تھالی پھینکی جائے تو سروں پر ہی رہے زمین پر نہ گرے
تھان پر باندھنا: گھوڑے کو اس کی جگہ پر رسّے سے باندھنا (طویلے میں)
تھان ہے تھان: سائس اس وقت کہتے ہیں جب گھوڑا سوتے وقت یکا یک ڈر کر ہنہنائے
تھانگ لگانا: چوروں کو پناہ دینا، سراغ لگانا
تھانگی ہے: چوروں کا معاون ہے
تھانہ بٹھانا: پہرا بٹھانا
تھانہ چڑھ آنا: پولس کا کسی جگہ پر گرفتاری کے لیے جانا
تھانے پر پکڑا جانا: کسی جرم میں گرفتار ہو کر تھانے میں جانا
تھاہ پانا: پانی کی گہرائی معلوم کرنا
تھاہ لانا: گہرائی دریافت کرنا
تھاہ لینا: بھید لینا
تھاہ مانگنا: پوچھنا کہ گہرائی کتنی ہے
تھاہ ملنا: گہرائی معلوم ہونا، کھوج یا پتہ لگانا
تھپڑ مارنا (بجانا) پیٹنا: بے عزت کرنا، تالی بجانا
تھپڑ کھانا: مار کھانا
تھپڑ بجنا: بے عزتی ہونا
تھپک تھپک کے رکھنا: روک تھام کرنا
تھپک تھپک کے سلانا: تھپکی دے کر بچوں کو سلانا

تھپکی دینا: چمکارنا، کسی کے ماتھے پر ہتھیلی سے ضرب لگانا
تھتکار دینا: نکال دینا
تھتکار لینا: تھوکنے کی آواز نکالنا
تھتکار ہو جانا: بچوں کو مسان کی بیماری ہو جانا
تھر تھر کرنا: جاڑے یا ڈر سے کانپنا
تھرتھرا دینا: لرزہ پیدا کر دینا
تھرتھری چھوٹنا: کانپنا، تھرتھرانا
تھڑ جانا: کم ہونا، ناکام ہونا
تھک جانا: ماندہ ہو جانا، عاجز ہو جانا
تھک کر بیٹھ رہنا: عاجز ہو کر کام چھوڑ دینا
تھک کر چور ہو جانا: بہت تھک جانا
تُھک بند کام کرنا: نہایت ناپائدار کام کرنا
تُھک تُھک ہونا: بے عزتی ہونا
تھکیا مارنا: تنگ کرنا، عاجز کر دینا
تھکن اتارنا: تھکان دور کرنا
تھگلی لگانا: کپڑے میں پیوند لگانا، رسائی حاصل کرنا
تھل بیڑا تباہ ہونا: سارا خاندان اجڑنا
تھل بیڑا لگانا: ٹھکانا لگانا، ساحل مراد پر پہنچنا
تھل بیڑا ملنا: سراغ لگنا، ٹھکانا معلوم ہونا
تھل بیڑا نہ لگانا: سہارا نہ ملنا، پتا سراغ نہ ملنا
تھل بیڑے سے رکھ دینا: ٹھکانے سے رکھ دینا
تھل چڑھنا (چڑھ جانا): ڈھیر یا انبار لگ جانا
تھل سے بیٹھنا: اطمینان سے بیٹھنا
تھم ہو جانا: پاؤں کا بہت سوج جانا

تھوبڑا اچڑھائے رکھنا: منہ پھلائے رکھنا
تھوتھو کرنا: کراہت ظاہر کرنا
تھوبڑا سجانا: روٹھنا، خفا ہونا
تھوپ تھاپ دینا: رفع دفع کر دینا
تھوپ دینا: الزام لگا دینا
تھوتھے پچھوڑنا: بے فائدہ کام کرنا
تھوتھے تیروں سے اڑانا: کند تیروں کی بارش کرنا
تھوتھڑا سجائے رہنا: خفا رہنا، منہ پھلائے رہنا
تھوتھنی سجانا: ناراض ہونا
تھوتھی اڑانا: جھوٹی خبریں پھیلانا
تھوتھی بات: بے معنی اور لغو بات
تھوڑا (جاننا) سمجھنا: بے وقعت سمجھنا
تھوڑا تھوڑا ہونا: شرمندہ ہونا، نادم ہونا
تھوڑا دینا بہت آرزو کرنا: معمولی کام پر بہت صلے کی امید کرنا
تھوڑا لکھا بہت جاننا: تھوڑے لکھے کو بہت جاننا
تھوڑے دنوں سے: حال میں، چند روز سے، کچھ عرصے سے
تھوڑی سی رہ گئی ہے: عمر کا بڑا حصہ گزر گیا ہے کم باقی ہے
تھوک باندھنا: جماعت یا پارٹی بنانا
تھوک بلونا: فضول باتیں کرنا
تھوک ڈالنا: چھوڑ دینا، معاف کر دینا
تھوک کر چھوڑنا: بے عزت کر کے چھوڑنا
تھوک سے تیل بننا: تھوڑے خرچ سے بڑا کام نکالنا
تھوک کے چاٹنا: وعدہ کر کے مکر جانا
تھوک سے ستو گھولنا: کچا یا نکما کام کرنا
تھوک لگا کر چھوڑنا: ذلیل کرنا، نقصان پہنچانا
تھوک لگا کر رکھنا: بڑی حفاظت سے رکھنا
تھوک لگانا: نیچا دکھانا، فریب دینا
تھوک میٹھا کرنا: منہ میٹھا کرنا، جھوٹی باتیں ملانا
تھیلا کرنا (کر دینا): بہت مارنا
تھیلی کا منہ کھول دینا: بہت فیاضی کرنا
تیا پانچا کرنا: حصے بخرے کرنا، بانٹنا
تیار کرنا: آمادہ کرنا، درست کرنا
تیار ہونا: آمادہ ہونا، پک جانا
تیر اڑنا: ہوا میں تیر کا جانا
تیر برسنا: بہت سے تیر چلانا
تیر بن کر کلیجے میں اترنا: سخت رنج یا ایذا دینا
تیر بہدف ہونا: تیر کا نشانے پر لگنا
تیر بہک جانا: تیر کا نشانے پر نہ لگنا
تیر بیٹھنا (بیٹھ جانا): تیر کا نشانے پر لگ جانا
تیر پار ہونا: تیر کا نشانہ توڑ کر گزر جانا
تیر پڑنا: تیر نشانے پر لگنا
تیر پیٹھ جانا: تیر بیٹھ جانا
تیر پھینکنا: تیر چلانا
تیر تاک کر مارنا: نشانہ لے کر مارنا
تیر ترازو ہونا: تیر کا نصف اندر نصف باہر ہونا
تیر تکوں پر گزارا ہونا: مشکل سے گزارہ ہونا
تیر جوڑنا: تیر کمان میں لگانے کے لیے چلانا

تیر چلانا (چھوڑنا): تیر اندازی کرنا
تیر چلنا (چھوٹنا): تیر اندازی ہونا
تیر دعا ہدف مراد پر پہنچنا: دعا قبول ہونا
تیر ڈوب جانا: تیر کا نشانے میں گھسنا
تیر ڈوب کے رہ جانا: تیر کا نشانے میں گھس کے رہ جانا
تیر رہا کرنا: تیر چلانا
تیر سا لگنا: کسی بات کا سخت برا لگنا
تیر رہا کرنا: تیر چلانا
تیر سا لگنا: کسی بات کا سخت برا لگنا
تیر عشق سینے کے پار ہونا: عاشق ہونا
تیر کا خطا کرنا: تیر کا نشانے پر نہ لگنا
تیر کمان سے نکلنا: تیر کا چلنا
تیر کھانا: تیر کا زخم کھانا
تیر کی طرح سیدھا آنا: بالکل سیدھا آنا
تیر لگانا: تیر چلانا
تیر لگنا: تیر کا نشانے پر پہنچنا
تیر مارنا: تیر چلانا
تیر نتھنوں میں دینا: سخت تنگ کرنا
تیر نگاہ کا صید بنانا: فریفتہ کر لینا، عاشق بنا لینا
تیر ہدف پر بیٹھنا: تیر نشانے پر لگنا
تیر ہو جانا: غائب ہو جانا
تیروں کا چھننا: تیروں سے زخمی ہونا
تیروں کا مینہ برسانا: کثرت سے تیر چلانا
تیرا منھ ہے: تیری وجہ سے یہ کام کر دیا
تیرا میرا کرنا: غیرت اور بے گانگی کی باتیں کرنا
تیرا میرا منھ دیکھنا: دوسروں کا آسرا ڈھونڈنا
تیرے باپ کا کیا اجارہ ہے: تو کیوں دخل دیتا ہے
تیز دستی دکھانا: پھرتی دکھانا، جلد کام کرنا
تیزی کرنا: جلدی کرنا، چالاکی کرنا
تیزی ہونا: جلدی ہونا، ناراض ہونا
تیسرے فاقے سے: تین دن کے فاقے سے
تیشہ مارنا: بڑھئی کا کام کرنا
تیغ ابرو کا گھائل ہونا: عاشق ہونا
تیغ انتقام کو نیام سے کھینچنا: بدلہ لینے کے لیے تیار ہونا
تیغ زبان سے زخمی کرنا: سخت یا طنزیہ باتوں سے رنج دینا
تیغ کے گلے ملنا: تلوار کا مقابلہ کرنا
تیغ لگانا: تلوار کا وار کرنا
تیغ لپکنا: تیغ چلنا
تیغ و کفن باندھ کے جانا: لڑنے مرنے کے لیے تیار ہو کر جانا
تیغوں سے چنگاریاں اڑنا: تلوار میں ٹکرانے سے شرارے نکلنا
تیغا لگانا: چُن دینا، بند کر دینا
تیکھی چتون کرنا: ترچھی نظروں سے دیکھنا
تیل پان کرنا: مائیوں بیٹھنا (مانجھے بیٹھنا)
تیل جل چلا: بوڑھا ہو گیا، مال خرچ ہو چکا
تیل چڑھانا: مائیوں بٹھاتے وقت دولہا دولہن کو مہندی لگانا

تیل چڑھانا: شادی کی تیاری ہونا
تیل ڈالنا: تیل لگانا
تیل لگانا: سفارش کرنا
تیل لگانا: تیل سے چکنا کرنا
تیل ماش اتارنا: ایک رسم ہے جب کوئی مسافر گھر واپس آئے یا بیماری سے اٹھے تو اس کو تیل میں ماش ڈال کر منہ دکھاتے ہیں پھر وہ بھنگی کو دے دیتے ہیں
تیل ماش ہونا: صدقے ہونا، قربان ہونا
تیل میں ہاتھ ڈالنا: سخت قسم کھانا
تیل نکالنا: بیجوں کو دبا کر تیل حاصل کرنا
تیل نکلنا: سخت کمزور ہونا، دوالہ نکل جانا
تیل ہو کے بہہ جانا: ضائع ہو جانا
تیلیا بھیس کرنا: نہایت میلے کپڑے پہننا
تین پانچ کرنا: جھگڑا کرنا، دغابازی کرنا
تین تلوک نظر آنا: بے حد پریشان ہونا
تین تیرہ آٹھ اٹھارہ: پریشان، خراب، خستہ
تین تیرہ کرنا: پریشان کرنا، خرچ کرنا
تین حرف بھیجنا: لعنت بھیجنا، چھوڑ دینا
تیور بدل جانا: نگاہیں پھر جانا
تیور برے نظر آنا: نگاہ بد معلوم ہونا
تیور بگڑنا: بے مروّت ہو جانا
تیور تاڑ جانا: قیافے سے مزاج کا حال معلوم کرنا
تیور بوجھنا: نظر سے دل کا حال معلوم کرنا
تیور پر بل آنا: غصّے کے آثار ظاہر ہونا
تیور جلنا: چکا چوند ہونا، بصارت میں فرق آجانا
تیور دیکھنا: طبیعت کا رنگ دیکھنا
تیور میلے ہونا: چہرے یا نگاہ سے ناراضگی ظاہر ہونا
تیور چڑھانا (بل ڈالنا): غصّے میں ہونا
تیوری میں بل پڑنا: ماتھے پر شکن پڑنا
تیوری کا بل کھانا: رنجش رفع ہونا

(ٹ)

ٹاپ سہارنا: مصیبت جھیلنا
ٹاپ مارنا: بیکل ہونا، چھلانگ مار کر کود جانا
ٹاپا توڑ کر نکل جانا: بچ جانا، صاف نکل جانا
ٹاٹ الٹ جانا یا الٹنا: دیوالہ نکلنا
ٹاٹ باہر ہونا: برادری سے خارج ہونا
ٹال جانا: درگذر کرنا
ٹال دینا: بہلا دینا
ٹال کر دینا: کوئی کام کرنے سے باز رہنا
ٹالا بالا بتانا (دینا): دھوکہ دینا، حیلے حوالے کرنا
ٹالے نہ ٹلنا: ٹالنے کی انتہائی کوشش کے باوجود بھی نہ ٹلنا
ٹانٹ پر بال نہ رہنا: مزید چوٹیں کھانے سے باز رہنا
ٹانٹ کھجانا: جوتے کھانے کو جی چاہنا، نقصان کا کام کرنا
ٹانٹ کے بال اڑا دینا: جوتے مار مار کر کھوپڑی گنجی کر دینا
ٹانٹ گنجی ہونا: سر پر بال نہ رہنا، بہت زیادہ

مصیبتیں پڑنا
ٹاٹابناہونا: طاقتورہونا
ٹانچ کرنا (لانا): جھگڑاوتکرارکرنا
ٹانڈالادنا (ڈالنا) لدجانا: مالِ تجارت لادنا، مرجانا، سفر پرروانہ ہونا
ٹانکا ادھڑ جانا (ادھڑنا): تباہ وبرباد ہوجانا، بھیدکھل جانا
ٹانکا ادھیڑنا: رازظاہرکرنا، عاجزکرنا
ٹانکا پھیرنا: زخم سینا، عیب پوشی کرنا
ٹانکاٹوٹنا: ہمت ہارجانا، گھبراجانا
ٹانکا جانا: کسی جگہ اپنے مطلب کی تدبیرکرنا
ٹانکا جھالنا (لگانا): یارانہ گانٹھ لینا، زخم سینا
ٹانکا کاٹ لینا: زیورسےٹانکے کی قیمت کاٹ کردام اداکرنا
ٹانکا کھانا: ٹانکا لگنا، زخم سلوانا
ٹانکا کھلنا: بھیدکھل جانا، سیون کھل جانا
ٹانکالگانا: زخم سینا، شادی کرانا
ٹانکامارنا: موٹی سلائی کرنا، گھونپنا
ٹانکے ڈھیلے ہونا: ہمت ہارنا، عزت جاتی رہنا
ٹانکے کاٹ ڈالنا: سیاہواقینچی یانشترسے کاٹ ڈالنا
ٹانکی بجنا: سنگ تراشی کاکام ہونا
ٹانکی لگانا: سوراخ کرنا
ٹانگ اٹھاکرموتنا: بدتمیزی اوربے حیائی پراترآنا
ٹانگ اٹھانا: آسن لینا، جماع کے لیے تیاہوجانا
ٹانگ اڑادینا (اڑانا): بے ضرورت دخل دینا، روکنا
ٹانگ اولل کے مرگیا: بےکسی کی حالت میں مرا
ٹانگ پسارکے سونا: بےفکری کی نیندسونا
ٹانگ پھنسنا: پابندیامجبورہونا
ٹانگ تلے سے نکل جانا: ہارمان لینا
ٹانگ توڑکے بیٹھنا: جم کے بیٹھنا
ٹانگ دینا: پھانسی پرچڑھادینا، لٹکادینا
ٹانگ لگانا: کشتی میں ٹانگ کاپیچ لگانا
ٹانگ لینا: پیچھے پڑنا، ٹانگ پکڑنا
ٹانگ مارنا: کشتی لڑنے میں ٹانگ کاداؤں کرنا
ٹانگوں کاجواب دیدینا: آگے چلنے کی طاقت نہ رہنا
ٹانگوں میں ٹانگیں ڈال کرسونا: ہم بستر ہونا
ٹانگوں میں منہ ڈال کے چولہے کے آگے نام لینا: عورتیں کسی کوجلانے کے لیے یہ ٹوٹکا کرتی ہیں
ٹانگیں ٹوٹنا: تھک کرچورہوجانا
ٹانگیں رہ جانا: تھک کرچورہوجانا، سوکھے کی بیماری ہونا
ٹانگیں لینا: جماع کاقصدکرنا
ٹپ ٹپ آنسوگرنا: لگاتاررونا
ٹپ دینا: کسی محنت پیشہ آدمی کومعمولی انعام دینا
ٹپّا بھرنا، ٹپاڈالنا: موٹی سلائی کرنا، کچی سلائی کرنا
ٹپّا کھانا: گولی یاگیندکاکسی چیزسے ٹکراکراچھلنا
ٹپّا گانا: بیکاربیٹھے رہنا، کچھ نہ کرنا

ٹپّے ٹوئی کرنا: کسی چیز کی تلاش میں مارامارا پھرنا
ٹپّے ٹوئیے مارنا: اندھوں کی طرح کسی چیز کو ٹٹولتے پھرنا
ٹیس لگانا (جمانا): تعلق پیدا کرنا، بنیاد ڈالنا
ٹپک پڑنا: ظاہر ہو جانا، کود پڑنا، فریفتہ ہو جانا
ٹپکا پڑنا: نکلا پڑنا، مائل ہوئے جانا
ٹپکا لگنا: رسنا، آنسوؤں کا لگاتار گرنا
ٹٹروں ٹوں رہ جانا: اکیلا رہ جانا
ٹٹری گرم کر دینا یا چھید دینا: بہت مارنا، حیثیت سے زیادہ خرچ کروا دینا
ٹٹری گانا: دبلا یا لاغر ہونا
ٹٹری گنجی ہونا: بہت پٹنا، مفلس ہونا
ٹٹری مونڈنا: حجامت کرنا، دھوکہ یا فریب سے خوب لوٹنا
ٹٹ کاری پر لگنا: آواز پر لگنا، مانوس ہو جانا
ٹٹو بڑھانا: چلے جانا
ٹٹو بھڑکنا: گھوڑے کا گھوڑی دیکھ کر اچھلنا کودنا
ٹٹو پار ہونا: بیڑا پار ہو جانا، مقصد حاصل ہو جانا
ٹٹول دیکھنا: تلاش کر لینا، آزمالینا
ٹٹول کرنا: چھان بین کرنا، ڈھونڈنا
ٹٹول ہونا: تلاش ہونا
ٹٹی بندھنا: مجمع ہونا
ٹٹی جانا: پاخانہ کرنے کے لیے بیت الخلاء کے اندر جانا
ٹٹی کترنا: مہندی کی باڑھ کو تراش کر اس کی سطح برابر کرنا

ٹٹی کی آڑ شکار کرنا: نیک کام کے پردے میں غلط کام کرنا
ٹٹی کی اوٹ بیٹھنا: کوئی کام خفیہ طور پر کرنا
ٹٹی لگانا: پردہ ڈالنا، ہجوم کرنا
ٹٹی میں چھید کرنا: عورت کا بدکار بن جانا، کھل کھیلنا
ٹرہانکنا: شیخی مارنا
ٹرٹر چلی جانا: بہت بک بک ہونا
ٹس سے مس نہ ہونا: اپنی بات پر اڑے رہنا، اثر نہ لینا
ٹس کرنا یا لانا: جھگڑا و تکرار کرنا، بے ایمانی کرنا
ٹک جئے امر ہوئے: جو آدمی تھوڑے عرصے زندہ رہتا ہے برائیاں کم کرتا ہے چنانچہ اپنی نیکیوں کی وجہ سے غیر فانی ہو جاتا ہے، یعنی لوگ اسے عرصے تک یاد کرتے ہیں
ٹکا پاس نہ ہونا: مفلس ہونا
ٹکا سا جواب دینا: فوراً انکار کر دینا، شوخی سے جواب دینا
ٹکا گانٹھ میں ہونا: آسودہ حال ہونا
ٹکے ٹکے بکنا: بہت سستا یا کم قیمت ہونا
ٹکے دھڑی کرنا یا لگانا: سستا بیچنا
ٹکے سیدھے کرنا: اونا پونا کام کر کے رقم بنا لینا
ٹکے سے گننا: بہت روانی کے ساتھ پڑھنا
بہت زیادہ سردی لگنا
ٹکے سیر مارے مارے پھرنا: بے رتبہ آدمی
ٹکے کا ٹھرا پینا: سستی شراب بھی تھوڑی ہی

نصیب ہونا
ٹکے کا کام کرنا: تھوڑے معاوضے والا کام کرنا
ٹکے کے واسطے مسجد ڈھانا: تھوڑے فائدے کے لیے قابل اعتراض کام کرنا
ٹکے گز کی چال چلنا: کم خرچ کرنا، عیاری اور چالاکی برتنا
ٹکٹکی باندھنا: پلک جھپکائے بغیر دیکھنا
ٹکٹکی پر کھڑا کرنا: مرغوں کی لڑائی میں بہادر مرغ دشمن کی ضرب سے مر جاتا ہے مگر میدان سے نہیں ہٹتا تو اس وقت زمین میں تین لکڑیاں گاڑ کر اس مرغ کی لاش ان لکڑیوں پر رکھ دیتے ہیں اور زندہ مرغ کو لاش پر لاکر کھڑا کر دیتے ہیں: اگر وہ لات مار کر لاش کو ٹکٹکی سے نیچے گرادے تو قطعی طور پر فاتح مان لیا جاتا ہے لیکن اگر بھاگ نکلے تو بازی ہار جاتا ہے
ٹکٹکی سے باندھنا: تپائی یا لکڑیوں کے ساتھ باندھ کر مارنا
ٹکٹکی لگنا (لگ جانا): غور سے دیکھنا
ٹکرّ اٹھانا (جھیلنا): مار برداشت کرنا
ٹکرّ کھانا: لڑکھڑانا، مڈ بھیڑ ہو جانا
ٹکرّ لڑنا: سر سے ٹکرا جانا
ٹکرّ لگانا: سر سے ضرب لگانا، صدمہ پہنچانا
ٹکرّ لگنا: کسی چیز سے ٹکرا جانا
ٹکرّ لینا: مقابلہ کرنا، صدمہ سہنا
ٹکرّ مارنا: سر مارنا، ٹکرّ لگانا
ٹکریں مارنا: کسی چیز سے سر ٹکرانا، بے فائدہ کوشش کرنا
ٹکڑا چکھ لینا: تھوڑا سا کھالینا
ٹکڑا توڑنا: روٹی کھانا
ٹکڑا دینا: روٹی دینا، وظیفہ دینا
ٹکڑا مانگنا: گداگری کرنا
ٹکڑا میسّر نہ آنا: بھوکوں مرنا
ٹکڑوں پر پڑنا (پڑے ہونا): مفت کی روٹیاں کھانا
ٹکڑے اڑانا: کھال اڑا دینا
ٹکڑے اڑنا: پارہ پارہ ہو جانا
ٹکڑے پکانا: سوکھی روٹی کے ٹکڑے گھی دودھ شکرّ میں پکانا
ٹکڑے توڑنا: مفت کی روٹیاں توڑنا
ٹکڑے ٹکڑے کرنا: پارہ پارہ کرنا
ٹکڑے کرنا: تقسیم کرنا، بانٹنا
ٹکڑے لگانا: حصے جوڑنا
ٹکڑی لگنا: جواریوں کا ایک جگہ جمع ہو کر جوا کھیلنا
ٹکسال چڑھانا: روپئے کا ٹکسال میں بنایا پرکھا جانا
ٹکسال میں دھکاّ لگ جانا: بہت خرچ ہو جانا
ٹلےّ نویسی کرنا: بے کار پھرنا، بے کار کی خوشامد کرنا
ٹنج بھڑانا (لگانا): جوئے میں بہت تھوڑی رقم لگانا
ٹنچ بنا ہونا: مستعد ہونا، کمر بستہ ہونا
ٹنڈیاں کسنا: گرفتار کر لینا

ٹنڈیاں کھنچنا: گرفتار ہو جانا
ٹوپی اتارنا: کسی کی بے عزتی یا توہین کرنا
ٹوپی اچھالنا: اظہار مسرت کرنا
ٹوپی بدلنا: بھائی چارہ قائم کرنا
ٹوپی چڑھانا: شکاری پرندوں کے سروں پر ٹوپی چڑھانا تاکہ ان کی آنکھیں بند رہیں
ٹوپی پر ہاتھ ڈالنا: بے عزتی یا توہین کرنا
ٹوٹ پھوٹ ہونا: چیزوں کی تیاری یا لدائی میں کچھ کا ٹوٹ جانا
ٹوٹ ٹوٹ کر (کے): شدت سے، کسی تفریق سے، کٹ کر
ٹوٹ ٹوٹ کر برسنا: موسلا دھار بارش ہونا
ٹوٹ ٹوٹ کر آنا: لگا تار آنا
ٹوٹ رہنا: جدائی میں گھٹنا، کام کر کے تھک جانا
ٹوٹ کر دل آنا: بری طرح عاشق ہونا
ٹوٹ کر گرنا: دفعتاً آجانا
ٹوٹے بال کھونسنا: عورتیں ٹوٹے بالوں کو کسی سوراخ میں ڈالتی ہیں
ٹوٹا اٹھانا (سہنا): نقصان اٹھانا
ٹوٹا دینا (بھر دینا): نقصان پورا کرنا
ٹوٹا پڑنا (ہونا): کمی ہونا، نقصان ہونا
ٹوٹکا کرنا: جادو ٹونا کرنا
ٹوٹکا کرنے آنا: آنے کے بعد فوراً ہی واپس چلے جانا
ٹوٹکا ہونا: جادو ہونا
ٹوک دینا: ٹوکنا، غلطی جتا دینا

ٹوک میں آنا (لگنا): حسد کیا جانا، نظر لگنا
ٹوک ٹوک کرنا: ٹکڑے ٹکڑے کرنا
ٹوکا ہونا: نظر لگنا
ٹوکرا دینا: پچیسی کے کھیل میں مخالف کو ہرا دینا
ٹوکرا سر پر ہونا: ذمہ داری ہونا
ٹوکروں اترنا: پھل بہت زیادہ مقدار میں گرنا
ٹوکرے پر ہاتھ رہنا (رہ جانا): بھرم رہنا، آبرو رہ جانا
ٹوکری ڈھونا: محنت مزدوری کرنا
ٹوہ بوہ رکھنا: خبر رکھنا، حفاظت رکھنا
ٹوہ رکھنا: حال معلوم کرتے رہنا
ٹوہ لگانا: سراغ لگانا
ٹوہ میں رہنا: تلاش میں رہنا
ٹہل کرنا: خدمت کرنا، آرام پہنچانا
ٹھوکا دینا: ہوشیار کرنا، ہاتھ یا پاؤں سے دھکا دینا
ٹھاٹ باندھنا: ٹٹی باندھنا
ٹھاٹ بدلنا: نئی طرز اختیار کرنا
ٹھاٹ پڑا رہ جانا: مال و اسباب دنیا میں ہی رہ جانا
ٹھاٹ پھیلانا: کسی چیز یا کام کو صحیح طریقے پر چلانے کی تدبیر کرنا
ٹھاٹ سے آنا: شان و اہتمام سے آنا
ٹھاٹ سے پھرنا: شان و شوکت دکھانا
ٹھاٹ کرنا: سجاوٹ یا آرائش کرنا
ٹھاٹ مار کر اٹھنا: پرند کا پر جھاڑ کر اڑنے کے

لیے اٹھنا
ٹھاٹ مارنا: پرندے کا اڑنے سے پہلے پر تولنا، مزے اڑانا
ٹھاٹیں مارنا: پانی کا اونچی اونچی پرشور موجیں مارنا
ٹھالا پھرنا: آوارہ و بے کار پھرنا
ٹھٹا اڑانا: ہنسی اڑانا، تضحیک کرنا
ٹھٹا کرنا: مذاق کرنا، چہل کرنا
ٹھٹا لگانا (مارنا): قہقہہ مارنا، آوازہ کسنا
ٹھٹا (ٹھٹے) مار کر: مذاق میں، ذلیل کرتے ہوئے
ٹھٹھے میں اڑا دینا: مذاق میں بات ختم کر دینا
ٹھٹھرے مارنا: جوار یا باجرے کے ڈنٹھل سے مارنا
ٹھڈی پر ہاتھ دھر کر بیٹھنا: فکرمند یا غمگین ہونا
ٹھڈی پکڑنا، ٹھڈی میں ہاتھ دینا: خوشامد کرنا
ٹھڈی کے نیچے ہاتھ رکھنا: حیران ہونا
ٹھمری اڑانا: گپ اڑانا
ٹھمکی دینا (لگانا): پتنگ کو جھٹکے دیکر کھڑا رکھنا
ٹھنڈ پڑنا: گلابی جاڑا ہونا
ٹھنڈا رکھنا: خوش رکھنا، راحت دینا
ٹھنڈا رہنا: رنج و غم سے دور رہنا
ٹھنڈا کر کے کھانا: سوچ سمجھکر کام کرنا
ٹھنڈا کرنا: سرد کرنا، پیاس بجھانا، توڑنا
ٹھنڈا گرم نہ دیکھنا: کسی معاملے کے تمام پہلوؤں پر نظر نہ رکھنا
ٹھنڈا لوہا کیوں کاٹتے ہو: بے فائدہ محنت کیوں کرتے ہو
ٹھنڈا ہونا: سکون ہونا
ٹھنڈک پڑنا: جلن دور ہونا، کسی فتنہ کا دور ہونا
ٹھنڈے ٹھنڈے جانا: آرام سے جانا، دفع ہونا
ٹھنڈے ٹھنڈے گھر جانا: رخصت ہونا، دفع ہونا
ٹھنڈے سانس بھرنا: غم یا رنج کی حالت میں سرد آہیں کھینچنا
ٹھنڈی آگ سے جلانا: دھوکا دینا، دغا سے مارنا
ٹھنڈی نکلنا: چیچک نکلنا
ٹھنڈی ڈھلنا: چیچک ڈھل جانا
ٹھور ٹھور پھرنا: آوارہ پھرنا
ٹھور ٹھور توڑ دینا: جوڑ جوڑ الگ کر دینا
ٹھور رکھنا: بچ کر نہ جانے دینا، جان سے مار دینا
ٹھور رہنا: کسی جگہ رہنا، مار گرایا جانا
ٹھوڑی پر ہاتھ رکھ کر بیٹھنا: فکرمند ہونا
ٹھوڑی پکڑنا: غصہ دور ہونا، منت سماجت کرنا
ٹھوڑی کے نیچے ہاتھ دیکر بیٹھنا: رنجیدہ ہونا، ملول ہونا
ٹھوڑی میں ہاتھ دینا: ناراضی دور کرنے کے لیے خوشامد کرنا
ٹھوسا بھی نہ دینا: کچھ بھی نہ دینا
ٹھوسا دکھلانا: ضد یا ہٹ کرنا
ٹھوسے پر مارنا: عزت نہ کرنا
ٹھوک بجا کے: کھرا کھوٹا پرکھ کے

ٹھوک بجا کے لینا: کھرا کھوٹا پرکھ کے خریدنا
ٹھوکا جانا: ٹھکنا
ٹھوکر اٹھانا: نقصان برداشت کرنا
ٹھوکر پر ٹھوکر اٹھانا (لگنا): لگاتار صدمے اٹھانا
ٹھوکر پر مارنا: حقیر یا ذلیل سمجھنا
ٹھوکر لگنا: صدمہ پہنچنا
ٹھوکر لگی ہونا: مصیبت یا نقصان کا پہلے سے تجربہ ہونا
ٹھوکر لینا: غلطی کرنا
ٹھوکر مارنا: حقیر سمجھنا، ترک کر دینا
ٹھوکروں میں پڑا رہنا: بے عزتی اور ذلت کی حالت میں رہنا
ٹھوکریں چلنا: پاؤں کی ٹھوکریں لگنا
ٹھوکریں دینا: اذیت یا تکلیف دینا
ٹھوکریں کھا کر سنبھلنا: نقصان اٹھا کر ہوش میں آنا
ٹھوکریں کھانا: رکنا، در بدر پھرنا
ٹھوکریں کھلانا (کھلوانا): ذلیل کروانا، در بدر پھرانا
ٹھونگ مارنا: بیچ کی انگلی دوہری کر کے مارنا
ٹھیس لگنا: ہلکا سا صدمہ لگنا، اذیت ہونا
ٹھیک آنا: صحیح جگہ پر آنا، عین موقعے پر آنا
ٹھیک بنانا: سزا دینا، درست کرنا
ٹھیک ہونا: درست ہونا
ٹھیکا بجانا (بجنا): طبلہ یا ڈھولک اس انداز سے بجانا کہ گانے والے کو سہارا ملے

ٹھیکا بھرنا: گھوڑے کا اچھلنا کودنا
ٹھیکرا پھوڑنا: الزام دینا
ٹھیکرے بکوانا: گھر کا سامان بکوانا یا نیلام کرانا
ٹھیکرے منہ پر ٹوٹنا: چہرے پر نحوست برسنا
ٹھیکرے میں ڈالنا: ایک رسم جو کہ بچے کی پیدائش پر کی جاتی ہے
ٹھیکری آنکھوں پر رکھنا: بے مروتی کرنا، غفلت برتنا
ٹھیکری چننا: پاگل ہو جانا
ٹھیکری کرنا: جائداد برباد کرنا
ٹھیکی لگانا: بوجھ سر سے اتار کر دم لینا
ٹھیکیاں لینا: دم لے کر چلنا
ٹھینگا باجنا: رسوائی ہونا
ٹھینگا دکھانا: خاطر میں نہ لانا
ٹیپ بھرنا (کرنا): پکی عمارت کی درازیں سیمنٹ سے بھرنا
ٹیپ جڑنا (مارنا): چپت یا دھول مارنا
ٹیٹک منجھے میں پڑنا: الجھاؤ میں پڑنا
ٹیڑھا پڑنا: سیدھا نہ گرنا
ٹیڑھا چلنا (جانا): سیدھا نہ چلنا
ٹیڑھا رہنا: مخالف بنے رہنا، ناراض رہنا
ٹیڑھا ہونا: خمیدہ ہونا، بگڑنا
ٹیڑھی آنکھ سے دیکھنا: دشمنی یا مخالفت کے جذبے سے دیکھنا
ٹیڑھی آنکھیں کرنا: ناراض ہونا، بے مروّتی دکھانا
ٹیڑھی انگلی بغیر گھی نہیں نکلتا: اس دنیا میں

سیدھی طرح کام نہیں چلتا
ٹیڑھی باتیں: اکھڑی اکھڑی باتیں کرنا
ٹیڑھی سنانا: بُرا بھلا کہنا
ٹیڑھی چال چلنا: سب کے خلاف چلنا
ٹیک دھرنا: پکا ارادہ کر لینا
ٹیک رہنا: بھرم رہنا، اعتبار قائم رہنا
ٹیک لگانا: کسی چیز کے سہارے کھڑا ہونا یا بیٹھنا
ٹیکا بھیجنا: سگائی کرنا
ٹیکا کروانا: سوئی لگوانا
ٹیکا لگانا: ماتھے پر بندی لگانا
ٹیں ٹیں کرنا: مہمل باتیں کیے جانا
ٹیں ہو جانا: مر جانا
ٹینٹ پکوڑا ہو جانا: ناراض ہو کر منہ پھلا لینا
ٹیہلا پھرنا (پھیلانا): شادی رچانا

(ث)

ثواب بخشنا: اپنا کمایا ہوا ثواب دوسروں کو دے دینا
ثواب کمانا: نیک کام کرنا
ثواب لوٹنا: کام کا اچھا اجر پانا

(ج)

جا بجا کہنا: برا بھلا کہنا، بدنام کرنا
جا ضرور بند ہونا: قبض ہونا
جا ضرور خطا ہونا (نکل جانا): بے اختیار پاخانہ نکل جانا

جا اترنا: ٹھہرنا، فروکش ہونا
جا ٹھہرنا: لڑ پڑنا، مقابلہ کرنا
جا پڑنا: حملہ آور ہونا
جا دھمکنا: اچانک کسی جگہ پہنچ جانا
جا لہنا: ٹھہرنا، قیام کرنا
جا گھسنا: زبردستی داخل ہو جانا
جا ملنا: پیچھے سے آ کر مل جانا
جا نکلنا: اتفاق جا پہنچنا
جادو الٹ دینا: جادو کا اثر جادو کرنے والے پر ہی ہو جائے
جادو الٹنا: جادو کا اثر جادو کرنے والے پر ہی ہو جائے
جادو برحق، کرنے والا کافر: جادو کے ثبوت میں کرنے والے کی مذمت میں کہا جاتا ہے
جادو پڑھ کر ماش مارنا: ماش کے دانے پر منتر پڑھ کر مارنا
جادو پلٹ جانا: جادو منتر کا الٹا اثر ہونا
جادو جگانا: جادو کا عمل کرنا
جادو چلانا: جادو کرنا
جادو چلنا: سحر کا اثر ہونا
جادو ڈالنا: اثر میں لے لینا
جادو کرنا: افسوں کرنا
جادو کی نظر: پر کشش نگاہ
جاڑا پڑنا: سردی پڑنا
جاڑا چڑھنا: سردی کے ساتھ بخار چڑھنا
جاڑا کھانا: سردی برداشت کرنا

جاڑا لگنا: ٹھنڈ الگنا

جاگ اٹھنا (پڑنا) (جانا): سوتے سے اٹھ جانا، بیدار ہو جانا

جاگتے رہنا: بیدار رہنا، نہ سونا

جال بچھانا (ڈالنا): گرفتار کرنے کی تدبیر کرنا

جال پھینکنا: کسی کو پھانسنے کے لیے چال چلنا

جال لگانا: جانور یا پرندے کو پکڑنے کے لیے جال بچھانا

جال مارنا: کسی کو فریب دینا

جال میں آنا: دھوکہ کھانا، پکڑے جانا

جال میں پھنسنا: گرفتار ہونا، دھوکے میں آنا

جالا پڑنا: آنکھ پر جھلی یا پردہ پڑ جانا

جالا لینا: دیواروں سے مکڑی کے جالے صاف کرنا

جالی پڑنا: آم کی کیری میں گٹھلی پڑنے سے پہلے ریشہ پڑنا

جالی کاڑھنا (نکالنا): جالی کا کام کرنا

جام اڑانا (اڑنا): شراب نوشی کرنا

جام پر جام چڑھانا: بکثرت شراب پینا

جام چڑھانا: شراب پینا

جام چلنا: شراب کا دور چلنا

جام لبریز ہونا: پیالہ بھر جانا

جامہ قطع کرنا: کسی صفت یا عیب میں کامل ہونا

جامے سے باہر ہو جانا: بہت اترانا، فخر کرنا، غصے میں آپے سے باہر ہو جانا

جامے سے نکل پڑنا: بہت زیادہ اترانا

جامے سے نکل جانا: خوشی یا غصے میں آپے سے باہر ہو جانا

جامے میں پھولا نہ سمانا: اتنا خوش ہونا کہ آپے سے باہر ہو جانا

جامے میں رہنا: اپنے حواس میں رہنا

جان آنا (آجانا): قوت آنا

جان آڑنا: جان کی پروانہ کرنا

جان آنکھوں میں آنا: مرنے کے قریب ہونا، شدید انتظار ہونا

جان اٹکنا: نزع کی حالت

جان اڑی ہونا: پریشانی، بدحواسی

جان الجھنا: آفت میں پڑ جانا

جان بچا جانا: الگ ہو جانا

جاں بحق (تسلیم) ہونا: مرجانا

جاں بر ہونا: محفوظ رہنا

جان بھاری ہونا: مصیبتوں سے گھبرا جانا، زندگی سے تنگ آجانا

جان بیچنا: طمع کی وجہ سے وہ کام کرنا جس میں جان جانے کا خطرہ ہو

جان بے کل ہونا: گھبراہٹ ہونا

جان پانا: تازگی آجانا، نئی زندگی پیدا ہو جانا

جان پر آبنا: سخت مصیبت ہونا

جان پر آسمان ٹوٹنا: آفت نازل ہونا

جان پر آنا: خطرہ قریب ہونا

جان پر بن جانا (بننا): مصیبت میں پھنس جانا

جان پر جوکھم آنا: مصیبت میں پھنسنا

جان پر کھیلنا : ایسا کام کرنا جس میں جان جانے کا خطرہ ہو
جان پر نوبت آنا: زندگی خطرے میں پڑ جانا
جان پڑنا: زندگی پیدا ہونا
جان پڑی ہونا: ہر وقت کسی کی طرف دھیان لگا ہونا
جان پر گزرنا: تکلیف یا اذیت میں ہونا
جان پھڑکنا: بیتابی محسوس کرنا، گھبرانا
جان پھنسانا: مصیبت میں جان ڈالنا
جان پیاری ہونا: زندگی عزیز ہونا
جان تصدّق کرنا: دوسرے پر اپنی جان قربان کر دینا
جان جاتی رہنا (جانا): مر جانا
جان جلانا: رنج دینا، غصہ بھڑکانا
جان جلنا: رنج ہونا، غصہ ہونا
جان جھوکنا: قربان ہو جانا
جان چرانا: محنت سے گریز کرنا
جان چلی جانا: بے چینی گھبراہٹ یا اضطراب ہونا
جان چھڑانا: پھندے یا گرفت سے نکلنا
جان چھڑکنا: عاشق ہونا، بے انتہا پیار کرنا
جان چھوٹنا: نجات ملنا
جان حاضر ہونا: بڑی سے بڑی قربانی پر آمادہ ہونا
جان دریغ نہ کرنا: کسی کے مقابلے میں اپنی جان کو بھی کچھ نہ سمجھنا

جان دوبھر ہونا: زندگی وبال معلوم ہونا
جان دھکدھکی میں اٹکنا: سخت بے چینی بے قراری یا گھبراہٹ
جان دینا: مر جانا، خودکشی کرنا
جان ڈالنا: روح ڈالنا، تازہ دم کرنا
جان رکھنا: طاقت ور ہونا
جان رمقے ہونا: تھوڑی سی جان باقی ہونا
جان رہنا: زندگی برقرار رہنا
جان سپر کرنا: دوسروں کو بچانے کے لیے اپنی جان خطرے میں ڈالنا
جان سن سے ہو جانا: ڈر جانا، سہم جانا
جان سوکھنا: خوف معلوم ہونا
جان سولی پر ہونا: خطرے میں ہونا
جان سے بیزار ہونا: جان سے تنگ آنا
جان سے جانا: مرنا
جان سے دور : جب کسی مرے ہوئے شخص سے کسی اپنے زندہ عزیزوں کو نسبت دیتے ہوئے کہتے ہیں
جان سے زیادہ عزیز رکھنا: بہت پیارا سمجھنا
جان سے گزرنا (جانا): مر جانا
جان سے مار ڈالنا: قتل کرنا
جان سے مایوس ہونا: جینے کی امید نہ رہنا
جان سے ہاتھ اٹھانا (دھو بیٹھنا): مرنے پر آمادہ ہونا
جان عذاب میں ڈالنا: جان مصیبت میں پھنسانا

جان غش ہونا: کسی پر فریفتہ ہونا
جان کا خواہاں ہونا: مارنے کے درپے ہونا
جان کام آنا: کسی کی خدمت میں مرجانا
جان کو جان نہ سمجھنا: حد سے زیادہ محنت کرنا
جان کو رونا (کلپنا): صبر کر بیٹھنا
جان کھا جانا: تنگ کرنا
جان کھپانا: بہت زیادہ محنت کرنا، فکر کرنا
جان کھنچنا: دم نکلنا
جان کھونا: رنج کرنا، مرجانا
جان کی پڑی ہونا: زندگی کی فکر ہونا
جان کی طرح رکھنا: بہت عزیز رکھنا
جان کے برابر رکھنا: بہت زیادہ عزیز رکھنا
جان کے پیچھے پڑنا: جان کے درپے ہونا
جان کے پیچھے عذاب نکلنا: کوئی بکھیڑا یا مصیبت اپنے سر لینا
جان کے لالے پڑنا: جینے کی امید نہ رہنا
جان گھلانا: فکر یا غم سے نڈھال ہونا
جان گھل جانا: کمزور ہو جانا
جان گنوانا: بے فائدہ جان دے دینا
جان لبوں پر آنا: عالم نزع میں ہونا
جان لڑا دینا: مرنے کو تیار ہو جانا
جان لہرانا: مائل ہونا، عاشق ہونا
جان لینا: مار ڈالنا، سمجھ لینا
جان مار کر کام کرنا: بہت محنت سے کام کرنا، تنگ کرنا
جان میں جان آنا (پڑنا): تسلی ہونا، خوشی حاصل ہونا
جان میں جان نہ ہونا: بہت کمزور ہونا
جان نثار کرنا: جان فدا کرنا
جان نہ بچنا: موت سے نہ بچ سکنا، چھٹکارا نہ ہونا
جان نہ چھوڑنا: پیچھا نہ چھوڑنا، مار ڈالنا
جان نہ ہونا: کمزور ہونا
جان وارنا: جان قربان کرنا
جان و مال کو رونا: کسی کی جان اور مال کے نقصان کا رنج و ملال کرنا
جان ہلاک کرنا: حد سے زیادہ کام لینا
جان ہوا ہونا: جان نکلنا بہت زیادہ ڈرنا
جان ہونا: زور یا قوت ہونا، بہت عزیز ہونا
جان بوجھ کر: دیدہ و دانستہ، ارادتاً
جان بوجھ کر کنویں میں گرنا: واقف ہوتے ہوئے نقصان اٹھانا
جان پڑنا: دھیان میں آنا، محسوس ہونا
جان جانا: واقف ہونا، پہچان جانا
جان رکھنا: یاد رکھنا، دل میں بٹھالینا
جان کر انجان بننا: واقف ہونے کے باوجود لاعلمی ظاہر کرنا
جان نہ ہونا: بہت کمزور ہونا
جانچ پرکھ کرنا: آزمانا، آنکنا
جانچ پڑتال کرنا: اندازہ کرنا، گنتی کرنا
جانے دو: درگذر کرو
جانے دینا: درگزر کرنا
جائز رکھنا: صحیح قرار دینا، حلال جاننا

جائز قرار دینا: قانوناً جائز ہونے کا فیصلہ دینا
جائزہ دینا: حساب کتاب کی جانچ پڑتال کروانا
جائزہ لینا: جانچنا، ذہن میں تولنا
جبر اٹھانا: سختی جھیلنا، دکھ اٹھانا
جبر ہونا: ظلم ہونا، سختی ہونا
جبراً بھرتی کرنا: زبردستی فوج میں بھرتی کرنا
جبڑا توڑنا: ضرب سے منہ توڑ دینا
جبڑا چلانا: منہ چلانا
جتنی لابھ اتنی لوبھ: جتنا زیادہ فائدہ اتنا ہی لالچ
جتھا باندھنا: گروہ بنانا، ایکا کرنا
جج بیٹھنا: جانچ کرنا، سوچ وچار کے بعد فیصلہ کرنا
جرأت دکھانا: دلیری یا بہادری کا کام کرنا
جرعہ نوشی کرنا: گھونٹ گھونٹ کر کے پینا
جرگہ آنا: پٹھانوں کی جماعت یا وفد کا کسی کام کے لیے کسی افسر کے پاس آنا
جگر بٹھانا (بلانا): کسی مقدمے کے بارے میں فیصلہ طلب کرنے کے لیے جرگہ مقرر کرنا
جرگہ بیٹھنا: کسی مقدمے کے فیصلے کے لیے جرگہ اکٹھا ہونا
جرگے میں بھیجنا: کوئی مقدمہ سماعت یا فیصلے کے لیے جرگے کو سونپنا
جرم کا ارتکاب کرنا: مجرم بن جانا، جرم کر بیٹھنا
جرم کا اقبال کرنا: اپنے جرم کو مان لینا
جریب چلانا (ڈالنا): لاٹھی پھینکنا، ایک کھیل جس شخص کی لاٹھی سب سے زیادہ دور جاتی ہے وہی جیتتا ہے
جڑ اکھیڑنا: تباہ و برباد کرنا، بیخ کنی کرنا
جڑ جمانا: مضبوط کرنا، قائم کرنا
جڑ جمنا: قائم ہونا، مضبوط کرنا
جڑ سے ناک کاٹنا: بہت زیادہ ذلیل و خوار کرنا
جڑوں میں پانی دینا: تباہی کی سازش کرنا
جس پر مرنا: ناموری اور شہرت کی تمنا رکھنا
جس کرنا: نام پیدا کرنا، شہرت حاصل کرنا
جست بھرنا: چھلانگ مارنا
جشن اڑانا: مزے اڑانا
جفا جھیلنا: ظلم یا زیادتی برداشت کرنا
جفا کفا اٹھانا: مصیبتیں اٹھانا
جفتے پڑنا: سلوٹیں پڑنا، شکن ہونا
جفتی کرنا (کھانا): نر اور مادہ کا ایک دوسرے کو ملنا
جگ جانی دیس بکھانی: بہت مشہور
جگ جیتنا: دنیا کو فتح کر لینا، غالب آ جانا
جگ پھوٹنا (ٹوٹنا): پھوٹ پڑنا، چوسر میں دو گوٹوں کا جدا ہونا
جگ پھوڑنا جگ توڑنا: ایسے حالات پیدا کرنا کہ نا اتفاقی ہو جائے
جگت لڑانا، جگت لگانا: تدبیر چلانا، تعلق بنانا
جگت لڑانا: شک ملانا، تلازمہ میں بات چیت کرنا
جگت ملانا: مطلب نکالنا
جگر آب ہونا: سخت صدمہ پہنچنا، خوفزدہ ہونا

جگر اچھلنا: خوف کھانا
جگر پاش پاش ہونا: غم کی شدت ہونا
جگر پانا: حوصلہ ہونا
جگر پانی ہونا: ہمت ٹوٹنا
جگر پر پتھر رکھ لینا: صبر کر لینا، ضبط کرنا
جگر پر چھریاں چلنا: بہت بے چین ہونا
جگر پر ہاتھ رکھنا: بے قراری کی حالت میں کلیجہ تھامنا
جگر پک جانا: برداشت کی حد ہو جانا
جگر پھٹنا: بیحد رنج و ملال ہونا
جگر پٹنا: رنج کرنا
جگر پھیلنا: دل جلنا، رنج کرنا
جگر تھام کے بیٹھ جانا: صدمہ کے بعد دل تھام کے بیٹھ جانا
جگر تھام کے بیٹھنا: کوئی ایسی بات یا واقعہ سننے کے لیے خود پر قابو پانا جو بہت صدمہ یا رنج دینے والی ہو
جگر ٹکڑے ٹکڑے ہونا: رنج یا صدمے سے دل ٹوٹنا
جگر جلنا: غصہ آنا، افسوس یا ملال ہونا
جگر چاک ہونا: سخت صدمہ ہونا
جگر خون کر دینا: روحانی یا دلی صدمہ پہنچانا
جگر خون ہونا: سخت ترین قلبی صدمہ ہونا
جگر دو ٹکڑے ہونا: دل پر اذیت ناک صدمہ پہنچانا
جگر دہلنا: ڈرنا، خوف کھانا

جگر دیکھنا: حوصلہ رکھنا
جگر رکھنا: حوصلہ رکھنا
جگر سے دھواں اٹھنا: بے حد صدمہ ہونا
جگر شق ہونا: سخت صدمہ پہنچنا
جگر کاٹنا: کوئی ایسی چیز کھلا دینا جس سے جگر کٹ جائے
جگر کانپ جانا: خوف طاری ہو جانا
جگر کرنا: حوصلہ کرنا
جگر کو پیٹنا: آہ و زاری کرنا
جگر کو دیکھنا: دلیری اور حوصلے کی داد دینا
جگر کھودنا: سخت الجھن ہونا
جگر کے پار ہونا: بھرپور زخم لگنا
جگر کے ٹکڑے ٹکڑے ہونا: رنج و ملال سے دل ٹوٹ جانا
جگر لہو کرنا: شدید صدمہ پہنچنا
جگر لہو ہونا: انتہائی صدمے سے طاقت برداشت کا جواب دے دینا
جگر مسوس لینا: صدمہ اٹھاتے وقت بے بس ہونا
جگر منھ کو آنا: سخت دکھ ہونا
جگر میں چٹکیاں لینا: اندر ہی اندر تکلیف دینا
جگر ناسور ہونا: ناقابل فراموش صدمہ پہنچنا
جگر ہل جانا: خوف یا صدمے سے دل پر گہرا اثر ہونا
جگر ہونا: حوصلہ ہونا
جگہ بنانا: گنجائش نکلنا، مکان بنانا
جگہ بھر جانا: گنجائش نہ رہنا

جگہ جگہ درد کرنا: بدن کے ہر حصّے میں درد ہونا
جگہ دل میں ہونا: محبت ہونا، قدر ہونا
جگہ جگہ ہونا: ہر جگہ ہونا
جگہ چھوڑنا: مقام چھوڑنا، ہٹنا
جگہ خالی کرنا: کسی کا کسی جگہ سے اٹھ کر چلے جانا
جگہ دلانا: نوکری دلانا
جگہ دینا: ٹھہرانا، رہنے کے لیے مکان دینا
جگہ روکنا: خالی جگہ پر بیٹھ جانا
جگہ سر خرچنا: موقع سے خرچ کرنا
جگہ سر (سے) ہونا: مناسب جگہ ہونا
جگہ ملنا: نوکری ملنا، ملازمت ملنا
جگہ ہونا: گنجائش ہونا
جل تھل ایک ہونا: ہر جگہ پانی ہی پانی ہونا
جل جانا: آگ لگ جانا، حسد کرنا
جل کر راکھ ہونا (خاک): سخت ناراض ہونا
جل دینا: فریب دینا
جل کھیلنا: دھوکے میں ڈالنا
جل میں آنا: فریب میں آنا
جلا جلا کر مارنا: غم دے دے کر جان گھلانا
جلا دینا: آگ لگانا، غصہ دلانا، چھیڑنا
جلے پر نمک چھڑکنا: تکلیف زدہ کو اور زیادہ تکلیف دینا
جلے پھپھولے پھوڑنا: شکوے شکایت سے دل کا غبار نکالنا ۔
جلا دینا (کرنا): چمکانا
جلاب سا لگ جانا: خوف یا تشویش سے دست چھوٹنا
جلال آنا: غصہ آنا، جوش آنا
جلتی آگ بجھانا: جھگڑا مٹانا
جلتی آگ پر تیل چھڑکنا: لڑائی کو اور بڑھانا
جلتی آگ میں پانی ڈالنا: لڑائی یا فساد کی آگ بجھانا
جلد مزاج: کسی بات پر فوراً بھڑک اٹھنے والا
جلدی مچانا: جلدی کی تاکید کرنا
جلوہ آرا ہونا: خاص بناؤ سنگار یا سج دھج کے سامنے آنا
جلوہ دکھانا: سج دھج دکھانا
جلی کٹی پر آنا: برا بھلا کہنا
جلی کٹی رکھنا: دشمنی رکھنا
جماعت میں بیٹھنا: بچوں کا درجے میں بیٹھ کر پڑھنا
جما ہوا: منجمد، کھڑا ہوا
جمع ہونا: اطمینان ہونا
جمعیت اکٹھا کرنا: لشکر جمع کرنا
جن ڈھونڈا تن پایا: جس نے محنت کی اس نے کامیابی حاصل کی
جن کا بیڑا ان کا کھیڑا: جن کا کٹم قبیلہ بڑا ہوگا ان کا ہی لوگوں پر رعب ہوگا
جن اتار دینا: آسیب دور کرنا، غصہ دور کرنا
جن چڑھانا: آسیب کا اثر ہونا، غصہ ہونا
جن سوار ہونا: غصہ ہونا، آسیب ہونا
جن شیشے میں اتارنا: ضدی یا سرکش آدمی کو قابو

کرلینا
جنجال ہوکر چمٹنا: بری طرح پیچھے پڑنا
جندرے ڈھیلے ہونا: ست ہوجانا
جنگ سر کرنا: لڑائی پر فتح پانا
جنگل پھرنا (جانا): بیت الخلا جانا
جنگل میں منگل ہونا: ویرانے میں آبادی اور رونق ہونا
جنگل ہوجانا (ہونا): ویرانہ ہوجانا
جنگلی کبوتر ہونا: میل جول سے کترانا
جنم میں تھوکنا: عیب لگانا، نام دھرنا
جنون آنا: غصہ آنا، طیش آنا
جنون اچھلنا: خبط سوار ہونا
جنون چڑھنا: پاگل پن سوار ہونا
جو جو حساب لینا: انتہائی سختی سے حساب لینا
جوا چور: وہ جواری جو اپنا داؤں جیت کر کھسک جائے
جوا ڈال دینا: تھک جانا
جوا کھیلنا: داؤں لگانا
جوا ہارنا: ہارنا، جوا گردن سے اتار پھینکنا
جواب تک نہ دینا: چپ سادھ لینا، ناراض ہونا
جواب دہی سے بری کرنا: ذمہ دار قرار نہ دینا
جواب دہی کرنا: مواخذہ کرنا
جواب دے جانا: کسی چیز کا بے کار یا بے مصرف ہوجانا
جواب دے دینا: قطعی انکار کردینا
جواب نہ رکھنا (ہونا): بے مثال ہونا

جوانی ابھرنا: جوان ہونے کی علامتیں ظاہر ہونا
جوانی ڈھل جانا: جوانی ختم ہوجانا
جوانی کا پھل: عیش و آرام، جوانی کے مزے
جوانی میں مانجھا ڈھیلا: جوانی میں سستی اور کاہلی
جواہر میں تولنا: قدر کرنا، وقعت کرنا
جوبن ابھرنا (امنڈنا): جوانی کا آغاز ہونا
جوبن برسنا: خوبصورتی ظاہر ہونا
جوبن پر آنا (ہونا): حسن کا زیادہ (دلکش ہونا)
جوبن پھٹا پڑنا: حسن میں نہایت اضافہ ہونا
جوبن ٹپکنا: جوانی ظاہر ہونا
جوبن چمکانا: جوبن کا ابھار دکھانا
جوبن دکھانا: حسن کی بہار دکھانا
جوبن لٹنا: رونق ختم ہونا
جوبن نکالنا: رونق پر آنا
جوت بہت کرنا (چڑھانا): مندر میں دیا جلانا
جوت پڑنا: عکس پڑنا، روشنی پڑنا
جوتا اٹھانا: مارنے کے ارادے سے جوتا ہاتھ میں لینا
جوتا برسانا: جوتوں کی مار مارنا
جوتا برسنا: جوتے پڑنا
جوتا جاتی: لڑائی جھگڑا
جوتی چلانا: کسی جوتے کو بہت عرصے تک ثابت رکھنا
جوتا چلنا: کسی جوتے کا کافی عرصے تک نہ ٹوٹنا
جوتا چھپانا: شادی کی تقریب کی ایک رسم
جوتا دینا: بے عزتی کرنا، پہننے کے لیے جوتا

پیش کرنا
جوتا سر پر ٹوٹنا: بہت زیادہ مار پڑنا
جوتا لگنا: گھاٹا یا خسارہ ہونا
جوتا مارنا: احسان کر کے شرمندہ کرنا، جوتے سے مارنا
جوتی پر رکھ کر روٹی دینا: ذلیل کر کے روٹی کھلانا
جوتی پر مارنا: ذلیل یا حقیر سمجھنا
جوتی کی نوک پر مارنا: ذلیل سمجھنا، نفرت کا اظہار
جوتی کے برابر نہ سمجھنا: ذرا بھی خاطر میں نہ لانا
جوتے کے تلے سے ناک کاٹ لینا: بہت ذلیل کرنا
جوتے سے خبر لینا: جوتوں سے مارنا
جوتیاں توڑنا: دوڑ دھوپ یا کوشش کرنا
جوتیاں چٹخاتے پھرنا: آوارہ پھرنا
جوتیاں سر پر رکھنا: احترام کرنا، خوشامد کرنا
جوتیاں سیدھی کرنا: بزرگوں یا بڑوں کی خدمت کرنا
جوتیاں سی گانٹھنا: بہت موٹی سلائی کرنا
جوتیاں کھانا: جوتیوں سے پٹنا
جوتیاں مارنا: طعنے دینا، ذلیل کرنا
جوتیوں سمیت آنکھوں میں بیٹھنا: آنکھوں میں دھول جھونکنا
جوتیوں سے لگا ہونا: ہر وقت ساتھ ہونا
جوتیوں کا صدقہ: کسی کی توجہ سے کام ہونے پر اس وقت کہتے ہیں جب کسی کا احسان ماننے کا اظہار کیا جائے
جوتیوں میں دال بٹنا: لڑائی جھگڑا ہونا
جوتیوں میں ڈال دینا: بے عزت کرنا، قدر گھٹانا
جورو کا مرنا گھر کا خرابہ: بیوی کے مر جانے سے گھر اجڑ جاتا ہے
جوڑ توڑ کرنا: ساز باز کرنا، فریب کرنا
جوڑ بٹھانا: چول بٹھانا، حساب کی میزان درست کرنا
جوڑ جوڑ شرارت بھری ہونا: بہت زیادہ شریر ہونا
جوڑ جوڑ کے مر جانا: کنجوسی سے جمع روپیہ سے فائدہ اٹھائے بنا ہی مر جانا
جوڑ گانٹھنا: چالاکی سے کام لینا
جوڑ لگانا (لگنا): پیوند لگانا، جوڑا لگانا
جوڑ ملنا: برابر کا ہونا، تک ملنا
جوڑا بڑھانا: پوشاک اتار کر رکھنا
جوڑا باندھنا: بالوں کو اکٹھا کر کے سر کے پیچھے باندھنا
جوڑا کھولنا: بالوں کی گرہ کھولنا
جوڑی ہانکنا: دو بیویوں کا خاوند ہونا
جوش کھانا (مارنا): ابلنا، کھولنا، زیادتی ہونا
جوش میں آنا: چڑھاؤ یا طغیانی پر آنا
جوش میں لانا: غصہ دلانا، برانگیختہ کرنا
جوکھم میں پڑنا: مصیبت میں پڑنا
جوکھوں اٹھانا: نقصان برداشت کرنا، خسارہ اٹھانا
جوکھوں میں پڑنا: خطرے میں پڑنا

جوکھوں میں ڈالنا: آفت میں پھنسانا
جوگ لینا: ترک دنیا کرنا
جوگی ہو جانا: فقیری لے لینا
جولانیوں پر آنا: ترنگ میں آنا
جولانیوں پر رہنا: جوش میں بھرے رہنا
جون بدلنا (پلٹنا): ظاہری شکل تبدیل کرنا، غیر معمولی ترقی یا تنزلی
جون پوری کرنا: زندگی گزارنا
جونک ہو کے چمٹنا: جونک کی طرح چمٹنا، کسی کے پیچھے پڑ جانا
جوہر اڑانا: کسی چیز کی خوبی کی نقل کرنا
جوہر دکھانا: ہنر یا لیاقت یا فضیلت ظاہر کرنا
جوہر کرنا: راجپوتوں کی ایک رسم
جوہر کھلنا: خوبیاں یا ہنر ظاہر ہونا، نالائقی ظاہر ہونا
جوہر نکالنا: عیب و ہنر ظاہر کرنا
جہاں آنکھوں میں اندھیرا ہونا: سخت گھبراہٹ اور پریشانی ہونا
جہاں تنگ ہونا: مصیبتوں کا ہجوم ہونا
جہاں سے اٹھ جانا (گزر جانا): مر جانا
جہاں سے ہاتھ اٹھانا: گوشہ نشینی اختیار کر لینا
جہاں سیاہ ہونا: رنج و غم کی شدت ہونا
جہاں کا چکّر: دنیا بھر میں پھرنا
جہنم میں ڈالنا: عذاب میں مبتلا کرنا
جہنم اصل کرنا: دشمن کو قتل کر دینا
جہیز میں آنا: لڑکی کی شادی میں والدین کی طرف سے ملاحظہ
جھاڑ باندھنا: لگاتار بولے جانا
جھاڑ بسانا: لڑائی یا جھگڑا مول لینا
جھاڑ پچھوڑ دیکھنا: جانچ تول کرنا
جھاڑ پونچھ برابر کرنا: سب خرچ کر ڈالنا
جھاڑ جانا: چٹ کر جانا
جھاڑ دینا: منتر پھونکنا، ناراض ہونا، صفائی کرنا
جھاڑ ڈالنا: پھٹکارنا، وصول کر لینا
جھاڑ کا کانٹا: جھاڑی کا کانٹا، لڑاکا انسان
جھاڑ کے پر نکالنا: کثرت سے پر نکالنا
جھاڑ لینا: نفع کما لینا، صفائی کر لینا
جھاڑ ہو کر لپٹنا: پیچھا نہ چھوڑنا، چمٹ جانا
جھاڑا جانا (لینا): تلاشی لینا
جھاڑنا جھٹکنا: صفائی کرنا
جھاڑو پھر جانا: بربادی، صفایا ہو جانا
جھاڑو پھیرنا: صفایا کرنا، کچھ نہ چھوڑنا
جھاڑو مارنا: نفرت کا اظہار کرنا
جھاڑو دینا: صفائی کرنا
جھاڑ ہو کر لپٹنا: پیچھے پڑ جانا
جھاگ لانا: غصے یا جوش کی حالت میں منہ سے تھوک نکالنا
جھال آنا: طوفان آنا، دفعتاً مینہ پڑنا یا اولے گرنا
جھانٹ برابر نہ سمجھنا: کچھ بھی وقعت نہ ہونا
جھانٹ بھی نہ اکھاڑ سکنا: کسی قابل نہ ہونا، ذرا بھی نقصان نہ پہنچا سکنا
جھانٹیں اکھاڑنا: طنزاً کچھ نہ کر سکنے کے موقع

پر بولتے ہیں

جھانجھ لانا: لڑنا، غصہ دکھانا

جھانسا بتانا (دینا): دھوکہ یا فریب دینا

جھانولی دینا: ناز بھری نگاہ ڈالنا

جھپ کھانا: کنکوے کا الٹ کر گرنا

جھپاکا مارنا: کوئی کام بہت جلد کرنا

جھپ جانا: جلدی جانا

جھپ کر آنا: حملہ کرنا

جھپ لینا: ہاتھ سے چھین لینا

جھپ میں آجانا: بھاگتے ہوئے، آدمی یا جانور سے ٹکرا کر گرنا

جھپیٹا مارنا: چنگل مارنا، پنجہ مارنا

جھپک آنا: آنکھ لگ جانا، شرم آنا

جھپک دکھانا: صورت دکھانا

جھپکی لینا: تھوڑی دیر کے لیے سو رہنا

جھپیٹ کھانا: دھکا لگنا، چوٹ کھانا

جھپیٹ میں آنا: کسی دوڑتے ہوئے انسان کی زد میں آنا

جھپیٹے میں لانا: قابو میں لانا

جھٹک جانا: لاغر ہو جانا

جھٹک دینا: جھٹکے سے پرے ہٹا دینا

جھٹک لینا: چھین لینا

جھٹکا اٹھانا: صدمہ اٹھانا، خسارہ برداشت کرنا

جھٹکا پڑنا: دھکا لگنا

جھٹکا دینا: صدمہ پہنچانا، کسی کو زور سے ہلانا

جھٹکا کرنا: چوری کرنا، جانور کی گردن اڑانا

جھٹکا کھانا: تکلیف سہنا

جھٹکے پانا: صدمے اٹھانا

جھٹکے کا مال: چوری کا مال

جھجک جانا: رک جانا: ایکدم چونک پڑنا

جھجک نکلنا: مانوس ہو جانا، رکاوٹ نہ رہنا

جھجک ہونا: حجاب ہونا، رکنا

جھر جھر کر ڈالنا: ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالنا

جھر کٹ ہو جانا: پنجر رہ جانا

جھرّیاں پڑنا: کھال مرجھا کر سلوٹیں پڑنا

جھڑ پکنا: بوڑھا ہو کر کام کے قابل نہ رہنا

جھڑ لگنا: موسلا دھار بارش ہونا

جھڑا جھڑ روپیہ برسنا: بہت زیادہ آمدنی ہونا

جھڑا جھڑ ہاتھ مارنا: تھپڑوں کا تار باندھ دینا

جھڑپ کرا دینا: آپس میں لڑا دینا

جھڑپ ہو جانا: دو آدمیوں میں تکرار ہو جانا

جھڑتی دینا: تلاشی دینا، حساب دینا

جھڑتی لینا: تلاشی لینا

جھڑک دینا: ڈانٹ دینا

جھڑکیاں پڑنا: لتاڑنا

جھڑکیاں کھانا: لتاڑ پڑنا

جھڑی باندھنا (لگانا): لگاتار رونا، تار نہ ٹوٹنا

جھکولے دینا (کھانا): غوطے کھانا، زمانے کا اتار چڑھاؤ دیکھنا

جھکولے لینا: ڈبکیاں لگانا

جھگڑا پیدا کرنا (اٹھانا): لڑائی کی نیت سے چھیڑ چھاڑ کرنا

جھگڑا پاک ہونا (چکنا): فساد مٹ جانا
جھگڑا جانا: فساد ختم ہو جانا
جھگڑا چکانا: فساد رفع کرنا
جھگڑا چھیڑنا: لمبی کہانی یا قصہ شروع کرنا
جھگڑا کوتاہ کرنا: جھگڑا چکانا
جھگڑا کھڑا کرنا: لڑنے کا موقع پیدا کرنا
جھگڑا مول لینا: کسی تنازعے میں الجھ جانا
جھگڑے میں پڑنا: جھگڑے میں حصہ لینا
جھگڑا نکالنا: فساد کی بات پیدا کرنا
جھگڑے لگے ہونا: بہت سے خرخشے اور کاروبار پیچھے لگے ہونا
جل بجھانا (مٹانا): خواہش پوری کرنا، شہوت منانا
جھلسا دینا (لگانا): نذر آتش کر دینا
جھلک دکھانا: ایک لمحے کے لیے نظر آنا
جھلمل جھلمل کرنا: جگمگانا
جھما دینا: وجد میں لانا
جھنجھٹ لانا: تکرار شروع کرنا
جھنجھوڑیاں دینا: جگانے کے لیے زور زور سے ہلانا
جھنجھنیاں پہنانا: پاؤں میں بیڑیاں ڈالنا، قید کرنا
جھنجھی کوڑی نہ ہونا: مفلس یا قلاش ہونا
جھنڈا اڑانا: جھنڈے کو فضا میں لہرانا
جھنڈا کھڑا کرنا: بغاوت خوشی یا فتح کا جھنڈا بلند کرنا
جھنڈا اگڑنا: فتح یا قبضہ ہونا
جھنڈا نیچا کرنا (جھکانا): بادشاہِ وقت کی موت پر جھنڈا نیچا کرنا
جھنڈے پر چڑھنا: بدنام ہونا، رسوا ہونا
جھنڈی دکھانا: لائن کلیر دینا، انکار کرنا
جھوٹ بکنا: نقصان پہنچانے کے لیے جھوٹ بولنا
جھوٹ بنانا: تہمت تراشنا
جھوٹ بولنا: واقعے کے خلاف بیان کرنا
جھوٹ پکڑنا: جھوٹی بات تاڑ لینا
جھوٹ جاننا: اعتبار نہ کرنا
جھوٹ سچ لگانا: تہمت لگانا
جھوٹ کا پل باندھنا: بہت زیادہ جھوٹ بولنا
جھوٹ کو سچ کر دکھانا: جھوٹ بات کو بیان یا عمل کے ذریعے سچ ثابت کر کے دکھانا
جھوٹ لگانا: تہمت لگانا، بدگمان ہونا
جھوٹا بنانا: جھوٹا قرار دینا
جھوٹا بننا: بات سچ نہ نکلنا
جھوٹا پڑنا: وعدہ خلاف ہونا
جھوٹا ٹھہرنا: غلط بیانی ثابت ہو جانا
جھوٹا چاٹنا: کسی کے آگے کی بچی ہوئی چیز کھانا
جھوٹا ہونا: کسی کی بات سچ نہ نکلنا
جھوٹے کو گھر تک پہنچانا: جھوٹ ثابت کر دینا
جھوٹے منہ پوچھنا: ظاہرداری سے دریافت حال کرنا
جھوٹوں نہ پوچھنا: ظاہرداری یا دکھاوے کے

لیے بھی نہ پوچھنا
جھوٹوں منہ نہ چھوانا: نام کو بات نہ کرنا
جھوٹی زبان دینا: جھوٹا وعدہ کرنا
جھوٹی سچی ہانکنا: جھوٹی باتیں بیان کرنا
جھوک دینا: خرچ کرنا، آگ میں ڈالنا
جھوک سنبھالنا: کسی چیز کی لچک کو روکنا
جھوک کھانا: گر پڑنا
جھوک مارنا: کم تولنا
جھول آنا: ڈھیلا پڑنا
جھول بٹھانا: مرغی کے نیچے بچے نکالنے کے لیے انڈے بٹھانا
جھول پڑنا: کسی چیز کا ڈھیلا پڑ جانا
جھول پھرنا: ملمع چڑھانا
جھول ڈالنا: شکنیں ڈالنا، شکیں ڈالنا
جھول نکالنا: مرغی کا بچے نکالنا، شکن دور کرنا
جھولا جھلانا: کسی کو جھولے پر بٹھا کر پینگ دینا
جھولا جھولنا: جھولے پر بیٹھ کر پینگ بڑھانا
جھولا ڈالنا: جھولنے کے لیے رسّی باندھنا
جھولا مار جانا: فالج گرنا، جسم کا ڈھیلا پڑ جانا
جھولی بھرنا: مراد پوری کرنا
جھولی بھری ہونا: بامراد ہونا
جھولی چھوڑنا: بدن ڈھیلا پڑ جانے سے پہلوؤں کا گوشت لٹک جانا
جھولی ڈالنا: فقیری کرنا، نوزائد بچے کو کسی بزرگ کی گود میں ڈالنا
جھونٹا لینا: پینگ لینا

جھونج مارنا: کھجلی ہونا، خواہش کا ستانا
جھونجل اتارنا: عداوت نکالنا
جھونکے چلنا: ہوا کا تیز چلنا
جھونکے کھانا: لغزش کھانا
جھونکے لینا: جنبش کرنا
جھینپ چڑھانا: شرمندگی محسوس کرنا
جھینپ مٹانا: شرمندگی دور کرنا
جی کہنا: ہر معاملے میں اتفاق رائے، خوشامد
جی آجانا (آنا): عاشق ہونا
جی اٹکنا: محبت ہونا
جی اٹھالینا (اٹھانا): بیزار ہونا، محبت ترک کر لینا
جی اٹھنا: زندگی ہو جانا، بیزار ہونا
جی اچاٹ جانا: کسی کام سے بیزار ہو جانا
جی اچھا ہونا: طبیعت اچھی ہونا
جی اکتا جانا: دل بے زار ہو جانا
جی الٹ جانا: دل گھبرانا، دیوانہ یا پاگل ہو جانا
جی الجھنا: گھبرانا، دیوانہ یا پاگل ہو جانا
جی اندر سے بیٹھ جانا: دل گھرانا، طبیعت کا گرا جانا
جی اوپر تلے ہونا: قے آنے کو ہونا، دل کا گھبرانا
جی باغ باغ ہونا: دل خوش ہونا
جی بٹنا: دھیان اور طرف ہو جانا
جی بجھ جانا: ولولہ باقی نہ رہنا
جی بچنا: بیماری یا کسی حادثے سے مرتے مرتے بچ جانا
جی بحال ہونا: بیماری کا اثر دور ہونا

جی برا کرنا: برا ماننا، قے کرنا، ناراض کرنا
جی برا ہونا: طبیعت بگڑنا، ناخوش یا رنجیدہ ہونا
جی بڑھانا: حوصلہ بڑھانا
جی بڑھنا: جرأت ہونا، دل خوش ہونا
جی بکھرنا (بگڑا جانا): متلی معلوم ہونا، غش آنا
جی بند ہونا: جی گھبرانا، دل رکنا
جی بھاری کرنا: رنجیدہ ہونا، رونا دھونا
جی بھٹکنا: یکسوئی یا قرار نہ ہونا
جی بھر آنا: رونا آجانا، دل کا دردمند ہونا
جی بھر بھر انا: رغبت محسوس کرنا
جی بھر جانا: سیر ہو جانا، اکتا جانا
جی بہلانا: مشغول ہو جانا، دل لگنا
جی بیٹھا جانا: نڈھال ہونا، اداس ہونا
جی بیزار ہونا: زندگی سے تنگ ہونا
جی پر بن جانا: صدمہ ہونا، شدید اضطراب ہونا
جی پر کھیلنا: جوکھوں میں پڑنا
جی پڑنا: جان پڑنا، خیال لگا رہنا، تسلی ہونا
جی پک جانا: برداشت کی حد ہو جانا، دکھی ہونا
جی پکڑ لینا: دل تھام لینا، کسی چیز کا اپنی طرف متوجہ کر لینا
جی پگھلنا: مائل ہونا، دل آنا
جی پھٹ جانا: نفرت ہو جانا، محبت میں فرق آجانا
جی پھرنا: بیزار ہو جانا، نفرت کرنے لگنا
جی پھسلنا: دل کا آنا، عاشق ہو جانا
جی پھیکا ہونا: گرم جوشی گھٹنا

جی ترسنا: جو نہ ملا ہو اس کی آرزو رکھنا
جی تلے اوپر ہونا: گھبراہٹ محسوس کرنا
جی ٹوٹ جانا: بددل ہونا، حوصلہ پست ہو جانا
جی ٹھکانے لگنا: تسلی ہونا
جی ٹھنڈا ہونا: خوش ہونا، اطمینان ہونا
جی جانا: جان جانا، کام بن جانا
جی جانتا ہے: دل کو ہی معلوم ہے کہ کیا گزری ہے
جی جلانا: رنجیدہ ہونا، ستانا، تنگ کرنا
جی جلنا: غصہ آنا، حسد ہونا
جی جی اٹھنا: بہت خوش ہونا
جی جی نکال لینا: اچھی اچھی چیز الگ چھانٹ لینا
جی چاہنا: کسی چیز کی خواہش ہونا
جی چرانا (چھپانا): حیلے حوالے کرنا
جی چلا بیٹھنا: حوصلہ یا ہمت کر گزرنا
جی چلا جانا: دل کھو بیٹھنا، دل کر جانا
جی چلانا: خواہش کرنا، ہمت کرنا
جی چلنا: رغبت ہونا، گھبرانا، پاگل ہونا
جی چھڑانا: ہمت توڑنا، اکتانے والا رویہ اختیار کرنا
جی چھوٹ جانا: مایوس ہونا
جی چھیننا: عاشق بنالینا
جی دکھانا: رنج یا صدمہ پہنچانا
جی دہلنا: خوف کھانا، دل دھڑکنا
جی دینا: جان دینا، پیار کرنا
جی ڈالنا: زندہ کرنا، محبت کرنا

جی ڈوبنا: نڈھال ہو جانا، آزردہ ہو جانا
جی رکھنا: خوش رکھنا، دلاسا دینا
جی سائیں سائیں کرنا: غشی کے آثار ظاہر ہونا
جی سنسنا: کمزوری کی وجہ سے نڈھال ہونا
جی اترنا: قدر نہ ہونا
جی سے بیزار ہونا: زندگی سے تنگ ہونا
جی سے جانا: دم نکل جانا
جی سے جی ملنا: دوستی قائم ہونا
جی سے گزرنا: جان دے دینا
جی سے گھڑنا: من گھڑت بات کہنا
جی سینے میں بھٹکنا: کسی بات کی خواہش ہونا
جی شاد ہونا: خوش ہونا، مگن ہونا
جی شگفتہ ہونا: دل خوش وخرم ہونا
جی غش ہونا: کسی پر فریفتہ ہونا
جی کا بخار نکالنا: دل کا بھڑاس نکالنا
جی کا جنجال: دل کا روگ
جی مختار ہونا: آزاد ہونا، کسی کا عاشق ہونا
جی کرنا: ہمت وحوصلہ کرنا
جی کڑھنا: رنج یا غم ہونا
جی کو بھلی لگنا: اچھی معلوم ہونا، پسند آنا
جی کو روگ لگنا: کوئی فکر مول لے لینا
جی کو لگنا: دل پر اثر ہونا، چوٹ لگنا
جی کو مارنا: خواہشات کو ضبط کرنا
جی کو کھپانا: محنت سے کام کرنا
جی کھٹا کرنا: دل بے زار ہونا
جی کھٹا مٹھا ہونا: کسی کو دیکھ کر خواہشات امنڈنا، دل للچانا
جی کھٹا ہونا: بیزاری ہونا
جی کھرا کھوٹا ہونا: بے ایمانی پر اتر آنا
جی کھلنا: بے باک ہونا
جی کھول کر: خوب اچھی طرح
جی کھول کر خرچ کرنا: کھلے ہاتھ سے خرچ کرنا
جی کھونا: تکلیفیں اٹھانا
جی کی امان مانگنا: جان بخشی چاہنا
جی کی جی میں رہنا: آرزو پوری نہ ہونا
جی گرا جانا: دل بیٹھنا
جی گنوانا: جان کھو دینا، عاشق ہونا
جی گھبرانا: دل پریشان ہونا، دل نہ لگنا
جی گھٹ جانا: غش آنا، نفرت کرنا
جی لبھانا: دل موہ لینا
جی لڑانا (لڑا دینا): پوری توجہ سے کام کرنا
جی لرزنا: خوف یا اندیشہ ہونا، ڈرنا
جی لگنا (لگانا): دل بہلنا، محبت ہو جانا
جی لگا ہونا: کسی طرف خاص طور سے دھیان ہونا
جی للچانا: مائل ہونا
جی لوٹنا: عاشق کر لینا
جی لہرانا: دل میں ترنگ پیدا ہونا
جی لے لینا: دل پر قابو کر لینا، خواہشات کو بھڑکا دینا
جی مارنا: خواہشات کو کچل دینا
جی متلانا: قے آئی ہوئی معلوم ہونا
جی مر جانا (مرنا): افسوس ہونا، دریغ ہونا

جی ملنا: دل مل جانا

جی میں آنا: کوئی بات خیال میں آنا

جی میں اتارنا: دل میں بٹھانا

جی میں ارمان رہنا: آرزو پوری نہ ہونا

جی میں بس رہنا: ہروقت کسی کا خیال رہنا

جی میں بیٹھنا: دل میں اتر جانا

جی میں ٹھاننا: ارادہ کرنا، قصد کرنا

جی میں جل جانا: رشک کرنا، حسد کرنا

جی میں جگہ ہونا: عزت ہونا، وقعت ہونا

جی میں جی آنا: جان میں جان آنا

جی میں ڈالنا: بات دل میں اتارنا

جی میں رکھنا: پوشیدہ رکھنا

جی میں کہنا: دل ہی میں کوئی بات سوچنا

جی میں کھبنا: دل پر اثر کر جانا

جی میں گھر کر جانا: دل پر اثر کر جانا، دل موہ لینا

جی میں لگنا: دل میں بیٹھنا، اثر کرنا

جی میں مزے لینا: خیال ہی خیال میں لطف اٹھانا

جی نڈھال ہونا: دل پریشان ہونا

جی نکلنا: دم نکل جانا، عاشق ہونا

جی ہاتھ میں رکھ لینا: تسلی دینا، قابو میں رکھنا

جی ہارنا: دل چھوڑ دینا، ہمت ہارنا

جی ہٹ جانا: توجہ ہٹ جانا

جی ہلنا: خوف یا رحم سے دل کا کانپنا

جی ہوا ہونا: دل گھبرانا، دم نکلنا

جی ہونا: خواہش یا ارادہ ہونا، زندگی باقی ہونا

جی ہونٹوں پر آنا: نزع کی حالت میں ہونا

جی ہی جی میں باتیں کرنا: آپ ہی آپ باتیں کرنا

جیب خالی ہو جانا: ساری نقدی ختم ہو جانا

جیب میں پڑے ہونا: قابو میں ہونا، کوئی اہمیت نہ رکھنا

جیبھ الٹنا: بچے کا لفظوں کو صحیح یا پوری طرح ادا کرنا

جیبھ بڑھانا: ضرورت سے زیادہ باتیں کرنا

جیبھ پکڑنا: گفتگو میں خلل انداز ہونا

جیبھ چاٹنا: چٹخارے لینا، حرص کرنا

جیبھ چلانا: زبان درازی کرنا، شیخی مارنا

جیبھ چلنا: ضرورت سے زیادہ باتیں کرنا

جیبھ داب کے باتیں کہنا: پوری بات ظاہر نہ کرنا

جیبھ کاٹنا: حیران ہونا، خوفزدہ ہونا

جیبھ کرنا: گستاخی یا بے ادبی کرنا، جواب دینا

جیبھ نکالنا: مذاقاً زبان منہ کے باہر نکالنا

جیت ہونا: فتح حاصل ہونا

جیتا چمڑا چیرنا: چیرا دینا

جیتا چنوانا: ایک سزا جو پہلے دی جاتی تھی

جیتا رہنا: سلامت رہنا

جیتا گاڑنا: زندہ دفن ہونا

جیتا ناخن: ناخن جو ابھی گوشت کے اندر ہو

جیتا نہ چھوڑنا: زندہ نہ رہنے دینا

جیتا ہی زمین کا پیوند کر دینا: انتہائی اذیت دینا

جیتے جی جہنم میں جانا: انتہائی تکلیف یا اذیت

دینا
جیتے جی مٹی میں ملنا: خواہشات ترک کر دینا
جیتے جی مر جانا: تباہ و برباد ہو جانا
جیتی مانتا نہ ہاری ماننا: کسی طرح کوئی بات نہ ماننا
جینے سے تنگ ہونا: زندہ رہنے کو جی نہ چاہنا
جینے کے لالے پڑنا: زندگی کی امید نہ رہنا
جیوٹ کرنا: ہمت ہارنا، دلیری دکھانا
جیوڑا جانا (نکلنا): مر جانا
جیوڑا دہل جانا: ڈر جانا

(چ)

چادر اتارنا: عورت کو بے پردہ کرنا
چادر اڑھانا (ڈالنا): بیوہ سے نکاح کرنا
چادر پڑنا: پوشیدہ ہونا
چادر تان کر سونا: بے فکر ہو کر سونا
چادر چڑھانا: کسی بزرگ کی مزار پر پھولوں کی چادر ڈالنا
چادر دیکھ کر پاؤں پھیلانا: اپنی حیثیت کے مطابق وقت گزارنا
چادر سے باہر پاؤں پھیلانا: بساط سے بڑھ کر کام کرنا
چادر ہلانا: فریاد کرنا، لوگوں کو جمع کرنے کی نشانی
چار آنکھیں کرنا: محبت ہونا، سامنا ہونا
چار آنکھیں ہونا: محبت ہونا
چار ابرو کا صفایا: سر بھوؤں مونچھوں اور داڑھی کا منڈا دینا

چار انگلیاں اٹھانا: سلام کا جواب دینا
چار انگلیاں سر پر نہ رکھنا: سلام تک نہ کرنا
چار پانچ لانا (کرنا): حیلہ حجت کرنا، شرارت کرنا
چار پائی پر پڑنا: بیمار ہونا، صاحب فراش ہونا
چار پائی کاٹ دینا: بیمار کے لیے چار پائی کا بان کاٹ کر پاخانے کے لیے جگہ بنانا
چار پائی کے بان توڑنا: کاہل اور سست ہونا
چار پایہ ہونا: شادی کے بعد دولہا کو کہتے ہیں (جورو والا، عیال دار ہونا)
چار پیسے پاس ہونا: آسودہ حال ہونا
چار چاند لگانا: عزت بڑھانا، آنکھوں پر بٹھانا
چار چاند لگنا: شان و شوکت بڑھنا
چار چلو خون بڑھنا: نہایت خوش ہونا
چار چولی برابر ہونا: چوکور
چار چھینٹوں میں دھو دینا: ذرا سی دیر میں کام کر دینا
چار حرف بھیجنا: لعنت کرنا
چار دن چلنا: تھوڑے دن باقی رہنا
چار زانو بیٹھنا: آلتی پالتی مار کر بیٹھنا
چار قدم آگے چلنا: غالب رہنا
چار کانے پڑنا (آنا): داؤں کا حسب مراد نہ پڑنا
چار کے کان آواز پڑنا: شہرہ ہونا، چرچہ ہونا
چار کے کاندھے پر چڑھنا: مر جانا
چار میخا کرنا: اوندھا یا چت لٹا کر چاروں ہاتھ

پاؤں میخوں سے باندھکر سزا دینا
چار میں ہانڈی پکنا: راز فاش ہونا
چار ہاتھ اچھلنا: بہت بے چین ہونا
چار ہاتھ کی زبان ہونا: بہت زبان دراز ہونا
چار چولوں۔ سے ٹھیک کر لینا: معاملے کو پوری طرح درست کر لینا
چاک کا ہنسنا: شگاف کھلنا
چاک کرنا: پرزے کرنا
چاک ہونا: پھٹنا
چاک کی طرح پھرنا: چرخ کی طرح گھومنا
چٹکی کا ہاتھ مارنا: بدن پر خالی جگہ دیکھ کر وار کرنا
چال اڑانا: پیروی کرنا، نقل کرنا
چال بتلانا: شطرنج میں مہرے کو خاص انداز سے چلنے کا مشورہ دینا
چال پڑنا: داؤں چل جانا
چال چلنا: برتاؤ کرنا، چل دینا
چال چوکنا: تدبیر غلط ہونا
چال دکھانا: چلا جانا، گھوڑے کی رفتار یا قدم دکھانا
چال ڈھال میں بیس ہونا: طرز وروش میں بہتر ہونا
چال سوجھنا: تدبیر یا منصوبہ ذہن میں آنا
چال سوچنا: شطرنج کا مہرے چلنے کے لیے دیر تک غور کرنا
چال سیکھنا: کسی کی وضع اختیار کرنا
چال سے چوکنا: دھوکہ دینے سے باز نہ آنا، شرارت کرنا
چال کرنا: دھوکہ دینا، داؤں کرنا
چال میں آنا: دھوکے میں آنا
چال ہونا: چال کرنا (شطرنج)
چالیں بھولنا: گھبرانا، کچھ نہ سوجھنا
چالیں چلنا: دھوکہ فریب دینا
چالا دیکھنا: صورت دیکھنا
چالاکی کرنا: دھوکہ دینا
چالان ہونا: قانون کی خلاف ورزی پر عدالت میں حاضر ہونے کا حکم ملنا
چالیس قدم ساتھ آنا: کچھ دور ساتھ جانا
چانبیں چڑھوانا: قدیم زمانے کی ایک اذیت ناک سزا
چاند بھر جانا: مہینہ ختم ہو جانا
چاند پر خاک پڑنا: کسی بے عیب کو عیب دار ٹھہرانا
چاند چڑھ آنا: چاند کا بلند ہونا
چاند چھپنا: چاند کا غروب ہو جانا
چاند دیکھنا: پہلی رات کا چاند دیکھنا
چاند کا کھیت کرنا: چھٹکی ہوئی چاندنی ہونا
چاند کو گرہن لگنا: چاند کا نور کم ہونا
چاند کھجلانا: دھپ کھانے کو جی چاہنا
چاند گزرنا: مہینہ گزرنا
چاند گنجی ہونا: سر پر بال نہ رہنا
چاند گرہن: چاند پر زمین کا سایہ پڑنے کے باعث سورج کی روشنی چاند پر نہ پڑنا
چاند گہن میں آنا: چاند کو گہن لگنا

چاند محاق میں ہونا: چاند کا گھٹنا
چاند ہونا: پہلی رات کا چاند نظر آنا
چاندنا ہو جانا (ہونا): روشنی کا ظاہر ہونا
چاندنی آنا: چاند کی روشنی کا ظاہر ہونا
چاندنی اترنا: چاند کا بلندی سے سرک کر پستی کی طرف آنا
چاندنی پڑنا: چاند کی روشنی پڑنا
چاندنی پھیلنا: چاندنی پھیلنا
چاندنی چٹخنا: چاندنی پھیلنا
چاندنی چھپنا: چاندنی کا اوجھل ہو جانا
چاندنی ڈھلنا: چاند کا ہلکا ہونا یا زوال پر آنا
چاندنی صاف ہونا: چاندنی بکھرنا
چاندنی کا اثر ہونا: زخم کا ہرا رہنا
چاندنی کا مارا جانا: چاندنی کا اثر کرنا
چاندنی کو سونپنا: چاندنی مرطوب مزاج (گیلا) ہوتی ہے اور زخم کے حق میں یہ مضر ہوتی ہے اور زخم دیر میں مندمل ہوتا ہے: اگر کوئی زخمی یا زچہ کسی ایسی جگہ ہو جہاں چاندنی پہنچتی ہو اور مریض کو وہاں سے منتقل نہ کیا جا سکتا ہو تو سات پولے جلا کر ایک آدمی کو گواہ کرتے ہیں اور کہتے ہیں ''ہم نے اس زخمی کو تیرے حوالے کیا دوسرا آدمی کہتا ہے:'' میں اس بات کا گواہ ہوا یہ ایک ٹوٹکا تھا جو کسی زمانے میں مروج تھا
چاندنی کھلنا: چاندنی پھیلنا
چاندنی میں جوت پڑنا: ایسا چمکدار کہ چاندنی پر بھی اپنی چمک نمایا کرے
چاندنی نکلنا: چاندنی کا ظاہر ہونا
چاندنی نکھرنا: بارش کے بعد چاندنی کا صاف ہونا
چاندی بنانا: کام درست کرنا، فائدہ کرنا
چاندی کا جوتا سر پر: روپیہ دینے پر کام نکلتا ہے
چاندی کرنا (کر دینا): جلا کر راکھ کر دینا، سفید کر دینا
چاندی ہونا: کامیابی ہونا، جل کر راکھ ہو جانا
چاول چبوانا: مشتبہ لوگوں کو کچے چاول کھلانا تا کہ اصل چور کا پتہ لگایا جا سکے
چاؤں چاؤں کر کے پیچھے پڑنا: شور مچا کر گرد ہو جانا
چبا چبا کر باتیں کرنا: تکلف سے باتیں کرنا
چپڑ چپڑ باتیں کرنا: بے سوچے سمجھے باتیں کرنا
چبوترہ باندھنا: چبوترا بنانا
چبوترا چڑھانا: معاملہ کوتوالی پہنچانا
چبھتی ہوئی سنانا: کھری کھری سنانا
چپ شاہ کا روزہ: ایک منت جس میں چپ رہا جاتا ہے
چپ لگانا: سکوت اختیار کرنا
چپ لگ جانا: اداسی کے ساتھ خاموش ہو جانا
چپ باندھنا: خاموشی اختیار کرنا
چپ ہو جانا: خاموش ہو جانا
چپا چپا زمین چھان ڈالنا: ہر جگہ تلاش کرنا
چپاتی بڑھانا: چپاتی کو مٹھی کے زور سے بڑا کرنا
چپاتی سا پیٹ لگ جانا: خالی پیٹ کا چپک جانا

چیخ سامنے نکل آنا: دبلا ہو جانا
چپرا چپرا کر باتیں کرنا: اصل بات کو چھپا کر باتیں کرنا
چپر الینا: جھوٹا کر دینا
چپراس پہننا (لگانا): چپراسی ہونا
چپراس مارنا: حریف کی پنڈی پر پاؤں کا ضرب لگانا
چپڑ چپڑ کھانا: بدتمیزی سے آواز پیدا کر کے کھانا
چپک ہونا: پیٹ میں میٹھا میٹھا درد ہونا
چپکی سادھنا: خاموشی اختیار کرنا
چپکی لگ جانا: خاموش ہو جانا
چپنی بھر پانی میں ڈوب مرنا: نہایت شرمندہ ہونا
چپنی چاٹ کر گزارہ کرنا: نہایت قناعت اور صبر سے گزارا کرنا
چت پڑنا: اوندھا پڑنا
چت لیٹنا: پیٹھ کے بل لیٹنا
چت بٹانا: توجہ ہٹانا
چت بھنگ ہونا: خیال بٹ جانا
چت پر چڑھنا: خیال بٹ جانا
چت پر چڑھنا: خیال میں جمنا
چت سے اترنا: دھیان میں نہ رہنا
چتا چننا: مردہ جلانے کے لیے لکڑیاں ڈھیر کرنا
چتا میں بیٹھنا: ستی ہونے کے لیے چتا میں بیٹھنا
چتون بنانا: غصے کی نظر سے دیکھنا
چتون پر میل آنا: خفا ہونا، ناگوار گزرنا
چتون پھرنا: نگاہ کا غصے سے بھرا ہونا

چتون چڑھانا: تیوری چڑھانا
جتھا بنانا: ذلیل کرنا
چتھڑے اُڑانا (بکھیرنا): درست کرنا، آڑے ہاتھوں لینا
چتھڑے لگانا: پیوند پر پیوند لگانا
چتھڑے لگنا: مفلسی کی وجہ سے ثابت کپڑے نہیں پہننا
چتھل پنا دکھانا: ہنسی مذاق اڑانا
چتی پڑنا: روٹی کا سکنا
چٹ پٹ ہو جانا: اچانک واقع ہو جانا
چٹ چٹ بلائیں لینا: بلائیں لیتے وقت انگلیوں میں آواز ہونا
چٹ چٹ چوڑیاں توڑنا: متواتر چوڑیاں ٹوٹنا
چٹ ہو جانا (کر جانا): سب کچھ کھا جانا، برباد کر دینا
چٹ لگانا: کسی چیز پر کاغذ وغیرہ کا ٹکڑا لگانا
چٹا پٹی پڑنا: کثرت سے موتیں واقع ہونا
چٹ پٹ ہو جانا: چھوٹے موٹے کاموں میں صرف ہو جانا
چٹخارے بھرنا: زبان چاٹنا
چٹخارے لینا: لطف لینا، خوش ہونا
چٹک مٹک سے بیٹھنا: بن سنور کے بیٹھنا
چٹک مٹک سے چلنا: اترا کر چلنا
چٹکاری بھرنا: زبان کا مزہ
چٹکلا چھوڑنا: لطیفہ کہنا
چٹکی بجانا: انگوٹھے کو بیچ کی انگلی سے ملا کر آواز

نکالنا
چٹکی بھرنا: سر کو چٹکیوں سے دبانا، طعنہ زنی کرنا
چٹکی پر اڑا دینا: دھوکہ دینا
چٹکی چڑھانا: سکّے کو سفوف کی چٹکی ڈال کر پرکھنا
چٹکی کاٹنا: چٹکی بھرنا یا لینا
چٹکی لگانا: کپڑے کا انگلی یا چٹکی سے پھاڑنا
چٹکیاں لینا: چبھتی ہوئی بات کہنا، ابھارنا، خیال پیدا کرنا
چٹکیوں پر اڑانا: خاطر میں نہ لانا
چٹکیوں میں کام کرنا: بہت جلدی کوئی کام کرنا
چٹنی کرنا (کر دینا): نگل جانا، مار ڈالنا
چھٹے مٹھوں کا مزہ پڑنا: زبان کا مزہ پڑنا
چٹھا بانٹنا: تنخواہ یا مزدوری تقسیم کرنا
چٹھا باندھنا: فہرست، حساب مرتب کرنا
چٹّھا مرتب ہونا: سزا کی مسل تیار ہونا
چھٹی پڑنا: لاٹری پڑنا
چٹھی ڈالنا: خط بھیجنا
چٹھی کرنا: ہنڈی لکھنا
چٹھی گیرنا: چٹھی ڈالنا
چٹھی بھرنا: تاوان دینا، جرمانہ دینا
چٹھی دھرنا: تاوان بھرنا
چٹیا سے جانا: بچپن میں مر جانا
چٹے بٹے ہونا: ایک جیسا ہونا
چچا بنا کے چھوڑنا: سزا دیکر یا بدلہ لے کر دم لینا
چچڑی ہو کر لپٹنا: پیچھا نہ چھوڑنا
چڈھی توڑنا: پشت پر چڑھنا
چڈھی چڑھانا: پیٹھ کی سواری دینا
چڈھی چڑھنا: پشت کی سواری لینا
چڈھی دینا: پیٹھ کی سواری لینا
چُرمُر ہونا: مرجھا کر چھوٹا ہو جانا
چراغ اکسانا: چراغ کی بتی اونچی کرنا
چراغ بتی ہونا: دیا جلنا
چراغ بجھانا (بڑھانا): چراغ بجھ جانا
چراغ بڑا ہونا: چراغ بجھ جانا
چراغ ٹھنڈا کرنا: چراغ بجھانا
چراغ جلانا: چراغ روشن کرنا
چراغ خاموش کرنا: چراغ بجھانا
چراغ دکھلانا: رستے میں روشنی دکھانا
چراغ سدھارنا: دیا بجھ جانا
چراغ سے پھول جھڑنا: چراغ سے جلتا ہوا تیل ٹپکنا (خوشی کا شگون)
چراغ کا ہنسنا: چراغ سے جلتا ہوا تیل ٹپکنا (خوشی کا شگون)
چراغ کو ہاتھ دینا: چراغ بجھانا
چراغ گل ہونا: گھر تباہ ہونا
چراغ میں بتی پڑنا: چراغ جلنا، شام ہونا
چراغ چڑھانا: بھینٹ چڑھانا، رشوت دینا
چراغی لینا: نذر لینا، رشوت لینا
چربہ اتارنا: خاکہ اتارنا، ڈھنگ سیکھنا
چربی اتارنا: گوشت سے چربی علحدہ کرنا
چربی اترنا: دبلا ہو جانا
چرچا پھیلنا: کسی بات کا مشہور ہونا

چرچا ہونا: افواہ اڑانا، برائی کے ساتھ ذکر ہونا
چرخ چلنا: کنوئیں سے پانی نکالنا
چرخ سے مہتاب توڑ لانا: نہایت چالاکی سے کام کرنا
چرخ مارنا: چکر کھانا، حرکت کرنا
چرخ میں آنا: پھرنا، گردش کرنا
چرخہ پونی کرنا: چرخہ کاتنا
چرخہ سا پھرنا: آوارہ پھرنا، بہت پھرنا
چرخہ کاتنا: چرخہ چلانے کا کام کرنا
چرخہ دھانس میں رہنا: ہمیشہ کسی نہ کسی مرض میں مبتلا رہنا
چرکا لگانا: زخم لگانا، دھوکہ دینا
چرن لینا: پاؤں چھونا
چرنوں سے لگنا: خدمت میں رہنا
چرنوں میں ہونا: خدمت میں رہنا
چڑ (چڑھ) نکالنا: غصہ دلانا، چھیڑ نکالنا
چڑ بڑ چڑ بڑ کرنا: بک بک کرنا
چڑھ آنا: چڑھائی کرنا، حملہ کرنا
چڑھ بیٹھنا: سوا ہو جانا، قابو پانا
چڑھ چڑھ کے بولنا: اونچے بولنا، زور سے بولنا
چڑھ دوڑنا: حملہ کرنا فوراً جانا
چڑھاوے بڑھاوے دینا: بہت تعریف کرنا
چڑھتا ہونا: ترقی کرنا، اعلیٰ ہونا
چڑھی کھانا: کبوتر کا دوسرے کبوتر میں بار بار جانا
چڑھی گنگا اتارنا: بڑا کام کرنا
چڑیا کے چھنالے میں پکڑے جانا: مفت میں بدنام ہونا
چشم و ابرو سے جان لینا: اشارے سے پہچان لینا
چغد بول جانا: برباد ہو جانا
چک آنا: کمر میں جھٹکا آنا
چک کاٹنا: چک لکھ کر دینا
چکائی دینا: دھوکہ و فریب دینا، اکسانا
چکت مارنا: منہ مارنا، دانت مارنا
چکتا کر لینا: بے باق کرنا
چکٹ لگائے رہنا (پھرنا): میلے کچیلے رہنا
چکر باندھنا: حلقہ باندھنا
چکّر دینا: پھرانا، حیران کرنا
چکر کاٹنا: گردش کرنا
چکر کرنا: پھیرے کرنا
چکر کھانا: گھبرا جانا، آوارہ پھرنا
چکّر لانا: شرارت کرنا، فساد اٹھانا
چکرّ لگانا (مارنا): گردش کرنا
چکر میں آنا (ہونا، ڈالنا): مصیبت میں پھنسنا، حیران کرنا
چکرا جانا: گھبرا جانا
چکر مکر لگانا: حیلہ حوالہ کرنا
چکلے میں بیٹھنا: رنڈی کا پیشہ اختیار کرنا
چکمہ چلنا: داؤں چلنا
چکمہ کھانا: دھوکہ کھانا
چکنا چور کرنا: ٹکڑے ٹکڑے کرنا
چکنی چپڑی باتیں کرنا: خوشامد کی باتیں کرنا

چکھا چکھی کرنا: تھوڑا سا چکھ لینا
چکی پیس کر گزارہ کرنا: محنت مزدوری کر کے پیٹ پالنا
چکی تلنا: چکی کا کھردرا کیا جانا
چل پڑنا: روانہ ہونا، رواج ہونا
چل جانا: پھٹ جانا، گزر جانا
چل دینا: رفو چکر ہو جانا، فوت ہو جانا
چل کھڑا ہونا: روانہ ہونا
چل نکلنا: حد سے بڑھنا، گھمنڈ میں آجانا
چل اٹھنا: چھیڑ چھاڑ کی خواہش ہونا
چُل مٹانا: خواہش پوری ہونا
چلا جانا: روانہ ہونا، جاری رہنا
چلا چاہنا: چلنے کا ارادہ کرنا
چلا چلنا: چلتے رہنا
چلتا بنتا (ہونا): بھاگ جانا
چلتا کرنا: روانہ کرنا، تیز کرنا
چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا: ہوتے ہوئے کام کو روکنا
چلتی ہوا سے لڑنا: خواہ مخواہ لڑائی کرنا
چلتے بیل کے آر لگانا: ناحق کسی کو تنگ کرنا
چلم بھرنا: گھٹیا خدمت کرنا
چلم پینا: حقہ پینا
چلمن چھوڑنا: چلمن کا پردہ ڈالنا
چلن بگڑنا: عادات واطوار خراب ہونا
چلن چلنا: رفتار اختیار کرنا
چلن سیکھنا: دوسرے کی وضع اختیار کرنا
چلن سے چلنا: وضع داری سے گزر بسر کرنا
چلن ہونا: رواج ہونا
چلّو بھر پانی میں ڈوب مرنا: غیرت دلانے کا کلمہ
چلو لینا: کلّی کرنا
چلوؤں رونا: زاروقطار رونا
چلوؤں لہو بڑھنا: بہت خوش ہونا
چلوؤں لہو پینا: بہت ستانا
چلوؤں لہو خشک ہونا: بہت رنج ہونا
چلّہ بیٹھنا (کاٹنا) (کھینچنا): چالیس دن کا ایک وظیفہ
چلّہ چڑھانا: تیر کو تانت میں رکھنا
چمڑا اتارنا ادھیڑنا، کھینچنا، نکالنا: چمڑا یا کھال بدن سے جدا کرنا
چمڑے کے جہاز چلانا: زنا کا پیشہ کرنا، کٹنا پا کرنا
چمک اٹھنا: غصہ ہو جانا، روشن ہو جانا
چناں چنیں کرنا: بحث وتکرار کرنا، نقص نکالنا
چنچنے لگنا: ناگوار گزرنا، مرچیں لگنا
چندیاں پر بال نہ چھوڑنا: مفلس کر جانا
چندیا کھجانا: جوتیاں کھانے کا جی چاہنا
چندیاں مونڈنا: لوٹ کر کھانا، سخت سزا دینا
چندیاں لے ڈالنا: بہت لعنت ملامت کرنا
چنگاری چھوڑنا (ڈالنا): فتنہ انگیزی کرنا
چنگاری جھڑنا: آگ کے پھول جھڑنا
چنگاریاں چھوٹنا: خونخواری برسنا، آگ کی لپٹیں اٹھنا
چنگل مارنا: پنجہ مار کر پکڑنا

چنگھاڑ مارنا: مہیب آواز نکالنا
چنگی ڈالنا: چنگاری ڈالنا
چوبندی باندھنا: نعل بندی کرنا
چوبندی جکڑنا (کسنا): مجرم کے ہاتھ پاؤں باندھنا
چوپٹ کرنا: اجاڑنا، چٹ کردینا
چودہ طبق روشن ہوجانا: معلومات زیادہ ہونا
چوراسی بھوگنا: آواگون کے چکر میں پڑنا
چورنگ کاٹنا: تلوار کے ایک ہاتھ میں چار ٹکڑے کرنا
چوکا برتن کرنا: کھانے پینے کے برتن مانجنا
چوکڑی بھرنا: قلانچیں مارنا
چوکڑی بھول جانا: گھبرا جانا
چوکس رہنا: خبردار رہنا
چوکنا ہونا: ہوشیار رہنا
چوکھٹ نہ جھانکنا: کسی کے گھر نہ جانا
چومکھ جلانا: صدقہ یا نیاز کا چراغ جلانا
چومکھی لڑنا: کئی آدمیوں کی بات کا جواب دینا
چومیخا کرنا: چاروں ہاتھ پاؤں میخوں سے باندھ کر سزا دینا
چوتڑ بجانا: بغلیں بجانا، خوش ہونا
چوتڑ پیٹ لینا: نہایت خوش ہونا، افسوس کرنا
چوتڑ دکھانا: پیٹھ دکھانا، بے شرمی سے بھاگنا
چوتڑ مٹکانا: ناچ میں کولہوں کو ہلانا
چوتڑوں پر پیاز کترنا (کروانا): روبرو فریب دینا (کھانا)

چوتڑوں سے سپاری توڑنا: انوکھی بات کرنا
چوتڑوں سے گھاس کاٹنا: انوکھی بات کرنا
چوتڑوں سے گھاس کاٹنا: بے دلی سے کام کرنا
چوتڑوں کا لہو مرنا: جم کر بیٹھنے کی عادت ہوجانا
چوتڑوں کے بل بیٹھنا: گھبرا کر بیٹھنا
چوتیا بنانا: بیوقوف بنانا
چوٹ آنا: ضرب آنا، طعن و تشنیع ہونا
چوٹ ابھرنا: دکھ کا دوبارہ ظاہر ہونا
چوٹ بچانا: حریف کی ضرب کو اپنے اوپر نہ آنے دینا
چوٹ اٹھانا: ضرب برداشت کرنا
چوٹ پر چوٹ پڑنا: ضرب پر ضرب لگنا
چوٹ پڑنا: صدمہ پہنچنا
چوٹ پیدا کرنا: کسی کے مد مقابل دوسرا بہم پہنچانا
چوٹ چلنا: حملہ ہونا، داؤں کرنا
چوٹ خالی جانا: نشانہ چوکنا
چوٹ دکھنا: چوٹ لگے مقام پر درد ہونا
چوٹ رکنا: حملہ رکنا
چوٹ سہنا: ضرب برداشت کرنا
چوٹ کرنا: ضرب پہنچانا
چوٹ کھانا: زخمی ہونا
چوٹ لگنا: ضرب لگنا
چوٹی دبنا: مغلوب ہونا، مجبوری ہونا
چوٹی کترنا: زیر کرنا، عاجز کرنا
چوٹی کرنا (گوندھنا): بال گوندھنا، بال سنوارنا

چوٹی ہاتھ ہونا: قابو اور اختیار ہونا
چوچلا بگھارنا (کرنا): ناز کرنا
چور پر موڑ پڑنا: ٹھگ کا ٹھگا جانا
چور پڑنا: ناسور پڑنا، چور کا کسی کے گھر آنا
چور کو گھر تک پہنچانا: معاملہ کو انتہا تک پہنچانا
چور ہو جانا، چور چور ہو جانا: تھک جانا، کسی چیز کا ریزہ ریزہ ہو جانا
چورا کرنا: ٹکڑے ٹکڑے کرنا، خوب مارنا
چوری جانا: سرقہ ہو جانا
چوری لگانا: چوری کا الزام لگانا
چوڑا کر دینا: بھگو دینا
چوڑیاں بڑھانا: چوڑیاں اتار کر رکھنا
چوڑیاں پہنانا: عورت کی شادی کرنا، چوڑیاں پہنانا
چوڑیاں پہننا: نامردی اختیار کرنا، شادی کرنا
چوڑیاں ٹھنڈی کرنا: خاوند کے مر جانے پر چوڑیاں اتار کر سہاگ اتارنا
چوک جانا: بھول جانا
چوکی بٹھانا: پہرا بٹھانا، جادو کرنا
چوکی پر جانا: تھانے جانا
چوکی مارنا: محصول چنگی کی چوری کرنا
چوکی پر لوٹا نہ رکھواؤں: حقارت کے اظہار کے لیے کہتے ہیں
چوکی جانا: کسبی یا زانی عورت کا خرچی پر جانا
چول بیٹھ جانا (بیٹھنا): متفق ہونا، زائچے کا مطابق ہونا

چولیں ڈھیلی ہو جانا: انجر پنجر ڈھیلے ہو جانا
چولا بدلنا: قالب بدلنا، وضع قطع میں فرق آنا
چولا چھوڑنا: قالب چھوڑنا، مر جانا
چولھا جھونکنا: آگ جلانا
چولی نکلنا (مسکنا): چولی کا زور پڑنے سے چاک ہو جانا
چوم چاٹ کے چھوڑنا: کام نکال کے چھوڑنا
چون کر ڈالنا: آٹا کر ڈالنا، پیس ڈالنا
چون ہو جانا: گل جانا، آٹا ہو جانا
چونا چونا ہونا: کپڑے یا لکڑی کا پرانا ہو کر پارہ پارہ ہو جانا
چونا لگانا: زک دینا، مغلوب کرنا
چونپ دینا: کسی کام پر آمادہ کرنا، بڑھاوا دینا
چونچ مارنا: ٹھونک مارنا، بیہودہ بکنا
چونڈے پر ڈولا اچھلنا: دوسری عورت کے خاوند سے آشنائی کرنا
چونک اٹھنا: چوکنا ہو جانا
چونک پڑنا: غفلت سے ہوشیار ہو جانا
چونی بھوسی کھا کر گزر کرنا: نہایت تنگی سے اوقات بسر کرنا
چھچھوں میں گزرنا: عیش و عشرت میں بسر ہونا
چہرہ اتارنا: عکس لینا
چہرہ اتر جانا (اترنا): اداس ہونا، چہرہ بے رونق ہو جانا
چہرہ بحال ہونا: بیمار کے چہرے پر صحت کے آثار نمایاں ہونا

چہرہ بگاڑنا: بدصورت بنادینا
چہرہ بگڑنا: چہرہ کی شکل بگڑ جانا
چہرہ بنانا: منہ بنانا
چہرہ بھبھوکا ہونا: منہ سرخ ہونا
چہرہ پر تلوار کھانا: بہادری کرنا، تلوار سے منہ نہ پھیرنا
چہرہ پر مہتاب چھٹنا: ہکابکا ہو جانا
چہرہ پھیکا پڑنا: چہرہ بے رونق ہو جانا
چہرہ تمتمانا: چہرہ کا گرمی، غصہ یا بخار سے سرخ ہو جانا
چہرہ چمکنا: چہرہ پر رونق اور جلال معلوم ہونا
چہرہ زرد ہو جانا: کمزوری یا بیماری کی وجہ سے منہ کا پیلا پڑ جانا
چہرہ سے نقاب اٹھانا: منہ کھولنا
چہرہ کٹنا: نوکری سے برطرف ہونا
چہرہ لکھنا: نئے ملازم کا حلیہ لکھنا
چہرہ لکھوانا: دفتر میں حلیہ درج کرانا
چہرہ مہرہ سے ٹھیک ہونا: خوبصورت ہونا
چہرہ ہونا: ملازم ہونا
چہرہ پر ہوائیاں اڑنا: رنگ فق ہو جانا
چہرہ کا رنگ اڑنا: خوف، رنج، شرم یا غصہ سے چہرے کا رنگ اڑ جانا
چہرے کی لینا: منہ چڑھانا
چھکا لگنا: آگ سے بدن جل جانا
چھ پانچ کرنا: باتیں کرنا، حیران ہو جانا
چھاپ لگانا: مہر لگانا، ٹھپا لگانا

چھاتی ابھار کر چلنا: اترا کر چلنا
چھاتی ابھر آنا: بالغ ہونا
چھاتی امنڈنا: دل بھر آنا
چھاتی بھر آنا: آنسو بھر آنا
چھاتی بڑھ جانا: خوشی سے حوصلہ بڑھ جانا
چھاتی بیٹھ جانا: کھانسی یا زکام سے آواز کا بھاری ہو جانا
چھاتی پتھر کر لینا: سنگدل ہو جانا
چھاتی پر بال ہونا: عالی حوصلہ ہونا
چھاتی پر پتھر رکھنا: صبر کرنا، سختی اختیار کرنا
چھاتی پر پھرنا: ہروقت یاد آنا
چھاتی پر چڑھ کر ڈھائی چلّو لہو پینا: سزا دینا، جان سے مار ڈالنا
چھاتی پر چڑھے رہنا: سامنے موجود رہنا
چھاتی پر دھر کے لے جانا: مال و دولت کو اپنے ساتھ قبر میں لے جانا
چھاتی پر سانپ لوٹنا: رشک آنا، حسرت آنا
چھاتی پر سِل دھرنا: صبر کرنا، سنگدلی اختیار کرنا
چھاتی پر کالا پہاڑ ہونا: بہت ناگوار ہونا
چھاتی پر مونگ دلنا: آتش غیرت سے جلانا، سزا دینا
چھاتی پر ہاتھ رکھنا: دلجوئی و محبت کا اظہار کرنا
چھاتی پر ہاتھ دھر کے دیکھ: اپنے دل کی حالت سے دوسرے کے دل کی حالت کا اندازہ کرو
چھاتی تک جانا: ناک میں دم آجانا، دق ہو جانا
چھاتی پکڑ کر رہ جانا: دل مسوس کر رہ جانا

چھاتی پہاڑ ہونا: دل سخت ہونا، حوصلہ ہونا
چھاتی پھٹنا: کسی کی دولت دیکھ کر رشک ہونا
چھاتی پھٹی جانا: بے حد صدمہ ہونا
چھاتی پیٹنا: ماتم کرنا، کسی کی دولت دیکھ کر حسد کرنا
چھاتی تلے رکھنا: پاس رکھنا، حفاظت سے رکھنا
چھاتی ٹھنڈی کرنا: دل خوش کرنا، مان نکالنا
چھاتی ٹھونکنا: دل مضبوط کرنا
چھاتی جلانا: دق کرنا، رشک کرنا
چھاتی چڑھنا: پستانوں میں دودھ بڑھ آنا
چھاتی درکنا: سخت صدمہ ہونا
چھاتی دھڑکنا: دل لرزنا
چھاتی سراہنا: شاباش دینا
چھاتی سلگانا: دق کرنا، رشک کرنا
چھاتی سے پتھر ٹلنا: دل کا بوجھ دور ہونا
چھاتی سے لگانا: پیار کرنا، گلے سے لگانا
چھاتی کرنا: جرائت کرنا
چھاتی کوٹنا: سینہ کوبی کرنا
چھاتی کھول کر ملنا: فراخدلی سے ملنا
چھاتی کے کواڑ کھولنا: دل کو کدورت سے پاک کرنا
چھاتی گدرانا: عورت کے پستانوں کا ابھرنا شروع ہونا
چھاتی گز بھر ہو جانا: حوصلہ بڑھ جانا
چھاتی مسلنا: عورت کے پستانوں کا مرد کا ہاتھوں سے ملنا

چھاتی میں دودھ اترنا: دودھ پلاتے وقت چھاتیوں میں اترنا
چھاتی نکال کر چلنا: اکڑ کر چلنا
چھاتیاں ابھرنا: لڑکی میں بلوغت کے آثار ظاہر ہونا
چھاج میں ڈال کر چھلنی میں اڑانا: الٹا کام کرنا، بات کا بتنگڑ بنانا
چھاجوں برسنا: موسلادھار بارش ہونا
چھاجوں پانی پڑ گیا: نہایت شرمندگی اٹھانا پڑی
چھالا پھوٹنا: آبلے کا پھٹ کر رطوبت بہنا
چھان ڈالنا (مارنا): کمال تلاش اور جستجو کرنا
چھپر پر پھوس نہ ہونا: نہایت مفلس ہونا
چھپر پر رکھنا (دھرنا): پروانہ کرنا
چھپر پھاڑ کر دینا: بے وسیلے رزق پہنچانا
چھپر ٹوٹ پڑنا: یکایک مصیبت آجانا
چھپر رکھنا: بھاری احسان رکھنا، الزام رکھنا
چھت ٹپکنا: چھت سے پانی ٹپکنا
چھت لگانا: چھت کے ناپ کے مطابق کوئی رنگین قسم کا کپڑا چھت کے نیچے کڑیوں سے ملا کر لگانا
چھٹی کا دودھ زبان پر آنا: سخت مصیبت پڑنا
چھٹی کا دودھ یاد دلانا: بہت مارنا
چھٹی نہانا: بچہ ہونے کے چھ روز بعد کا غسل
چھٹی دینا (ملنا): اجازت دینا، موقوف کرنا
چھچھلیاں کھلانا: کسی کو حیران کرنا
چھچھوندر چھوڑنا: لڑائی کرانا، بہتان لگانا

چھدّ ادھرنا (رکھنا): الزام دینا
چھری بھونکنا: چھری مارنا
چھری تلے دم لینا: مصیبت برداشت کرنا
چھری تیز رہنا: مارنے کو مستعد رہنا
چھری چلنا: ان بن رہنا، صدمہ پہنچنا
چھری کٹاری ہونا: سخت دشمنی ہونا
چھکے پنجے بھول جانا: کوئی تدبیر نہ بن پڑنا
چھکے چھوٹنا: حواس باختہ ہونا
چھکڑا ہو جانا: نکما ہو جانا، کسی سواری کا تیز نہ چل سکنا
چھل بٹول میں آجانا: دھوکے میں آجانا
چھل کرنا: دھوکہ دینا
چھل کرنا: دھوکہ کرنا
چھلّا پڑنا: پانی کا اچھو لگ جانا
چھلّا چڑھانا: اوباش عورتوں کا کسی خاص غرض سے اپنے مقام مخصوص میں چھلّا رکھنا
چھلّا دھو کر اٹھانا: منّت کا چھلّا پاک کر کے رکھنا تاکہ کامیابی پر للّٰہ دیا جائے
چھلاوا سا پھرنا: شوخی دکھانا
چھلاوا کھیلنا: چھلاوے کا دوڑا دوڑا پھرنا
چھلاوا ہو جانا: غائب ہو جانا، قابو میں نہ آنا
چھلنی ہو جانا: چھدنا
چھما چھم ناچ ہونا: خوب ناچ ہونا
چھنالا کرنا: بدکاری کرنا
چھنک جانا: بارود کم ہونے کی وجہ سے آتش بازی کا نہ چلنا

چھو ہو جانا: ہوا ہو جانا
چھو کرنا: دم کرنا، دعا پڑھ کر پھونکنا
چھوٹ پڑنا: کسی چیز کا کسی چیز پر عکس پڑنا
چھوٹ ہونا: فرصت ہونا، بے تکلفانہ مزاج ہونا
چھونہ جانا: قریب نہ پھٹکنا
چھیڑ نکالنا: طعنہ زنی کرنا، چڑ نکالنا
چھینٹا پڑنا: ہلکی سی بارش ہونا
چھینٹا دینا: فریب دینا، کسی پر چلو بھر پانی چھڑکنا
چھینٹا مارنا: سرد کرنا
چھینٹوں میں آنا: دم میں آنا، فقروں میں آنا
چھینٹے پھینکنا: الزام لگانا، بہتان لگانا
چھینٹے دینا: فریب دینا، اکسانا
چھینٹیں اڑانا: لگاتار ہاتھ سے پانی پھینکنا
چھینک آنا: ناک سے خود بخود آواز نکلنا
چھینک ہونا: براشکون ہونا
چھینک مارنا: چھینک کا آنا
چھینکیں لینا: دوا کے ذریعے ناک سے چھینکیں نکالنا
چیخ اٹھنا: یکایک زور کی آواز نکلنا
چیر آنا (لگانا): شگاف آجانا، زخم آجانا
چیر اتارنا (توڑنا): کنوارپن اتارنا، عزت لینا
چیل جھپٹّا کرنا: چھینا جھپٹی کرنا
چیل کوؤں کو دوں: بوٹی بوٹی کر کے چیلوں کو دے دوں
چیل کی طرح منڈلانا: کسی چیز کی خواہش میں بے تاب ہونا

چیلا ہونا: مرید ہونا
چین آنا: قرار آنا، آرام آنا
چین اڑانا: بے قرار کرنا، مزے اڑانا
چین پانا: قرار آنا، آرام پانا
چین پڑنا: کل پڑنا
چین سے کٹنا (گزرنا): زندگی عیش سے گزرنا
چیں بہ جبیں ہونا: تیوری پر بل ڈالنا
چیں بولنا (بول جانا): ہار ماننا، عاجز آنا
چیں چپڑ کرنا: جھگڑا کرنا
چیں چیں کرنا: غل مچانا، چوں چوں کرنا
چیونٹے کی گرہ پیٹ میں ہونا: نہایت کم خوراک ہونا
چیونٹی کا پر نکالنا: زوال کا زمانہ قریب آنا
چیونٹیاں لگنا: چیونٹیاں چمٹنا

(ح)

حاجت ہونا: ضرورت ہونا، پاخانہ آنا
حادث ہونا: ظاہر ہونا، واقع ہونا
حاشیہ بنانا: رومال یا چادر کے کنارے بیل بوٹے بنانا
حاشیہ لکھنا: اضافہ کرنا، سبقت لے جانا
حاشیہ لگانا: کاغذ کے چاروں طرف خالی جگہ چھوڑنا
حاصل ہونا: وصول ہونا، ہاتھ لگنا
حاضر رہنا: موجود رہنا
حاضر کرنا: پیش کرنا
حاضر ہونا: موجود ہونا، سامنے ہونا
حاضرات کرنا: بھوت پریت کو جمع کران سے پوشیدہ حال معلوم کرنا
حاضری دینا: میت کے گھر کھانا یا نقدی پہنچانا
حاضری میں کھڑا رہنا: خدمت میں ہر وقت موجود رہنا
حال آنا (کھیلنا): گانا سن کر بے خود ہو جانا
حال آئینہ ہونا: صحیح حالت معلوم ہونا
حال ابتر کرنا (ہونا): بری حالت ہونا
حال بے حال کرنا: بری حالت کرنا
حال پتلا کرنا: مالی حالت خراب ہونا
حال پر رونا آنا: کسی کی خراب حالت پر افسوس کرنا
حال حال ہونا: پریشان ہونا
حال دگرگوں ہونا: حالت خراب ہونا
حال روشن ہونا: حالت ظاہر ہونا
حال سے بے حال ہونا: حیثیت بگڑ جانا
حال غیر ہونا: مریض کی حالت خراب ہونا
حال ابتر ہونا: حالت خراب ہونا
حالت غیر ہونا: بری حالت ہونا
حامی بھرنا: ہمت کرنا، ارادہ کرنا
حبہ حبہ وصول پانا: کوڑی کوڑی وصول ہو جانا
حجاب آنا: شرم آنا
حجاب اٹھنا: پردہ اٹھنا
حجاب ٹوٹنا: شرم دور کرنا
حجاب کرنا: پردہ کرنا

حجّت تمام کرنا: اعتراض کی گنجائش نہ چھوڑنا
حجّت کرنا: بحث کرنا
حجّت نکالنا: نئی بات نکالنا، اعتراض کرنا
حد باندھنا: سرحد مقرر کرنا
حد بھر کرنا: اپنی طاقت کے مطابق کرنا
حد ہو جانا: کسی کام کی انتہا ہو جانا
حدیث کھینچنا (کرنا): توبہ کرنا
حرارت ہونا: جسم کا گرم ہونا
حرارہ دینا: جل دینا، تیزی دکھانا
حرارہ لانا (لینا): غصہ دلانا تیزی دکھانا
حراست میں دینا: گرفتار کرا دینا
حرام کر دینا: بدمزہ یا ناگوار کر دینا
حرام کرنا: بدکاری کرنا
حرام کھانا: زنا کی کمائی کھانا، رشوت لینا
حرام موت مرنا: اپنی جان آپ لینا
حرام ہو جانا (ہونا): تلخ ہو جانا، ناگوار ہونا
حربہ کرنا: وار کرنا، حملہ کرنا
حرز جاں بنانا: بے حد احتیاط سے رکھنا
حرص کرنا: لالچ کرنا
حرف آنا: الزام لگنا، تھوڑا سا لکھنا پڑھنا آنا
حرف اٹھانا: پڑھ لینا، شناخت میں آنا
حرف اڑانا: حرف کو مٹانا
حرف پہچاننا: حروف میں تمیز کرنا
حرف رکھنا: الزام لگانا
حرف لانا: الزام رکھنا
حرف نہ اٹھ سکنا: پڑھ نہ سکنا

حرکت کرنا (دینا): ہلانا، جنبش دینا، برا کام کرنا
حرمت اتارنا: آبرو لینا
حرمت جانا: عزت میں فرق آنا
حرمت کالا گو ہونا: عزت و آبرو کے درپے ہونا
حرمت لینا: عصمت پر دھبہ لگانا
حساب برابر کرنا: کام ختم کر دینا، فیصلہ ہونا
حساب بنانا: بل بنانا
حساب بے باق کرنا: لین دین کا فیصلہ کر دینا
حساب پوچھنا: آمد و خرچ کا حساب لینا
حساب پھیلانا: حساب لگانا
حساب جوڑنا: جوڑ لگانا، میزان دینا
حساب دینا: چارج دے دینا، حساب سمجھانا
حساب رکھنا: آمدنی سے زیادہ خرچ کرنا
حساب کتاب میں رہنا: آمدنی سے زیادہ خرچ کرنا
حساب کرنا: بے باق کرنا
حساب لگانا: دستی گانٹھنا، سازش کرنا
حساب لینا: حساب پوچھنا
حساب میں جمع کرنا: کھاتے میں چڑھانا
حساب میں لینا: حساب میں شمار کرنا
حساب میں نہ ہونا: کوئی حیثیت نہ رکھنا
حساب ہو جانا: نوکری سے برطرف ہو جانا
حساب ہونا: بقایا نکال لینا
حسرت آنا: آزردہ ہونا، افسوس آنا
حسرت باقی رہنا: ارمان پورا نہ ہونا
حسرت برسنا (ٹپکنا): حسرت ظاہر ہونا

حسرت لے جانا: خواہش پوری نہ ہونا
حسرت نکالنا: ارمان پورے کرنا
حسن ڈھلنا: جوانی کا گزر جانا
حشر برپا کرنا (توڑنا): فساد اٹھانا، ادھم مچانا
حسرت توڑنا: آفت ڈھانا
حسرت ڈھانا: آفت برپا کرنا
حشر میں اٹھنا: اسلامی عقیدے کے مطابق قیامت کے دن مردوں کا زندہ ہو کر اٹھنا
حصہ لگانا: تقسیم کرنا، بانٹنا
حصہ لینا: بانٹ کے مطابق لینا
حصّے کرنا: تقسیم کرنا، ٹکڑے کرنا
حصّے میں آنا: بانٹ میں آنا
حفظ پڑھنا: بے دیکھے پڑھنا، یاد کرنا
حفظ ہونا: زبانی یاد ہونا
حق ادا کرنا: نوکری یا خدمت بجالانا
حق پہنچنا: کسی کا حقدار ہونا
حق ثابت کرنا: دعویٰ کا ثابت کرنا، اپنا حق منوا لینا
حق حق کرنا: خدا کا نام لینا، انصاف کرنا
حق دبانا: کسی کا حق مار لینا
حق فروشی: بد دیانتی، سچائی کا سودا کرنا
حق میں کانٹے بونا: کسی کے ساتھ برائی کرنا
حق نمک ادا کرنا: مالک کی خدمت بجالانا
حقہ بجانا: کثرت سے حقہ پینا
حُقّہ بلانا: حقے میں سے آواز نکالنا
حُقّہ بھرنا: پینے کے لیے حُقّہ تیار کرنا
حُقّہ پانی بند کرنا: ذات برادری سے خارج کرنا
حُقّہ پانی پلانا: خاطر تواضع کرنا
حُقّہ تازہ کرنا: حُقّے کا پانی بدلنا
حقیقت کھل جانا: بھید ظاہر ہو جانا
حقیقت کیا ہے؟: ناچیز ہے، کوئی اہمیت نہیں
حقیقت معلوم کرنا: اصل حال یا بھید معلوم کرنا
حقیقت نہ ہونا: بے وقعت ہونا، اصلیت نہ ہونا
حکم اٹھانا: حکم ماننا
حکم بجالانا: حکم کی تعمیل کرنا
حکم بھیجنا: سرکاری طور پر اطلاع دینا، ہدایت بھیجنا
حکم پر چلنا: حکم کی تعمیل کرنا
حکم توڑنا: نافرمانی کرنا
حکم جاری کرنا: حکم صادر کرنا
حکم چلانا: حکومت کرنا، سختی کرنا
حکم دینا: ہدایت دینا، فیصلہ کرنا
حکمت چلنا: چالاکی کا کامیاب ہونا
حکمت کرنا: تدبیر کرنا، دانائی کرنا
حکومت جتانا: سختی کرنا، رعب جمانا
حل کرنا: آسان کرنا، علحدٰہ کرنا
حلال کرنا: شریعت کے مطابق ذبح کرنا، بری طرح پیٹنا
حلال کر کے کھانا: محنت کر کے کھانا، جائز کمائی کھانا
حلف اٹھانا: قسم کھانا
حلف دینا: قسم دینا

حلق بند کرنا: زبان بندی کرنا، خاموش رہنا
حلق پر چھری پھیرنا: ذبح کرنا، ظلم و جبر کرنا
حلق تک بھرنا: بہت کھالینا
حلق خشک ہونا: سوکھ جانا، پیاس لگنا
حلق دبانا: گلا گھونٹنا
حلق میں پانی چوانا: حلق میں پانی ٹپکانا
حلق میں نوالہ پھنسنا یا اٹکنا: گلے سے لقمہ نہ اترنا
حلقہ باندھنا: گھیرا ڈالنا
حلقہ ڈالنا: گھیرا ڈالنا
حلوا سمجھنا: کسی کام کو آسان سمجھنا
حلوا نکل جانا: سختیوں سے بدحال ہو جانا
حلوے مانڈے سے کام رکھنا: ہر حالت میں اپنے فائدے پر نظر رکھنا
حلیہ بگاڑ دینا: بری حالت کر دینا
حلیہ بگڑنا: بری حالت ہونا
حلیہ بنانا: شکل اختیار کرنا
حمل اسقاط ہونا: پیٹ گرنا
حمل ٹھہرنا (رہنا ہو جانا): عورت کے رحم میں نطفہ پڑ کر بچہ بننا
حواس پر سے صدقہ دینا: عقل کی خبر لینا، ہوش درست کرنا
حواس جانا: گھبرا جانا
حواس میں آکر بات کرو: نامعقول بات مت کرو
حوصلہ تنگ ہونا: پست ہمت ہونا
حوصلہ رکھنا: کسی کام کی ہمت رکھنا
حوصلہ نکالنا: ارمان پورے کرنا
حیا آنکھوں سے دھو ڈالنا: بے شرم ہو جانا
حیاتِ تازہ پانا: نئی زندگی پانا، بیماری سے اچھا ہونا
حیثیت رکھنا: ملکیت ہونا، گنجائش رکھنا
حیثیت ہونا: لیاقت ہونا، بساط ہونا
حیض سے پاک ہونا: عورتوں کا حیض سے پاک ہو کر نہانا
حیضی کھانا: تاسف کرنا، پشیمان ہونا
حیلہ کرنا: بہانہ کرنا، نوکر ہونا

(خ)

خار دینا: رنج دینا، ستانا
خار کھانا: حسد کرنا، دشمنی کرنا
خار گزرنا (لگنا) ہونا: برا لگنا، کھٹکنا
خار نکالنا: عداوت پوری کرنا، انتقام لینا
خار ہونا: ناگوار گزرنا، جلن ہونا
خاصا چننا: قسم قسم کے کھانے لگانا
خاصا رہنا: اچھے نکلے، خوب رہا، نتیجہ خراب رہا
خاطر تلے آنا: پسندیدہ ہونا
خاطر توڑنا: دل شکنی کرنا، رنج دینا
خاطر کرنا: مہمان نوازی کرنا
خاطر کی لینا: طرف داری کرنا
خاطر میں آنا: خیال میں آنا، عزت ہونا
خاطر میں رکھنا: خیال رکھنا

خاطر میں گزرنا: خیال رکھنا
خاطر میں نہ لانا: بات نہ پوچھنا
خاطر نشان ہونا: بات کا دل میں بیٹھ جانا
خاطر ہونا: آؤ بھگت ہونا
خاک اڑانا: بدنام کرنا، آوارہ پھرنا
خاک اڑنا: گرداڑنا، رسوا کرنا، تباہ ہونا
خاک برسنا: دھول اڑنا، بے رونقی ہونا
خاک پھانکنا: آوارہ پھرنا، جھوٹ بولنا
خاک جھڑ جانا: مار پیٹ کا کوئی اثر نہ ہونا
خاک جھونکنا: دھوکہ دینا، خاک ڈالنا
خاک چاٹ کر بات کہنا: عجز وانکسار سے کچھ کہنا
خاک چاٹنا: عجز وانکسار کا اظہار کرنا
خاک چھاننا: آوارہ پھرنا، خوب تلاش کرنا
خاک ڈالنا: رفع دفع کرنا، عیب پوشی کرنا
خاک سیاہ ہونا: تباہ و برباد ہو جانا
خاک سے پاک کرنا: ادنیٰ رتبے سے اعلیٰ رتبے پر پہنچانا
خاک کا لے جانا: جہاں کی مٹی ہوتی ہے وہیں دفن ہوتا ہے
خاک کرنا (کر دینا): برباد کرنا، کچھ نہ کرنا
خاک کے گھر کو لاکھ بنانا: غریب کو امیر بنانا
خاک لے ڈالنا: بار بار جانا
خاکم بہ دہن: کوئی بری بات کہنی ہو تو کہتے ہیں
خاک میں ملانا: برباد کرنا
خاک میں ملنا: ضائع ہونا، دفن ہونا

خاک و خون میں ملانا: برباد کرنا، فنا کرنا
خاک ہاتھ میں نہ آنا: کچھ نہ ملنا
خاک ہو جانا (ہونا): بوسیدہ ہو جانا، برباد ہونا
خاکہ اڑانا: نقل اتارنا، بدنام و رسوا کرنا
خاکہ اتارنا: کچا نقشہ کھینچنا
خالہ جی کا گھر نہیں: آسان کام نہیں، معمولی بات نہیں
خالی بیٹھنا: بے کار بیٹھنا
خالی پھرنا: محروم واپس ہونا
خالی جانا: بے اثر ہونا، گولی نہ لگنا
خالی دینا: ٹال جانا، دشمن کے وار سے خود کو بچالے جانا
خالی کرنا: نکالنا، بندوق چھوڑنا
خاموش کرنا: بولنے سے روکنا، چراغ بجھانا
خانہ خرابی برپا کرنا: بربادی لانا
خبر آنا: اطلاع آنا
خبر اڑانا: افواہ اڑانا
خبر بھی ہے: تم نہیں جانتے، الزام دیتے وقت کہتے ہیں
خبر پر خبر دینا: متواتر اطلاع بھیجنا
خبر پڑنا: اطلاع ہونا
خبر پوچھنا: حال دریافت کرنا
خبر پھیلنا: کسی واقعہ کی اطلاع کا عام ہونا
خبر رکھنا: واقف ہونا

خبر گرم ہونا: کسی بات کا مشہور ہونا

خبر لگانا: پتہ لگانا، ٹھکانہ معلوم کرنا

خبر کرنا: دریافت کرنا، مدد کو آنا

خبر ہونا: آگاہی ہونا، معلوم ہونا

خبط اچھلنا: سودا ہونا، جنون ہونا

خبط سوار ہونا: بے ہودہ خیال دل میں سمانا

خبط ہو جانا (ہونا): جنون ہونا، غلط دھیان سمانا

ختم کرنا: قتل کرنا، نیاز دلوانا

ختم ہونا: انجام کو پہنچنا، نیاز ہونا

خطے سلانا: خوشامد و چاپلوسی کرنا

خجالت کھینچنا: شرمندہ ہونا، نادم ہونا

خدا پر چھوڑ دینا (چھوڑنا): خدا پر بھروسہ کر لینا

خدا خدا کر کے کفر ٹوٹنا: بڑی مشکل سے راضی کیا

خدا خدا کرنا: عبادت کرنا

خدا سے کیا پانا: بدی کا بدلا ملنا

خدا سے پھرنا: خدا کو نہ ماننا

خدا سے لڑنا: ناشکری کرنا

خدا سے لو لگانا: اللہ کو یاد کرنا، مرنے کے قریب ہونا

خدا کا غضب ٹوٹے: آفت نازل ہو

خدا کسی کو کسی کا محتاج نہ کرے: خدا کسی سے کوئی کام نہ ڈالے

خدا کو سونپنا: اللہ کے حوالے کرنا

خدا کو مان: اللہ سے ڈر، انصاف کر

خدا کی سنوار: خدا تجھے عقل دے

خدا کے گھر سے پھرنا: مرتے مرتے بچنا

خدشے میں ڈالنا: خطرے میں پھنسانا

خرابی میں پڑنا: آفت میں پھنسنا

خراٹے بھرنا (مارنا) لینا: سوتے میں خرخر کی آواز نکالنا

خراج لینا: محصول وصول کرنا

خراد پر چڑھانا: منجھ جانا

خراد چڑھنا (اترنا): درست ہونا، تجربہ کار ہونا

خرافات بکنا: بے ہودہ باتیں کرنا

خرچ اٹھانا: خرچ برداشت کرنا

خرچ چلانا: خرچ برداشت کرنا

خرچ دینا: روزینہ دینا

خرچہ دلانا: از روئے انصاف کسی کو خرچہ دلانا

خردہ کرنا: روپیہ تڑوانا

خروج کرنا: بغاوت کرنا

خرید لینا: مول لینا

خزاں آنا: بے رونق ہونا

خشک ہونا: سوکھنا

خشکہ کھاؤ: بے جا خواہش سن کر کہتے ہیں یعنی جاؤ رخصت ہو

خضاب کرنا (لگانا): بال سیاہ کرنا

خط آنا: رخساروں پر داڑھی مونچھوں کا نمودار ہونا

خط بڑھ جانا: رخسار کے بالوں کا معمول سے زیادہ بڑھ جانا

خط بگڑنا: تحریر کا بگڑنا

خط بنانا: حجامت بنانا

خط کھنچنا: لکیر کھنچنا
خط نکلنا: رخساروں پر سبزہ کا آغاز ہونا
خطا ہونا: قصور ہونا، بے ارادہ نکل جانا
خلاصہ کرنا: واضح کرنا، صاف صاف کہنا
خلاصی پانا: رہائی ہونا
خلاف قانون ہونا: حکومت کی طرف سے کسی چیز کو ناجائز قرار دینا
خلاف کہنا: طبیعت کے خلاف کہنا
خلاف ہونا: دشمن ہو جانا
خلال کرنا: دانت کریدنا، مات یا شکست دینا
خلیج پڑنا (ہو جانا): اختلاف پیدا ہونا
خم ٹھونک کر سامنے آنا: بے باک ہو کر مقابلہ کرنا
خم ٹھونکنا: لڑنے کے لیے تیار ہونا
خم دینا: ٹیڑھا کرنا
خم اٹھنا: خمیر تیار ہونا
خم چڑھانا: بہت شراب پینا
خم کے خم اڑانا (چڑھانا): بہت شراب پینا
خمیازہ اٹھانا (بھرنا) بھگتنا: بدلہ لینا، سزا بھگتنا، شرمندہ ہونا
خمیازہ لینا: انگڑائی لینا
خمیر اٹھانا: خمیر تیار کرنا
خمیر اٹھنا: خمیر کا تیار ہونا
خمیر بگڑنا: ترکیب میں فرق ہو جانا
خنّا بہکنا: دماغ بگڑنا، اِترانا
خنجر اٹھانا: خنجر ہاتھ میں لینا
خنجر باندھنا: خنجر کمر سے ٹکانا
خنجر پھیرنا: گلے پر خنجر رواں کرنا
خنجر تیز کرنا: قتل کرنے کے لیے تیار کرنا
خنجر چلانا: خنجر کی لڑائی لڑنا
خنجر کھنچنا: لڑائی کے لیے تیار ہونا
خو پڑنا: عادت پڑنا
خواب دیکھنا: سوتے میں کسی بات کو دیکھنا
خواب میں نہ دیکھنا: کبھی نیند میں نہ آنا
خواب وخور (تلخ) حرام ہونا: کسی تکلیف یا فکر میں نیند نہ آنا اور کھانا پینا چھوٹ جانا
خواب ہو جانا: خیال سے جاتا رہنا، محض وہم ہو جانا
خواب ہونا: نیند میں بشارت ہونا
خواصی میں بیٹھنا: کسی بادشاہ یا امیر کے پیچھے سواری میں بیٹھنا
خوانچہ اٹھانا: تھال میں اٹھا کر بیچتے پھرنا
خواہش پوری ہونا: آرزو پوری ہونا
خواہش مارنا: تمنا کا ضبط کرنا
خوب آؤ بھگت کرنا: بڑی تعظیم وتواضع کرنا
خوب ٹھوک بجالو: اچھی طرح تسلی کر لو
خودی میں نہ رہنا: اپنے آپ میں نہ رہنا
خورد برد کرنا: کھانا اڑانا، غبن کرنا
خوش آنا: اچھا لگنا، پسند آنا
خوشی سے کھلے جانا: مسرت کی وجہ سے ہنسنا
خوشی کرنا (منانا): خوش ہونا
خوف کرنا (کھانا): اندیشہ کرنا، رحم کھانا
خوگر کی بھرتی: بیکار اور نکمے آدمی، بھرتی کے شعر

خول چڑھانا: غلاف چڑھانا
خون آنکھوں میں اترنا: کسی کو دیکھ کر غضبناک ہوجانا
خون اچھلنا: قتل کی شہرت ہونا
خون بدن میں نہ ہونا: بہت ڈر جانا، بہت کمزور ہونا
خون بگڑنا: کوڑھ یا جزام ہوجانا
خون بہانا: کشت وخون کرنا، قتل کرنا
خون پانی ایک ہونا: بہت سخت مشقت کرنا
خون پانی ہونا: بے حد تکلیف پہنچنا
خون پینا: مارنا، قتل کرنا، دق کرنا
خون تھوکنا: تپ دق کا آخر درجہ، لہو کی قے کرنا
خون جگر پینا: سخت مصیبت اٹھانا
خون جوش کھانا: نہایت غصے میں آنا
خون چاٹنا: تلوار کا خون آلود کرنا
خون خشک ہونا: دم خشک ہونا
خون دامن سے چھوٹنا: قتل کا الزام قائم رہنا
خونِ دل پینا: اندر ہی اندر غم کرنا
خون دوڑنا: خون رگوں میں بھرنا
خون رلانا: بہت ستانا
خون رونا: بہت رونا
خون سر پر چڑھنا: کسی کے قتل پر آمادہ ہونا
خون سر پر لینا: قتل کا الزام لینا
خون سفید ہونا: محبت جاتی رہنا
خون سوار ہونا: قتل پر آمادہ ہونا
خون کی بو آنا: دشمنی کی علامت ظاہر ہونا

خون کے گھونٹ پینا: بڑے ضبط سے کام لینا
خون گردن پر ہونا: قتل کا ذمے دار ہونا
خون گردن پر سوار ہونا: ہاتھ دھو کر کسی کی جان لینے کے درپے ہونا
خون لینا: قصد کرنا
خون ملنا: ایک خاندان یا کنبے سے ہونا
خون منہ کو لگ جانا (لگنا): مزا پڑ جانا
خون میں نہانا: زیادہ زخمی ہونا
خون نکلوانا: فصد کھلوانا
خون ہلکا ہونا: خون دیکھ کر گھبرا جانا
خون ہونا: زخمی ہونا، رنجیدہ ہونا
خیال باندھنا: مضوبہ باندھنا، سوچنا
خیال پر چڑھنا: کسی بات کا یاد رہنا، ذہن نشین ہونا
خیال پڑنا: یاد آنا
خیال چھوڑنا: کسی دھیان کو ترک کرنا
خیال دوڑنا: یکا یک خیال کسی امر پر جانا
خیال رکھنا: یاد رکھنا
خیال سے اتر جانا: بھول جانا
خیال کرنا: سوچنا، فکر کرنا، لحاظ کرنا
خیال میں نہ لانا: پرواہ نہ کرنا
خیالی پلاؤ پکانا: ایسی باتیں سوچنا جو ممکن نہ ہوں
خیر باد کہنا: رخصت کرنا، چھوڑ دینا
خیر سے گزرنا (کٹنا): سلامتی سے بسر ہونا
خیر گزرنا (ہونا): آفت سے بچنا
خیر مانگنا: سلامتی چاہنا

خیر منانا: بھلائی چاہنا
خیرات دینا: صدقہ دینا
خیلا بنانا: بے وقوف بنانا
خیمہ استادہ ہونا: خیمہ لگانا
خیمے ڈال دینا: چھاؤنی چھا دینا

(د)

داب بٹھانا: دباؤ ڈالنا، بے جا حکومت کرنا
داب بیٹھ جانا: سکہ بیٹھ جانا
داب بیٹھنا: زبردستی قبضہ کر لینا
داب جمانا: رعب بٹھانا
داب جمنا: رعب پڑنا، ڈر بیٹھنا
داب چوک جانا: چھپائی میں کاغذ کا چھپنے سے رہ جانا
داب دینا: دبا دینا، دفن کر دینا
دبا دینا: رعب پڑنا، ڈر بیٹھنا
داٹ پڑنا: مسلّط ہونا
داخل حسنات ہونا: کسی اچھے کام میں شامل ہو ثواب حاصل کرنا
داخل کرنا: اندر کرنا، سپرد کرنا، درج کرنا
داد پانا: انصاف کو پہنچنا
داد چاہنا: انصاف چاہنا، آفریں کا خواہاں ہونا
داد دینا: کسی کے ہنر یا کمال یا خوبی کی تعریف کرنا
داد شجاعت دینا: جنگ میں دلیری سے لڑنا
داد عیش ونشاط دینا: خوب عیش کرنا
داد کو پہنچنا: انصاف پانا، ہنر یا کمال کی تعریف حاصل کرنا
داد لینا: تحسین حاصل کرنا
داد مانگنا: تعریف کا خواہاں ہونا
دادرا بیٹھ جانا: غش آ جانا
دار پر چڑھانا: پھانسی دینا
دار و گیر کی صدا بلند ہونا: لڑائی کا شور ہونا
داستان چھیڑنا: لمبا قصہ شروع کر دینا
داستان میں ٹکڑا لگا دینا: قصہ میں قصہ جوڑ دینا
داعیٔ اجل کو لبیک کہنا: مر جانا، وفات پانا
داغ ابھرنا: صدمہ تازہ ہونا
داغ بیل ڈالنا: کسی کام کی ابتداء کرنا
داغ پڑنا: نشان یا دھبہ پڑنا
داغ تازہ ہونا: زخم ہرا ہونا
داغ چھڑانا: دھبا مٹانا
داغ چھوڑنا: نشان رہ جانا
داغ دیکھنا: صدمہ اٹھانا
داغ کرنا: گرم کرنا، بگھارنا
داغ کھانا: رنج اٹھانا
داغ کھلانا: صدمہ دینا
داغ لگانا (لگنا) لگ جانا: جل جانا، بدنام ہو جانا، الزام لگنا
داغ لے جانا: کسی بات کا رنج مرتے ہوئے ساتھ لے جانا
داغ مٹانا: کسی چیز کا نشان دور کرنا
داغ ہونا: نشان ہونا، رنج ہونا

دال جوتیوں میں بٹنا: لڑائی ہونا، خانگی جھگڑا ہونا
دال چپّو ہونا: باہم پٹنا، گتھم گتھا ہونا
دال دلیا ہونا: کچھ نہ کچھ کام بن جانا
دال روٹی کر دینا: ہر وقت استعمال کر کے بے وقعت کر دینا
دام اٹھانا: اونے پونے قیمت لے لینا
دام اٹھنا: قیمت حاصل ہونا
دام بھر پانا: روپیہ وصول ہونا
دام بھرنا: قیمت ادا کرنا
دام پٹ جانا: قیمت طے ہو جانا
دام پھیر لینا: قیمت واپس لے لینا
دام چکانا: قیمت طے کرنا
دام دینا: مول ادا کرنا
دام کھرے کرنا: نقد قیمت وصول کرنا
دام لگانا: قیمت مقرر کرنا
دام بچھانا: پھندا لگانا
دام بلا سے رہائی پانا: مصیبت سے چھٹکارا حاصل کرنا
دام میں آنا: دھوکہ کھانا
دامن اٹکنا (اٹک جانا): گرفتار ہو جانا، پھنس جانا
دامن اٹھا کر چلنا: دامن سمیٹ کر چلنا
دامن الجھنا: جھگڑے میں پھنس جانا، پابند ہو جانا
دامن امید گوہر آرزو سے مالا مال ہونا: آرزو پوری ہونا، امید بر آنا
دامن بچانا: الگ رہنا، بے تعلق رہنا
دامن بھرنا: مراد حاصل کرنا

دامن پاک ہونا: معصوم و بے گناہ ہونا
دامن پر دھبا لگنا: الزام لگنا
دامن پسارنا (پھیلانا): مانگنا، سوال کے لیے ہاتھ پھیلانا
دامن پکڑنا (لینا): تقاضہ کرنا، روکنا
دامن پھیلانا: پلّو آگے کر کچھ مانگنا
دامن تار تار کرنا: دھجیاں اڑانا
دامن تلے چھپانا (ڈھانکنا): پناہ میں لینا
دامن جھاڑنا: خالی ہاتھ ہونا، آزاد ہونا
دامن جھٹک کے چلے جانا: ناراض ہو کر چلے جانا
دامن جھٹک کر کھڑا ہونا: نفرت کرنا، بیزار ہونا
دامن جھٹکنا: تعلق ترک کرنا
دامن چھٹنا: تعلق نہ رہنا، آزاد ہونا
دامن چھڑانا: قطع تعلق کرنا
دامن سمیٹنا: کنارہ کشی کرنا
دامن سے باندھنا: کسی کا ہو رہنا
دامن سے لگا رہنا: ہر وقت ساتھ رہنا
دامن سے منھ چھپانا: شرمندہ ہونا
دامن کمر سے باندھنا: کام کرنے کے لیے آمادہ ہو جانا
دامن کھینچنا: روکنا، جانے نہ دینا
دامن کی ہوا دینا: کسی بے ہوش کو دامن سے ہوا کرنا
دامن گردانا: توجہ ہٹا لینا
دامن گیر ہونا: مزاحم ہونا، تنگ کرنا

دامن لینا: پناہ لینا
دامن میں چھپالینا: پناہ دینا
دامن ناز کو سنبھالنا: نخروں کو زیادہ کرنا
دامن نہ چھوڑنا: ہر وقت ساتھ رہنا
دانائی ٹپکنا: عقلمندی ظاہر ہونا
دانت بٹھا دینا: مجبور کر دینا، عاجز کر دینا
دانت بجنا: دانت کڑکڑانا
دانت پر میل نہ ہونا: نہایت غصہ ہونا
دانت تلے انگلی دبانا: حیران ہونا، افسوس کرنا
دانت تلے جیبھ دینا: ٹھہرنا، صبر کرنا
دانت تلے ہونٹ دبانا: غصہ کرنا
دانت توڑنا: عاجز کرنا، کسی کام کا نہ رکھنا
دانت تیز کرنا: لالچ کرنا، حرص کرنا
دانت جھڑ جانا: دانت گرنا
دانت چوہے کی نذر کر دینا: دانت گر جانا (بچوں کے لیے کہتے ہیں)
دانت دکھانا: شیخی مارنا، ڈرانا
دانت دیکھنا: عمر کی شناخت کرنا
دانت رکھنا: کسی چیز کی خواہش کرنا
دانت سے دانت بجنا: سردی یا لرزے سے دانتوں کا آپس میں ٹکرانا
دانت سے زبان کاٹنا: کوئی بات کہکر پچھتانا
دانت کٹکٹانا (کچلچانا): نہایت خفا ہونا
دانت کرکرے ہونا: عاجز ہونا، ہار ماننا
دانت کڑکڑانا: سردی یا لرزے سے دانتوں کا آپس میں ٹکرانا

دانت کند ہونا: کسی کاٹنے والی شے کے دندانوں کا سخت چیز کو کاٹنے کے قابل نہ رہنا
دانت کھٹے کر دینا (ہونا): عاجز کر دینا، ہمت توڑ دینا
دانت لگانا: زخم لگانا، تاک لگائے رکھنا
دانت مارنا: کاٹنا، قابو میں لانا
دانت نکالنا: شرمندہ ہو کر ہنسنا، منت سماجت کرنا
دانت نکوسنا: درندے کا غصے یا عاجزی سے دانت نکالنا
دانت نہ لگانا: نگل جانا
دانت ہونا: کسی چیز کی بہت خواہش ہونا، تاک میں ہونا
دانتوں انگلی کاٹنا: ناراض ہونا، حیران ہونا
دانتوں پر ہونا: بچے کا دانت نکلنے کے قریب ہونا
دانتوں تلے انگلی دابنا: متعجب ہونا
دانتوں چڑھنا: کوسنے سننا، موجب رشک ہونا
دانتوں سے پکڑنا: سخت کنجوسی کرنا
دانتوں سے پکڑنا: اپنی جگہ سے نہ ہلنا
دانتوں سے کوڑی اٹھانا: سخت کنجوسی کرنا
دانتوں سے ہاتھ کاٹنا: سخت افسوس کرنا، سخت غصے میں ہونا
دانتوں کے نیچے زبان دبانا: کہتے کہتے زبان روک لینا
دانتوں میں انگلی دبانا: حیرت افسوس، گھبراہٹ یا شرم ظاہر کرنا
دانتوں میں تنکا لینا: عاجزی کرنا، اطاعت کرنا

دانتوں میں زبان کی طرح رہنا: دشمنوں میں رہ کر بچے رہنا

دانہ اٹھانا: پرندوں کا دانہ چگنا

دانہ اگلنا: پرندہ کا پوٹے سے دانہ نکالنا

دانہ بچھانا: پرندوں کو پکڑنے کے لیے دانہ بچھانا

دانہ بدلنا: پرندوں کا ایک دوسرے کے منہ سے دانہ نکال کر کھلانا

دانہ بدلی کرنا: بوس و کنار کرنا، پیار کرنا

دانہ بھرانا: چوگا دینا، پرندوں کا بچے کو دانہ کھلانا

دانہ پانی اٹھنا: رزق ختم ہونا، سفر پر مجبور ہونا

دانہ پانی حرام ہونا: کھانا پینا چھوٹ جانا

دانہ پانی کے ہاتھ ہونا: قسمت کے اختیار میں ہونا

دانہ پڑنا: بوئے ہوئے اناج میں بیج پیدا ہونا

دانہ تک حرام ہونا: کچھ نہ کھانا

دانہ جمانا: جال بچھانا، دھوکہ دینا، بیج ڈالنا

دانہ دانہ کرنا: بکھر جانا

دانہ دینا (ڈالنا): پالتو جانوروں کو دانہ کھلانا

دانے پر لگانا: اجنبی پرند کو دانہ کھلا کر رام کرنا

دانے کا اڑ کر پہنچنا: قسمت میں لکھے ہوئے رزق کا ملنا

دانے کے ساتھ گھن پس جانا: امیر کے ساتھ کسی غریب کا مصیبت میں پھنس جانا

دانے مانگنا: بھیک مانگنا

دانے نبڑ جانا: آب و دانہ ختم ہو جانا

دانے نکلنا: چیچک نکلنا

دانے نہ ہونا: سخت غریب ہونا

داہ دینا: مردے کو جلانا

داہنے ہاتھ کا کھانا حرام ہے: ایک قسم جو کسی کام کے لیے کھائی کھلائی جاتی ہے

داہنی آنکھ پھڑکنا: داہنی آنکھ کی رگوں کا حرکت کرنا

دائر کرنا: سلسلہ شروع کرنا، رجوع کرنا

دائرہ وسیع ہونا: رسوخ زیادہ ہونا

داؤں آنا (پڑنا): باری آنا، نوبت آنا

داؤ بیٹھنا: موقع ملنا

داؤ پر چڑھانا: قابو میں لانا، فریب دینا

داؤ پر رکھنا: بازی پر لگانا

داؤ پر لگانا: شرط پر رکھنا

داؤ پھینکنا: پاسہ پھینکنا

داؤ چلنا (دینا) کرنا جانا: دھوکہ دینا

داؤ کھیلنا: دھوکہ دینا

داؤ گھاؤ: فریب کا دکھ

داؤ لینا: اپنی باری لینا

داؤ مارنا: دھوکہ دینا

دائی سے پیٹ چھپانا: راز داروں سے عیب چھپانا

دائیں بائیں دے کر نکل جانا: دھوکہ دے کر نکل جانا

دائیں بائیں دیکھنا: ہوشیار ہونا

دائیں بائیں کر دینا: چھپا دینا

دب آنا: بڑھ آنا، آگے بڑھنا

دب جانا: مغلوب ہو جانا
دب دبا جانا: معاملہ رفت گذشت ہو جانا
دب کے چلنا: کترا کے چلنا، رک کے چلنا
دب نکلنا: پست ہو جانا، ڈر جانا
دبا بیٹھنا: دبوچ لینا، مال مار لینا
دبا جانا: نظروں میں نہ آنے دینا
دبا دینا: گاڑ دینا، چھپا دینا
دبا ڈالنا: کسی بات کو چھپا دینا
دبا رہنا: مغلوب رہنا
دبا لینا: مال مار لینا، دبوچ لینا
دبا مارنا: تاک میں بیٹھنا
دباؤ پڑنا (ڈالنا): بوجھ ڈالنا، رعب ڈالنا
دباؤ کھانا (ماننا): رعب ماننا
دباؤ ہونا: رعب ہونا، پابندی ہونا
دبائے رکھنا: ظاہر نہ ہونے دینا
دبدبہ بٹھانا (دکھانا): خوف زدہ کرنا، رعب دکھانا
دبک جانا، آنا، بیٹھنا، رہنا: پیٹ زمین سے لگا کر بیٹھنا
دبکی لگانا (مارنا): کمین گاہ میں بیٹھنا، گھات لگانا
دبلا کرنا (ہونا): لاغر ہونا یا کمزور ہونا
دبی آگ اکھیڑنا: پرانے جھگڑے کو تازہ کرنا
دبی دبی ہنسی نکالنا: پوری طرح کھل کر نہ ہنسنا
دبی زبان سے کہنا: آہستہ سے کہنا
دبے رہنا: مغلوب رہنا

دخل پانا: رسائی ہونا، زمین کا قبضہ ملنا
دخل تام رکھنا: پورا ماہر ہونا
دخل دینا: بیچ میں بولنا
دخل رکھنا: ماہر ہونا
دخل لینا: قبضہ لینا
در بدر پھرنا: آوارہ پھرنا
در بند کرنا (ہونا): دروازہ بند ہونا
در پر پڑنا: کسی کے پاس پناہ لینا
در در پھرنا: دنیا میں مارا مارا پھرنا
در در کی ٹھوکریں کھانا: مارا مارا پھرنا
در در مانگنا: لوگوں کے دروازے پر بھیک مانگنا
در و دیوار سے باتیں کرنا: دیوانوں کی طرح خود بخود بکنا
در و دیوار کان رکھتے ہیں: ہر طرح بھید حاصل کرنے والے تاک میں ہیں
در آنا: اندر آنا
در پے ہونا: گھات میں ہونا
در پیش آنا: لاحق ہونا، واسطہ پڑنا
درمیان آنا: بیچ میں ڈالنا
درمیان لانا: پیش کرنا، بیچ میں ڈالنا
دریافت کرنا: تحقیق کرنا، پوچھنا
دریں چہ شک: اس میں کیا شک ہے
در پڑنا: قیمت مقرر کرنا
دُر دُر کرنا (ہونا): دھتکارنا
دراز ہونا: لیٹنا، سونا
درانتی پڑنا: فصلوں کی کٹائی شروع ہونا

دربار برخاست ہونا: دربار ختم ہونا
درباداری کرنا: سخت خوشامد کرنا، حاضری دینا
دربار کرنا: عدالت کرنا، حاضر باشی کرنا
دربار لگنا: مجرائیوں کا مجلس میں اکٹھا ہونا
دربار معاف کرنا: دربار سے غیر حاضر ہونے کی اجازت دینا
دربار موقوف رکھنا: بادشاہ کا دربار نہ لگانا
دربندی کرنا: تلاشی کے لیے کسی جگہ یا مکان کا محاصرہ کرلینا
درج کرنا: شامل فہرست کرنا
درجہ اترنا: ایک جماعت نیچے ہوجانا
درجہ برابر ہونا: ایک جیسی عزت یا قدر ہونا
درجہ ٹوٹنا: تنزل ہونا
درجہ دینا: ترقی دینا
درجہ گھٹانا: تنزّل کرنا
درجہ ملنا: مرتبہ حاصل ہونا
درجہ ہونا: عزت ہونا، گت ہونا
درخواست دینا: عرضی بھیجنا
درد آنا: افسوس آنا، رحم آنا
درد اٹھنا: کسی عضو میں درد محسوس ہونا
درد بٹانا: دُکھ میں شریک ہونا
درد پوچھنا: غم گساری کرنا
درد جانا (جاننا): درد رفع ہونا، کسی کا درد محسوس کرنا
درد چننا: درد کو کم کرنا یا رفع کرنا
دردِسر اٹھنا: ذمہ داری لینا، سر کا درد شروع ہونا

دردِسر جانا: جھگڑا مٹ جانا
دردِسر خریدنا: کسی جھگڑے میں پڑنا
دردِسر دینا: تنگ کرنا، تکلیف دینا
دردِسر کرنا: محنت یا مشقت کرنا
دردِسر مول لینا: کوئی کام اپنے ذمہ لینا
دردِسری: تکلیف، مصیبت
درد کرنا: تکلیف ہونا، ہمدردی کرنا
درد کھانا: رحم کرنا، افسوس کرنا
درد لگنا: درد ہونا، بچہ جننے کی تکلیف شروع ہونا
دردیں لگنا: دردِزہ ہونا
درس دینا: سبق دینا
درس کہنا: نصیحت کرنا، سبق پڑھانا
درس ہونا: سبق پڑھایا جانا
درس دکھانا: دیدار کرانا
درست آنا (ہونا): ٹھیک ہونا، صحیح ہونا
درست بنانا: ٹھیک بنانا
درست فرمانا: ٹھیک بات کہنا
درست کرنا: ٹھیک کرنا
درست لگانا: قاعدے سے لگانا
درست ہو رہنا: تیار ہوجانا
درشتی سے پیش آنا: سختی سے پیش آنا
درشن کرنا (پانا): دیدار کرنا، ملاقات ہونا
درک دینا: دخل دینا، دست اندازی کرنا
درک ہونا: واقفیت ہونا، دست اندازی کرنا
درگت کرنا (بنانا): بری حالت کرنا
درگزر کرنا: چشم پوشی کرنا، بھلانا

دروازہ بند ہو جانا: وقت ختم ہو جانا، گھر پر نہ ہونا
دروازہ بھیڑنا: دروازے کے پٹ بند کرنا مگر کنڈی نہ لگانا
دروازہ تنگ ہونا: رزق کم ہونا
دروازہ تیغا کرنا: دروازہ بند کر دینا
دروازہ ٹھونکنا: دروازے پر ہاتھ مار کر کھولنا
دروازہ چننا: اینٹیں چن کر دروازے کو بند کرنا
دروازہ زنجیر کرنا: دروازہ بند کرنا
دروازہ کھٹکھٹانا: مانگنا، درخواست کرنا
دروازہ کھلنا: آمدنی بڑھ جانا
دروازہ معمور ہونا: دروازہ بند ہونا
دروازے پر کھڑا رہنا: منتظر رہنا، مہربانی کا امیدوار
دروازے پر ہاتھی جھومنا: دولت مند ہونا
دروازے کی مٹی لے ڈالنا: سخت تقاضہ کرنا
درود بھیجنا: تعریف کرنا، صلوٰت پڑھنا
دُرّے پڑنا: کوڑے مارنا
درہم برہم ہونا: الٹ پلٹ ہونا، گڑبڑ ہونا
دریا اترنا: دریا کا پانی کم ہونا
دریا اُمڈنا: کسی چیز کا بہت جوش ہونا
دریا بُرد ہونا: غرق ہونا، مٹ جانا
دریا بہانا: بہت رونا
دریا پر جانا اور پیاسے آجانا: موقع ملے مگر فائدہ نہ اٹھانا
دریا چڑھنا: سیلاب آنا
دریا کو کوزے میں بند کرنا: ناممکن یا محال کام کرنا
دریا کو ہاتھ سے روکنا: مشکل کام کا ارادہ کرنا
دریائے آہن میں ڈوبا ہونا: سرتاپا مسلّح ہونا
دریائے اشک بہانا: خوب جی بھر کر رونا
دریس کرنا: پوشاک پہننا، درست کرنا
دریغ آنا: افسوس آنا
دریغ رکھنا: کنجوسی کرنا، کوتاہی کرنا
دڑبا کھول دینا: کوئی کام بے روک ٹوک کرنا
دڑنگے لگانا: لمبے لمبے ڈگ بھرنا، آوارہ پھرنا
دُزدیدی نگاہ سے دیکھنا: کنکھیوں سے دیکھنا
دس آنا دس جانا: آمدورفت کا سلسلہ جاری رہنا
دس باتیں سنانا: برا بھلا کہنا
دس کی دو کہنا: زیادہ تعداد کو گھٹا کر بیان کرنا
دس گھر مانگنا: دربدر بھیک مانگنا
دِساور آنا: غیر ملکی مال آنا
دساور بھرنا: مال باہر بھیجنا
دساور چڑھانا: غیر ممالک سے کسی چیز کی مانگ ہونا
دست آنا: پتلے پاخانے آنا
دستِ ادب باندھنا: ادب سے ہاتھ باندھنا
دستِ افسوس ملنا: افسوس کرنا
دست اندازی کرنا: مداخلت کرنا، ہاتھ ڈالنا
دست بہ قبضہ ہونا: لڑنے کے لیے تیار ہونا
دست بوس ہونا: ہاتھ چومنا، ملاقات کرنا
دست بیع ہونا: مرید ہونا، چیلا بننا
دست پاچہ ہونا: سٹ پٹانا، گھبرانا
دستِ تاسف ملنا: افسوس سے ہاتھ ملنا

دست چھوٹنا: دست آنا

دستِ دعا دراز کرنا: دعا کے لیے ہاتھ اٹھانا

دسترس پہنچنا (چلنا): قابو پانا، چلنا

دسترس حاصل ہونا: مہارت ہونا، رسائی ہونا

دستِ سوال دراز کرنا: مانگنے کے لیے ہاتھ بڑھانا

دستِ شفا پھیرنا: اچھا کردینا

دست طلب دراز کرنا: مانگنے کے لیے ہاتھ بڑھانا

دست کوتاہ کرنا: ہاتھ روک لینا

دست و بغل ہونا: بغل گیر ہونا

دست و پا پھول جانا: ہوش وحواس گم ہوجانا

دست و پا مارنا: جان توڑ کوشش کرنا

دست وگریباں ہوجانا: ہاتھا پائی کرنا

دستیاب ہونا: حاصل ہونا، وصول ہونا

دسترخوان بڑھانا: کھانے کے بعد دسترخوان اٹھانا

دسترخوان کا توبہ توبہ کرنا: دسترخوان تیار ہے پر کوئی کھانے نہیں بیٹھا

دسترخوان کرنا: فاتحہ کا کھانا کھلوانا

دستک آنا: قرق کا حکم نامہ آنا

دستک باندھنا: بے ضرورت خرچ کرنا، محصول لگانا

دستک دینا: تالی بجانا، بلانا

دستک لگانا: سمن دروازے پر چسپاں کرنا

دستور باندھنا (جاری کرنا): قاعدہ مقرر کرنا

دستی بھیجنا: کسی کے ہاتھ کچھ بھیجنا

دستی کرنا: ہاتھ سے ہاتھ ملا کر زور کرنا

دستیاں پھونکنا: مشعلیں جلانا

دشمنی رکھنا: عداوت رکھنا

دشمنی نکالنا: بدلہ لینا

دشنام طرازی کرنا: گالی بکنا

دشواری پڑنا: وقت پڑنا

دعا الٹنا: دعا کا الٹ نتیجہ نکلنا

دعا چلنا: دعا کا اثر ہونا

دعا دینا: برکت کے الفاظ کہنا

دعا سلام کہنا: کسی کے ذریعے دعائیہ پیغام بھیجنا

دعا قبول ہونا: مراد پوری ہونا

دعا کرنا: خدا سے درخواست کرنا

دعا لگنا: دعا کا اثر ہونا

دعا مستجاب ہونا: دعا قبول ہونا

دعائیں دینا: کسی کے حق میں بہت سے کلمات خیر کہنا

دعوت پر بلانا (دینا): کھانے پر بلانا

دعویٰ اٹھنا: دعوے کا ثابت ہونا یا جواب دیا جانا

دعویٰ باندھنا: دعویٰ کرنا

دعویٰ پیش ہونا: حاکم کے سامنے مطالبہ کا پیش ہونا

دعویٰ جمانا: دلیل قائم کرنا، قبضہ جتانا

دعویٰ چلنا: دعوے کا قابلِ سماعت ہونا

دعوے کرنا: مطالبہ کرنا، درخواست کرنا

دغا دینا: دھوکہ دینا

دف مرنا: تیزی ختم ہونا، غصہ دور ہونا
دفان ہونا: دور ہونا، دفع ہونا
دفتر الٹ جانا: سخت نقصان ہونا
دفتر برہم ہونا: دفتر کے کاغذات کا بے ترتیب ہونا
دفتر تہہ کرنا: مختصر کرنا، ختم کرنا
دفتر چڑھانا: مشہور کرنا
دفتر کاٹ کر رکھ دینا: سب کا سب منسوخ کر دینا
دفتر کھلنا: ضرورت سے زیادہ تفصیلی بیان دینا
دفترِ گاؤ خورد ہونا: کارخانہ درہم برہم ہونا
دفع دخل کرنا: اعتراض کا جواب دینا
دفع ہونا: دور ہونا، رخصت ہونا
دفعہ لگانا (عاید کرنا): کوئی جرم قائم کرنا
دق کرنا (ہونا): چھیڑنا، ستانا، تنگ ہونا، کرنا
دقت پڑنا: دشوار ہونا
دقت میں پڑنا: مصیبت میں پھنسنا
دقیقہ اٹھا نہ رکھنا: کسر نہ چھوڑنا
دکان بڑھنا: دُکان بند کرنا
دُکان جمنا: دکان قائم ہونا
دکان چلنا: خوب بکری ہونا
دکان داری کی باتیں کرنا: چرب زبانی کرنا
دکان کرنا: بیچنے کا کام یا پیشہ کرنا
دکان گرم ہونا: خوب بکری ہونا
دکان لگنا: دکان کھلنا
دُکھ اٹھانا: تکلیف اٹھانا
دُکھ ہٹانا: غم خواری کرنا
دُکھ بھرنا (بھگتنا): سخت تکلیف اٹھانا
دُکھ درد میں شریک ہونا: رنج وغم کا ساتھی
دُکھ دینا: تکلیف دینا
دُکھ رونا: گلہ شکوہ کرنا
دُکھ کا مارا (ماری): مصیبت زدہ (عورت)
دُکھ لگنا: روگ لگنا
دُکھتی رگ پر ہاتھ رکھنا: کسی کی عیب یا کمزوری پر گرفت کرنا
دُکھتی کہنا: ایسی بات کہنا جو مخاطب کو ناگوار گزرے
دُکھڑا پڑنا: مصیبت یا بپتا کا آنا
دُکھڑا رونا: رنجیدہ ہونا
دکھی ہونا: رنجیدہ ہونا
دگدگی میں دم ہونا: اخیر وقت ہونا
دِگرگوں ہونا: رنگ بدلنا، الٹ پلٹ ہونا
دل بندھنا: فوج کا انبوہ کرنا
دل دینا: فرفتہ ہونا، عاشق ہونا
دل آب آب ہونا: دل کا نرم ہونا
دل آجانا: رغبت ہو جانا
دل آزردہ ہونا: ناخوش ہونا
دل آزمانا: حوصلے کی آزمائش کرنا
دل آنا (آجانا): عاشق ہو جانا
دل آہن ہونا: سخت دل ہونا
دل آئینہ ہونا: دل پر نیک و بد خود بخود ظاہر ہونا
دل اٹکنا: عشق ہونا
دل اٹھانا (اٹھنا): قطع تعلق کر لینا، جی نہ لگنا

دل اچاٹ ہونا: جی اکتانا

دل اچٹ جانا (اکھڑ جانا): گھبرا جانا

دل اچھلنا: دل دھڑکنا

دل اختیار میں ہونا: دل قابو میں ہونا

دل اداس ہونا: غمگین ہونا

دل اڑا لینا: فریفتہ کر لینا

دل اڑ چلنا: دل کا بے قابو ہو جانا

دل الٹ پلٹ ہونا: بے چین ہونا

دل الٹنا: دیوانہ ہونا

دل الجھانا: عاشق ہونا، بیزار ہونا

دل امنڈ آنا: رونے کے قریب ہونا

دل ایک ہونا: ہم خیال ہونا

دل اینٹھ لینا: فریفتہ کر لینا

دل باغ باغ ہونا: بہت خوش ہونا

دل باندھنا: دل کو مائل کر لینا

دل بٹورنا: بے دل کرنا

دل بجھانا: ہمت توڑنا

دل بجھنا: امنگ جاتی رہنا

دل بحال ہونا: دل کی کدورت دور ہونا

دل برا کرنا (ہونا): رنجیدہ ہونا، دل ناراض ہونا

دل برمانا: فریفتہ کرنا، رنج دینا

دل بڑھانا: حوصلہ بڑھنا

دل بکھرنا: افسردہ خاطر ہونا

دل بلیوں اچھلنا: بہت بے تاب ہونا

دل بند ہونا: دم گھٹنا

دل بودا ہونا: رنجیدہ ہونا

دل بھاری ہونا: رنجیدہ ہونا

دل بھٹکنا: دل کا کبھی کسی کی طرف اور کبھی کسی کی طرف مائل ہونا

دل بھچنا: ڈرنا، ہچکنا

دل بھر آنا: آنکھوں میں آنسو آنا

دل بھر بھرانا: لالچ پیدا ہونا بھر بھرانا

دل بھر جانا: سیر ہو جانا

دل بھر دینا: لگائی بجھائی کر کے نفرت پیدا کر دینا

دل بہلنا: پریشانی دور ہونا

دل بے ایمان ہونا: دل میں برا خیال آنا

دل بیٹھا جانا: کمزوری محسوس کرنا

دل بیٹھ جانا: ہمت نہ رہنا

دل بے چین ہونا: مضطرب ہونا

دل پارہ پارہ ہونا: روحانی صدمہ ہونا

دل پانی پانی ہونا: دل نرم ہونا

دل پتھر ہو جانا: مصیبتیں جھیل کر دل سخت ہو جانا

دل پر اختیار رہنا: دل قابو میں ہونا

دل پر بار ہونا: دل پر بوجھ معلوم ہونا

دل پر پتھر رکھ لینا: دل سخت کر لینا

دل پر چوٹ لگنا: صدمہ پہنچنا

دل پر چھریاں چلنا: اندرونی صدمہ پہنچنا

دل پر سانپ لوٹنا: افسوس ہونا، رشک ہونا، حسد ہونا

دل پر قفل لگانا: دل کے راز کو پوشیدہ رکھنا

دل پراگندہ ہونا: دل میں بیٹھ جانا

دل پر کھیلنا: جان جوکھوں میں ڈال کر کوئی کام

کرنا

دل پر گھونسا پڑنا: اچانک کوئی صدمہ پہنچنا

دل پر مہر ہو جانا: دل ایسا مسخ ہو جانا کہ اس پر کسی بات کا اثر ہی نہ ہو

دل پر میل آنا: دل کو ناگوار گزرنا

دل پر میل نہ لانا: خیال نہ کرنا

دل پر نشتر مارنا: تکلیف دہ بات کہنا

دل پر نقش ہونا: بات کا دل میں بیٹھ جانا

دل پر ہاتھ رکھ کر دیکھ: اپنی حالت کا اندازہ کر کے دوسرے کی نسبت کچھ کہنا

دل پر ہاتھ رکھنا: تسلّی اور تسکین دینا

دل پرجانا: دل بہلانا

دل پژمردہ ہونا: افسردہ ہونا

دل لینا: فریفتہ ہونا

دل پسیجنا (پگھلنا): رحم آنا

دل پکّا کرنا: دل مضبوط کرنا

دل پک جانا: صدموں سے دل کو سخت رنج ہونا

دل پکڑا جانا: شبہ پڑنا، عندیہ معلوم ہونا

دل پکڑ کر اٹھنا: بے قرار ہو کر اٹھنا

دل پکڑ کر بیٹھ جانا: صدمے کی وجہ سے بول نہ سکنا

دل پکڑ لینا: صدمے کی تاب نہ لا سکنا

دل پکڑے پھرنا: مضطرب ہونا

دل پک کے پھوڑا ہونا: صدموں کی وجہ سے زیادہ برداشت کی طاقت نہ ہونا

دل پھاڑنا: دل کا بیزار کرنا

دل پھٹا جانا: ہمدردی کی وجہ سے صدمہ ہونا

دل پھٹ جانا: دل بیزار ہونا

دل پھر جانا: بیزار ہونا

دل پھڑکانا: خوشی سے بے تاب ہو جانا

دل پھسلنا: دل کا بے اختیار مائل ہونا

دل پھنک جانا: جل جانا

دل پھیر لینا: نفرت کرنا

دل پھیکا ہو جانا: توجہ ہٹ جانا

دل تازہ ہونا: دل کو فرحت ہونا

دل تڑپنا: دل کا بے قرار ہونا

دل تلے اوپر ہونا: دل گھبرانا

دل تنگ ہونا: مضطرب ہونا

دل توڑنا: مایوس کرنا، ناامید کرنا

دل تولنا: آزمائش کرنا

دل تونگر ہونا: غربت کا رنج نہ ہونا، سخی ہونا

دل تھام لینا: ضبط کرنا

دل تھرتھرانا: ڈرنا، خوف کھانا

دل تھوڑا ہونا: ہمت ٹوٹ جانا

دل ٹٹولنا: مرضی دریافت کرنا

دل ٹکڑے ٹکڑے ہونا: سخت صدمہ ہونا

دل ٹوٹ جانا: مایوس ہو جانا

دل ٹوٹ کر آنا: سخت فریفتہ یا مائل ہونا

دل ٹھکانے ہونا: اطمینان ہونا

دل ٹھکنا (ٹھونکنا): اطمینان ہونا

دل ٹھنڈا ہونا: خوشی ہونا

دل ٹھہرنا: تسکین ہونا

دل جانا: عاشق ہونا
دل وجگر دیکھنا: حوصلہ یا ہمت دیکھنا
دل جلا کر خاک کرنا (جلانا): سخت رنج دینا
دل جل کر کباب ہونا: رشک سے جلنا
دل جلنا: رنج ہونا
دل جمنا: کسی کام کو توجہ سے کرنا
دل جوان رہنا: ہر وقت خوش رہنا
دل جوئی کرنا: تسلّی دینا
دل جھکنا: مائل ہونا
دل جھمانا: وجد میں آنا
دل جینے سے خفا ہونا: زندگی سے بیزار ہونا
دل چار چار ہاتھ اچھلنا: بے تاب ہونا
دل چاک کرنا: رنج دینا
دل چاہتا ہے: دل کی آرزو ہے
دل چاہیے: حوصلہ یا ہمت درکار ہے
دل چرانا: فریفتہ کرنا، کوتاہی کرنا
دل چلنا: خواہش کرنا
دل چھان دینا: سخت رنج پہنچانا
دل چھپانا: پہلو تہی کرنا
دل چھلنی کرنا: سخت رنج دینا
دل چھوٹا ہونا: پست ہمت ہونا
دل چھوٹ جانا: ہمت ٹوٹ جانا
دل چھوڑنا: عاشق ہونا ہمت ہارنا
دل چھیدنا: دل کو زخمی کرنا
دل چیر کر دکھانا (دیکھنا): راز ظاہر کرنا، دل کا حال معلوم کرنا

دل حاضر رہنا: دل متوجہ ہونا
دل خاک ہونا: آرزو نہ رہنا
دل خالی کرنا: دل کا غبار رو دھو کو نکالنا
دل خانہ خدا ہے: دل اللہ کا گھر ہے
دل خنک ہونا: خوش ہونا
دل خوش کرنا: راضی کرنا
دل خون کرنا: بے حد محنت و مشقت کرنا
دل خون ہو کے بہہ جانا: شوق نہ رہنا
دل خون ہونا: سخت رنجیدہ ہونا
دل داغدار ہونا: مغموم ہونا
دل دریا ہونا: بہت سخی یا فیاض ہونا
دل دکھنا (کڑھنا): غم ہونا، تکلیف ہونا
دل دو نیم ہونا: سخت صدمہ ہونا
دل دھڑکنا: وسوسہ پیدا ہونا، خوف ہونا
دل دھک دھک کرنا: بیماری، ڈر یا اضطراب سے دل کا دھڑکنا
دل دھکڑ پکڑ ہونا: خوف کھانا، اضطراب ہونا
دل دھک سے ہو جانا: اچانک صدمہ ہونا
دل دہل جانا (دہلنا): خوف کھانا
دل دیکھنا: حوصلے کی آزمائش کرنا
دل دینا: عاشق ہونا
دل ڈانواں ڈول ہونا: دل قابو میں نہ ہونا
دل ڈوبنا: غشی طاری ہونا
دل ذرا سا ہونا: دل میں برداشت کی طاقت نہ ہونا
دل رچنا: مانوس ہونا

دل رکھنا: آرزو پوری کرنا
دل رندھنا: غمگین ہونا
دل روشن ہونا: واقفیت ہونا
دل روندنا: صدمہ پہنچانا، فریفتہ کرنا
دل زندگی سے بجھ جانا: ناامید ہو جانا
دل زندہ ہو جانا: بہت خوش ہونا
دل سخت کر لینا: بے رحم اور سنگدل ہو جانا
دل سرد ہو جانا: متنفر ہو جانا، ولولہ اور جوش جاتا رہنا
دل سلگنا: سوز و گداز ہونا
دل سنبھالنا (سنبھلنا): تیار ہونا، دل کو قرار یا تسکین دینا
دل سے اتارنا (اتر جانا): بے وقعت کر دینا
دل سے باتیں کرنا: خود بخود کچھ کہنا
دل سے بھلا دینا: بالکل یاد نہ رکھنا
دل تنگ آنا: عاجز آنا، دکھی ہونا
دل سے دل اٹکنا: آپس میں محبت ہو جانا
دل سے دل ملنا: ایک دوسرے کا عاشق ہونا
دل سے دھواں نکلنا: بے حد غم ہونا
دل سیر ہونا: دل بھر جانا
دل سے صاف ہونا: رنج و ملال جاتا رہنا
دل سے غبار نکالنا: ملال نہ رہنا
دل سے کانٹا نکلنا: غصہ اتر جانا
دل سے لگنا: بہت خیال ہونا، دھن ہونا
دل سے مجبور ہونا: دل پر قابو نہ رہنا
دل سے نکال دینا: بھلا دینا

دل سیاہ کرنا: بے رحم ہونا
دل سینے میں الجھنا: دل گھبرانا، اضطراب ہونا
دل شیر ہونا: دل مضبوط ہونا، حوصلہ ہونا
دل صاف ہو جانا: کدورت دور ہو جانا
دل صفا ہونا: دل صاف ہونا
دل غنی ہونا: دل کا امیر ہونا
دل قابو میں ہونا: دل کا اپنے بس میں ہونا
دل قوی کرنا: دل کو مضبوط کرنا
دل کا آجانا: عاشق ہونا
دل کا ارمان نکلنا: آرزو پوری ہونا
دل کا حوصلہ نکلنا: آرزو یا خواہش پوری ہونا
دل کا خون پینا: رنج کرنا
دل کا کچھ اور نقشہ ہونا: پریشان ہونا
دل کا کنول کھلنا: شگفتہ خاطر ہونا
دل کانپنا: دل گھبرانا
دل کشیدہ ہونا: بیزار ہونا، رنجیدہ ہونا
دل کملانا: ناامید ہونا
دل کو پامال کرنا: عاشق پر ستم کرنا
دل کو پھوڑا بنانا: بہت رنج دینا
دل کو نشانہ بنانا: مائل کرنا، فریفتہ کرنا
دل کو ہاتھوں سے مسلنا: خوب ستانا
دل کھٹک جانا: شک پڑنا
دل کھرا کھوٹا ہونا: نیت میں فرق آنا
دل کی اڑا لینا: دل کا مطلب سمجھ لینا
دل کی طرح رکھنا: عزیز رکھنا
دل کی کلی کھلنا: آرزو پوری ہونا

دل کی گانٹھ کھولنا: عداوت دور کرنا
دل کے پھپھولے پھوڑنا: برا بھلا کہہ کر دل کا غصہ نکالنا
دل گداز ہونا: دل نرم ہونا
دل گواہی دیتا ہے: دل تائید کرتا ہے
دل لوٹ پوٹ ہونا: عاشق ہونا
دل لہرانا. دل خوش کرنا
دل مارنا: خواہشوں کو روکنا
دل مکدّر ہونا: دل میں ملال آجانا
دل میں چٹکیاں لینا: طعنے دینا، دل دکھانا
دل میں چور بیٹھنا: بدگمانی ہونا
دل میں شرمانا: شرمندگی ظاہر نہ ہونے دینا
دل میں گڑ جانا: پسند آنا، اثر ہونا
دل میں ہوک اٹھنا: رنج وغم کی بات یاد آنا
دل میں ہول سمانا: خوف زدہ ہو جانا
دلِ ناصبور: بے قرار دل
دل ودماغ نہ ہونا: عقل نہ ہونا
دل ہاتھ بھر بڑھنا: حوصلہ زیادہ ہونا
دلالت برسنا: رعب داب ہونا
دلدّر بھاگنا (دور ہونا): افلاس یا نحوست کا جاتا رہنا
دلدّر نکالنا: گھر کو صاف ستھرا کرنا
دلدل میں پھنسنا: مشکل یا دقت میں پھنسنا
دُلدُل نکالنا: محرم میں گھوڑے کا ماتمی جلوس نکالنا
دلھن بن کے چلنا: بن ٹھن کے چلنا

دلّی دکھانا: بچے کو کھلاتے ہوئے بغلوں میں ہاتھ دے کر سر سے اونچا کر دینا
دم آجانا: جان آجانا
دم آخر ہو جانا: مر جانا
دم آنا: پک جانا
دم آنکھوں میں اٹکنا: کچھ زندگی باقی رہنا
دم آنکھوں میں ہونا: حالتِ نزع میں ہونا
دم اٹکا ہونا: ذرا سی سانس باقی رہنا
دم اکھڑ جانا: تھکاوٹ کی وجہ سے سانس کا بہت تیز چلنا
دم الٹنا: سانس رکنا، دل گھبرانا
دم اوپر کو کھینچنا: زور سے سانس کھینچنا
دم باقی نہ ہونا: حوصلہ نہ رہنا
دم بڑھانا: لمبے لمبے سانس لینے کی مشق کرنا
دم بند ہونا: ساکت ہونا
دم بولانا: جی گھبرانا
دم بخت ہو کر رہ جانا: ناراض ہو کر یا غصہ ضبط کر کے چپ ہو رہنا
دم پر آنا: پکنے کے قریب ہونا
دم پر بننا: مرنے کے قریب ہونا
دم پر چھوڑ دینا: کھانے کو دھیمی آنچ پر رکھنا
دم پر لانا: فریب میں پھنسانا
دم پھڑکنا: عاشق ہونا
دم پھونکنا: روح ڈالنا
دم ٹوٹنا: حالتِ نزع میں ہونا
دم درود نہ ہونا: مرنے کے قریب ہونا

دم دھاگے بتانا: دھوکہ دینا
دم دھگدگی میں ہونا: نزع میں ہونا
دم دیکھنا: تیزی کی جانچ کرنا
دم رکھنا: طاقت رکھنا، حرکت نہ کرنا
دم سکھانا: ڈرانا، دھمکانا
دم سولی پر ہونا: بہت پریشان ہونا
دم ضیق میں کرنا: تنگ کرنا
دم غنیمت ہونا: قابل قدر رہونا
دم کھانا: دھوکہ کھانا
دم کے ساتھ لگا ہونا: پیچھا نہ چھوڑنا
دم گھونٹ کر رکھنا: زبردستی رکھنا، تنگی میں رکھنا
دم لگانا: حقہ پینا
دم لے لو: آرام کرو
دم مارنے کی بات نہیں: عذر کرنے کا محل نہیں
دم ناک میں کرنا: تنگ کرنا
دم ناک میں ہے: عاجز ہے
دم نہ مارنا: اف نہ کرنا
دم ہانپنا: دم چڑھنا
دم ہی دم میں رکھنا: ٹال مٹول کرنا، دھوکے میں رکھنا
دُم پر پاؤں رکھنا: تنگ کرنا
دُم جھاڑن: دم ہلانا
دُم چنور کرنا: گھوڑے کا دُم اٹھا کر چلنا
دم دبا کر بھاگنا: ڈر کر بھاگ جانا
دُم دبانا: بھاگنا، مغلوب ہونا
دُم کے پیچھے پھرنا: پیچھے پیچھے پھرنا

دُم لگ گئی: نئی بات پیدا ہوگئی
دُم میں گھسنا: پناہ لینا
دُم میں نمدا باندھنا: مضحکہ اڑانا
دُم ہلانا: چاپلوسی کرنا
دماغ آسمان پر ہونا: مغرور ہونا، خود پسند ہونا
دماغ اٹھانا (اٹھنا): ناز اٹھانا، ناز برداری کرنا
دماغ اور ہونا: غرور ہونا
دماغ بہکنا: پاگل ہو جانا
دماغ بھونک بھونک کے خالی کرنا: بک بک کر کے تھک جانا
دماغ تر ہونا: دماغ کو تازگی اور آرام پہنچنا
دماغ تیز ہونا: دماغی قوت زیادہ ہونا
دماغ جھڑنا: گھمنڈ نکلنا
دماغ چاٹنا: بہت بولنا
دماغ چڑھنا: دولت کی فراوانی سے مغرور ہونا
دماغ درست ہونا: غرور و تکبر دور ہو جانا
دماغ رکھنا: مغرور ہونا، اترانا
دماغ سے نئی اترنا: نئی بات سوجھنا
دماغ کو سردی چڑھ جانا: زکام ہو جانا
دماغ کی گرمی اتارنا: غرور مٹا دینا
دماغ کے کیڑے جھاڑنا: سمجھاتے سمجھاتے تھک جانا
دماغ مغز سے خالی ہونا: بے وقوف ہونا
دماغ میں ہوا بھرنا: کوئی دھن سما جانا
دمدمہ بندھنا: مورچہ بندی کرنا
دمدمے میں دم نہ ہونا: طاقت ختم ہو جانا

دن آنا: حیض آنا، شامت آنا
دن بدنا: تاریخ مقرر کرنا
دن بھاری رہنا (ہونا): تنگ دستی ہونا
دن بھرنا: مصیبت میں بسر کرنا
دن بہرنا: اچھے دن آنا
دن پڑا ہے: ابھی بہت وقت باقی ہے
دن پڑنا: برا وقت آنا
دن پورے کرنا: زندگی جوں توں بسر کرنا
دن پہاڑ ہو جانا: دن کا ٹنا دشوار ہو جانا
دن پھرنا: اچھے دن آنا، مصیبت کے بعد راحت ہونا
دن پھیرنا: برے اور منحوس دنوں کو دور کرنا
دن ٹلنا: معمول کے دن گذر جانا
دن چڑھانا: صبح کا وقت گذارنا
دن دکھانا: خوشی کا موقعہ نصیب کرنا
دن دکھلوانا: نجومی سے ساعت معلوم کرانا
دن دونا رات چوگنا: بہت زیادہ
دن سدھارنا: زمانہ چلا جانا
دن سیدھے ہونا: بھلے دن آنا
دن صاف گذر جانا: فاقہ ہونا
دن قرار پانا: دن ٹھہرنا
دن کڑا ہونا: مصیبت کا زمانہ ہونا
دن کو دن رات کو رات نہ جاننا: دن رات کام کرنا
دن کو رات کہنا: الٹی بات کہنا
دن گننا: انتظار کرنا

دن گنوانا: عمر برباد کرنا
دن گئے: وہ موقع گزر گیا
دن لگنا: گھمنڈ ہونا
دن منانا: یادگار کے طور پر تقریب منانا
دن ہوا ہونا: بھلا زمانہ گزر جانا
دن ہو گئے: بہت زمانہ گزر گیا
دند سارنا: دشمنی پھیلانا
دُند مچانا: شور مچانا
دندانِ آز تیز کرنا: لالچ کرنا
دنگ رہ جانا (ہونا): حیران رہنا
دنگل باندھنا: لوگوں کا حلقہ باندھنا
دنگل ٹوٹ جانا: مجمع تتر بتر ہو جانا
دنگل مارنا: فتح پانا
دنگل میں اترنا: کشتی کے لیے میدان میں آنا
دنیا آباد ہونا: خوشحال ہونا
دنیا آنکھوں میں اندھیر ہو جانا: کچھ نہ سوجھنا
دنیا اِدھر کی اُدھر ہو جانا: انقلاب عظیم ہونا
دنیا بھر کی خاک چھاننا: بہت تلاش و جستجو کرنا
دنیا پر لات مارنا: دنیا کو ترک کر دینا
دنیا دیکھنا: تجربہ کار ہونا
دنیا سازی کی باتیں: ظاہرداری کی باتیں
دنیا سے اٹھ جانا: مر جانا
دنیا سے اڑ جانا: غائب ہونا
دنیا سے دل اٹھانا: دنیا چھوڑ دینا
دنیا سے ہاتھ دھونا: دنیاوی معاملات سے دست بردار ہونا

دنیا کا ابھی کیا دیکھا: ناتجربہ کار ہے
دنیا کا لہو سفید ہونا: لوگوں میں محبت نہ رہنا
دنیا کی ٹھوکریں کھانا: مارا مارا پھرنا
دنیا کی ہوا لگنا: دنیا کا اثر ہونا
دنیا کی ہوا کھانا: مزے اڑانا
دنیا میں نام کر جانا: کوئی بڑا کام کر کے دنیا میں شہرت حاصل کرنا
دنیا و مافیہا کی خبر نہ ہونا: کسی چیز کا ہوش نہ ہونا
دو آتشہ پلانا: اشتعال دینا
دو آنسو گرانا: تھوڑا سا رونا
دو انگلیاں ماتھے پر رکھنا: لاپرواہی سے سلام کرنا
دو بول پڑھانا: نکاح پڑھانا
دو پائے پر چڑھانا: داڑھی چڑھا لینا
دوپٹا اٹھانا: عورتوں کا دعا یا بددعا کے لیے دوپٹہ اٹھانا
دوپٹا بدلنا: بہنا پا کرنا
دوپٹا تان کے سونا: بے فکری سے سونا
دوپٹا ڈھلنا (ڈھلکنا): دوپٹے کا سینے سے سرک جانا
دوپٹا گردن میں ڈالنا: گرفتار کر لینا
دوپٹا ہلانا: صلح کا خواہاں ہونا
دو پشتہ کرنا: دو رخہ بنانا
دو ٹوک جواب دینا: صاف جواب دینا، مختصر جواب دینا
دو جہاں سے جانا: دین و دنیا سے جانا
دو جہاں سے کھونا: بیکار کر دینا

دو چار گھڑی رات ہے: سحری کے وقت
دو چار ہاتھ رہ جانا: تھوڑی سی کسر رہ جانا
دو چار ہونا: آنکھیں ملنا، ملاقات ہونا
دو چلّو میں بہک (الو) جانا: تھوڑی سی شراب پی کر بہک جانا
دو حرف بھیجنا: لعنت بھیجنا
دو دانے کو محتاج ہونا: سخت مفلس ہونا
دو دِل ملنا: دوطرفہ محبت ہونا
دو دن نہ پکڑنا: جوان مر جانا
دو دو ہاتھ اچھلنا: سخت مضطرب ہونا
دو دو ہاتھ کرنا: لڑائی کرنا
دو زانو بیٹھنا: ادب سے بیٹھنا
دو سار ہونا: تیر یا نیزے کا کسی چیز یا بدن کے پار ہونا
دوسرا املوا دینا: نکاح کرا دینا
دوشالے میں لپیٹ کر مارنا: در پردہ ذلیل کرنا
دو عالم لٹ جانا: سخت تباہی ہونا
دو عالم سے گزر جانا: دنیا اور عقبیٰ کی پروا نہ کرنا
دو عالم فراموش ہو جانا: دین و دنیا کا ہوش نہ رہنا
دو قدم آگے ہونا: کسی سے بڑھ جانا
دو قدم بڑھ جانا: تھوڑا سا آگے بڑھ جانا
دو قدم چلنا: تھوڑی دور چلنا
دو کرنا: دو ٹکڑے کرنا
دو کوڑی کو نہ پوچھنا: بالکل خاطر میں نہ لانا
دو کوڑی کی آبرو کر دینا: ذلیل کرنا
دو کوڑی کی حیثیت نہ ہونا: سخت مفلس ہونا

دوکوڑی کی عزت ہو جانا: بے عزتی ہونا
دوگاڑا مارنا: ایک ہی دفعہ دو گولیاں بھر کر چلانا
دوگامہ چلنا: گھوڑے کا آہستہ آہستہ چلنا
دوگھڑی بجنا: رات کے دو بجے کا گھنٹہ بجنا
دوگھڑی کا دن رہنا: تھوڑا سا دن باقی رہنا
دولتی چلانا (مارنا): لاتیں مارنا
دومنھ ہنس لینا: ذرا ہنس لینا
دونالی چھانا: لڑنے کے لیے تیار ہو جانا
دونوں پلّے برابر ہونا: دونوں ایک جیسے ہونا
دونوں ٹانگوں میں سر کر دینا: سزا دینا
دونوں جہان سے کھونا: کہیں کا نہ رکھنا
دونوں جہان میں بھلا ہو: دین و دنیا میں بہتری ہو
دونوں وقت ملنا: شام ہونا
دونوں ہاتھوں سے سلام کرنا: نہایت تعظیم کرنا، بیزاری ظاہر کرنا
دونوں ہاتھوں سے کلیجہ تھام لینا: بہت ضبط کرنا
دورتی کا سبق پڑھنا: عیاشی کرنا، زنا کرنا
دواراس ہونا: دوا کا موافق ہونا
دواکو نہ ملنا: ذرا نہ ملنا
دوانکلنا: علاج نکلنا، تدبیر نکلنا
دوال نہ ہونا: نہ دینا
دوال مارنا: نقارے پر تسمہ مارنا
دوالا پٹنا: دیوالیہ ہونا
دِوالی بھرنا: دوالی کی پوجا کرنا اور مٹھائی چڑھانا
دودھ اترنا: دودھ کا تھن میں آ جانا
دودھ اگلنا: بچوں کا منھ سے دودھ پھینکنا
دودھ بخشنا: دودھ پلانے کا حق معاف کرنا
دودھ بڑھانا: (بڑھنا): بچے کا دودھ چھڑانا،
دودھ بھر آنا: مادری محبت کا جوش میں آنا
دودھ پڑنا: اناج میں رس پیدا ہونا
دودھ پھاڑنا: دودھ میں کھٹی چیز ڈال کر پھاڑنا
دودھ چرانا: گائے بھینس کا دوہتے وقت تھنوں میں دودھ اوپر چڑھا لینا
دودھ چڑھنا: دودھ خشک ہونا، چھاتیوں کا دودھ سے بھر جانا
دودھ کی بو منھ سے آنا: بچہ اور ناتجربہ کار ہونا
دودھ کی طرح اپھان آنا: غصے کا سخت جوش تھوڑی دیر کے لیے آنا
دودھ کی مکھی کی طرح نکال کر پھینک دینا: بے دخل کر دینا
دودھ کے دانت نہ ٹوٹنا: کم عمر ہونا
دودھ ملیدہ کھانا: عمدہ اور نرم غزا کھانا
دودھ موت کرنا: بچے کی پرورش اور خدمت کرنا
دودھ نہ بخشنا: ماں کا اولاد سے سخت ناراض ہونا
دور آنا: شراب کا پیالہ آنا
دور باندھنا: شراب کا گردش کرنا
دور چلنا: شراب کا باری باری ہر ایک کے روبرو آنا
دور کرنا: دو شخصوں کا باری باری سے ایک دوسرے کو قرآن کا سبق سنانا
دور میں آنا: گردش میں آنا

دور بھاگنا: الگ رہنا
دور تک پہنچنا (چلا جانا): بزرگوں کو گالی دینا
دور دور پہنچنا: شہرت ہونا
دور دور رہنا: الگ رہنا
دور سے ترسانا: دور سے کوئی چیز دکھا کر نہ دینا
دور سے تماشہ دیکھنا: پاس نہ جانا
دور سے معلوم کرنا: بیزاری ظاہر کرنا
دور سے لینا: پاس آنے سے پہلے ہی لعنت ملامت شروع کردینا
دور کی سوجھنا: کوئی نکتہ سوجھنا
دور کی کوڑی لانا: باریک بینی
دور کی ہانکنا: شیخی مارنا
دور کیوں جاؤ: دور نہ جاؤ
دور نکل جانا: موضوع سے ہٹ جانا
دور ہی سے سلام کرنا: پناہ مانگنا
دورہ باندھنا: حلقہ باندھنا
دورہ پڑنا: مرض کا رہ رہ کر عود کر آنا
دورہ تمام کرنا: جس قدر گشت مقرر ہو اس کو پورا کرنا
دورہ سپرد کرنا: مقدمہ کا سشن جج کے سپرد ہونا
دوڑ پڑنا: جلدی کرنا
دوڑ جانا: پھیل جانا
دوڑ کر چلنا: بھاگ چلنا
دوڑ دوڑ آنا: جلد جلد آنا
دوڑ لے کر دوڑنا: ملزموں کی گرفتاری کے لیے بہت جلد سپاہی لے جانا

دوڑ مارنا: دھاوا کرنا
دوڑا دینا: بہت جلدی بھیجنا
دوزخ میں پڑنا: جہنّم میں داخل ہونا
دوزخ میں ڈالنا: عذاب جہنّم میں گرفتار کرنا
دوزخ میں گھر کرنا: گناہ کر کے سزا کا مستحق ہونا
دوست بنانا: ہمراز بنانا
دوست رکھنا: عزیز سمجھنا
دوستی کا دم بھرنا: اپنے آپ کو دوست ظاہر کرنا
دوسری بات نہ ہونا: زیادہ گفتگو نہ ہونا
دوسری صورت پکڑنا: مختلف ہو جانا
دولت اڑانا: فضول خرچی کرنا
دولت برسنا: کثرت سے روپیہ ملنا
دولت بہانا: بے دریغ روپیہ خرچ کرنا
دولت کھونا: دولت ضائع کرنا
دولت کی گنگا بہانا: بے دریغ روپیہ خرچ کرنا
دولت گڑی ہونا: دولت کا ذخیرہ ہونا
دولت لوٹنا: دل کھول کر دولت حاصل کرنا
دولت مارنا: دھوکہ سے دولت حاصل کرنا
دولہا بنے بیٹھے رہنا: کچھ کام نہ کرنا
دون پر آنا: ڈینگ مارنا
دون کی لینا: خودستائی کرنا
دونا باندھنا: پتوں کا ظرف بنانا
دونا چڑھانا: مزار پر پھول یا شیرینی کا چڑھاوا چڑھنا
دونا دینا: حضرت علیؓ یا حضرت فاطمہ کا نیاز دینا
دونا ماننا: منّت ماننا

دوہائی پکارنا: فریاد کرنا
دوہائی پھیرنا: منادی کرنا
دوہائی تہائی مچانا: امداد کے لیے فریاد کرنا
دوہائی دینا: کسی کا نام لے کر فریاد کرنا
دوہائی مانگنا: پناہ مانگنا
دوہائی ہونا: فریاد ہونا
دوہرا ہونا: ٹیڑھا ہونا
دوئی ڈالنا: غیریت پیدا کرنا، جدائی ڈالنا
دوئی کا پردہ اٹھنا: ایک ہونا
دہ دھارنا: صورت اختیار کرنا
دہاڑیں مارنا: زور زور سے رونا، چیخ کر رونا
دہانہ کھلنا: مشک کا منہ کھلنا، پانی نکلنا
دہشت سمانا: دل میں خوف سمانا
دہشت لگنا: خوف معلوم ہونا
دہل جانا: رعب کھا جانا
دہلی کے لیوے لے ڈالنا: بے حد تقاضے کرنا
دہلیز الانگنا: دروازے میں سے نکلنا
دہلیز کھندلانا: منگنی کے بعد لڑکے کے اپنے سسرال جانے کی ایک رسم
دہلیز کی مٹی لے ڈالنا: بہت سے پھیرے کرنا
دہلیز نہ جھانکنا: دروازے تک نہ جانا
دہن زخم کا ہنسنا: زخم کا کھل جانا
دہن کھولنا: منہ کھولنا
دہنا قدم لینا: چالاکی یا شرارت کا قائل ہونا
دہی جمانا: دودھ میں تھوڑی کھٹائی ڈالنا تاکہ وہ جم جائے

دھات آنا: پیشاب کے ساتھ منی نکلنا
دھار الٹ جانا: باڑھ کند ہو جانا
دھار باندھنا: پانی یا کسی سیال کو لگاتار گرانا
دھار پر مارنا: پرواہ نہ کرنا، نالائق سمجھنا
دھار پر چڑھانا: دیوتا یا گنگا جمنا پر منّت مان کر دودھ کی دھار ڈالنا
دھار چھوٹنا: زور سے دھار نکلنا
دھار کرنا: کند ہونا، دانتے پڑنا
دھار لگانا (مارنا): پیشاب کرنا
دھار لینا: تھنوں سے منہ لگا کر دودھ پینا
دھار نہ ماننا: پرواہ نہ کرنا
دھاروں رونا: بہت رونا
دھاڑ مارنا: دھاوا کرنا، حملہ کرنا
دھاک بیٹھنا: رعب قائم ہونا
دھاک ہونا: رعب ہونا
دھاندلی مچانا: زبردستی کرنا
دھاندلی کرنا: دغابازی کرنا
دھاوا کرنا (مارنا): حملہ کر دینا
دھائیں دھائیں کرنا: اپنے مطلب کی بات کیے جانا، شور مچانا
دھت پڑنا: بری عادت پڑنا
دھت کرنا: دھتکارنا
دھت تیرے کی: دور ہو جا
دھتا بتانا: علیحدہ کرنا
دھج بدلنا (پلٹنا): صورت بدلنا
دھجی ہو جانا: ضعیف یا کمزور ہونا

دھجیاں بکھیر دینا: ذلیل کرنا، افشائے راز کرنا
دھجیاں لگنا: پھٹے ہوئے کپڑے پہننا
دھجیاں لینا: شرمندہ کرنا
دھچکا دینا (لگنا): نقصان پہنچانا
دھر پکڑنا: گرفتار کرلینا
دھر دبانا: دبوچ لینا
دھر چھوڑنا: رکھ لینا
دھر دھر کے پیسنا: زور سے پیسنا، ظلم کرنا
دھر رکھنا: رکھ چھوڑنا
دھر رگڑنا: خوب ذلیل کرنا
دھر کے کسنا: سخت قابو کرنا
دھر کے مروڑنا: زور کر کے مروڑنا
دھر لپکنا: سب کام چھوڑ چھاڑ کر بھاگنا
دھر لینا: خوب خبر لینا
دھر کی ٹوٹنا: شروع سے ہی کام خراب ہونا
دھرا جانا: مصیبت میں پھنسنا
دھرا ڈھنگا: بچا کھچا
دھرا رہنا: بیکار رہنا
دھرا کیا ہے: کیا خاص بات ہے
دھرم اٹھانا: قسم کھانا
دھرم بگاڑنا: ایمان کھونا
دھرم بھرشٹ کرنا: دین کو بگاڑ دینا
دھرم تیاگ دینا: دوسرا مذہب اختیار کرلینا
دھرم کرنا: کوئی فرض ادا کرنا
دھرم کمانا: نیک کام کر کے ثواب جمع کرنا
دھرن ٹلنا: ناف کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا

دھرنا دیکر بیٹھنا: مضبوط ارادہ کر کے بیٹھنا
دھڑ جیو کو لڑانا: غور کرنا، سوچنا
دھڑ دھڑ جلنا: اس طرح جلنا کہ شعلوں سے آواز نکلے
دھڑ دھڑ رہنا: دھڑکنا، پھڑکنا
دھڑ دھڑ کانپنا: بہت کانپنا، تھرتھرانا
دھڑ دھڑ کرنا: ڈھول بجانا
دھڑ رہ جانا: فالج ہونا
دھڑ کے اندر لینا: ہضم کرلینا
دھڑ میں پڑنا: پیٹ میں جانا
دھڑا اٹھانا: تولنا، وزن کرنا
دھڑا باندھنا: کسی کی جانبداری کرنا
دھڑا دھڑی بکنا: کثرت سے بکنا
دھڑے بندھ جانا: دو گروہ یا فریق ہو جانا
دھڑکا دینا: ڈرانا
دھڑکا رہنا: کھٹکا ہونا
دھڑکا لگا رہنا: ہر وقت خوف ہونا
دھڑکوں میں جان دینا: ہر وقت خوف رہنا
دھڑی اڑ جانا: مسّی کی تہہ کا زائل ہونا
دھڑی بھرنا: تولنا
دھڑی جمنا: ہونٹوں پر مسّی کی تہہ جمنا
دھڑی دھڑی کر کے لوٹنا: سب کچھ لوٹنا
دھس بنانا: مٹی چڑھا دینا
دھسک جانا: دیوار کا پھٹ جانا
دھک رہنا (رہ جانا): دنگ رہنا، بھونچکا رہ جانا
دھک کرنا: بددعا دینا، لعنت کرنا

دھکّا پڑنا (دینا): ہچکولا پڑنا، صدمہ پہنچنا
دھکّا لگنا: نقصان ہونا
دھکّے دینا: ہچکولے دینا
دھکّے کھانا: مارے مارے پھرنا
دُھک دھکی میں دم ہونا: نزع کی حالت میں ہونا
دھکّے کھاتے پھرنا: مارے مارے پھرنا
دھم سے آموجود ہونا: فوراً آجانا
دھم سے کودنا: زور سے یا آواز کے ساتھ کودنا
دھمکی میں آنا: رعب مان جانا
دھن ماننا: شکریہ ادا کرنا
دھن باندھنا: تصوّر کرنا
دھن سمانا: خیال بندھنا
دھن لگنا: دھیان لگنا
دھن ہونا: شوق ہونا، خیال ہونا
دھند ہونا: اندھیرا ہونا، مدہوش ہونا
دھندلا دکھائی دینا: صاف نظر نہ آنا
دھنیّہ ماننا: شکریہ ادا کرنا
دھنیہ کہنا: دعا دینا، برکت ماننا
دھواں اٹھنا: آہ نکلنا
دھواں اڑنا: تباہ و برباد ہونا
دھواں بکھیر دینا: شکست دینا
دھواں پھیلنا: کسی جگہ کا دھوئیں سے بھر جانا
دھواں جانا: کھانے میں دھواں کی بو آنا
دھواں چھوڑنا: حقہ پی کر منہ سے دھواں نکالنا
دھواں دھار برسنا: سخت بارش ہونا

دھواں دھار تقریر: پرجوش تقریر
دھواں دھار ہو جانا: اندھیرا ہو جانا
دھواں ہو جانا: رنگ کالا ہو جانا
دھوئیں اڑانا: جلا کر خاک سیاہ کرنا
دھوپ آنا: سورج کا سامنے آجانا
دھوپ اترنا: دھوپ کی تیزی کم ہونا
دھوپ اٹھانا: تکلیف برداشت کرنا
دھوپ اداس ہونا: دھوپ کی تیزی کم ہونا
دھوپ پڑنا: سخت دھوپ ہونا
دھوپ چڑھنا: دن چڑھنا
دھوپ پڑنے دینا: دھوپ پڑنے دینا
دھوپ دکھانا (کھانا): کسی چیز کو دھوپ میں رکھ کر سکھانا
دھوپ جلانا: خوشبو جلانا
دھوپ ڈھل جانا: زوالِ آفتاب ہونا
دھوپ سہنا: دھوپ برداشت کرنا
دھوپ کھلنا: دھوپ پھیلنا
دھوپ لگنا: دھوپ کا اثر ہونا
دھوپ میں بال سفید کرنا: بڑھاپے تک نا تجربہ کار رہنا
دھوکا دینا (کھانا): فریب دینا، فریب میں آنا
دھوکا ہونا: غلطی ہونا
دھوکے میں آنا: دھوکا کھانا
دھوکے میں رہنا: جھوٹی امید میں رہنا
دھول اڑا دینا: مٹا دینا
دھول اڑانا: آوارہ پھرنا، بدنام کرنا

دھولا پڑنا: رنگ سفید یا زرد ہو جانا
دھوے آجانا: سفید بال نکلنے شروع ہونا
دھوم اٹھنا (اڑنا): دھوم ہونا، شہرت ہونا
دھوم پڑنا: شہرت ہونا
دھوم کرنا: ہنگامہ برپا کرنا
دھوں دھوں کرنا: کھانسی کا عارضہ ہونا
دھونس دینا: دھمکی دینا
دھونس میں آجانا: ڈر جانا
دھونسا کھانا: شامت آنا، صدمہ اٹھانا
دھونکنی لگنا: سانس پھولنا
دُھونی جگانا (رمانا): سادھوؤں کا آگ کے الاؤ کے سامنے بیٹھ کر تپسیا کرنا
دھونی لگا کر بیٹھنا: کسی پر پختہ اعتماد کرنا
دھونی لینا: ناک میں دھواں لینا
دھویا جانا: بے باک ہونا
دھیان بٹنا: دوسری طرف متوجہ ہونا
دھیان بندھنا: کسی کا تصور بندھنا
دھیان پر چڑھنا: کسی بھولی بسری بات کا یاد آجانا
دھیان پھر جانا: توجہ نہ رہنا
دُھیان دوڑنا: یاد کرنے کی کوشش کرنا
دھیان دھرنا: تصور جمانا
دھیان دینا: توجہ سے کام کرنا
دھیان رکھنا: نگاہ میں رکھنا
دھیان سے اترنا: یاد نہ رہنا
دھیان کرنا: سوچنا، فکر کرنا

دھیان میں لانا: قابلِ توجہ
دھیرج بندھانا: حوصلہ افزائی کرنا
دھیرج کرنا: صبر کرنا
دھیری دھیری پکارنا: پتنگ بازی میں اپنی فتح کا اعلان کرنا
دھیما پڑ جانا (کرنا): کم ہو جانا، گھٹانا
دیا کرنا: مہربانی کرنا
دیا بتی کرنا: چراغ روشن کرنا
دیا کھانا: کسی کا محتاج ہونا
دیا لیا آڑے آنا: خیر خیرات کی وجہ سے کسی مصیبت سے بچ جانا
دیئے کا چراغ نہیں بڑھتا: سخاوت کی یادگار کبھی نہیں مٹتی
دیدار پانا (کرنا) ہونا: محبوب کی صورت دیکھنا
دیدار دکھانا: محبوب کا آنا
دیدوں سے کاجل چرانا: صفائی سے چوری کرنا
دیدوں میں چربی چھانا: اصلیت نظر نہ آنا
دیدوں کی صفائی: بے شرمی
دیدوں میں سرسوں پھولنا: گھبراہٹ میں کچھ نظر نہ آنا
دیدہ بڑا ہے: بہت ڈھیٹ ہے
دیدہ بیٹھ جانا: آنکھ کا ضائع ہو جانا
دیدہ پھٹا ہونا: بے باک ہونا، گستاخ ہونا
دیدہ پھٹ جانا: حیرت سے آنکھیں کھلی رہ جانا
دیدہ وا ہونا: آنکھ کھلی ہونا
دیدہ نہ ٹکنا (لگنا): دل نہ لگنا، توجہ نہ کرنا

دیدہ و دل فرش کرنا: تواضع کرنا
دیدہ ہوائی ہونا: بے باک اور چالاک ہونا
دیدے الٹ جانا: نزع کی کیفیت طاری ہونا
دیدے بدلنا: بے رخی اختیار کرنا
دیدے بھر آنا: آنکھوں میں آنسو آنا
دیدے پتھرا جانا (پٹم ہونا): اندھا ہو جانا
دیدے پھاڑ پھاڑ کر دیکھنا: غور سے دیکھنا، گھورنا
دیدے پھرانا: بے مروّت ہونا
دیدے پھوڑنا: دیدہ ریزی کرنا
دیدے تلوں سے ملنا: کمال درجہ خوشامد کرنا
دیدے چار ہونا: ملاقات ہونا
دیدے چمکانا: دیدے مٹکانا
دیدے دکھانا: غصّے کا اظہار کرنا
دیدے سفید ہو جانا: اندھا ہو جانا
دیدے کا پانی ڈھل جانا: بے حیا اور بے غیرت ہو جانا
دیدے نکالنا: آنکھوں ہی آنکھوں میں خفگی کا اظہار کرنا
دیدے نیلے پیلے کرنا: آنکھوں ہی آنکھوں میں خفگی کا اظہار کرنا
دیر لگانا: تاخیر کرنا
دیس بدیس پھرنا: مارا مار پھرنا، سیر و سیاحت کرنا
دیس نکالا: جلاوطن کر دینا
دیکھ بھال لینا: اچھی طرح دیکھ لینا
دیکھ کر جینا: بہت محبت کرنا
دیکھ کیسا علاج کرتا ہوں: قرار واقعی سزا دینے کی جگہ کہتے ہیں
دیکھ لینا: آزمانا، دیکھنا، سمجھنا
دیکھا جائے گا: پھر غور کیا جائے گا، کوئی پروا نہیں
دیکھا چاہیے: قابل تعریف، قابل دید
دیکھا کرنا: لگاتار دیکھنا
دیکھا نہیں جاتا: برداشت نہیں ہوتا
دیکھتا کیا ہے: کیا سوچ رہا ہے
دیکھتے رہ جانا: حیران رہ جانا
دیکھنا بھالنا: غور کر کے دیکھنا
دیمک لگنا: صحت میں فتور پڑنا
دین و دنیا سے جانا: کسی کام کا نہ رہنا
دین دین پکارنا: دین کا دعویٰ کرنا
دیوار اٹھانا (چننا): دیوار بنانا
دیوار سے لڑنا: تنہائی میں خفا ہونا
دیوار کھل جانا: دیوار میں آپ ہی شگاف پڑنا
دیوار کھینچنا: حد بندی کرنا، جدا کرنا
دیوار میں چنا جانا: پرانے زمانے کی ایک سزا
در و دیوار سے برسنا: کوئی کیفیت ہر گوشے سے ظاہر ہونا
دیواریں چاٹنا: بہت مشکل سے گزارہ ہونا
دیوالہ نکالنا: مفلس ہو جانا
دیوانہ ہونا: پاگل ہونا، عاشق ہونا

(ذ)

ذات پر جانا: کسی سے ذلیل حرکت کا اس کے کمینہ ہونے کے باعث سرزد ہونا

ذات دینا: کسی کو ذات میں شامل کرنا
ذات سے گرا ہوا: برادری سے نکالا ہوا
ذات میں بٹہ لگنا: نسل میں عیب لگنا
ذات میں ملنا: برادری میں شامل ہونا
ذائقہ پڑنا (چکھنا): چسکا پڑنا، مزہ چکھنا
ذخیرہ ہونا: گودام میں رکھا جانا، جمع ہونا
ذرا خشکا کھاؤ: چلتے پھرتے نظر آؤ
ذرا سا منہ نکل آنا: بیماری، گھبراہٹ یا خوف سے چہرہ اتر آنا
ذرا عقل کے ناخن لو: سوچ سمجھ کر بات کرو
ذرا منہ دھو رکھو: ایسی بات کی امید نہ رکھو
ذرا منہ سنبھالو: جب کوئی شخص بدزبانی کرتا ہو تو اسے بطور دھمکی کے کہتے ہیں
ذرا ہوش میں آؤ: سوچ سمجھ کر باتیں کرو
ذرّے کو آفتاب بنانا: ناچیز کو اعلیٰ مرتبہ پر پہنچانا
ذریعہ بنانا: وسیلہ پیدا ہونا
ذریعہ رکھنا: دلچسپی لینا
ذریعہ نکالنا: وسیلہ پیدا کرنا
ذکر چلنا (چھیڑنا): تذکرہ ہونا
ذلّت اٹھانا: شرمندہ ہونا
ذلّت چھانا: نحوست برسنا
ذلّت ہونا: رسوائی ہونا
ذلیل کرنا: رسوا کرنا
دم کا پہلو نکلنا: برائی یا مذمت کی صورت ہونا
ذمہ کرنا: ذمہ لینا، سپرد کر دینا
ذو معنیٰ کہنا: وہ بات کہنا جس کے کئی معنی ہوں

ذوق رکھنا: شوق رکھنا
ذہن سے اتر جانا: بھول جانا
ذہن کھلنا: عقل کا تیز ہونا
ذہن لڑانا (لڑنا): غور کرنا
ذہن منتقل ہونا: کسی بات کی طرف خیال جانا
ذہن میں نہ بیٹھنا: کسی بات کا سمجھ میں نہ آنا
ذہن نشین کرنا (ہونا): سمجھنا، سمجھانا

(ڈ)

ڈاٹ لگانا: روکنا، بند کرنا، محراب بنانا
ڈاڑھ گرم ہونا (کرنا): رشوت ملنا، کچھ کھانے کو مل جانا
ڈاڑھ نہ لگنا: بغیر چبائے نگل جانا
ڈاڑھی پر ہاتھ پھیرنا: کسی اہم یا بڑے کام پر تیار ہونا
ڈاڑھی پیٹ میں ہونا: کم سنی میں عقلمند ہونا
ڈاڑھی پیشاب سے منڈوانا: ذلیل ہونا یا کرنا، بطورِ شرط بھی آتا ہے
ڈاڑھی نوچنا: بے عزت کرنا
ڈاک آنا: متواتر خبر ملنا
ڈاک بٹھانا: تقاضے پر تقاضہ کرنا
ڈاک بولنا: نیلام کی بولی دینا
ڈاک لگنا: بار بار قے آنا، لگاتار خط آنا
ڈال دیا: گرا دینا، متوجہ کر دینا
ڈال رکھنا: ملتوی رکھنا
ڈال لانا: شادی میں دولہن کے کپڑے و زیور لانا

ڈالی دینا: حاکموں اور امیروں کو نذر دینا
ڈانک جڑنا: سونے چاندنی کے ورق کو نگینے کے نیچے رکھنا
ڈانوں ڈول پھرنا: مارے مارے پھرنا
ڈٹ جانا: جم کر بیٹھ جانا
ڈٹ کر کھانا: خوب سیر ہو کر کھانا
ڈر ٹوٹ جانا: خوف دور ہو جانا
ڈر دکھانا: رعب جمانا
ڈر ڈر کے پاؤں رکھنا: جھجکتے ہوئے آگے بڑھنا
ڈر کرنا (کر دینا): گولی مار دینا
ڈکار جانا: خیانت کرنا
ڈکار نہ لینا: سراغ نہ پانے دینا
ڈگ بھرنا: تیز چلنا
ڈگڈگی بجانا: ڈھنڈورا پیٹنا
ڈگری پانا: فتح پانا
ڈگری جاری کرنا: حکم دینا، فیصلہ کرنا
ڈنڈ بھرنا: جرمانہ دینا
ڈنڈ پیلنا: ڈنڈوں کی ورزش کرنا
ڈنڈ ڈالنا: ٹیکس عائد کرنا
ڈنڈا ڈولی کرنا: ہاتھ پاؤں پکڑ کر زمین سے اوپر اٹھا لینا
ڈنڈا کھینچنا: جدا کرنا، حد مقرر کرنا
ڈنڈے بجاتے پھرنا: بے مقصد پھرنا
ڈنڈی مارنا: کم تولنا، بے ایمانی کرنا
ڈنک مارنا: کسی دشمن کا آزار پہنچانا
ڈنکا بجانا: دھوم مچنا

ڈنکا ڈالنا: مرغ لڑانا
ڈنکے کی چوٹ کہنا: صاف صاف کہہ دینا
ڈوب جانا: تباہ و برباد ہو جانا
ڈوب کر اچھلنا: غوطہ کھا کر ابھرنا
ڈوب مرنا: شرم و غیرت سے مر جانا
ڈوبا نام اچھالنا: از سر نو عزت و ناموری پیدا کرنا
ڈوبا ہونا: نشے میں چور ہونا
ڈوبتی ناؤ ترانا: بگڑی حالت درست کرنا
ڈور پر لگانا: راہ پر لانا
ڈور کو مانجھا دینا: پسا ہوا شیشہ چاولوں کی پیچ میں ملا کر دھاگے پر ملنا
ڈور کو سلجھانا: کسی مشکل کے حل کی تدبیر سوچنا
ڈوری ڈھیلی چھوڑنا: بے توجہ ہو جانا
ڈوری کھینچنا: یاد کرنا، طلب کرنا
ڈول پر لانا: ڈھب پر لانا
ڈول ڈالنا: بنیاد قائم کرنا، ڈھب نکالنا
ڈولا اچھلنا: کسی عورت کا دوسری عورت کے شوہر سے آشنائی یا شادی کر لینا
ڈولا جانا: دلہن کی سواری جانا
ڈولا دینا: غریب آدمی کا کسی امیر سے بیٹی بیاہنا
ڈونڈی پیٹنا: کسی چھپے معاملے کو شہرت دینا
ڈھا دینا: منہدم کر دینا، گرا دینا
ڈھارس بندھنا: دل مضبوط ہونا
ڈھاک پھولنا: ڈھاک میں پھول آنا
ڈھال دینا: پلٹ کر وہی الزام دینا، آوازہ کسنا
ڈھال کر گالیاں دینا: ظاہری طور پر کسی کو مگر

حقیقت میں کسی اور کو گالیاں دینا
ڈھائی چلّو لہو پینا: غضبناک ہونا
ڈھائی گھڑی کی آنا: ایک دم موت آنا
ڈھب پر چڑھانا (لگانا): قابو میں لانا
ڈھب ڈالنا: عادت ڈالنا، رسائی پیدا کرنا
ڈھب کا ہونا: حسب مطلب ہونا
ڈھب لگ جانا: موقع مل جانا، فائدہ رہنا
ڈھب ہونا: سلیقہ ہونا
ڈھرّے پر چلنا: ایک خاص طریقے یا اصول پر عمل کرنا
ڈھرّے پر لگا دینا: ٹھیک راستے پر لگا دینا
ڈھنڈورا پیٹنا: منادی کرنا، جا بجا کہتے پھرنا
ڈھنگ اڑانا: رنگ اختیار کرنا، نقل کرنا
ڈھنگ برتنا: وضع داری نباہنا
ڈھنگ بگڑنا: طور طریقے بدلنا، حال خراب ہونا
ڈھنگ لانا: موافق بنانا
ڈھنگ ڈالنا: بنیاد ڈالنا
ڈھنگ نکالنا: طرز نکالنا
ڈھولنا ہاتھوں پر ہونا: ہر گھڑی قرآن شریف کی قسم کھانا
ڈھونڈ پھرنا: تلاش کر کے ناکام آنا
ڈھونڈ نکالنا: سراغ لگا لینا
ڈھونڈے نہ پانا: بہت تلاش کے باوجود نہ پانا
ڈھونگ رچانا: فریب کا جال پھیلانا
ڈھئی دینا: جم کر بیٹھنا
ڈھے پڑنا (جانا): گر پڑنا، اتر پڑنا

ڈھیر کرنا: فراہم کرنا، مار ڈالنا
ڈھیر ہو جانا: بیجان ہو کر گر پڑنا، تھک جانا
ڈھیل دینا: مہلت دینا، بے پروائی برتنا
ڈھیل کرنا: دیر کرنا، تامل کرنا
ڈھیلا لینا: استنجا کرنا
ڈھنڈا اچھلانا: حمل رکھوانا
ڈھینڈا اچھولنا: پیٹ رہنا
ڈھینکی کھانا: قلابازی کھانا
ڈینگ ہانکنا: شیخی بگھارنا
ڈیوڑھا لیکھا برابر ہونا: حساب بیباق ہونا
ڈیوڑھی بند ہونا: ڈیوڑھی پر روک دیا جانا
ڈیوڑھی کھلنا: باریابی ہونا

(ر)

رات آنکھوں میں کاٹنا: ساری رات جاگنا
رات اخیر ہونا: رات ختم ہونا
رات بولنا: آدھی رات کو ہوا کا سائیں سائیں کرنا
رات بھاری ہونا: رات کا منحوس اور خطرناک ہونا
رات بہت آنا: بہت رات گزرنا
رات بھیگنا: رات کو خنکی ہو جانا
رات پڑی ہے: بہت رات باقی ہے
رات پکڑنا: کام کا سلسلہ رات تک پہنچنا
رات تو اپنی ہے: یہ وقت تو اپنا ہے
رات تھوڑی ہونا: صبح ہونے کے قریب ہونا

رات تیر کرنا: رات گزارنا

رات جانا: رات تمام ہو جانا

رات دن برابر ہونا: دن اور رات میں کوئی فرق نہ سمجھنا

رات ڈھلنا: رات کا زوال پر آنا

رات کا بڑھ جانا: تکلیف یا انتظار کی وجہ سے رات کا لمبا معلوم ہونا

رات کا کاٹے کھانا: رات کو تنہائی میں فرقت کی تکلیف ہونا

رات نہ پکڑنا: رات ہونے سے پہلے مر جانا

راتب باندھنا: معمول مقرر کر لینا

راتب لگانا: کتے بلی کا راتب مقرر رہنا

راج آرہا ہے: خوب بے فکری میں گزرتی ہے

راج بھنگ ہونا: حکومت پامال ہونا

راج کرنا: عیش میں زندگی بسر کرنا

راز افشا کرنا: بھید کھول دینا

راس آنا: موافق آنا

راس اٹھانا: فصل کے بعد اناج گھر لے جانا

راس بٹھانا (لینا): گود لینا

راس ملنا: موافقت ہونا

راس نہ ملنا: موافق نہ ہونا

راست آنا: سازگار ہونا

راستہ بچانا (کترانا): ایک طرف ہو کے نکل جانا

راستہ بھٹکنا: بے راہ ہو جانا

راستہ دیکھنا: انتظار کرنا

راستہ لینا: روانہ ہونا

راستہ ناپنا: چلے جانا

راستی پر آنا: سچ بولنا، سیدھے راستے پر آنا

راکھ سر پر ڈالنا: سخت غم کا اظہار کرنا

راگ الاپنا: اپنی ہی کہے جانا

راگ دینا: دھوکا دینا، بیٹھک دینا

راگ گانا: قصہ سنانا، بچوں کا رونا

راگ لانا: جوش اور ولولے میں آنا، جھگڑا نکالنا

رال بہنا: منہ سے لعاب نکلنا

رال ٹپکنا: مزے کے مارے منہ میں پانی بھر آنا، عاشق ہونا

ران اکھڑنا: گھوڑے پر سوار کی ران کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا

ران تلے آنا: سواری دینا، قابو میں آنا

ران جمانا: اپنی جگہ سے نہ ہٹنا

راندھ کاٹنا: جھگڑا ختم کرنا، فیصلہ کرنا

رانگ ہونا: پگھلنا، غصہ دور ہونا

رانوں پر ہاتھ مارنا: افسوس کرنا، ماتم کرنا

راہ باندھنا: راستہ روکنا، دخل نہ ہونے دینا

راہ بتانا: ہدایت کرنا، ٹال دینا

راہ بھٹکنا: غلط راستے پر چل نکلنا

راہ پانا: موقع پانا، گنجائش پانا

راہ پر آنا: موافق ہونا

راہ پڑنا: ایک دوسرے پر اعتبار کرنا

راہ چھٹنا: ایک دوسرے کا راستہ علاحدہ ہو جانا

راہ پیدا کرنا: دوستی پیدا کرنا

راہ چلتوں کا پلّہ پکڑنا: خواہ مخواہ کسی سے لڑنا
راہ چھوڑ کر گُمراہ چلنا: گمراہ ہونا
راہ درپیش ہونا: سفر آگے ہونا
راہ دینا: آنے جانے کے لیے راستہ چھوڑنا
راہ راہ جانا: چال چلن ٹھیک رکھنا
راہ ورسم کرنا: دوستی پیدا کرنا
راہ سے پھرنا: کسی مسلک یا نظریئے کو چھوڑ دینا
راہ طے کرنا: راستہ چلنا
راہِ فرار اختیار کرنا: بھاگ جانا
راہ کھلنا: تدبیر نکلنا
راہ کھوٹی کرنا: کسی کا کام بگاڑنا
راہِ گریز اختیار کرنا: بھاگ جانا، فرار ہونا
راہ لینا: اپنا کام کرنا
راہ میں بچھ جانا: بڑی عاجزی سے استقبال کرنا
راہ میں ٹھوکریں کھانا: بھٹکنا
راہ میں حائل ہونا: راستہ روکنا
راہ میں رہ جانا: ساتھ چھوڑ دینا
راہ میں کانٹے بچھانا: دشمنی یا تکلیف کی بات ہونا
راہ ہونا: محبت ہونا
رائی اتارنا (جلانا): کسی کو نظر بد سے محفوظ رکھنے کے لیے اس کے سر پر سے رائی اتار کر جلانا
رائی سے پربت ہونا: بڑھ جانا
رائی کا پہاڑ بنانا: چھوٹی سی بات کو بہت بڑھا دینا
رائے دینا: رائے دینے کا فعل
ربط بڑھانا: تعلق پیدا کرنا
رت آنا (بدلنا): موسم آنا، موسم بدلنا
رتبہ بڑھانا (پانا): ترقی دینا، عزت حاصل کرنا
رتبہ پانا: عزت حاصل کرنا
رتی جاگنا (چمکنا): قسمت کھلنا
رٹ لگنا: ایک بات کو بار بار کہنا
رحم کرنا (کھانا): ترس کھانا، خوفِ خدا کرنا
رخ بدلنا، پھیرنا: کم توجہی کرنا
رخ دے کر بات نہ کرنا: خاطر میں نہ لانا
رخ دیکھنا: توجہ دیکھنا
رخ زرد ہو جانا: خوف کھانا
رخ کرنا: توجہ کرنا، پھرنا، لوٹنا
رختِ سفر باندھنا: مرنے کی تیاری کرنا، سفر کی تیاری کرنا
رختِ عریانی پھاڑنا: بدن کو زخمی کرنا
رخصت دینا: اجازت دینا
رخصت لینا: اجازت لینا
رخنہ پڑنا: خلل پڑنا، عیب نکلنا
رد کرنا: واپس کرنا، اعتراض اٹھانا
ردّے رکھنا، جمانا: پے درپے تہمت لگانا، اینٹیں اوپر تلے رکھنا
ردّی کرنا: بیکار کرنا
رزق اترنا: غیب سے روزی کا بندوبست کرنا
رزق اڑ جانا: کھانے کو دانہ پانی میسر نہ آنا
رس اترنا: گھوڑے کے سم سے مواد کا پانی نکلنا
رس ٹپکنا: جوشِ جوانی میں بھرنا
رس چوس لینا: جوہر نکال لینا
رس میں بس ملانا: خوشی میں رنج پیدا کرنا

رسائی پانا: باریاب ہونا
رستہ بھول کے نکل آنا: اتفاقیہ آنے والے شخص کو بطور شکایت کہتے ہیں
رستہ پہاڑ ہونا: راستہ دوبھر ہونا
رستہ پھٹنا: ایک راستہ سے دوسرا راستہ نکل آنا
رستہ سوجھنا: تدبیر سوجھنا
رسد ملنا: ضروری سامان بہم پہنچانا
رسم اٹھانا: عادت اور رواج کے خلاف کرنا
رسم اٹھ جانا: چلن باقی نہ رہنا
رسّی بٹنا: حیلے بہانہ بنانا
رسّی تڑانا: بھاگنا، آزادی چاہنا
رسّی ڈھیلی چھوڑنا: آزادی دے دینا
رسّی کا سانپ بنانا: غلط کو فروغ دینا
رسّی کوتاہ ہونا: عمر کم ہونا
رسید تک نہ دینا: اقراری نہ ہونا
رسید کرنا: رنا، پہنچانا
رشتۂ حیات منقطع ہونا: مرجانا
رشک آنا: کسی کے برابر ہونے کی خواہش ہونا
رغبت دلانا: خواہش پیدا کرنا
رغبت رکھنا: خواہش رکھنا
رغبت کی آنکھ سے دیکھنا: پسند کرنا، خواہش کرنا
رفاقت سے منھ موڑنا: ساتھ چھوڑنا
رفاقت کرنا: ساتھ دینا
رفت گزشت کرنا: معاف کرنا
رفتار اڑانا: چال یا وضع کی نقل کرنا
رفو چکر ہونا: بھاگ جانا
رفو کرنا: کپڑے کے سوراخ کو تاگوں سے پیوند لگانا
رقبہ نکالنا: حساب کے طریقے سے کسی زمین یا شکل کا رقبہ دریافت کرنا
رقّت ہونا، آنا: دل بھر آنا، وجد آنا
رقم کرنا: لکھنا
رقم ماری جانا: روپئے کا نقصان ہو جانا
رقمیں چیرنا: روپیہ کمانا، مال حاصل کرنا
رکھائی کی لینا: بدمزاجی ظاہر کرنا
رگ اترنا: ضد اترنا، آنت کا فوطے میں اتر آنا
رگ پانا: اصل بات معلوم ہونا
رگ پھڑکنا: کسی ہونے والے امر سے آگاہ ہونا
رگ پھولنا: جوش خون سے رگ کا موٹا ہو جانا
رگِ جاں سے نزدیک ہونا: بہت قریب ہونا (خدا کی تعریف)
رگ چڑھ جانا: ضد کرنا، کوئی بری عادت ہونا
رگ چڑھ گئی: غصّے میں بھرے ہوئے ہیں
رگ دبنا: ڈرنا، قابو میں ہونا
رگ رگ سے واقف ہونا: پوری طرح جاننا
رگ رگ میں کوٹ کر بھرا ہونا: کسی صفت کا کسی میں کامل طور پر ہونا
رگ کا منھ کھل جانا: فصد کھلوانے پر جو حد سے زیادہ خون آئے تو کہتے ہیں
رگ کھڑی ہونا: رگ پر ورم آجانا
رگ وپے میں دوڑ جانا: اثر کرنا، سرایت کرنا
رگ وریشے میں شرارت بھری ہونا: بے

حد شریر ہونا

رگ وریشہ میں پڑا ہونا: کسی بری خصلت کا کسی آدمی میں بہت زیادہ ہونا

رگوں میں خون دوڑنا: خون کا نسوں میں تیزی سے حرکت کرنا

رگیں مرنا: نامرد ہو جانا، کمزور ہو جانا

رگیں نکل آنا: بہت کمزور ہونا

رلا پڑنا (ڈالنا): مغالطہ پڑنا، حساب میں بھول پڑنا

رم بھول جانا: چوکڑی بھول جانا

رِم جھم مینہ برسنا: آہستہ آہستہ مینہ برسنا

رمز پہچان جانا: بات تاڑ جانا

رمز مارنا، پھینکنا: طعنے دینا

رن پر چڑھنا: جنگ کے لیے جانا

رن پڑنا: جنگ ہونا

رن ہلا دینا: میدانِ جنگ میں لرزہ پیدا کر دینا

رنج آنا: ملال آنا

رنج اٹھانا: صدمہ برداشت کرنا

رنج پہنچانا: اذیت دینا

رنج سے چھوٹنا: غم و افسوس سے نجات پانا

رنج کھینا: صدمہ برداشت کرنا

رنج مٹنا: تکلیف دور ہونا

رنج مول لینا: اپنے سر کوئی دکھ لینا

رنجک اڑانا: بندوق یا توپ کے پیالے کی بارود میں آگ لگانا

رنجک پلانا (ڈالنا) رکھنا: بندوق یا توپ کے پیالے میں بارود رکھنا

رنجک چاٹ جانا: رنجک کا دھواں دیکر رہ جانا

رندہ پھیرنا: لکڑی چھیلنا یا صاف کرنا

رنگ آبدار ہونا: چمکیلا ہونا

رنگ آنا (چڑھنا): رونق آنا

رنگ اترنا: چہرے کا متغیر ہو جانا

رنگ اٹھانا: رنگ قبول کرنا

رنگ اٹھنا: چوسر کی گوٹ کا سب خانے طے کرنے کے بعد کامیابی سے اٹھنا

رنگ اداس ہونا: رنگ کا پھیکا ہونا

رنگ اڑانا: انداز اڑانا، طرز سیکھ لینا

رنگ اکھڑنا: بے رونقی ہونا

رنگ اور ہو جانا: رونق آ جانا

رنگ باندھنا: سماں باندھنا

رنگ بدلنا: وضع تبدیل کرنا

رنگ بگڑنا: بے رونقی ہونا

رنگ بنانا: دھج بنانا

رنگ بھرنا: داستان کو دلچسپ بنانا

رنگ بھنگ کرنا: لطف بگاڑنا

رنگ بے رنگ ہونا: حالت خراب ہونا

رنگ، پتلا ہونا: حال بے حال ہونا

رنگ پر ہونا: رونق یا بہار پر ہونا

رنگ پیدا کرنا: رنگینیٔ مزاج کے اعتبار سے کوئی ڈھنگ اختیار کرنا

رنگ جل جانا: رنگ کا سیاہ ہو جانا

رنگ جمانا: اثر ڈالنا، بنیاد ڈالنا

رنگ چوکھا کرنا: گہرا رنگ آنا

رنگ چہچہا ہونا: رنگ شوخ ہونا

رنگ دکھانا: کیفیت دکھانا

رنگ دگر گوں کرنا: رنگ بدلنا

رنگ دینا: مزہ دینا

رنگ دیکھنا: بہار دیکھنا

رنگ رچانا: شادی رچانا

رنگ رچنا: رنگ کا بخوبی اثر کرنا

رنگ رسیا: رنگیلا، عیاش

رنگ روپ نکالنا: خوبصورت ہو جانا

رنگ زرد ہونا: حیرت زدہ ہونا

رنگ شوخ ہونا: رنگ گہرا اور چمکدار ہونا

رنگ فق ہونا: رنگ اڑ جانا

رنگ کاٹنا: دوسرے کا جما ہوا اعتبار اٹھانا

رنگ کھلنا: رنگ کا زیب دینا

رنگ میں ڈوبنا: عیش و نشاط کا جوش ہونا

رو پیٹ کر بیٹھ رہنا: صبر کرنا

رومال پر رومال بھگونا: بہت رونا

رونما ہونا: ظاہر ہونا

روادار نہ ہونا: تعلق نہ رکھنا، ساتھی نہ ہونا

روا رکھنا: جائز رکھنا، منظور کرنا

رواں دواں پھرنا: مارا مارا پھرنا

رواں کرنا: جاری کرنا

رواں بدلنا: جانور کا پرانے بال جھاڑ کر نئے بال نکالنا

روپ بدلنا: صورت اور وضع کا تغیر کرنا

رواں کھڑا ہونا: رونگٹے کھڑے ہونا

روپ بگاڑنا: بے رونق کرنا

روپ بھرنا: سوانگ بھرنا

روپ دکھانا: صورت دکھانا

روپیہ بھنانا: روپے کا ریزگاری سے بدلنا

روپیہ ٹھیکری کر دینا: فضول خرچی یا بیماری وغیرہ میں روپیہ کثرت سے خرچ ہونا

روپے کو روپیہ کماتا ہے: روپیہ خرچ کرنے سے روپیہ اور وصول ہوتا ہے

روپیہ نیگ لگنا: روپیہ کسی اچھے کام میں صرف ہونا

روتے روتے آنکھیں لال ہونا: بہت زیادہ رونا

روٹی اڑ جانا: رزق کا ناپید ہو جانا

روٹی پر روٹی رکھ کر کھانا: فراغت و اطمینان سے زندگی بسر کرنا

روٹی دینا: کھانا کھلانا، پرورش کرنا

روٹی ڈالنا: روٹی پکانا

روٹی سے لگنا: ملازمت ملنا

روٹی کپڑے سے خبر لینا: کھانے کپڑے سے مدد کرنا

روٹی کپڑے کو ترسنا: نہایت غریب ہونا

روٹی کو رونا: رزق کی تلاش میں پھرنا

روٹی کی خاک جھاڑنا: بیجا خوشامد کرنا، خدمت کرنا

روٹیاں توڑنا: مفت کی روٹیاں کھانا

روٹیاں لگنا: شامت آنا

روٹیوں پر پڑنا: دوسرے کی کمائی کھانا
روح بھاگنا: متنفر ہونا
روح بھٹکنا: حد درجہ کا مشتاق ہونا
روح پرواز کرنا: جان نکلنا
روح پڑنا: جسم میں جان پڑنا
روح پھڑکنا: روح بے تاب ہونا
روح پھونکنا: رونق دینا
روح تڑپنا: دل بیقرار ہونا
روح تھرّانا: خوف سے بدن لرزنا
روح فنا ہونا: سخت خوفزدہ ہونا
روح قالب میں بے چین ہونا: روح کا گھبرانا
روح قبض ہونا: بے حد خوف ہونا
روح کھینچنا: جوہر نکالنا
روح لگی رہنا: انتظار ہونا
روح ملنا: بہت دوستی ہونا
روح نکالنا: روح قبض کرنا
روڑا اٹکانا: رخنہ ڈالنا
روز بٹنا: یومیہ تقسیم ہونا
روزِ بد دکھانا: مصیبت و پریشانی میں ڈالنا
روزِ سیاہ دیکھنا: مصیبت میں مبتلا ہونا
روزگار سے ہونا: ملازم ہونا
روزہ افطار کرنا: روزہ کا معینہ وقت گزرنے کے بعد کھانا پینا
روزہ بہلنا: روزہ کا وقت کسی مشغلے میں کٹنا
روزہ پر روزہ رکھنا: فاقہ پر فاقہ کرنا
روزہ ٹوٹنا: کوئی ایسا فعل کرنا جس سے روزہ نہ رہے
روزہ رکھنا: مذہبی فرض ادائیگی کے لیے روزہ رکھنا
روزہ کھانا: ماہ رمضان کا روزہ نہ رکھنا
روزی کھلنا: رزق کا کوئی ذریعہ بن جانا
روش بگڑنا: وضع بگڑنا
روش نکالنا: ڈھنگ اختیار کرنا
روشن ہو جانا: ظاہر ہو جانا
روشنائی اٹھانا: روشنائی جذب کرنا
روشنی دکھانا: قابلیت دکھانا
روشنی ڈالنا: وضاحت کرنا
روغن اڑ جانا: آب و تاب کا زائل ہو جانا
روغن قاز: مدد دینا، خوشامد کرنا
روکھا سوکھا: بے سالن کا، برا بھلا
روکھا ہونا: کج خلق ہونا
روگ پالنا (لینا): جھگڑے میں پڑنا
روگ کاٹنا: قضیہ پاک کرنا، جھگڑا چکانا
روگ ہے: جھگڑا ہے، مصیبت ہے
رونا آنا: دل بھر آنا
رونا پڑنا: ماتم ہونا
رونا پیٹنا: ماتم کرنا
رونا عمر بھر کا ہے: ساری عمر کی مصیبت ہے
رونے کا تار باندھنا: برابر روئے جانا
رونق آ جانا: آب و تاب پیدا ہو جانا
رونق افروز ہونا: تشریف لانا
رونگ رونگ میں بسنا: روئیں میں سمانا

رونگٹا میلا ہونا: صدمہ پہنچنا

رونگٹے کھڑے ہونا: سردی یا خوف کے باعث جسم کے رواں کا کھڑا ہو جانا

روئی تومنا: انگلیوں سے روئی کو تار تار کرنا

روئی دھنکنا: روئیں روئیں جدا جدا کرنا

روئی کی طرح توم ڈالنا: دھجیاں اڑا دینا

رہٹ لگانا: بار بار آجانا

رہٹی باندھنا: معمول مقرر کرنا

رہنا سہنا: گزر بسر کرنا

رہنے دینا: قائم رکھنا، جانے دینا

ریت آنا: پیشاب میں ریت کے ذرات کا آنا

ریت کی دیوار کھڑی کرنا: ناممکن کام کرنے کی کوشش کرنا

ریزہ ریزہ کرنا: ٹکڑے ٹکڑے کرنا

ریکارڈ توڑنا: پہلی مثالوں کو توڑ کر نئی مثال قائم کرنا

ریکارڈ کرنا: تحریر کرنا

(ز)

زانو بدلنا: گھبرا جانا، تلملانا

زانو پر سر جھکانا: فکر اور غور میں مبتلا ہونا

زانو پر سر رکھنا: شرمندہ ہونا، متفکر ہونا

زانو پر ہاتھ مارنا (پیٹنا): تعجب کرنا، کمال افسوس کرنا

زانو توڑنا (تہ کرنا): ادب سے بیٹھنا

زانو جمانا: آسن جمانا

زانو سے سر اٹھانا: فکر سے فراغت پانا

زانو کے تلے دابنا: کسی کی چھاتی پر زانو رکھ کر سارے بدن کا زور دینا

زانوں میں دبانا: دونوں زانوؤں سے پکڑ کر بھینچنا

زانوئے تلمذ تہہ کرنا: شاگرد ہونا

زائچہ کھینچنا: جنم پتری بنانا

زبان آب کوثر سے دھوئی ہونا: نہایت پاکیزہ کلام اور فصیح البیان ہونا

زبان آشنا ہونا: کسی مزے سے واقف ہونا

زبان آلودہ ہونا: زبان پر کسی بات کا آنا

زبان آنا: بولی سے واقف ہونا

زبان اڑانا: بات چیت اور لب لہجہ کی نقل کرنا

زبان الٹنا: بولنے پر قادر ہونا، زبان بدلنا

زبان الجھنا: زبان کا مطلب نہ بیان کر سکنا

زبان اولا ہونا (اینٹھنا): زبان سخت ہو جانا

زبان بڑھنا: بدزبانی زیادہ ہونا

زبان بند رہنا (کرنا): کچھ نہ بول سکنا، چپ ہونا

زبان پر آسکنا (آنا): بیان ہو سکنا، بات کہی جانا

زبان پر آئی ہوئی بات کاٹ دینا: بات نا تمام چھوڑنا

زبان پر انگارہ رکھ دینا: بدزبانی کی سزا دینا

زبان پر جاری ہونا: بولا جانا

زبان پر چڑھنا: تکیہ کلام ہونا، بولنے کی مشق ہونا

زبان پر چھٹی کا دودھ آنا: پچھتانا (کنایۃً)

زبان پر حرف لانا: شکایت کرنا
زبان پر رکھنا: چکھنا
زبان پر زبان بدلنا (زبان تلے زبان ہونا): کسی بات پر ذرا دیر قائم نہ رہنا
زبان پر سر دینا: عہد پورا کرنے پر جان کی بازی لگا دینا
زبان پر فیصلہ ہونا: کسی کے کہنے پر جھگڑا ختم ہونا
زبان پر کانٹے پڑنا: زبان خشک ہو جانا
زبان پر مہر ہونا: بول نہ سکنا
زبان پر نام آنا: کسی کا نام لینا
زبان پکڑنا: بولنے سے روکنا
زبان پھوٹنا: باتیں کرنے لگنا
زبان پھرنا: قول سے مکرنا
زبان پیدا کرنا: بولنے کی طاقت حاصل کرنا
زبان تالو سے لگنا: چپ ہونا
زبان تتلانا: توتلی زبان میں باتیں کرنا
زبان تراشنا: زبان فصیح بنانا
زبان تر ہونا: زبان بولنے کے قابل ہونا
زبان تڑاق تڑاق چلنا: چالاکی اور بے باکی سے بولتے جانا
زبان تھمنا (ٹھہرنا): چپ رہنا
زبان تیز ہونا (چلانا): بہت باتیں کرنا
زبانِ تیغ سے جواب دینا: کسی بات کے جواب میں تلوار کھینچ لینا
زبان ٹوٹنا: بچے کا صاف بولنا
زبان چاٹنا: چیز کھا کر مزے کو دیر تک محسوس کرنا

زبان چار ہاتھ کی ہونا: زبان دراز ہونا
زبان چلائے کی روٹی کھانا: چاپلوسی کر کے پیٹ پالنا
زبانِ حال سے کہنا: بے کہے حالت سے ظاہر کرنا
زبان خراب کرنا: گالیاں دینا
زبان خشک ہونا: بہت پیاس ہونا
زبان داب کے باتیں کرنا: چبا چبا کر باتیں کرنا
زبان دابنا: کہتے کہتے رک جانا
زبان دبا کے کہنا: آہستہ سے کہنا
زبان دانتوں میں دابنا: کچھ کہہ کر پچھتانا، حیرت کرنا
زبان دیکھنا: زبان کا خیال کرنا
زبان رنگین ہونا: شوخ زبان ہونا
زبان سے اف نہ کرنا: تکلیف کا اظہار نہ کرنا
زبان سے بات نہ نکلنا: رعب کے باعث کچھ کہہ نہ سکنا
زبان سینا: لعن طعن کرنا
زبان طعن کھولنا: خاموش رہنا
زبان عاجز ہونا: کہنے کی طاقت نہ ہونا
زبان قاصر ہونا: بات کہنے کی تاب نہ ہونا
زبان قلم کرنا (ہونا): زبان کٹنا
زبان کا پلٹی کھانا: قول سے مکرنا
زبان کا ٹانکا ٹوٹنا: بدزبان ہو جانا
زبان کا کام ہاتھ سے لینا: اشارے کرنا
زبان کاٹ کے پھینک دینا: کوئی فضول

بات کرنے کے موقع پر کہتے ہیں
زبان کاٹو (کاٹیئے): بولنے کی سزا دیجئے
زبان کرنا: سخت کلامی کرنا، وعدہ کرنا
زبان کند ہوئی جاتی ہے: کچھ کہا نہیں جاتا
زبان کو بس میں رکھنا: سوچ سمجھ کر گفتگو کرنا
زبان کو کولے گئی: جب کوئی جواب نہ دے سکے تو کہتے ہیں گونگا ہو گیا ہے
زبان کو منہ میں رکھنا: چپ رہنا
زبان کھلوانا (رکھنا): بدزبانی میں دلیر ہونا، کہنا
زبان کیلنا: افسوں یا منتر سے کسی کا منہ بند کرنا
زبان گھسنا: کہتے کہتے زبان تھک جانا
زبان لال ہونا: بول نہ سکنا
زبان لڑانا: جواب دینا
زبان لڑکھڑانا: لغزش کرنا
زبان لینا: اقرار لینا
زبان مروڑنا: زبان ملنا
زبان ملانا: گستاخی سے بات چیت کرنا
زبان منہ میں نہ ہونا: جواب نہ دینا
زبان میں بھدرک نہ ہونا: ایک بات پر قائم نہ رہنا
زبان میں روانی ہونا: تیز گفتگو کرنا
زبان میں فرق ہونا: قول کا پابند نہ ہونا
زبان میں کھجلی ہونا: تو تو میں میں کرنے کو جی چاہنا
زبان میں لوچ ہونا: بات کرتے وقت چھوٹے بڑے کا لحاظ رکھنا
زبان ہارنا: وعدہ کرنا
زبانی پڑھنا: حفظ پڑھنا
زبانی جمع خرچ کرنا: صرف باتیں ہی باتیں بنانا
زبانی کہنا: بذریعہ گفتگو کچھ سنانا
زبانی لکھنا: کسی کی زبان سے سن کر لکھنا
زیر ہونا: غالب ہونا، فتح پانا
زچ کر دینا: مات کر دینا، عاجز کر دینا
زچ ہو جانا: تنگ ہو جانا
زحمت اٹھانا: مصیبت بھرنا، دکھ بھوگنا
زخم آلا ہونا: پرانا رنج یاد آنا
زخم اٹھانا: زخم کی تکلیف برداشت کرنا
زخم اوچھا لگنا: ہلکا زخم لگنا
زخم بولنا (ہنسنا، مسکرانا): زخم کے ٹانکے ٹوٹنا
زخم بھر آنا: زخم اچھا ہونا
زخم پر نمک چھڑکنا: ستائے ہوئے کو ستانا
زخم چرّانا: زخم میں خشکی کے سبب سے درد ہونا
زخم کا رونا: زخم سے پانی نکلنا
زخم کا ہوا دینا: زخم کا بہت بڑھ جانا
زخم کھانا: زخمی ہونا
زخم میں انگور آنا: زخم پر کھرنڈ آجانا
زخم میں (بتی) صوف بھرنا: زخم بھرنے کی غرض سے اس میں کپڑا یا روئی رکھنا
زخم ہرا کرنا: گھاؤ تازہ کرنا
زخموں سے چور ہونا: بہت زخمی ہونا
زد پر آنا، چڑھنا، ہونا: نشانے پر ہونا
زد پڑنا: نقصان ہونا

زرخیز کرنا: کھاد ڈال کر پیداوار کے قابل بنانا
زر سے تول کر لینا: کسی چیز کے ہم وزن سونا یا چاندی دے کر خریدنا
زر کٹنا: زر برسنا
زڑ ہانکنا: بکواس کرنا
زعفران کا کھیت دیکھنا: بہت خوش ہونا
زک اٹھانا (پانا) کھانا: شرمندگی اٹھانا، ذلیل ہونا
زک دینا: ہرا دینا
زکام بگڑنا: نزلہ بند ہو کر دوسرا مرض کھڑا ہو جانا
زکوٰۃ میں لینا: زکوٰۃ کی رقم میں سے حاصل کرنا
زلف کا سودا ہونا: عاشق ہونا
زمام حکومت ہاتھ میں لینا: خود حکومت کرنا
زمانہ الٹنا: انقلاب عظیم ہونا
زمانہ امنڈنا: خلقت کا بڑی تعداد میں کسی جگہ پہنچنا
زمانہ بدلنا: قسمت پھرنا، انقلاب ہونا
زمانہ برتنا: تجربہ ہونا
زمانہ برسر جنگ ہونا: ہر بات مخالف پڑنا
زمانہ پر روشن ہونا: سب کو معلوم ہونا
زمانہ پھر جانا: لوگوں کا کسی کے خلاف اور دشمن ہونا
زمانہ تہ و بالا ہونا: انقلاب عظیم ہونا
زمانہ چرے ہونا: تجربہ کار ہونا
زمانہ زیر و زبر ہونا: انقلاب عظیم ہونا
زمانہ سے اٹھنا: نیست و نابود ہو جانا

زمانہ سے برکت اٹھ جانا: دنیا میں فلاح و بہبود کا نہ رہنا
زمانہ کا گر پڑنا: کسی بات کی طرف خلقت کا بے طرح متوجہ ہونا
زمانہ گزرنا: مدت گزرنا
زمانہ مبتلا ہونا: بہت لوگوں کا ایک شخص پر عاشق ہونا
زمانہ موافق ہونا: طالع یاور ہونا
زمانہ نازک ہونا: ایسا وقت جس میں عزت سنبھالنا دشوار ہو
زمانہ نظر میں اندھیر ہونا: سخت غم و اندوہ ہونا
زمانے سے کھونا: کہیں کا نہ رکھنا
زمانے کا چلن: دنیا کا طریقہ، وقت کا رسم و رواج
زمانے کا رخ دیکھنا: لوگوں کے خیالات اور طریقے کا خیال رکھنا
زمانے کا لہو سفید ہونا: بے مروّتی کا عام ہونا
زمانے کا ورق الٹ جانا: زمانہ بدل جانا
زمانے کی آب ہوا بدل جانا: انقلاب ہو جانا
زمانے کی ہوا بگڑنا: لوگوں کی حالت بدلنا
زمانے کی ہوا کھانا: زندہ رہنا
زمین آسمان ایک کر دینا: کمال کوشش کرنا
زمین آسمان کے قلابے ملانا: بہت مبالغہ کرنا
زمین آسمان میں پتہ نہ ملنا: کہیں نہ ہونا
زمین اٹھنا: زمین کا سرسبز ہونا
زمین اڑا دینا: ہل چل مچا دینا

زمین الٹنا: ملک فتح کرنا، غضب کرنا
زمین بلند ہونا: غزل کی بحر کا دشوار ہونا
زمین پاؤں تلے سے نکل جانا: خوف اور دہشت سے کھڑا رہنا
زمین پر پاؤں نہ رکھنا: بہت غرور کرنا
زمین پر ڈھیر ہو جانا: گر پڑنا
زمین پر کسی کے نام کی شراب چھڑکنا: مے نوشوں میں یہ دستور ہے کہ پینے سے پہلے کسی کا نام لے کر ایک آدھ چھینٹا شراب کا زمین پر گرا دیتے ہیں
زمین پر نہ تھمنے دینا: اپنے علاقے یا اپنی زمین پر نہ ٹھہرنے دینا
زمین پر ہاتھ نہیں ٹکے: عاجز نہیں ہوا، ابھی طاقت ہے
زمین پکڑنا: جم کر بیٹھنا
زمین تلے اوپر کر دینا: ہلچل مچا دینا
زمین ٹھنڈی ہونا: ردیف قافیئے کا چست نہ ہونا
زمین چڑھا ہوا گھوڑا: ایسا گھوڑا جسے لمبے سفر کی عادت ڈالی گئی ہو
زمین خون سے لال ہونا: سخت خوں ریزی ہونا
زمین دکھانا: گرا دینا
زمین دیکھنا: شرمندہ ہونا
زمین سے پیٹھ لگنا: آرام کرنا
زمین سنگلاخ ہے: شعر کی بحر اور وزن مشکل ہے
زمین شق ہونا: زمین پھٹ جانا
زمین شگفتہ ہونا: زمین کا ایسا شعر جو موزوں ہو
زمین طرح کرنا: بحر اور قافیہ و ردیف کا معین ہونا
زمین کا پاؤں پکڑنا: کسی مقام پر قیام ہو جانا
زمین کا پیوند ہونا: دفن ہونا
زمین کا کھا جانا: نیست و نابود کر دینا
زمین کو آسمان کر دینا: پست زمین شعر کو اعلیٰ بنا دینا
زمین کی طنابیں کھینچ دینا: فاصلہ کم کر دینا
زمین کے برابر ہو جانا: خاک ہو جانا
زمین گلنار ہونا: سرخ پھولوں سے زمین بھری ہونا
زمین میں سمانا: سخت شرمندہ ہونا
زمین میں گڑنا: نہایت شرمندہ ہونا
زمین ناپنا: سفر کرنا، آوارہ پھرنا
زمین و آسمان تھرانا: سخت ہلچل مچنا
زمین و آسمان کا فرق ہونا: بہت بڑا فرق ہونا
زناخ توڑنا: ہمراز بنانا
زنجیر تڑانا: آزادی کی خواہش میں زنجیر توڑنے کی کوشش کرنا
زنجیر دینا: کنڈی لگانا
زنجیر ڈالنا: قیدی کے ہاتھ پاؤں میں زنجیر باندھنا
زنجیر عرش کھڑکانا: دعا کو بارگاہِ الٰہی تک پہنچانے کے لیے عجز و زاری کرنا
زندگی بخشنا: پیدا کرنا
زندگی بھاری ہونا: جینا دوبھر ہونا

زندگی تلخ ہونا: اسقدر تکلیف ہونا کہ جینا دوبھر ہو جائے

زندگی سے مایوس ہونا: جینے کی امید نہ ہوتا

زندگی کے دن پورے کرنا: عمر رنج و تکلیف میں گزارنا

زندگی میں موت کا مزہ چکھنا: بے حد تکلیف ہونا

زندگی وبال ہونا: جینا دوبھر ہونا

زوال پر ہونا: تنزل ہونا، گھٹنا

زوجیت میں لانا: نکاح میں لانا

زور آزمانا: قوت دکھانا

زور آنا: طاقت آنا

زور باندھنا: قوت پکڑنا

زور پڑنا: مجبور کیا جانا، بوجھ پڑنا

زور توڑنا: دباؤ کم کرنا

زور ڈھے جانا: غرور جاتا رہنا

زور کرنا: طاقت آزمانا

زور کوٹ کر بھرا ہونا: بہت طاقت ہونا

زور مارنا: نہایت کوشش کرنا

زور نکال دینا: قوت گھٹا دینا

زور نہ چلنا: قابو نہ چلنا

زوروں پر چڑھنا: بہت تیار ہونا

زوروں پر رہنا: لگاتار ترقی ہونا

زوف زاف کرنا: لعنت ملامت کرنا

زہر اگلنا: کسی کی نسبت بری باتیں کرنا

زہر بونا: برائی یا فساد کی بنیاد ڈالنا

زہر بھرا ہونا: کسی کو نقصان پہنچانے کا ارادہ ہونا

زہر کر دینا: سخت کڑوا یا تلخ کر دینا

زہر گھولنا: فتنہ و فساد کی باتیں کرنا

زہر مار کرنا: غیر مرغوب چیز کھانا

زہر معلوم ہونا: ناگوار ہونا

زہر مل جانا: برائی ہو جانا

زہر آب ہونا: حوصلہ پست ہونا

زیادتی کرنا: زبردستی کرنا، سختی کرنا

زیادہ کرنا: بڑھانا، دستر خوان اٹھانا

زیادہ گوئی کرنا: بڑ ہانکنا

زیارت نصیب ہونا: کسی بزرگ یا مقدس مقام کو دیکھنا

زیب آغوش ہونا: معشوق کی بغل میں ہونا

زیب دینا: بھلا لگنا

زیب گوش کرنا: بات سننا

زیر کرنا: فتح کرنا، پچھاڑنا

ریزہ ریزہ کرنا: کوٹ کر باریک کرنا

زیست بھاری ہونا: زندگی دوبھر ہونا

زیست حرام ہونا: زندگی حرام ہونا

زیست کے دن بھرنا: موت کے قریب ہونا

زین دھرنا: گھوڑے کی پیٹھ پر زین باندھنا

زیست بخشنا: مزین کرنا

زینت ہونا: سجاوٹ کے موجب ہونا

زیور بڑھانا: زیور اتار ڈالنا

زیور توڑنا: خاوند کی وفات پر زیور ٹکڑے ٹکڑے کرنا

زیور سے گوندنی کی طرح لدا رہنا: بہت سا

زیور پہنے رکھنا

(س)

سابقہ پڑنا: واسط پڑنا

سابقہ ڈالنا: قریبی تعلق پیدا کرنا

سات پانچ لانا: جھگڑا نکالنا، حجت کرنا

سات پانچ نہ جاننا: سیدھا سادا ہونا

سات پردوں میں رکھنا: بہت زیادہ چھپانا

سات پردے لگنا: بہت زیادہ پردہ کرنے لگنا

سات توؤں سے منھ کالا کرنا: بہت ذلیل ہونا

سات دھار ہوکر نکلنا: کھایا پیا پھوٹ پھوٹ کر نکلنا

ساتویں آسمان پر مزاج ہونا: بڑا گھمنڈ کرنا

ساتھ سوئی بات کھوئی: عورت مرد کے ساتھ سو جائے اور جماع کرالے تو اس کی عزت کم ہو جاتی ہے

ساتھ گھسیٹنا: زبردستی شریک کرنا

ساتھ لگا پھرنا: پیچھا نہ چھوڑنا

سادھ جانا: سانس روک لینا

سارا گھر سر پر اٹھالینا: بہت غل مچانا

سارے جہاں کا تھوکنا: سب کا کسی کو برا کہنا

سارے جہان کا چھٹا ہوا: نہایت عیار

ساری خدائی کی باتیں آنا: ہر فن مولا ہونا

ساڑھ ستی آنا: برے دن آنا

ساز باز کرنا: سازش کرنا

ساز ملنا (لانا): راگ کے موافق ہونا

ساعت ٹلنا: مقررہ وقت یا موت کی گھڑی ٹلنا

ساعت دیکھنا: کوئی کام شروع کرنے کے لیے اچھا وقت دیکھنا

ساغر چلنا: شراب کا دور چلنا

ساغر عمر چھلکنا: موت کا وقت قریب ہونا

ساقط کرنا (ہونا): نامنظور کردینا، جاتا رہنا

ساکھ جانا: اعتبار اٹھ جانا

ساکھ پڑنا: بہت سنگین حادثہ ہونا

ساکھا ڈالنا: تکرار کرنا

ساگ پات ہوجانا: نرم ہوجانا

سال بھاری ہونا: سارا سال مصیبتوں میں گزرنا

سامان باندھنا: چلنے کی تیاری کرنا

سامان میں آنا: قابو میں آنا، ہوش میں آنا

سامنا کرانا (کرنا): مقابلہ کرانا

سامنے آنا (ٹھہرنا): مقابل ہونا

سامنے پڑنا: اتفاقیہ نظر آجانا

سامنے دھر لینا: آگے آگے چلانا، پکڑ لینا

سان پر چڑھنا: دھار رکھی جانا

سان چڑھانا: دھار تیز کرنا

سانپ اتارنا: سانپ کا زہر اتارنا (جسم سے)

سانپ بچھو سمجھنا: موذی خیال کرنا

سانپ چھاتی پر لوٹنا: رشک میں جلنا

سانپ سونگھ جانا: دم بخود ہوجانا، چپ سادھ لینا

سانپ سے کھیلنا: خطروں میں پڑنا

سانپ کا سر کچلنا: موذی آدمی کو جیتا نہ چھوڑنا

سانپ کھلانا: خطرناک کام کرنا

سانپ کی طرح پھن مار کر رہ جانا: کوشش کر کے ہار جانا
سانپ کی طرح زمین پکڑنا: ہرگز نہ ہلنا
سانپ کیلنا: منتر کے زور سے سانپ کا منھ بند کر دینا
سانپے جانا: ماتم میں شریک ہونا
سانٹ ملانا (لگانا): سازش کرنا
سانچے میں ڈھالنا: کسی خاص وضع یا طریق کا بنا لینا
سانچے میں ڈھل جانا: خود کو حالات کے مطابق بدل لینا
سانحہ گزرنا: حادثہ ہونا، مصیبت پڑنا
سانس اکھڑنا: سانس قابو میں نہ رہنا
سانس بھرنا: آہ بھرنا، دم چڑھنا
سانس چرانا: مردہ بن کر پڑ جانا
سانس لینے کی فرصت نہ ہونا: بہت زیادہ مصروف ہونا
سانگ بنانا (بننا): روپ بھرنا، ہنسی اڑانا
سانگ دکھانا: بہانہ یا مکر کرنا
سانگ مچانا: ہنسانے والی حرکتیں کرنا
سانولا جانا: رنگ کالا ہو جانا
ساون بھادوں کا ملنا: دو موسم کا ملنا
ساون کی بھرن پڑنا: زور سے بارش ہونا
سائیں سائیں کرنا (ہو جانا): کمزوری کی وجہ سے جسم میں سنسنیاں دوڑنا
ساونٹا کرنا (ہو جانا): ہوشیار چوکس کرنا

سایہ اتارنا: آسیب دفع کرنا
سایہ اٹھنا: سرپرست کا مر جانا
سایہ ڈالنا: اثر ڈالنا
سایہ چمکنا: بہت سی شادیاں ہونا
سایہ ڈھلنا: تیسرے پہر کا وقت ہونا
سایہ سر پر قائم ہونا: کسی بزرگ کا زندہ ہونا
سائے سے دور رہنا: نفرت کرنا
سائے سے ڈرنا: کسی پر اعتماد نہ کرنا
سائے میں آنا: پناہ یا سرپرستی حاصل کرنا
سبب کھلنا: وجہ ظاہر ہونا
سبز باغ دکھانا: دھوکہ دینا، فائدے کی جھوٹی امید دینا
سبزہ آنا: داڑھی مونچھ نکلنی شروع ہونا
سبزی پینا: بھنگ پینا
سبق برزبان ہونا: سبق اچھی طرح یاد ہونا
سبق پڑھنا (دینا): طریقہ معلوم کرنا، سیکھنا، بہکانے میں آجانا
سبق رواں ہونا: پڑھا ہوا اچھی طرح یاد ہونا
سبقت لے جانا: غالب آجانا
سبک کرنا (ہونا): بے عزت کرنا، شرمندہ کرنا
سبکیاں مارنا: روتے میں ہچکیاں لینا
سبکی ہونا: ذلت ہونا
سبیل کرنا: تدبیر کرنا
سبیل لگانا: پیاسے راہ گیروں کے لیے پانی کا انتظام کرنا
سپا بیٹھنا: کام مرضی کے موافق ہو جانا

سپا لڑانا: اچھا تعلق قائم کر لینا
سپا لڑنا: موقع ملنا، آشنائی ہونا
سپا مارنا (لگانا): نشانہ لگانا
سپاٹا بھرنا، مارنا، لگانا: طرارہ بھرنا، دوڑ لگانا
سپر ہونا: دیوار بن کر کھڑے ہونا
سپرد ہونا: حوالے کیا جانا
سپردگی میں لینا: تحویل یا قبضے میں لینا
سپڑ سپڑ کر کے کھانا: بدتمیزی یا بے احتیاطی سے کھانا
سپید و سیاہ کا اختیار: کل اختیار ہونا
سپیدی آنا: بڑھاپا آنا، بال سفید ہونا
ست بچن کرنا، کہنا: جی حضوری کرنا
ست پر رہنا: ایمان یا دھرم پر قائم رہنا
ست چڑھنا: پاک دامنی کا جذبہ غالب ہونا
ست ڈگنا (ڈولنا): ایمان بگاڑنا
ست کرنا: تصدیق کرنا
ست چھوڑ دینا (ڈگنا): حوصلہ پست ہو جانا
ست ڈولنا: کمزور ہو جانا
ست نکالنا: جوہر نکالنا
ستارہ اچھا ہونا: خوشحال اور کامیابی کا زمانہ ہونا
ستارہ اوج پر ہونا: اقبال مندی کا دور ہونا
ستارہ برگشتہ ہونا: بدنصیبی کا زمانہ ہونا
ستارہ گردش میں ہونا: بدنصیبی کا زمانہ ہونا
ستارہ ملنا: موافقت ہونا
ستارے بھاری ہونا: منحوس ستاروں کا اثر ہونا
ستر دکھانا: شرم گاہ کو بے پردہ کرنا

ستم اٹھانا: ظلم برداشت کرنا
ستم برپا کرنا: فساد مچانا
ستم توڑنا (ڈھانا): بہت زیادہ ظلم یا سختی کرنا
ستو باندھکر پیچھے پڑنا: کام میں انتہائی توجہ سے لگ جانا
ستو گھولنا: فضول یا بیہودہ باتیں کرنا
ستون ہونا: کسی تحریک یا جماعت کا ذمہ دار رکن ہونا
ستھراؤ ہونا (کرنا): اینٹ سے اینٹ بجا دینا
ستی ست پر ہونا: مرنے کے قریب ہونا
ستیاناس کرنا (ہونا): تباہ و برباد کرنا
سٹ لڑانا: سازش کرنا، یارانہ کرنا
سٹے بٹے لڑانا: سازش کرنا
سٹر پٹر کرنا: بیکار پھرنا
سٹھیا جانا: عقل جاتی رہنا
سٹی گم ہونا: گھبرانا، بوکھلانا
سجدۂ شکر بجالانا: خدا کے حضور میں شکر کا سجدہ کرنا
سجدہ کرنا: سر جھکانا
سحر پکڑنا: صبح تک زندہ رہنا
سحر ہو جانا: خاتمہ ہو جانا
سحر چل جانا: جادو چل جانا
سحر جگانا: جادو کی مشق کرنا
سخت دن آنا: مصیبت یا ادبار کا زمانہ آنا
سخت سست کہنا: لعنت ملامت کرنا
سخت ناگوار گزرنا: بہت برا معلوم ہونا

سختی سے پیش آنا: بے رحمی کا برتاؤ کرنا
سختی کرنا: زیادتی کرنا
سختی کی گرہ: برا وقت
سخن درمیان میں لانا: گفتگو کے درمیان کچھ اور کہنا
سخن دینا: قول دینا
سخن ڈالنا: مانگنا، سوال پوچھنا
سدِّ راہ ہونا: حائل ہونا، روک بننا
سدھ کرنا: انجام تک پہچانا، پاک کرنا
سدھ بدھ رکھنا: خبر گیری رکھنا
سُدھ بُدھ لینا: خبر گیری کرنا
سُدھ بُدھ نہ رہنا: خبر نہ رہنا
سرِ تسلیم خم کرنا: راضی بہ رضا ہونا
سر فدا کرنا: جان قربان کرنا
سر فراز کرنا: عزت افزائی کرنا
سر قلم کرنا: گردن مارنا
سر کرنا (ہونا): فتح کرنا، زبردستی دینا
سر گریباں میں ڈالنا: شرمندہ ہونا
سر نام کرنا (ہونا): منادی کرنا
سر و پا کی خبر نہ ہونا: بدحواس ہونا
سروکار نہ ہونا: تعلق یا واسطہ نہ ہونا
سر ہونا: فتح ہونا، شروع ہونا، مکمل ہونا
سر بنانا: پتے جیت کر لے جانا
سر آنکھوں میں لینا (بٹھانا): خوب آؤ بھگت کرنا
سر اٹھانے نہ دینا: ذرا بھی فرصت نہ دینا، بہت شرمندہ کرنا
سر اڑا دینا: گردن کاٹ دینا
سر اُلانا: سر اونچا کرنا
سر باندھنا: چوٹی کرنا
سر بھاری ہونا: دردِ سر معلوم ہونا
سر بیچنا: جان کو ہلاکت میں ڈالنا
سر بیگار ہونا: ناپسندیدہ کام ذمے ہونا
سر پاؤں نہ ہونا: آغاز و انجام کا پتہ نہ چلنا
سر پٹک کے مر جانا: انتہائی کوشش کے باوجود کامیاب نہ ہونا
سر پٹکتے رہ جانا: بے نتیجہ کوشش
سر سبز ہونا: تروتازہ ہونا
سر پٹکنا: بہت کوشش کرنا
سر پر آپڑنا: ذمے پڑنا
سر پر آپہنچنا: بہت قریب آجانا
سر پر آچڑھنا: سر پر سوار ہو جانا
سر پر مصیبت آنا: سخت مصیبت آنا
سر پر آنکھیں نہ ہونا: بیوقوف ہونا
سر پر اٹھا کے لے جانا: مر کر ساتھ لے جانا
سر پر احسان دھرنا: احسان مند بنانا
سر پر بال ہونا: سہنے کی طاقت ہونا
سر پر بننا: مصیبت نازل ہونا
سر پر بوجھ پڑنا: ذمہ داری پڑنا، فکر مند ہونا
سر پر بھوت سوار ہونا: بھوت پریت کا سایہ ہونا
سر پر پاؤں رکھ کر بھاگنا: بہت تیز بھاگنا
سر پر پریاں کھیلنا: پریوں کا سایہ ہونا

سر پر پہاڑ گرنا: سخت مصیبت نازل ہونا
سر پر تھالی پھرنا: بہت زیادہ ہجوم ہونا
سر پر ٹیکا ہونا: عزت پانا، حق دار ہونا
سر پر چڑھا رہنا: ضد یا ہٹ پر قائم ہونا
سر پر چڑھا رہنا: غالب رہنا
سر پر غل مچانا: پاس آکر یا قریب کھڑے ہو کر شور کرنا
سر پر خاک ڈالنا: ماتم کرنا
سر پر خون سوار ہونا: جان لینے پر کمر بستہ ہونا
سر پر خون لینا: قتل یا خون کا الزام اپنے ذمے لینا
سر پر دستِ شفقت رکھنا: پناہ میں لینا
سر پر سہنا: برداشت کرنا
سر پر سے صدقے اتارنا: قربان کرنا
سر پر کہنا: برداشت کرنا
سر پر شیطان سوار ہونا: غصہ چڑھا ہونا، کہا نہ ماننا
سر پر عذاب لینا: گناہ کا کام کرنا
سر پر قیامت آنا: سخت ظلم ہونا
سر پر کالی ہانڈی رکھنا: بدنام ہونا
سر پر کودوں دلنا: دوسروں کو جلانے کے لیے کوئی کام کرنا
سر پر کوئی نہ ہونا: بے یار و مددگار ہونا
سر پر کھیل جانا: جان کی پرواہ نہ کرنا
سر پر وبال لینا: اپنے ذمہ گناہ کا عذاب لینا
سر پر وارنا: قربان کرنا
سر پر ہاتھ پھیرنا: پیار کرنا، صفایا کرنا

سر پکڑ کے رونا: بہت رنج کرنا
سر پکڑنا: تسلی دینا، سر کو بوجھل کرنا
سر پھٹنا: سر میں شدید درد ہونا
سر پھرانا: مغز مارنا، سمجھانا
سر پھر جانا: دیوانہ ہونا
سر پھرا ہے: خبطی ہے، پاگل ہے
سر پھوڑ کر لینا: ڈرا دھمکا کر وصول کرنا
سر پھیرنا: حکم عدولی کرنا
سر پیر نہ ہونا: بات کا بے معنیٰ ہونا
سر توڑ کوشش کرنا: بے حد مشقت کرنا
سر تو نہیں کھجاتا: مار کھانے کو دل تو نہیں چاہتا
سر تھام لینا: بہت رنجیدہ ہونا
سر تھکانا: بہت مغز ماری کرنا
سر تھوپنا: الزام لگانا
سر ٹکراتے پھرنا: آوارہ پھرنا
سر ٹکرانا: جاں فشانی کے ساتھ کوشش کرنا
سر جانا: مارا جانا، الزام آنا
سر جوڑ کر بیٹھنا: مل کر بیٹھنا
سر جھاڑنا: کنگھی کرنا
سر جھکانا (جھکنا): اطاعت یا فرماں برداری کرنا، شرمندہ ہونا
سر چڑھانا: بہت منھ لگانا
سر چڑھ کے بولنا: کسی بات کا اثر از خود ظاہر ہونا
سر چڑھا کر پٹکنا: عزت دے کر ذلیل کرنا
سر چڑھنا: بے تکلف ہونا
سر چیرنا: ضد کرنا، لڑائی جھگڑا کرنا

سر خالی کرنا: بک بک کر کے دماغ تھکا دینا

سر دھنا: افسوس کرنا

سر رہنا: جان سلامت رہنا

سر زانو پر دھرا ہونا: غم واندوہ کا عالم

سر زیر قدم ہونا: کسی کے ماتحت ہونا

سر سہرا ہونا: کامیابی ہونا

سر سہلانا: خوشامد کرنا، پیار کرنا

سر سے اتارنا: صدقے کرنا

سر سے بلا ٹالنا: مجبوری سے کوئی کام کرنا، آئی ہوئی مصیبت دور کرنا

سر سے بوجھ اتارنا: قرضہ اتارنا یا کوئی ذمے داری پوری کرنا

سر سے بوجھ باندھنا: مفت کی ذمے داری لینا

سر سے پانی اونچا کرنا: ناقابلِ برداشت حد تک پہنچ جانا

سر سے پاؤں تک آگ لگنا: بہت زیادہ غصہ ہونا

سر سے ٹلنا: پیچھا چھوڑنا

سر کے بل چلنا: بے حد تعظیم وتکریم سے جانا

سر سے کفن باندھنا: مرنے کے لیے تیار ہونا

سر سے کنواں کھودنا: ناممکن کام انجام دینا

سر سے کھیل جانا: مرنے پر آمادہ ہونا

سر سے کھیلنا: جن یا بھوت پریت کے اثر سے سر دھننا

سر سے گزرنا: ہلاک ہو جانا

سر سے لگنا: ناگوار گزرنا

سر سے مارنا: بے فائدہ ذمّے ڈالنا

سر سے میلا ہونا: حیض سے ہونا

سر کا چھدّا اتارنا: گلہ شکوہ رفع کرنا

سر کا وبال ہونا: دوبھر ہونا

سر کہاں پھوڑوں: کہاں تلاش کروں

سر مونڈنا: ٹھگنا

سر میں خناس سمانا: غرور یا تکبّر ہونا

سر نہ اٹھنے دینا: مجبور رکھنا، فرصت نہ دینا

سر ہاتھ لیے پھرنا: جان دینے پر تیار ہونا

سر وبال دوش ہونا: جینے سے بیزار ہونا

سر ملنا: ہم آہنگ ہونا

سراغ لگانا: تلاش کرنا

سرایت کرنا: جذب ہونا، اثر کرنا

سرپٹ دوڑانا: بے دھڑک دوڑانا

سرت آنا: ہوش آنا

سرت بسارنا: ہوش کھونا

سرخرو ہونا: کامیاب ہونا

سرخ وسفید ہونا: صحت مند ہونا

سرخاب کا پر لگنا: کوئی خاص امتیاز یا وصف ہونا

سرخی دینا: سرخی قائم کرنا

سرد وگرم جھیلنا: زمانے کی مصیبتیں اٹھانا

سرد ہونا: ٹھنڈا ہو جانا

سردی چڑھانا: لرزے سے بخار آنا

سرسری نظر کرنا: اجمالی نظر ڈالنا

سرسوں پھولنا: زرد ہی زرد نظر آنا

سرسوں جمانا: کسی کام میں بہت جلدی کرنا

سرکار دربار چڑھنا: مقدمہ بازی کرنا

سنیچر آنا: بری گھڑی آنا
سو جان سے صدقے: بہت زیادہ محبت ظاہر کرنے کے لیے بولتے ہیں
سو سو بل کھانا: بہت زیادہ پیچ وتاب کھانا
سو سو گھڑے پانی پڑنا: سخت شرمندہ ہونا
سو سو من کے پاؤں ہو جانا: گھبراہٹ کے باعث چل نہ سکنا
سو سو نام دھرنا: بہت عیب نکالنا
سو میں کہنا: سب کے سامنے کہنا
سواد پڑنا: چسکا پڑنا
سوارت کرنا: استعمال میں لانا، سودمند کرنا
سواری آنا: جلوس آنا، تشریف لانا
سواری اتروانا: جو عورت ڈولی گاڑی وغیرہ میں آئے اسے ڈیوڑھی جا کر لانا
سوال پورا ہونا: مانگی ہوئی چیز کا ملنا
سوال ڈالنا: رشتہ طلب کرنا، التجا کرنا
سوال ردّ کرنا: بھیک نہ دینا، سوال نامنظور کرنا
سوت ایڑنا: سوت پٹنا
سوت باندھنا: سیدھا باندھنا
سوت کے بنولے ہو جانا: بنا بنایا کام بگڑ جانا
سوتی بھیڑیں جگانا: پرانے جھگڑے تازہ کرنا
سوتے جاگتے منھ دیکھنا: ہر وقت توقع رکھنا
سوتے فتنے اٹھانا: دبے ہوئے جھگڑے نکالنا
سوتے کا سوتا رہنا: نیند میں مر جانا
سوتے مردے جگانا: شور وغل مچانا
سوتے نصیب جاگنا: دن پھرنا، اچھے دن آنا

سودا اچھلنا: پاگل پن کا زور ہونا
سودا بگاڑنا: طے شدہ معاملے خراب کرنا
سودا پٹنا: قیمت طے ہونا
سودا دست بدست ہونا: کسی چیز کا نقد فروخت ہو جانا
سوداگری کرنا: تجارت کرنا
سورج کو چراغ دکھانا: تجربہ کار کو عقل دینا
سوکھ کر پنجر ہو جانا: بہت دُبلا ہو جانا
سوکھا ٹرخانا (ٹالنا): صاف انکار کرنا
سوکھے استرے سے سر منڈوانا: پانی کے بنا سر منڈوانا تاکہ تکلیف زیادہ ہو
سوکھے گھاٹ اتارنا: محروم رکھنا
سوکھی سنانا: انکار کرنا
سوگ اترنا: ماتم کی مدّت پوری ہونا
سوگ میں بیٹھنا: خاوند کی غم میں بیٹھنا
سولی پر بسر ہونا (کٹنا): کمال اضطراب اور بے چینی سے وقت گزرنا
سولی پر جان ہونا: سخت مصیبت میں گرفتار ہونا
سون کھینچنا (لینا): خاموشی اختیار کرنا
سونا لے کے مٹی نہ دینا: نہایت نادہند ہونا
سونپ سانپ دینا: کوئی چیز کسی کے حوالے کر دینا
سونٹ مارے چلا جانا: چپکے سے چلا جانا
سونٹھ بسانا: کوئی قیمتی چیز خریدنا
سونٹھ کی ناس لینا: برداشت کرنا، چپ ہو جانا
سونے کا گھر مٹی ہو جانا: بنا بنایا گھر تباہ ہو جانا
سونے کی چڑیا ہاتھ آنا: کسی مالدار احمق کا قابو

میں آنا

سوئی کا پھاوڑا ہو جانا: بات کا بتنگڑ بن جانا

سوئی کے ناکے سے اونٹ نکالنا: ناممکن بات کر دکھانا

سہاگ اترنا: رانڈ ہو جانا

سہرا چڑھانا: لوحِ مزار پر سہرا لٹکانا

سہرے کے پھول کھلنا: بیاہ کا وقت آنا

سیاست کرنا: گوشمالی کرنا، سزا دینا

سیاہ پوش ہونا: سوگ کرنا

سیاہہ دکھانا: فوج کی تعداد ظاہر کرنا، جائزہ دینا

سیاہی چڑھنا: تاریکی کا افق پر نمودار ہونا

سیاہی دھونا: عیب دور کرنا

سیاہی رواں ہونا: روشنائی کا ایسا رقیق ہونا کہ لکھنے میں قلم نہ رکے

سیج چڑھنا: میاں بیوی کا ساتھ سونا

سیخ پا ہونا: بہت ناراض ہونا

سیخ پر لگانا: کباب سیخ پر لگا کر بھوننا

سیدھ باندھنا: نشانہ باندھنا

سیدھا جنت میں جانا: یقینی مغفرت ہونا

سیدھا جواب دینا: صاف انکار کر دینا

سیدھا گھر کا راستہ لینا: فوراً چلے جانا

سیدھی راہ سے پھرنا: گمراہ ہونا

سیدھی نظر رکھنا: مہربانی کی نظر رکھنا

سیر ہونا: نیت بھرنا، پیٹ بھرنا

سیروں لہو بڑھنا: بڑی تقویت ہو جانا

سینت رکھنا: حفاظت سے رکھنا

سینگ سمانا: پناہ ملنا، گزر ہونا

سینگ کٹا کر بچھڑوں میں ملنا: بوڑھوں کا نوجوانوں کی سی وضع بنانا

سینگ نکلنا: جانور کا جوان ہونا، پاگل ہونا

سینہ ابھار کر چلنا: غرور سے اکڑ کر چلنا

سینہ پھٹنا: برداشت نہ کر سکنا

سینہ چاک ہونا: بہت زیادہ غم کرنا

سینہ سپر ہونا: خطرناک حالات کا ڈٹ کر مقابلہ کرنا

سینہ شق ہونا: سخت صدمہ پہنچنا

سینے پر پتھر رکھنا: صبر کرنا

سینے میں پنکھے لگنا: سخت رنج یا صدمہ ہونا

سینے پر ہاتھ دھرنا: اضطراب کو روکنا

(ش)

شاخسانہ کھڑا ہونا: فتنہ برپا ہونا

شاخ لگانا: ایک کام کے ساتھ دوسرا کام لگا دینا

شاخ نکالنا: عیب نکالنا

شادیاں گنانا: گلچھرے اڑانا

شاق گزرنا: ناگوار معلوم ہونا

شاگرد ہونا: معتقد ہونا

شام پھولنا: شفق پھولنا

شام جوانی: جوانی ڈھلنے کا وقت

شام صبح لگانا: حیلہ حوالہ کرنا

شام کا صبح کرنا: رات کاٹنا

شام کی پوچھنا سحر کی کہنا: بے تکا جواب دینا

شامت میں پھنسنا: مصیبت میں مبتلا ہونا
شان برسنا: رعب و دبدبہ نمایاں ہونا
شان پانا: عزت حاصل ہونا
شان دکھانا: شیخی بگھارنا
شان میں بٹہ لگنا: عزت گھٹنا
شان نکلنا: آن بان ظاہر ہونا
شانہ اتر جانا: کاندھے کی ہڈی کا اپنی جگہ سے اتر جانا
شانہ پھڑکنا: کاندھا پھڑکنا
شانہ سے شانہ چھلنا: بہت بھیڑ ہونا
شبہ گزرنا: شک ہونا
شبہہ مٹانا: شک دور کرنا
شر اٹھانا: فساد برپا کرنا
شراب اڑانا: شراب کا خوب پیا جانا
شراب کشید کرنا: شراب بنانا
شراب کے نشے میں چور ہونا: سخت بدمست ہونا
شرارے نکلنا: غصے اور ناراضگی کا اظہار ہونا
شربت کے پیالے پر نکاح پڑھا دینا: غریبوں کی طرح صرف شربت پلا کر نکاح کرنا
شربت کے سے گھونٹ پینا: سختی برداشت کرنا
شرط باندھنا: بازی لگانا
شرط بجالانا: شرط پوری کرنا
شرط ٹھہرانا: آپس میں عہد و پیمان کرنا
شرطِ خدمت بجا لانا: اچھی طرح خدمت انجام دینا
شرط ہونا: عہد ہونا

شرع پر چلنا: دین اسلام کے قانون پر عمل کرنا
شرف پانا: فخر حاصل کرنا
شرف لے جانا: سبقت لے جانا
شرف ہونا: عزت ملنا
شرم آلود: نادم
شرم رکھنا: آبرو رکھا
شرم سے پانی پانی ہونا: نہایت شرمندہ ہونا
شرم سے ڈوب مرنا: سخت شرمندہ ہونا
شرم کا مقام ہے: غیرت کی بات ہے
شرم و حیا کا دامن چاک ہونا: بے شرم ہونا
شعلہ بھبھوکا ہونا: غصے میں سرخ ہونا
شعلے اگلنا: کسی چیز کا آگ کی لپٹیں دینا
شفایاب ہونا: تندرست ہونا
شق نکالنا: جھگڑا نکالنا
شکست پانا: مات کھانا
شکل پکڑنا: صورت اختیار کرنا
شکل دیکھا کرے: حیران ہو جائے
شکل زہر معلوم ہونا: صورت سے نفرت ہونا
شگوفہ پھوٹنا (کھلانا): فتنہ کھڑا ہونا
شگون لینا: مبارک گھڑی دیکھنا
شلنگ بھرنا: چھلانگ مارنا
شمار میں نہ ہونا: بالکل معمولی ہونا
شمشیر اترنا: تلوار کا جسم میں گھسنا
شمشیر علم کرنا: تلوار کو مارنے کے واسطے اٹھانا
شمع بڑھانا (ٹھنڈی کرنا): شمع گل کرنا
شمع جلتی کرنا: منّت ماننا

شمع چڑھانا: منت پوری ہونے پر کسی مزار پر شمع جلایا جانا
شمع حیات گل ہونا: مرجانا
شمع صفت جلنا: غم کی وجہ سے جلتی ہوئی شمع کی طرح گھلنا
شملہ چھوڑنا: عمامہ کا سرا یا چوٹی
شوب پڑنا (کھانا): کپڑے کا دھویا جانا
شوخی کرنا: شرارت کرنا
شور برپا کرنا: بے حد غل مچانا
شور دارو گیر بلند ہونا: لینا، پکڑنے کا غل مچانا
شورش برپا کرنا: ہنگامہ برپا کرنا
شورے میں جھلنا (جھالنا): پانی کی صراحی کو نمک اور شورے کے پانی میں رکھ کر ٹھنڈا کرنا
شوق چرانا: جی چاہنا
شہ بچنا: شطرنج کے بادشاہ کا کشت کی جگہ سے ہٹ جانا
شہ پانا: اشارہ پانا
شہد گھولنا: میٹھی میٹھی باتیں کرنا
شہد لگا کر الگ ہو جانا: فساد کی بنیاد ڈال کر الگ ہو جانا
شہرت ہونا: مشہور ہونا
شیر کا منہ چوم کر طمانچہ کھانا: زبردست کو چھیڑ کر تکلیف اٹھانا
شیر کی بولی بولنا: قے کرنا
شیر کے منہ میں جانا: جان کو خطرے میں ڈالنا
شیروں کے منہ چڑھنا: بہادروں کے مقابلے میں آنا
شیر و شکر ہونا: گھل مل جانا
شیرازہ باندھنا: منتشر جزوں کو یکجا کرنا
شیشہ دکھائی: وہ انعام جو نائی کو آئینہ دکھانے پر دیا جاتا ہے
شیشۂ دل چور کرنا: رنج پہنچانا
شیشے میں اتارنا: مسخر کرنا
شیشی سنگھانا: بیہوشی کی دوا سنگھانا
شیطان اترنا: غصہ دور ہو جانا
شیطان چڑھنا: غصہ یا ضد چڑھنا
شیطان کا امان مانگنا: ایسا شریر ہونا کہ شیطان بھی پناہ مانگے
شیطان کا کان میں پھونک دینا: شیطان کا بہکا دینا
شیطان کے کان کاٹنا: شیطان سے بڑھ کر کام کرنا

(ص)

صابن سا منہ میں گھلنا: پھیکا پھیکا اور بدذائقہ منہ ہونا
صاحبی کرنا: حکومت کرنا، خاطر میں نہ لانا
صاد کرنا: تصدیق کرنا
صاد ہونا: منظور ہونا
صادر ہونا: جاری ہونا
صادق آنا: درست ہونا
صاف اڑا لینا: اس طرح بھگانا کہ کسی کو کانوں

کان خبر نہ ہو
صاف انکار کرنا: مکر جانا
صاف بچنا: کوئی ضرر نہ پہنچنا
صاف چھوٹنا: بری ہونا
صاف رہنا: دیانتداری اور ایمانداری سے رہنا
صاف کہنا: بے لاگ بات کرنا
صاف گزرنا: فاقہ گزرنا
صبح شام کرنا: حیلہ حوالہ کر کے ٹالنا
صبح کی پوچھا تو شام کی بتانا: حواس باختہ ہونا
صبر دینا: خدا کا کسی کو تسکین دینا
صبر رخصت ہونا: بے صبر ہونا
صبر سمیٹنا: بہتان کا گناہ اپنے ذمہ لینا
صبر و شکر کرنا: تکلیف میں خدا کا شکر بجالانا
صحبت اٹھانا: پاس رہ کر تعلیم و تربیت پانا
صحبت چمکا دینا: جلسہ کی رونق بڑھا دینا
صحبت راس آنا: کسی کے پاس بیٹھ کر برے کام چھوڑ دینا
صحبت کا اثر ہونا: ساتھ اٹھنے بیٹھنے کی تاثیر ہونا
صحبت گرم ہونا: بے تکلفی کا جلسہ ہونا
صحبت نہ رہنا: شریک جلسہ نہ رہنا
صحرا کی خاک چھاننا: جنگلوں میں آوارہ پھرنا
صحیح کرنا: اصلاح دینا
صدا لگانا: آواز لگانا
صرافہ کھولنا: بنک جاری کرنا
صرف نظر کرنا: نظر انداز کرنا
صرفہ کرنا: کفایت شعاری کرنا

صریح انکار کرنا: صاف انکار کرنا
صف آرا ہونا: لڑائی کے لیے تیار ہونا
صف روشن کرنا: چراغ جلانا
صفیں الٹنا: مجلس و محفل کا تہ و بالا ہونا
صفاچٹ کرنا: صفایا کرنا
صفائی ظاہر کرنا: دل کی پاکیزگی کا پتہ چلنا
صفایا کرنا: نیست و نابود کرنا
صفحۂ ہستی سے اٹھ جانا: مر جانا
صلاح پر چلنا: کسی کی رائے پر چلنا
صلاح بیٹھنا: تجویز ٹھہرنا
صلاحیت پر آنا: درست ہونا
صلاحیت لکھنا: رجسٹر کرنا
صلوٰتیں سنانا: برا بھلا کہنا
صنعت دکھانا: ہنر یا خوبی کا کوئی کام کرنا
صورت آشنا ہونا: جان پہچان ہو جانا
صورتِ آئینہ حیران رہ جانا: بے حد متحیر ہونا
صورت بن پڑنا: تدبیر نکل آنا
صورت دیکھتا رہ جانا: حیران رہ جانا
صورت دیکھ کر جینا: عاشق زار ہونا
صورت سے ٹپکنا: شکل سے ظاہر ہونا
صورت کو ترس جانا: ملاقات کا موقع نہ ملنا
صوت ڈالنا: دوات میں کپڑا ڈالنا
صید بدنا: ضد باندھنا
صید کرنا: انکار کرنا
صید گاہ: شکار گاہ
صیغہ پڑھانا: ایجاب و قبول کرانا

صیغہ گردانا: فعل کی گردان کرنا
صیقل کرنا: صاف کرنا

(ض)

ضامنی پر چھوڑنا: ضمانت یا ذمہ داری پر رہا کرنا
ضامنی دینا: کفیل یا ذمہ دار بنانا
ضائع ہونا: برباد ہونا
ضبطی میں آنا: قرق ہونا
ضد باندھنا: اصرار کرنا
ضد پوری کرنا: کسی کے ہٹ کے موافق کرنا
ضد رکھنا: مخالفت رکھنا
ضد کا پورا ہے: اپنی ہٹ پر اڑا رہنے والا
ضرب آنا: چوٹ آنا
ضرب اٹھانا: نقصان گوارہ کرنا
ضرب المثل ہونا: بہت شہرت پانا
ضرب کی تاب نہ لانا: وار کو برداشت نہ کرسکنا
ضمانت ضبط ہونا: ضامن سے شرط ضمانت پوری نہ ہونے کی صورت میں نقد روپیہ وصول کرنا
ضمن میں ہونا: حق میں ہونا
ضیق میں آنا: تنگ ہونا
ضیق میں جان ہونا: سخت پریشان ہونا

(ط)

طاق بھرنا: مسجد یا مزار کے طاق میں چراغ جلا کر پھول بتاشے وغیرہ چڑھانا
طاق پر رکھنا: چھوڑ دینا
طاق پر رکھا رہنا: بے کار اور نکما رہنا
طاق میں ایمان رکھا رہنا: بے ایمانی کرنا
طاقِ نسیاں ہونا: بھول جانا
طاق و جفت دونوں ہونا: ہر حالت میں کامیابی ہونا
طاق ہونا: ماہر ہونا
طاقت طاق ہونا: بالکل طاقت نہ ہونا
طاقت کا جواب دینا: کمزور ہو جانا
طاقت کرنا: زور دکھانا
طالب اماں ہونا: پناہ چاہنا
طالب جنگ ہونا: دشمن کو لڑائی کی دعوت دینا
طالب کفن ہونا: مرنے کا خواہش مند ہونا
طالع اوج پر ہونا: بلند قسمت ہونا
طالع یاور ہونا: قسمت جاگنا
طائر عقل اڑ جانا: ہوش و حواس جاتے رہنا
طائر نیم بسمل کی طرح پھڑکنا: نہایت بے قرار ہونا
طائر وہم و خیال کا نہ پہنچنا: کسی بات کا ناممکن ہونا
طائرانہ نگاہ ڈالنا: سرسری طور پر دیکھنا
طاؤس کا کوکنا: مور کا بولنا
طبق الٹ جانا: برباد ہو جانا
طبق چھوڑنا: صحنک دینا
طبقہ اڑا دینا: سنگ کو بارود سے اڑا دینا
طبقہ الٹ جانا: حالت بدل جانا
طبل پر چوٹ پڑنا: اعلانِ جنگ ہونا
طبل کو چاشنی دینا: نقارہ بجانا

طبلۂ عطار بنا دینا: معطّر کر دینا
طبلے پر چھاپ (تھاپ) پڑنا: طبلہ بجنا
طبیعت آنا: کسی پر عاشق ہونا
طبیعت اچھل پچھل ہونا: طبیعت بے قرار ہونا
طبیعت اچاٹ ہونا: دل بیزار ہونا
طبیعت اعتدال پر آنا: مزاج درست ہونا
طبیعت اک سو ہونا: مطمئن ہونا
طبیعت اکھڑنا: جی کا بیزار ہونا
طبیعت الجھنا: دل گھبرانا
طبیعت باغ باغ ہونا: بہت خوش ہونا
طبیعت بحال ہونا: طبیعت کا درست ہونا
طبیعت بڑھنا: کسی کام کی مشق سے مہارت پیدا ہونا
طبیعت بھر بھرانا: ولولہ پیدا ہونا
طبیعت بھر جانا: دل اکتا جانا
طبیعت بہلنا: فرصت ہونا
طبیعت پر رکھ لینا: ارادہ کر لینا
طبیعت پر زور دینا: غور و فکر کرنا
طبیعت پر گرانی ہونا: ناگوار ہونا
طبیعت پھسلنا: فریفتہ ہونا
طبیعت رکنا: کسی کام کو کرنے میں ہچکچانا
طبیعت پر رنگ آنا: خواہش جاگنا
طبیعت سن سے ہو جانا: دل دھک سے رہ جانا
طبیعت شگفتہ ہونا: دل بشاش ہونا
طبیعت گدگدانہ: امنگ پیدا ہونا
طبیعت کا لال اگلنا: نئے اور عمدہ مضامین پیدا کرنا
طبیعت کا لہریں مارنا: طبیعت میں امنگ پیدا ہونا
طبیعت کا مالش کرنا: جی متلانا
طبیعت گرمانا: طبیعت جوش میں آنا
طبیعت لاابالی ہونا: بے پروا ہونا
طبیعت لڑانا: بہت سوچنا
طبیعت مٹی ہونا: رنجیدہ ہونا
طبیعت مچلنا: ضد کرنا
طبیعت ملنا: مزاج موافق ہونا
طبیعت میں تلوّن ہونا: ذرا ذرا سی بات پر ناراض ہونا
طبیعت میں تیزی ہونا: تیز مزاج ہونا
طرّا جمانا: رعب جمانا
طرارے بھرنا: سرپٹ دوڑنا
طراوت آنا: ٹھنڈک پیدا ہونا
طرح اڑانا: وضع سیکھ لینا
طرح دے جانا: بے پروائی یا در گزر کرنا
طرح ڈالنا: بنیاد ڈالنا
طرحیں نکالنا: طرزیں ایجاد کرنا
طرز اڑانا: انداز سیکھنا
طرف داری کرنا: جانب داری کرنا
طرفہ گل پھولنا: نئی بات ہونا
طرفہ یہ ہے: انوکھی بات ہے
طرّہ چڑھانا: بھنگ پینا
طرہ کرنا: چمکانا، تیز کرنا

طرّہ ہونا: انوکھا و بڑھ کر ہونا
طریقہ آنا: کام کرنے کا ڈھنگ معلوم ہونا
طریقہ برتنا: کسی قاعدے یا دستور پر چلنا
طشت از بام ہونا: ظاہر ہونا
طعمۂ اجل ہونا: موت کا نوالہ ہونا
طعمہ روکنا: شکاری جانوروں کی خوراک شکار سے پہلے بند کر دینا
طعن توڑنا: طعنہ دینا
طعنہ مارنا: طعنہ زنی کرنا
طعنے تشنے دینا: برا بھلا کہنا
طغیانی پر آنا: سیلاب آنا
طلب بانٹنا: تنخواہ تقسیم کرنا
طلب مٹانا: خواہش پوری کرنا
طلبی ہونا: حاضری کا حکم ہونا
طلسم باندھنا: انوکھی بات کرنا
طلسم ٹوٹنا: راز افشا کرنا
طمانچہ جڑنا: تھپڑ لگانا
طنابیں کھینچنا: دوری یا فاصلے کو کم کرنا
طنطنہ بلند ہونا: حکومت دکھانا، دھمکانا
طوطی بولنا: اختیار یا رسوخ حاصل کرنا
طوطے اڑ جانا: بدحواس ہونا
طوطے کی طرح پڑھنا: بے سوچے سمجھے پڑھنا
طوطیا باندھنا: تہمت دھرنا، الزام لگانا
طوفان اٹھانا: فساد برپا کرنا
طوفان اگلنا: طوفان پیدا کرنا
طوفان امنڈنا: طوفان زیادہ ہونا
طوق بڑھانا: منت کا طوق بچے کے گلے سے اتار کر منت ادا کرنا
طوقِ غلامی گلے میں ڈالنا: اطاعت کرنا
طول کھینچنا: مدت لگنا
طومار باندھنا: جھوٹی بات کو بڑھا کر بیان کرنا
طہارت کرنا: وضو کرنا
طیش میں آنا: غصے میں آنا
طیش کھانا: غصہ برداشت کرنا، غصہ کرنا
طیش دلانا: غصہ دلانا

(ظ)

ظاہر اور باطن اور: قول فعل کا اعتبار نہیں
ظاہر باطن ایک سا ہونا: دل اور زبان کا موافق ہونا
ظاہر بنائے رکھنا: اپنے ظاہر کو آراستہ کرنا
ظاہرداری برتنا: دکھاوے کی باتیں کرنا
ظاہر ہونا: نمودار ہونا، مشہور ہونا
ظاہر ہے: یہ بات پوشیدہ نہیں ہے
ظرف پیدا کرنا: حوصلہ پیدا کرنا
ظرف دیکھنا: حوصلہ دیکھنا
ظرف عالی ہونا: بڑا حوصلہ ہونا
ظرف لبریز ہونا: عمر آخر ہونا
ظلم توڑنا: ظلم ڈھانا
ظلم اٹھانا: ظلم برداشت کرنا
ظلم ہے: اندھیر ہے
ظلمت کا درس پھیلانا: اندھیرا پھیلانا

ظہور میں آنا: ظاہر ہونا

(ع)

عاجز آنا: تنگ آنا
عاجزی کرنا: منت سماجت کرنا
عادت پڑنا: عادی ہونا
عار آنا: شرم آنا
عار سمجھنا: عیب خیال کرنا
عارض ہونا: لاحق ہونا، نمودار ہونا
عارضہ لاحق ہونا: بیماری لگنا
عافیت تنگ کرنا: چین سے نہ بیٹھنے دینا
عاق کرنا: چھوڑ دینا
عاقبت بخیر ہونا: انجام اچھا ہونا
عاقبت بگاڑنا: انجام خراب کرنا
عاقبت کے بوریئے سمیٹنا: مدت تک جینا
عاقبت میں کام آنا: قیامت کے دن گناہوں کی معافی دینا
عالم بدل جانا: انقلابِ عظیم ہو جانا
عالم پھر جانا: لوگوں کا ناراض ہو جانا
عالم دکھانا: بہار دکھانا
عالم دگرگوں ہونا: عجیب کیفیت ہونا
عالم وجد طاری ہونا: بے خودی کی حالت ہونا
عالم نرالا ہونا: انداز مختلف ہونا
عام کر دینا: مشہور کر دینا
عائد ہونا: ذمے پڑنا، الٹ پڑنا
عبرت پکڑنا: نصیحت حاصل کرنا
عبور دریائے شور ہونا: سمندر پار اتارنا
عبور ہونا: پورے طور پر واقفیت ہونا
عتاب اتارنا: غصہ یا خفگی دور کرنا
عتاب میں آنا: کسی کی غصہ کا نشانہ بننا
عجب حال ہونا: برا حال ہونا
عجب ذاتِ شریف ہیں: بہت شریر ہیں
عجب عالم ہے: عجب حالت ہے
عجب کیا ہے: کچھ تعجب نہیں
عجب وقت تھا: پر لطف زمانہ تھا
عجیب حال ہونا: برا حال ہونا
عدالت چڑھنا: دعویٰ کرنا
عدالت کرنا: اجلاس کرنا
عداوت رکھنا: دشمنی رکھنا
عدّت میں بیٹھنا: عورت کا طلاق اور دوسرے نکاح کے درمیان کی شرعی مدت گزارنا
عذاب اٹھانا: تکلیف اٹھانا
عذاب جھیلنا: مصیبت اٹھانا
عذاب سے چھوٹنا: تکلیف جاتی رہنا
عذاب مول لینا: خواہ مخواہ تکلیف میں پڑنا
عذاب میں ڈالنا: مصیبت میں مبتلا کرنا
عزر باقی نہ رہنا: کسی اعتراض کی گنجائش نہ چھوڑنا
عذر پیش کرنا: اعتراض، دلیل یا حجت پیش کرنا
عذر تراشنا: ایسا عذر پیش کرنا جو حقیقی نہ ہو
عذرِ تقصیرات کرنا: گناہوں کی معافی چاہنا
عذر چلنا: عذر قبول ہونا

عذرت کرنا: معذرت کرنا، معافی مانگنا
عذر نہ سننا: کوئی بہانہ نہ سننا
عرش پر پہنچنا: بہت بلند مرتبہ ہونا
عرش پر جھنڈا گاڑنا: بہت رعب ہونا
عرش پر چڑھنا: بہت مغرور ہوجانا
عرش کے تارے توڑنا: بڑا کام کرنا
عرش ہلانا: مظلوم کی آہ کا اثر ہونا
عرصہ تنگ کرنا: بے بس و عاجز کرنا
عرصہ ہو جانا: مدّت گزر جانا
عرض پیرا ہونا: گزارش کرنا
عرض رسا ہونا: گزارش کرنا
عرض قبول ہونا: درخواست منظور ہونا
عرضی ٹھوکنا: دعویٰ کرنا
عرق آجانا: پسینا آنا
عرق پینا: شراب پینا
عرق ریزی کرنا: کمال محنت کرنا
عرق عرق ہو جانا: بہت شرمندہ ہونا
عزت اتارنا: بے عزت کرنا
عزت پر ہاتھ ڈالنا: ذلیل کرنے کی کوشش کرنا
عزت جاتی رہنا: بے عزتی ہونا
عزت خاک میں ملنا: ذلیل و رسوا کرنا
عزت خدا کے ہاتھ ہے: اللہ ہی آبرو رکھے
عزت دینا: آبرو بخشنا
عزت ڈبونا: آبرو کھونا
عزت رکھ لینا: آبرو بچانا
عزت کالا گو ہونا: کسی کی آبرو مٹانے کی کوشش کرنا
عزیز رکھنا: قدر و منزلت کرنا
عشرت منانا: مزے اڑانا
عطر کھینچنا: جوہر نکالنا، طاقت کھینچ لینا
عطر میں بسنا: خوشبودار کرنا
عفّت میں خلل ڈالنا: عزت لینا
عقد کرنا: نکاح کرنا
عقدہ حل ہونا: مشکل دور ہونا
عقدہ سلجھانا: مشکل حل ہونا
عقل پر پتھر پڑنا: عقل جاتی رہنا
عقل پکڑنا: ہوش میں آنا
عقل ٹھکانے نہ رہنا: عقل جاتی رہنا
عقل چرخ میں آنا: ہوش گم ہونا
عقل چرنے جانا: عقل کا موجود نہ رہنا
عقل چھو نہیں گئی: بے وقوف ہے
عقل خرچ کرنا: سمجھ سے کام لینا
عقل دنگ ہونا: حیران ہونا
عقل رفو چکّر ہونا: حواس گم ہونا
عقل زائل ہو جانا: عقل جاتی رہنا
عقل سٹھیا جانا: بڑھاپے کے باعث عقل کم ہونا
عقل سشدر رہنا: حیران ہونا
عقل کا چراغ گل ہونا: عقل کا زائل ہو جانا
عقل کا کام نہ کرنا: سمجھ میں نہ آنا
عقل کدھر گئی: بے عقلی کی باتیں کرنے والے کو کہتے ہیں
عقل کے طوطے اڑ جانا: عقل جاتی رہنا

عقل کے گھوڑے دوڑانا: بہت غور کرنا
عقل کے ناخن لو: ہوش میں آؤ
عقل گم ہونا: عقل جاتی رہنا
عقل ماری جانا: کچھ سمجھ میں نہ آنا
عقل میں فتور آنا: سمجھ میں خرابی آنا
عقل میں گزرنا: خیال میں آنا
عقل واجبی ہونا: عقل تھوڑی ہونا
عقلی گدّ الگانا: اٹکل سے بات کرنا
عقیدہ بگڑ جانا: اعتقاد نہ رہنا
عقیدہ پکا ہونا: اعتقاد مضبوط ہونا
عکس اتارنا: ہو بہو نقشہ بنانا
عکس چھانا: رنگ کا اثر پڑنا
علاقہ اٹھا جانا: تعلق نہ رہنا
علاقہ چھٹنا (قطع ہونا): تعلق نہ رہنا
علاقہ رکھنا: تعلق رکھنا
علائق سے چھوٹنا: تعلقات سے بچنا
علّت لگا لینا: عادت ڈال لینا
علّت ہونا: عادت ہونا
علم ٹوٹنا: حضرت عباس کی مار پڑنا
علم ہونا: مشہور ہونا
علمیت بگھارنا: اپنے علم کا رعب ڈالنا
علی علی کرنا: کوئی مشکل کام کرتے وقت علی کے نام کا نعرہ لگانا
علیحدہ کرنا: جدا کرنا
عمامہ اتارنا: پگڑی چھین لینا
عمر آخر ہونا: مرنے کے قریب ہونا
عمر بھر کی روٹیاں سیدھی کر لینا: تمام عمر کے لیے روپیہ کما لینا
عمر تیر کرنا: برے حالوں کی زندگی بسر کرنا
عمر کا پیمانہ بھر جانا: زندگی پوری ہو جانا
عمر کاٹنا: بے لطفی سے دن پورے کرنا
عمر کے دن بھرنا: جوں توں کر کے عمر کاٹنا
عمریں عیش میں تیر کر دیں: زندگی عیش و آرام میں بسر کرنا
عمل اٹھ جانا: قبضہ نہ رہنا
عمل بیٹھ جانا: قبضہ ہو جانا
عمل پانی کرنا: نشہ آور چیزیں وقت پر استعمال کرنا
عمل پڑھنا: کسی منتر یا افسوں کا پڑھنا
عمل پیرا ہونا: عمل کرنا
عمل چلنا: سحر کا کارگر ہونا
عمل داری اٹھ جانا: حکومت جاتی رہنا
عمل دینا: ایما دینا
عملی جامہ پہنانا: کسی کام کو وقوع میں لانا یا کرنا
عملی صورت اختیار کرنا: کسی کام کا ہو جانا
عمود ڈالنا: کسی خط مستقیم پر عمود قائم کرنا
عنان چھوڑنا: لگام کو ڈھیلا چھوڑنا
عنایت کرنا: مہربانی کرنا
عنایت کی نظر ہونا: مہربانی ہونا
عندیہ پانا: رائے لینا، بھید لینا
عندیہ کھلنا: منشا معلوم ہونا
عنقا ہونا: نادر و کمیاب ہونا

عوضی دینا: اپنی جگہ کام کرنے کے لیے کوئی دوسرا آدمی دے کر آپ رخصت لینا
عوض لینا: بدلہ لینا
عوضی کرنا: قائم مقامی کرنا
عہد باندھنا: پکا وعدہ کرنا
عہدہ برآ ہونا: فرض ادا کرنا
عیادت کرنا: بیمار کا حال پوچھنا
عیاشی کرنا: تماش بینی کرنا
عیال داری میں پھنسنا: گھر بار اور خانہ داری کے بکھیڑے میں پڑنا
عیب اچھالنا: راز فاش کرنا
عیب بکھانا: نقص بیان کرنا
عب جاننا: برا خیال کرنا
عیب چھپانا (ڈھانکنا): پردہ پوشی کرنا
عیب سے بری ہونا: بے عیب ہونا
عیب لگانا: الزام لگانا
عیب و ہنر کھل جانا: اچھائی برائی ظاہر ہو جانا
عید کا چاند نکلنا: عید کے چاند کا نظر آنا
عید کا چاند ہو جانا: بہت کم نظر آنا
عید کرنا: خوشی کرنا
عید ہو جانا: مراد بر آنا
عیش و آرام حرام کرنا: آرام و آسائش کی پروانہ رکھنا
عیش تلخ کرنا: عیش و آرام میں خلل انداز ہونا
عیش و عشرت میں پڑنا: زندگی کے مزے اڑانا
عینک لگنا: عینک سے ٹھیک دکھائی دینا

(غ)

غارت جانا: خراب ہو جانا
غارت ہونا: تباہ و برباد ہونا
غالب آنا: فتح مند ہونا
غائب غلّہ ہونا: اچانک آنکھوں سے اوجھل ہو جانا
غائب کرنا: چھپانا
غائب کھیلنا: پیٹھ موڑ کر شطرنج کھیلنا
غبار آنا: دل میلا ہو جانا
غبار بڑھانا: کدورت زیادہ کرنا
غبار چھٹنا: صلح صفائی ہو جانا
غبار رکھنا: کدورت رکھنا
غبار نکلنا: دل کی کدورت کا اظہار کرنا
غبّارے سے ہوا نکلنا: شیخی کرکری کرنا
غبن کرنا: خیانت کرنا
غت ربود کرنا: گڈمڈ کر دینا، برباد کر دینا
غٹ پٹ ہو جانا: باہم لڑائی میں گتھ جانا
غٹ غٹ پینا: کسی رقیق چیز کو جلدی جلدی پینا
غڑغڑ سننا: ذوق وشوق سے سننا
غچّا دینا: دھوکہ دینا
غدر پڑنا: بغاوت ہونا
غذا لگنا: خوراک کا جسم پر اثر کرنا
غرّا کرنا: گھمنڈ کرنا
غُرّے میں آنا: غرور کرنا
غرّا بتانا: بہانہ کرنا: غیر حاضر ہونا

غرض پڑنا: کسی سے کچھ کام ہونا
غرض جتانا: ضرورت سے باخبر کرنا
غرض ڈالنا: کام پڑنا
غرض رکھنا: مطلب رکھنا
غرض نکالنا: حاجت پوری کرالینا
غرور توڑ دینا: متکبر اور مغرور کو نیچا دکھا دینا
غرور ٹوٹ جانا: تکبر کی عادت کا ختم ہو جانا
غزل بنانا: غزل کی اصلاح کرنا
غسل دینا: مردے کو نہلانا
غسل کی حاجت ہونا: بدن ناپاک ہو جانا
غش آنا: بے ہوش ہو جانا
غش طاری ہونا: بے ہوش ہونا
غصب کرنا: زبردستی قبضہ کرلینا
غصب ہونا: ہتھیا لیا جانا
غصہ اتارنا: کسی پر خفا ہونا
غصہ پینا: ضبط کرنا، برداشت کرنا
غصہ چڑھنا: خفگی ہونا
غصہ سے بھوت ہو جانا: مارے غصہ کے آپے سے باہر ہو جانا
غصہ میں بھرنا: بہت ناراض ہونا
غصہ ناک پر ہونا: جلد غصہ آنا
غصے میں آگ ہونا: بہت خفا ہونا
غضب پڑنا: عذاب الٰہی میں گرفتار ہونا
غضب پڑنا (توڑنا): فساد برپا کرنا
غضب کا دیدہ ہونا: بہت بے شرم اور ڈھیٹ ہونا

غضب ناک کرنا: غصہ دلانا
غضب نازل ہونا: آفت آنا
غفلت چھانا: غافل ہونا
غفلت کا پردہ پڑ جانا: بے خبر ہو جانا
غفلت کی نیند سونا: غافل ہو کر سونا
غل برپا کرنا: شور مچانا
غلاظت کرنا: گندگی پھیلانا
غلاف اتارنا: غلاف بدلا جانا
غلام ہونا: مطیع ہونا
غلامی میں دینا: خدمت میں دینا
غلبہ کرنا: حملہ کرنا
غلبہ پانا: فتح پانا
غلبہ ہونا: غالب آنا
غلطی کھانا: خطا کرنا
غلغلہ ہونا: چرچا ہونا
غلّک میں دھرنا: جمع کرنا
غلّہ بھرنا: اناج کا غلّہ کرنا
غلّہ چلانا: غلّہ مارنا
غلیل اتارنا: غلیل کا کھنچاؤ کم کرنا
غلیل لگنا: غلّہ سے چوٹ کھانا
غم اٹھانا: دکھ جھیلنا
غم پالنا: بکھیڑا اپنے سر لینا
غم خواری کرنا: ہمدردی کرنا
غم غلط کرنا: دل بہلانا
غم گیں کرنا: رنجیدہ ہونا
غم میں جان کھونا: بہت غمگین ہونا

غم نہیں: پرواہ نہیں
غمزہ دکھانا: نخرہ کرنا
غمی ہو جانا: موت ہو جانا
غنچۂ آرزو کھلنا: مراد پوری ہونا
غنچۂ خاطر شگفتہ ہونا: دل خوش ہونا
غنچۂ دل تنگ ہونا: رنجیدہ ہونا
غنودگی آنا: اونگھنا
غنیم چڑھ آنا: دشمن کا ملک پر حملہ کر دینا
غنیمت جاننا: مناسب سمجھنا
غنیمت ہونا: قابل قدر ہو
غور سے دیکھنا: گہری نظر سے دیکھنا
غور و فکر سے کام لینا: خوب سمجھ کر کام کرنا
غوزیں لڑانا: گپ ہانکنا
غوط پر غوط آنا: غش پر غش آنا
غوط لگانا (مارنا): خیال میں محو رہنا
غوطہ کھانا: ڈوبنا، غرق ہونا
غوط مارنا: ڈبکی لگانا
غوطے میں جانا: کسی خیال میں محو ہو جانا
غوغا کرنا: شور مچانا
غول باندھنا: قطار بنانا
غوں غاں کرنا: ننھے بچے کا بولنا
غیب سے دینا: خدا کی دین
غیبت کرنا: بدی کرنا، پیٹھ پیچھے برا کہنا
غیر سمجھنا: توجہ نہ کرنا
غیرت کھانا: شرم کرنا
غیرت اڑا دینا: بے حیا ہو جانا
غیرت چھو نہ جانا: بالکل شرم نہ ہونا
غیرت رکھنا: حیا رکھنا
غیرت سے کٹ جانا: سخت شرمندہ ہونا
غیرت کا مارا: شرم و لحاظ کا پابند
غیریت برتنا: بیگانگی برتنا
غین ہونا: نشہ میں غرق ہونا

(ف)

فاتحہ پڑھنا: نذر و نیاز دینا
فاتحہ دینا: نیاز دینا
فارسی بگھارنا: بے موقع محل اپنی لیاقت بگھارنا
فارسی کی ٹانگ توڑنا: غلط سلط فارسی بولنا
فاش غلطی کرنا: کھلی غلطی کرنا
فاقہ مارا: غریب ہے
فاقہ گزرنا: بھوکا رہنا
فاقوں پر فاقے گزرنا: متواتر بھوکے رہنا
فاقوں کا مارا: وہ جو بھوک سے دبلا ہو گیا ہو
فائدہ دینا: نفع پہونچانا
فائدہ ہونا: مفید ہونا
فتنہ بیدار کرنا: دوبارہ فساد کھڑا کرنا
فتنہ جاگنا: فساد اٹھانا
فتور آنا: خرابی پیدا ہونا
فتور اٹھانا: فساد مچانا
فتویٰ دینا: شرعی حکم لگانا
فتیلہ داغنا: نالش کرنا
فتیلہ دینا: زخم مین بتی رکھنا

فتیلہ ناک میں دینا: تعویز کی بتی کی دھونی دینا، دق کرنا
فتور کرنا: خلل انداز ہونا
فحش بکنا: گالیاں بکنا
فخر جاننا: بڑائی اور بہتری کا باعث خیال کرنا
فدا کرنا: قربان کرنا
فرآٹے بھرنا: بہت تیز پڑھنا اور بولنا
فراغت پانا: فرصت حاصل کرنا
فراموش کرنا: خیال نہ رکھنا
فرزندی میں لینا: بیٹا بنانا
فرزیں بنانا: پیدل کا آخری خانے میں پہنچ کر وزیر بن جانا
فرش بچھانا: پلنگ پر بچھونا وغیرہ کرنا
فرش زمین ہونا: دفن ہونا
فرشتہ ماننا: نیک خصلت سمجھنا
فرشتوں کو خبر نہ ہونا: نہایت راز میں رہنا
فرشتوں کے پر جلنا: تاب نہ ہونا
فرشتوں نے گھر دیکھ لیا: موت نے گھر دیکھ لیا
فرشتوں کے پر کترنا: فرشتوں سے بازی لے جانا
فرشتے کا گزر نہ ہونا: کسی کی رسائی نہ ہونا
فرشتے دکھائی دینا: موت نظر آنا
فرشتے کا کان میں پھونکنا: مغرور ہونا
فرض ادا کرنا: خدا کا حکم بجالانا
فرض پڑھنا: لازمی نماز پڑھنا
فرض عائد ہونا: ذمہ دار ہونا

فرض سے ادا ہو جانا: ذمے داریوں سے سبک دوش ہو جانا
فرق آنا: پہلے سے بات نہ رہنا
فرق باقی رہنا: تفاوت نہ مٹنا
فرق پڑنا: اختلاف ہونا
فرق لانا: یکساں نہ رکھنا
فرق نکالنا: غلطی نکالنا
فرما موڑنا: چھپے ہوئے کاغذوں کو ترتیب سے موڑ کر جز بنانا
فرمائش کرنا: کوئی چیز طلب کرنا
فرمائشی پڑنا: جوتیاں پڑنا
فرمائشی لگانا: خوب جوتیاں مارنا
فرنٹ ہو جانا: بگڑ جانا، رنجیدہ ہو جانا
فروگذاشت کرنا: بھول چوکنا، چشم پوشی کرنا
فروغ پانا: عزت پانا
فروغ حاصل کرنا: ترقی اور عروج حاصل کرنا
فروغ ہونا: ترقی ہونا
فریاد لانا: کسی کے ظلم وستم کا شکوہ بیان کرنا
فریاد کو پہنچنا: انصاف کرنا
فریب میں آنا: دھوکا کھانا
فساد اٹھانا: جھگڑا کھڑا کرنا
فساد پڑنا: جھگڑا ہونا
فساد پھیلانا: خرابی پھیلانا
فشار بگڑ جانا: حالت خراب ہو جانا
فشار ہونا: دبو چا جانا
فصد کھلوانا: رگ سے خون نکلوانا

فصل آنا: موسم آنا
فضل خدا شاملِ حال ہونا: ترقی کا زمانہ ہونا
فضل ہونا: خدا کی مہربانی ہونا
فضول ہونا: بیکار ہونا
فضیلت رکھنا: بزرگی رکھنا
فضیلت لے جانا: سبقت لے جانا
فطرت کرنا: شرارت کرنا
فعل کرانا: بدکاری کرانا
فقر د ہونا: رفوچکر ہونا
فق ہونا: چہرے کا رنگ اڑ جانا
فقروں میں آنا: چال میں آنا
فقرہ گھڑنا: کوئی جھوٹی بات بنالینا
فقرہ لے جوڑنا: جھوٹی بات بنا کے کہنا
فقرے چست کرنا: طعنہ دینا
فقرے چل جانا: جھوٹی بات کا اثر ہونا
فقرہ چھوڑنا: دھوکا دینا
فقرے بازیاں کرنا: باتیں بنانا
فقرے چست کرنا: مذاق کرنا، آوازے کسنا
فقرے ڈھالنا: آوازے کسنا
فقرے میں لگانا: چالبازی کرنا
فقیر بنا دینا: مفلس بنا دینا
فقیر کھلانا: مراد پوری ہونے پر غریبوں کو کھانا کھلانا
فقیری اختیار کرنا: فقیروں جیسا حال بنالینا
فکر آپڑنا: یکایک کوئی پریشانی کی بات ہو جانا
فکر جمنا: تدبیر سوجھ پڑنا
فکر دوڑانا: سوچنا
فکر لاحق ہونا: اندیشہ ہونا
فکر میں گھل جانا: سوچ میں نڈھال ہو جانا
فلان میں تھوکنا: ذلیل کرنا
فلسفہ بگھارنا: دانائی کا رعب ڈالنا
فلک پر چڑھانا: بہت زیادہ تعریف کرنا
فلک پر دماغ ہونا: مغرور ہونا
فلک ٹوٹ پڑنا: سخت مصیبت آنا
فلک ٹوٹنا: مصیبت آنا
فلک کو برا معلوم ہوا: ایک شاعرانہ خیال کہ آسمان لوگوں کو خوش نہیں دیکھ سکتا، مصیبتیں وہی نازل کرتا ہے
فلک کو خبر نہ ہونا: کسی کو علم نہ ہونا
فلیتہ دکھانا: آگ لگانا
فنا کرنا: برباد کرنا
فوّارہ چھٹنا: پانی یا کسی رقیق چیز کا جوش مار کر نکلنا
فوج داری کرنا: لڑائی جھگڑا کرنا
فوج کا گھونگھٹ کھانا: لشکر کا شکست کھا جانا
فوطہ بھرنا: محصول ادا کرنا
فوق رکھنا: ترجیح دینا
فوق لے جانا: سبقت لے جانا
فوقیت حاصل ہونا: بڑائی ملنا
فہرست میں داخل کرنا: دفتر میں نام درج کرنا
فہمائش کرنا: سمجھانا
فی النار والسقر ہو جانا: دوزخ کی آگ میں پڑنا
فی نکالنا: نکتہ چینی کرنا

فیشن ہونا: رواج ہونا
فیصل کرنا: جھگڑا چکانا
فیصل ہونا: طے ہونا، بے باق ہونا
فیصلہ رکھنا: فیصلے کا کسی پر موقوف کر دینا
فیصلہ زبان پر ہونا: کسی کے کہنے پر فیصلہ ہونا
فیض پانا: کسی سے فائدہ اٹھانا

(ق)

قابو پانا: اختیار پانا
قابو چلانا: حکم چلانا
قابو سے باہر ہونا: قدرت سے باہر ہونا
قابو سے جانا: اختیار سے باہر ہونا
قابو کر لینا: بس میں کرنا
قابو میں لگنا: گھات میں لگنا
قاردرہ ملنا: اتحاد ہونا
قاش قاش کرنا: ٹکڑے ٹکڑے کرنا
قاشیں تراشنا: پھانکیں کاٹنا
قاعدہ باندھنا: دستور ٹھہرانا
قاعدہ جاری کرنا: دستور مقرر کرنا
قاعدہ نکالنا: طریقہ ایجاد کرنا
قاعدے سے لگانا: ترتیب سے رکھنا
قافیہ باندھنا: کسی قافیئے کو شعر میں نظم کرنا
قافیہ تنگ ہونا: قافیہ نہ ملنا، تنگ ہونا، ہار ماننا
قافیہ ملانا: تک سے تک جوڑنا
قالب بدلنا: چولہ بدلنا
قالب خالی کر جانا: مر جانا
قالب پر راست آنا: موزوں ہونا
قالب میں ڈالنا: سانچے میں ڈھالنا
قانون بگھارنا: بے ضرورت تکرار کرنا
قانون پر چلنا: ضابطہ کی پابندی
قانون چھانٹنا: بیجا حجت کرنا
قائل کرنا: لاجواب کرنا
قائل معقول کرنا: لاجواب کرنا
قائل ہونا: غلطی تسلیم کرنا
قائم اٹھنا: شطرنج میں بازی برابر رہنا
قائم رکھنا: صحیح وسلامت رکھنا
قائم کرنا: بنیاد رکھنا
قائم مقام ہونا: دوسرے کی جگہ کام کرنا
قبا کرنا: ٹکڑے ٹکڑے کرنا
قبا بو ہونا: چاک ہونا
قبالہ لکھوانا: قابض ہو جانا
قبالہ لینا: کسی پر قابو پانا
قبالے لے ڈالنا: قبضہ کر لینا
قبالے لکھوا لینا: قابض ہو جانا
قبالے میں لانا: قبضہ میں دینا
قبر بنانا: مدفن تیار کرنا
قبر پر جانا: کسی کی قبر پر فاتحہ خوانی کے لیے جانا
قبر تک ساتھ جانا: زندگی بھر باقی رہنا
قبر تک جھانک آنا: مر مر کے بچنا
قبر سے اٹھکر آنا: دوبارہ زندہ ہونا
قبر سے نکل کر آنا: دوبارہ زندہ ہو اٹھنا
قبر کھود کر نکال لانا: کھوج لگا کر لے آنا

قبر کھودنا: بہت مارنا
قبر کے مردے اکھاڑنا: پرانے جھگڑے نکالنا
قبر میں کمر نہ لگنا: مرنے کے بعد بھی چین نہ آنا
قبر میں دن بھاری: قبر میں حساب کتاب کا کام جاری رہنا
قبر میں ساتھ لے جانا: قبر میں بھی یاد رکھنا
قبض کرنا: روح نکالنا
قبضہ اٹھنا: بے دخل ہونا
قبضہ چومنا: جوش و جرأت میں تلوار کے قبضے کو بوسہ دینا
قبضے پر ہاتھ رکھنا: لڑنے کو تیار ہونا
قتل پر کمر باندھنا: کسی کو مار ڈالنے کا ارادہ کرنا
قتل کا بیڑا اٹھانا: خون کرنے کی قسم کھانا
قحط پڑنا: کال پڑنا
قد اعظم تعظیم کو اٹھنا: سیدھا کھڑا ہو کر تعظیم کرنا
قد نکالنا: بچے کا بڑا ہونا
قدح کی خیر منانا: اپنی بہتری چاہنا
قدر اٹھ جانا: وقعت جاتی رہنا
قدر جاننا: وقعت ہونا
قدردانی کرنا: ہنر کی داد دینا
قدر ہونا: عزت ہونا
قدرت پانا: قابو حاصل کرنا
قدرت رکھنا: قابلیت رکھنا
قدری کرنا: کوشش کرنا، اصرار کرنا
قدم آگے بڑھنا: آگے چلنا
قدم اٹھانا: تیزی سے چلنا

قدم اکھڑنا: پاؤں نہ جمنا
قدم باہر نکالنا: حد سے باہر ہونا
قدم بڑھا ہونا: سبقت لے جانا
قدم بڑھ کے لینا: استقبال کرنا
قدم بھاری ہونا: منحوس قدم ہونا
قدم بہ قدم چلنا: ساتھ ساتھ چلنا
قدم بیچ سے نکل جانا: واسطہ نہ رہنا
قدم پر قدم رکھنا: کسی کی پیروی کرنا
قدم پر ہاتھ دھرنا: عاجزی کرنا
قدم پر سر رکھ دینا: اطاعت کرنا، خوشامد کرنا
قدم پکڑنا: تعظیماً بزرگوں کے پاؤں چھونا
قدم پھر جانا: پیچھے ہٹنا
قدم پھونک کے رکھنا: احتیاط برتنا
قدم ٹوٹ جانا: چلتے چلتے تھک جانا
قدم جمانا: جم کر رہنا
قدم چومنا: پاپوسی کرنا
قدم درمیان ہونا: واسطہ ہونا
قدم دکھانا: چال دکھانا
قدم دھو دھو کر پینا: بہت عزت کرنا
قدم رنجہ کرنا: تشریف لانا
قدم زمین پر نہ رکھنا: کمال غرور ہونا
قدم زمین سے نہ لگنا: بہت تیز چلنا
قدم سر پر رکھنا: بہت تعظیم و تکریم کرنا
قدم سرکانا: پاؤں ہٹانا
قدم قدم چلنا: آہستہ آہستہ جانا
قدم کھوٹا ہونا: منحوس ہونا

قدم کہیں کا کہیں پڑنا: کمزوری یا نشے سے لڑکھڑانا
قدم گن گن کر رکھنا: نہایت آہستہ آہستہ
قدم لگنا: کسی کی پناہ یا حفاظت میں جگہ ملنا
قدم مارنا: کوشش کرنا
قدم نہ اٹھنا: آگے نہ چل سکنا
قدم نہ چھوڑنا: ساتھ نہ چھوڑنا
قدم نہ رکھنے دینا: جانے نہ دینا
قدموں پر صدقے کرنا: کمال اطاعت اور فرماں برداری ظاہر کرنا
قدموں تک رسائی ہونا: خدمت میں باریابی ہونا
قدموں تلے آنکھیں بچھانا: بہت عزت کرنا
قدموں پر گرنا: پاؤں چومنا
قدموں سے لگے پڑے ہیں: فرماں بردار ہیں
قدموں کے تلے سے زمین نکل جانا: سخت گھبراہٹ اور پریشانی
قرابت ٹھہرنا: منگنی ہونا
قرار دینا: مقرر ہونا، ٹھہرانا
قرار لینا: ٹھہرنا، آرام لینا
قرار ہونا: چین ہونا، عہد ہونا
قرآن اٹھانا (سر پر رکھنا): قرآن کی قسم کھانا
قرآن پر ہاتھ رکھنا: قرآن کی قسم کھانا
قرآن ختم کرنا: پورا قرآن پڑھ لینا
قرآن درمیان ہونا: قرآن کی قسم ہونا
قرآن کا جامہ پہننا: نیک پارسا اور قابل اعتماد بننا
قرآن ہدیہ کرنا: (تعظیماً) قرآن تقسیم کرنا
قربان جانا: نثار ہونا، عاشق ہونا
قربانی کرنا: ایثار کرنا
قرضی کاڑھنا: ادھار لینا
قرض کھانا: ادھار لے کر کھانا
قرعہ ڈالنا: دانہ پھینکنا
قرقی بٹھانا: روک ٹوک کرنا
قرقی بھیجنا: ضبطی کرنا
قرولیاں کرنا: فنونِ سپہ گری دکھانا
قرینے سے بے قرینے ہونا: بے قاعدہ ہونا
قرینے سے لگانا: ترتیب سے رکھنا
قسائی کے پالے پڑنا: ظالم کے قابو میں ہونا
قسط باندھنا: کُل کا کوئی جز کسی خاص وقت پر ادا کرنے کا اقرار کرنا
قسم اتارنا: عہد پورا کرنا
قسم دلانا: عہد دلانا
قسم کھانے کو نہ رہنا: کوئی چیز نام کو نہ رہنا
قسمت آزمائی کرنا: تقدیر کی آزمائش کرنا
قسمت الٹنا: نصیبے کا خلاف ہو جانا
قسمت بری ہونا: تقدیر کا پھر جانا
قسمت پر بیٹھا رہنا: تقدیر پر بھروسہ کر کے ہاتھ پیر نہ ہلانا
قسمت پر چھوڑنا: تقدیر کے حوالے کرنا
قسمت پھوٹنا: مقدر بگڑنا
قسمت جاگنا: اقبال یاور ہونا

قسمت رسا ہونا: اچھی قسمت ہونا
قسمت سیدھی ہونا: نصیب یاور ہونا
قسمت کا لکھا پورا ہونا: مصیبت پیش آنا
قسمت کا منھ پھیر لینا: قسمت بری ہو جانا
قسمت کو رونا: بد قسمتی کی شکایت کرنا
قسمت لڑنا: تقدیر کا یاور ہونا
قسمت میں ہونا: مقدر میں ہونا
قسمت یاور ہونا: تقدیر کا موافق ہونا
قصاب کے برتے پر شکرا پالنا: دوسرے کے بھروسے کوئی کام کرنا
قصد رکھنا: نیت رکھنا، ارادہ رکھنا
قصد کرنا: ارادہ کرنا
قصور کرنا: خطا کرنا
قصہ آخر ہونا: جھگڑا ختم ہونا
قصہ انفصال ہونا: لڑائی ختم ہونا
قصہ بڑھانا: بات بڑھانا
قصہ پاک کرنا: جھگڑا طے کرنا
قصہ تمام کرنا: مار ڈالنا، کام تمام کرنا
قصہ چکانا: جھگڑے کا فیصلہ کر دینا
قصہ چھیڑنا: جھگڑے کی بات نکالنا
قصہ رہنا: جھگڑا قائم رہنا
قصہ فیصل ہونا: لڑائی ختم ہونا
قصہ کہنا: پرانی داستان سنانا
قصہ کھڑا کرنا: فساد برپا کرنا
قصہ لے بیٹھنا: بے موقع تذکرہ شروع کر دینا
قصہ باندھنا: دُکھڑا بیان کرنا

قصہ یکسو ہونا: جھگڑا ختم ہونا
قضا آنا: موت آنا
قضا ادا کرنا: چھوٹی ہوئی نماز ادا کرنا
قضا پھڑ پھڑاتی ہے: موت قریب ہے
قضا ٹلنا: موت سے بچ جانا
قضا دامن گیر ہونا: موت کا پیچھے پڑنا
قضا سر پر سوار ہونا: موت سر پر سوار ہونا
قضا۔ سے چارہ نہیں: موت سے کوئی نہیں بچتا
قضا کا سامنا: موت کا سامنا
قضا سر پر پکارنا: موت قریب آنا
قضا کا گھیر لانا: موت کا پیچھے پڑ کر مرنے کی جگہ لانا
قضا کا مارا: اجل گرفتہ
قضا کرنا: مرنا، انتقال کرنا
قضا لکھی ہونا: موت کا کسی خاص طریقہ اور وقت یا جگہ پر مقرر ہونا
قضا نے گھر دیکھ لیا ہے: موت کے آنے کا راستہ کھل گیا
قضائے الٰہی سے مرنا: طبعی موت سے مرنا
قضیہ اٹھانا: جھگڑا کھڑا کرنا
قضیہ پاک ہونا: جھگڑا طے ہونا
قط رکھنا، دینا، لگانا: قلم کی نوک قط گیر پر رکھ کر کاٹ ڈالنا
قطار باندھنا: سلسلہ باندھنا
قطار لڑانا: ایک کھیل، نوروز کے دن انڈے لڑانا
قطع بنانا: صورت شکل بنانا

قطع کرنا: کاٹنا، تراشنا
قطع کلام کرنا: کسی کی بات کے درمیان میں بولنا
قطع ہونا: کٹنا، فیصلہ ہونا
قفل توڑنا: تالا توڑنا
قفل جڑنا: تالا لگانا
قفل جھوٹا ہونا: بغیر چابی کے کھلنے والا تالا
قفل دینا: قفل لگانا
قفلی جمانا: دودھ وغیرہ کا قفلی میں رکھ کر برف سے جمانا
قفلی لگ جانا: دو چیزوں کا آپس میں اسی طرح پھنس جانا کہ چھوٹنا مشکل ہو
قل پڑھنا: فاتحہ پڑھنا
قل ھواللہ پڑھنا: بہت بھوک لگنا
قل ہونا: فاتحہ ہونا، انتظار کرتے کرتے تھک جانا
قلابازی کھانا: لوٹے لوٹے پھرنا
قلب چاک ہونا: سخت روحانی صدمہ ہونا
قلب مکدّر رہونا: دل میں ملال ہونا
قلتّین کرنا: ناپاک کرنا، گندہ کرنا
قلعہ اکھاڑنا: قلعہ مسمار کرنا
قلعہ باندھنا: چاروں طرف ٹاٹ کے بورے رکھ کر حصار تیار کرنا
قلعہ اترنا: اصل دھات نکل آنا
قلعی پھر جانا: سفیدی کروانا
قلعی کھولنا: چھپا ہوا عیب ظاہر کرنا
قلق جانا: رنج دور ہونا

قلقاریاں مارنا: شیر خوار بچوں کا آواز کے ساتھ ہنسنا
قلم اٹھا کر لکھنا: بے ساختہ اور بے تکلف لکھنا
قلم اٹھانا: لکھنے کا ارادہ کرنا
قلم انداز کرنا: لکھنے میں چھوڑ جانا
قلم برداشتہ لکھنا: بے ساختہ لکھنا
قلم بند: لکھا ہوا
قلم بند سنانا: خوب گالیاں دینا
قلم بند کرنا: درج کرنا
قلم پھیرنا: لکھے ہوئے کو کاٹ دینا
قلم توڑ دینا: ایسی نثر یا نظم لکھنا کہ مقابل میں کوئی قلم نہ اٹھا سکے
قلم زد کرنا: کسی چیز کو مٹا دینا
قلم کھینچنا: رد کرنا، پھیرنا
قلم لگانا: کسی پودے کی شاخ کاٹ کر لگانا
قلم میں زور ہونا: قلم اٹھانے کی طاقت نہ ہونا
قلمیں چھوڑنا: کنپٹیوں کے بال بڑھانا
قلیا تمام کرنا: خاتمہ کرنا
قینچی کرنا: پنجہ لڑاتے وقت ہاتھ کو جھٹکنا
قینچی لگانا: چھری مارنا
قنات روک دینا: اوٹ کھڑی کرنا
قنات گھیرنا: پردے کی دیوار کھڑی کرنا
قند گھولنا: پانی میں شکر ملانا، میٹھی زبان بولنا
قواعدِ کرنا: ورزش کرنا
قول پر مٹھی کھلنا: وعدہ کرنا
قول توڑنا: وعدے سے پھر جانا

قول دینا: وعدہ کرنا
قول لینا (ہارنا): عہد لینا
قہر توڑنا: نہایت غصہ ہونا
قہر ڈھانا: ستم کرنا
قہر قیامت ہونا: فسادی ہونا، بے حد خوبصورت اور شوخ ہونا
قہر کی آنکھ سے دیکھنا: غصے سے دیکھنا
قہر نازل ہونا: آفت کا نازل ہونا
قہقہہ اڑانا: ہنسی اڑانا
قہقہے چہچہے کی باتیں ہونا: ہنسی مذاق کی باتیں ہونا
قے آنا: جی متلانا
قیاس دوڑانا: سوچنا
قیاس لگانا: اندازہ لگانا
قیاس میں آنا: خیال میں آنا
قیامت اٹھانا: شور وغل کرنا
قیامت پر اٹھا رکھنا: روزِ محشر کے لیے خدا کے انصاف پر چھوڑنا
قیامت پڑنا: یک لخت مصیبت آنا
قیامت توڑنا: بیحد غصہ کرنا
قیامت ڈھانا: ظلم وستم کرنا
قیامت سے کم نہ ہونا: غضب کا ہونا
قیامت کا آنا: دیر سے آنا
قیامت کے بوریے سمیٹنا: مدت دراز تک زندہ رہنا
قیامت ہونا: مصیبت ہونا
قید بھرنا، بھگتنا: قید کی مدت پوری کرنا
قید اٹھا دینا: پابندی ہٹا دینا
قید لگانا: حد باندھنا
قیمت اٹھنا: مول طے ہونا
قیمہ کرنا: ریزہ ریزہ کرنا
قینچی سی زبان چلنا: فرفر زبان چلنا

(ک)

کاپی اٹھنا: کتابت شدہ حروف کا چھاپے کی پلیٹ پر ابھرنا
کاٹ چلنا: شیخی بگھارنا
کاٹ چھانٹ کرنا: کمی بیشی کرنا
کاٹ کرنا: زخم ڈالنا
کاٹا اور الٹ گیا: ڈس کر پلٹی کھا جانا
کاٹو تو خون نہیں: شدید صدمہ اور خوف طاری ہونا
کاٹھ چبانا: تنگی میں بسر کرنا
کاٹھ کوڑا چلنا: صاحبِ حکومت ہونا، زور چلنا
کاٹھ کے گھوڑے دوڑانا: بے ہودہ باتیں بنانا
کاٹھ میں پاؤں پڑنا: بیڑی کا پہنایا جانا
کاٹھی دھرنا: گھوڑے پر زین رکھ کر اسے تیار کرنا
کاٹے کھانا: نہایت ناگوار گزرنا
کاٹے نہ کٹنا: کٹھن اور سخت ہونا
کاج بنانا: بوتام کا گھر بنانا
کاجل پارنا: چراغ کی لو پر سرپوش رکھکر کاجل اکٹھا کرنا
کاجل دینا: آنکھوں میں کاجل لگانا

کاچھ کچھنا: سوانگ بھرنا، بھیس بدلنا
کاچھ کھولنا: لنگوٹا کھولنا
کارخانہ پھیلانا: کاروبار شروع کرنا
کاروائی کرنا: عمل کرنا
کارگر ہونا: موثر ہونا
کارگزاری پر پانی پھر جانا: اچھے کام کا صلہ نہ ملنا
کارج رچنا: شادی بیاہ کا سلسلہ شروع کرنا
کاغذ پر چڑھانا: درجِ رجسٹر کرنا
کاغذ سیاہ کرنا: خوب لکھ کر کاغذ بھرنا
کاغذ کرنا: دستاویز لکھنا
کاغذ کھولنا: بھید کھولنا، عیب تلاش کرنا
کافور ہو جانا: غائب ہو جانا
کافی ہونا: ضرورت کے مطابق ہونا
کاگ اڑانا: تندو تیز شراب کی بوتل کھولنا
کاگ اٹھانا: انتقال کر جانا، مر جانا
کال آنا: موت کا وقت آنا
کالا کھیلنا: منتر کے اثر سے سانپ کا کھیلنا
کالا منھ: منھ نہ دکھا
کالا منھ ہونا: بدنام اور رسوا ہونا
کالے پانی بھیجنا: جلاوطن کرنا
کالے تل چاٹنا: نہایت برا کام کرنا
کالے تل چبوانا: غلام بنا لینا
کالبوت چڑھانا: تنگ جوتے کو قالب پر چڑھا کر ڈھیلا کرنا
کالی ہانڈی سر پر دھرنا: بدنام ہونا
کالی ہڑ: چھوٹی ہڑ، ہلیلۂ سیاہ

کام آپڑنا: ضرورت پیش آنا
کام آخر ہونا: دم نکلنا، کام پورا ہونا
کام آنا: مفید مطلب ہونا
کام اٹکا رہنا: کام رکا رہنا
کام اٹھا رکھنا: کام باقی رکھنا
کام برآنا: مراد پوری ہونا
کام بڑھانا: کام ختم کرنا، بیوپار کو وسعت دینا
کام بگڑنا: معاملہ بگڑنا
کام بنا رہنا: اقبال کا یاور ہونا
کام بھگتانا: کام کو پورا کرنا
کام تقدیر پر چھوڑنا: کام کو اللہ کے حوالے کرنا
کام چمکنا: کاروبار ترقی پر ہونا
کام چوپٹ ہو جانا: کام خراب ہو جانا
کام چھیڑنا: کوئی کام جاری کرنا
کام ڈالنا: سروکار ہونا
کام سپرد ہونا: کام حوالے ہونا
کام سے جاتے رہنا: مطلب کا نہ رہنا
کام سے لگنا: ملزم ہونا
کام فرمانا: عمل میں لانا
کام کر جانا: اثر دکھانا
کام لگانا: تعمیر کا کام شروع کرنا
کام لو دام دو: کام دیکھ کر اجرت دو
کام مٹی ہونا: کام خراب ہونا
کام میں کام نکالنا: ایک کام کے ساتھ دوسرا کام بھی کرنا
کان اونچے کرنا: ہوشیار ہونا

کان بچیانا: شرارت کے لیے گھوڑے کا اپنے کانوں کو پھڑ پھڑانا
کان بدمزہ ہونا: سننا ناگوار ہونا
کان بند کر لینا: سنی ان سنی کرنا
کان بندھنا: کان میں چھید ہونا
کان بہرا کرنا: جان بوجھ کر بات نہ سننا
کان بھرنا: چغلی کرنا
کان بھر جانا: باتوں سے اکتا جانا
کان بہرے ہونا: قوتِ سماعت باقی نہ رہنا
کان پر جوں نہ چلنا: بے پروائی کرنا
کان پر سے گولی نکل جانا: کسی صدمے یا آفت سے بال بال بچ جانا
کان پڑنا: سنائی دینا
کان پڑی آواز سنائی نہ دینا: نہایت شور و غل ہونا
کان پکڑ کے اٹھا دینا: بے عزت کر کے نکال دینا
کان پکڑ کے اٹھانا بٹھانا: نہایت مطیع اور فرماں بردار بنانا
کان پکڑنا: اپنا استاد تسلیم کرنا
کان پھوٹنا: بہرا ہونا
کان پھوڑنا: شور و غل سے پریشان کرنا
کان تک نہ ہلانا: عذر نہ کرنا
کان جھنانا: کسی سخت آواز کا کانوں کو ناگوار گزرنا
کان چاٹ جانا: بہت بک بک کرنا

کان دبا کر چلا جانا: دُم دبا کر چلے جانا
کان دبا لینا: غریب بن جانا
کان دھر کر سننا: توجہ سے سننا
کان رکھنا (لگانا): توجہ دے کر سننا
کان کاٹنا: مات کرنا
کان کھل جانا: اپنی غلطی سے آگاہ ہونا
کان کھول دینا: آگاہ کر دینا
کان کے کیڑے کھا جانا: بکواس کرنا
کان گنگ ہونا: کان بہرا ہونا
کان گنہگار ہیں: میں نے صرف سنا ہے
کان مانوس ہونا: سنا ہوا ہونا
کان میں بات ڈالنا: آگاہ کر دینا
کان میں بھنک پڑنا: افواہ سنائی دینا
کان میں پھونکنا: بدگمان کرنا
کان میں تیل ڈالنا: خاموشی اختیار کر لینا
کان میں جھنجی کوڑی ڈالنا: غلام بنانا
کان میں ڈھول بجانا: کان کے پاس چلاّنا
کان میں روئی دینا: بے خبر
کان میں کھٹکنا: کانوں کو برا لگنا
کان میں کہنا: چپکے سے کہنا
کان نہ پھڑ کانا: چوں نہ کرنا
کان نہ دھرنا: توجہ نہ رہنا
کان ہونا: نصیحت حاصل ہونا
کانوں پر ہاتھ دھرنا: مکر جانا، پناہ مانگنا
کانوں تک رہنا: بات سن کر کسی سے نہ کہنا
کانوں میں رس پڑنا: لطف حاصل کرنا

کانپ جانا: خوف سے لرز جانا

کانٹا بدلنا: رخ پھیرنا

کانٹا چھونا: خلش و تکلیف دینا

کانٹا سا آنکھوں میں کھٹکنا: ناگوار گزرنا

کانٹا سا نکل جانا: آرام پانا، چین ملنا

کانٹا سا ہو جانا: بہت کمزور ہو جانا

کانٹا کھانا: مچھلی کا کانٹے میں پھنسنا

کانٹا مارنا: کم تولنا، پر مارنا

کانٹوں پر بستر کرنا: بہت تکلیف برداشت کرنا

کانٹوں پر کھینچنا: سزا دینا

کانٹوں پر لوٹنا: بے قرار ہونا

کانٹوں میں الجھنا: جھگڑے میں پھنسنا

کانٹوں میں گھرنا: مصیبت میں پڑنا

کانٹے بونا: اپنے یا کسی کے حق میں برائی کرنا

کانٹے میں تلنا: بیش قیمتی ہونا

کانٹی کھانا: سزا یافتہ ہونا

کاندھا بدلنا: ایک کندھے سے دوسرے کندھے پر بوجھ ڈالنا

کاندھا دینا: سہارا دینا، مردے کو کندھا دینا

کانس میں پڑنا: دھوکہ کھانا

کاہش اٹھانا: تکلیف برداشت کرنا

کاؤں کاؤں کرنا: چلانا، شور و غل کرنا

کائی سی پھٹ جانا: دفعتہً تتر بتر ہو جانا

کایا پلٹ دینا: ہیئت بدل دینا

کایا پلٹنا: قالب تبدیل کرنا

کب تھوکتے ہیں: کبھی خاطر میں نہیں لاتے

کُب نکلنا: ٹیڑھا ہو جانا

کباب کرنا: رنج پہنچانا، دکھ دینا

کبڈّی کھیلتے پھرنا: آوارہ گردی کرنا

کبوتر کی طرح لوٹنا: بری طرح تڑپنا

کُپّا ایسا پھولا بیٹھنا: غصّے میں بھرا ہونا

کپٹ رکھنا: عداوت رکھنا

کپڑے بسانا: عطر لگانا

کپڑے پھاڑ کر نکل جانا: دیوانہ ہو جانا

کپڑے چکٹ ہونا: کپڑے گندے ہونا

کپڑ وتی کرنا: کپڑے میں چھاننا

کتے کی موت مرنا: برے حال مرنا

کتے گھسیٹنا: ذلیل کام کرنا

کتّے لوٹنا: ویران ہونا

کتاب پر چڑھانا: رجسٹر میں درج کرنا

کترنی سی زبان چلنا: زبان درازی کرنا

کٹ کٹ جانا: نہایت شرمندہ ہونا

کٹ کٹ کے مرنا: خوب جان توڑ کر لڑنا

کٹ مرنا: باہم لڑ کر مر جانا

کچا پکا کرنا: کسی بات پر نیم راضی کرنا

کچّا دودھ پینا: طینت میں خامی ہونا

کچا کرنا: ذلیل کرنا، کچی سلائی کرنا

کچّا ہونا: ہمت ہارنا، ناتجربہ کار ہونا

کچا کھا جانا: نہایت خفگی کے موقعہ پر بولتے ہیں

کچے پکّے دن: برسات کا موسم جب بیماریوں کا اندیشہ رہتا ہے

کچے دھاگے میں بندھنا: مطیع و فرماں بردار ہونا

کچے گھڑے میں پانی بھرنا: دشوار اور ناممکن کام کرنا
کچے گھڑے کی چڑھنا: نشے میں غرق ہونا
کچر پچر ہونا: لت پت ہونا، بھیگا ہونا
کچومر کر دینا: ٹکڑے ٹکڑے کر دینا
کچومر نکالنا: بھرکس نکالنا
کچھ حقیقت نہیں: بے وقعت ہے، بے حقیقت ہے
کچھ کا کچھ ہو جانا: تھوڑی بات کا بڑھ جانا
کچھ کا کچھ سمجھنا: الٹا سمجھنا
کچھ کان میں پھونکنا: کانا پھوسی کرنا
کچھ کرتے دھرتے بن نہیں پڑتی: سمجھ میں نہیں آتا کہ کیا کریں
کچھ کر دینا: کوئی کام کر کے دکھا دینا، جادو کر دینا
کچھ کھا جانا: زہر کھا جانا
کچھ کھا کے سو رہنا: خودکشی کرنا
کچھ کھو کے سیکھنا: نقصان سے تجربہ حاصل کرنا
کچھ گرہ میں بھی ہے: کوئی ہنر یا خوبی بھی ہے
کچھ لے رہنا: کچھ فائدہ اٹھانا
کچھ ملا دینا: کوئی مہلک چیز ملا دینا
کچھ منھ سے نکالنا: زبان سے کچھ کہنا
کچھ نہ اکھاڑنا: ذرا نقصان نہ پہنچانا، قابو نہ چل سکنا
کچہری چڑھنا: عدالت تک جانا
کچہری کرنا: اجلاس لگانا
کچہری گرم ہونا: شور و غل ہونا
کچہری لگانا: بہت سے آدمیوں کا جمع کرنا
کچی ٹوٹنا: کم عمری میں ہی ازالۂ بکر ہو جانا
کچی کلی ٹوٹنا: کم سنی میں ہی ازالۂ بکر ہو جانا
کچی گولیاں کھیلنا: نادان ہونا
کد ہونا: ضد ہونا، اصرار ہونا
کدکڑے لگانا (مارنا): چھلانگیں مارنا
کدورت رکھنا: کینہ رکھنا
کراؤ کرنا: بیوہ کا کسی مرد کے ساتھ خود نکاح پڑھوانا
کرتب دکھانا: کمال دکھانا
کرسی نشین ہونا: درست ہونا، کرسی پر بیٹھنے کے درجے کو پہنچنا
کرشمہ دکھانا: کوئی عجیب اور حیرت انگیز بات کرنا
کرکری اٹھنا: پیٹ میں درد ہونا، گھوڑے کا پیشاب رکنا
کرم پھوٹنا: بدنصیب ہونا
کرموں کو رونا: قسمت کو رونا
کروٹ بدلنا: انقلاب ہو جانا، مخالف سے جا ملنا
کروٹوں میں رات کاٹنا: بے چین رہنا
کریاں میں آنا: پرندوں کا خوش ہو کر اپنے پروں کو جھڑجھڑانا
کرید کرید کر پوچھنا: ہر پہلو سے پوچھنا
کرید میں رہنا: کسی کی برائی کی تلاش میں رہنا
گریز چھوڑنا: پرندوں کو پنجروں میں چھوڑ دینا

تاکہ پرانے پر جھاڑ کر نئے پر نکالیں
کڑ کھایا: بوسیدہ، پرانا
کڑا پڑنا: کنڈی چڑھنا، بند ہونا
کڑا کرنا: مضبوط کرنا
کڑا کا گزرنا: فاقہ ہونا
کڑاکے کا فاقہ: سخت فاقہ
کڑک ہونا: مرغی کا انڈے دینے سے باز رہنا
کڑوا دل کرنا: سختی جھیلنا، ہمت باندھنا
کڑوا کریلا: نہایت بدمزاج
کڑوا لگنا: تلخ معلوم ہونا
کڑی آنکھ پڑنا: قہر کی نظر پڑنا
کڑی سنانا: سخت بات کہنا
کس کی گور کون دھواں کرے: غیر کا کام کوئی نہیں کرتا
کسر اٹھا رکھنا: کمی باقی رکھنا
کسر بھرنا: نقصان بھرنا
کسر رہ جانا: کمی رہ جانا
کسر نکال دینا: کمی پوری کرنا
کسک آنا: درد ہونا
کسک اٹھنا: ٹیس ہونا
کسک مٹانا: تکلیف دور کرنا
کسوٹی پر رکھنا: آزمانا
کسی پر تکیہ کرنا: کسی پر بھروسہ کرنا
کسی پر جان دینا: کسی پر عاشق ہونا
کسی پر ہاتھ صاف کرنا: دھوکہ دینا، نقصان پہنچانا
کسی چیز پر آنکھ نہ ٹھہرنا: بہت خوبصورت ہونا
کسی چیز پر لات مارنا: خاطر میں نہ لانا
کسی چیز کو رو بیٹھنا: صبر کر بیٹھنا
کسی سے ٹکر لینا: کسی کے مقابل ہونا
کسی قابل نہ رکھنا: بیکار کر دینا
کسی کا پاس ہونا: لحاظ ہونا
کسی کا کلمہ پڑھنا: کسی کو ہر وقت یاد کرنا
کسی کا منہ تکنا: کچھ حاصل کرنے کی امید کرنا
کسی کا نقشہ جمنا: کسی کا قبضہ ہونا
کسی کا ہو رہنا: کسی کا مطیع و فرماں بردار ہونا
کسی کو آنکھ اٹھا کر نہ دیکھنا: نہایت لاپروائی کا اظہار کرنا
کسی کو اڑانا: کسی کی بات کو ہنسی میں ٹال دینا
کسی کی آگ میں پڑنا: دوسرے کی مصیبت اختیار کرنا
کسی کی بات پر جانا: کسی پر اعتبار کرنا
کسی کی خبر لینا: مدد کرنا، لعنت ملامت کرنا
کسی کی دھول اڑا دینا: کسی کو ملیامیٹ و برباد کر دینا
کسی کی راہ میں کانٹے بچھانا: کسی کے لیے تکلیف کا سامان پیدا کرنا
کسی کی کاٹ کرنا: برائی کرنا
کسی کی مٹی خراب ہونا: کمال ذلت و خواری پیش آنا
کسی کے آگے پانی بھرنا: عاجزی ظاہر کرنا
کسی کے آگے چراغ نہ جلنا: نہایت رعب

چھانا، اثر نہ ہونا
کسی کے آگے کان پکڑنا: سب سے بڑھکر تسلیم کرنا
کسی کے پالے پڑنا: کسی سے واسطہ پڑنا
کسی کے ٹکڑوں پر پڑنا: مفت کی روٹیاں توڑنا
کسی کے حال پر رونا آنا: کسی پر رحم یا افسوس کرنا
کسی کے خون کا پیاسا ہونا: کسی کی جان کا دشمن ہونا
کسی کے سر ہونا: کسی کے ذمّے پڑنا
کسی کے لتّے لینا: آڑے ہاتھوں لینا
کسی کے لینے دینے میں نہ ہونا: کسی سے غرض اور سروکار نہ ہونا
کسی کے منھ چڑھنا: مقابل ہونا
کسی کے منھ لگنا: ہم کلام ہونا
کسی کے نام کا گڈّ ابنانا: کسی کو رسوائے عام کرنا
کشاکش سے چھوٹنا: تکلیف یا فکر سے نجات پانا
کشتہ ہونا: قتل ہونا، تباہ و برباد ہونا
کشتوں کے پشتے لگ جانا: بہت خون خرابہ ہونا
کشتی برابر رہنا: ہار جیت کا فیصلہ نہ ہونا
کشتی لڑنا: مقابلہ کرنا
کشمکش میں پڑنا: سوچ میں پڑنا
کعبہ کی طرف ہاتھ اٹھانا: کعبہ کی قسم کھانا
کف آنا: منھ سے جھاگ نکلنا
کفِ افسوس ملنا: افسوس کرنا
کفایت کرنا: پورا کرنا، بچت کرنا
کفر توڑنا: ضد توڑنا، مطیع و مرید کرنا

کفر ٹوٹا خدا خدا کر کے: نہایت مشکل سے مانا یا راضی ہوا
کفر کا فتویٰ دینا: از روئے شرع کسی کو کافر قرار دینے کا حکم جاری کرنا
کفن پھاڑ کر بولنا: اچانک بول اٹھنا یا چیخ مارنا
کفن سر سے باندھنا: لڑنے مرنے کو تیار ہونا
کفن کو کوڑی نہیں: نہایت مفلس ہونا
کفن کو لگے: کچھ پاس نہ ہونے کی نسبت قسم کھاتے ہیں
کفن میلا نہ ہونا: تازہ معاملہ ہونا
ککڑی کھیرا ہونا: نہایت بے قدر سمجھنا
ککڑی کا چور باندھا جانا: ادنیٰ قصور پر بڑی سزا ملنا
ککڑی ہو جانا: سوکھ کر دُبلا ہو جانا
کل کل کرنا: ٹال مٹول کرنا
کل پر اٹھا رکھنا: کسی کام کو دوسرے وقت پر ٹال دینا
کل کل توڑ دینا: جوڑ جوڑ ہلا دینا
کل بے کل ہونا: بے آرام ہونا
کل پڑنا: اطمینان ہونا
کل بکھاننا: کسی کے بڑوں کو برا کہنا
کلّا بہ کلّا لڑنا: برابری کے ساتھ مقابلہ کرنا
کلّا پھلانا: مغرور ہونا، ناراضگی سے منھ پھلائے رکھنا
کلّا دبانا: بولنے سے روکنا
کلّا گرم کرنا: زبان درازی کرنا

کلّے تلے دبا لینا: غل مچا کر دوسرے کو دبا لینا
کلام کرنا: بولنا
کلام ہونا: شک ہونا، اعتراض ہونا
کلائی کرنا: دشمن کی کلائی تک اپنی کلائی پہنچانا
کلف دور ہونا: کدورت کا جاتا رہنا
کلکل کرنا: باہم تکرار کرنا، دماغ پریشان کرنا
کلمہ پڑھوانا: فرماں بردار کرنا
کلمہ پڑھنا: اسلام میں لانا
کلنک کا ٹیکا لگنا: بدنام ہونا، الزام دھرا جانا
کلول کرنا: کھیلنا کودنا
کلھیا میں گڑ پھوڑنا: ناممکن کام کرنا، چھپ کر کوئی کام کرنا
کلی چٹکنا: پھول کھلنا
کلی مرجھانا: طبیعت بجھ جانا
کلیان ہونا: صاحبِ اقبال ہونا، مرنا
کلیجا اچھلنا: گھبرا جانا
کلیجا امنڈنا: رقت طاری ہونا
کلیجہ بڑھ جانا: جوشِ مسرت سے باغ باغ ہو جانا
کلیجا بیٹھا جانا: نہایت مضمحل ہوا جانا
کلیجہ پتھر ہو جانا: دل کا نہایت سخت ہو جانا
کلیجہ پک جانا: دکھی ہو جانا
کلیجہ پکڑ کر رہ جانا: دل مسوس کر رہ جانا
کلیجہ پھٹنا: کسی کی مصیبت نہ دیکھ سکنا
کلیجا تر ہونا: دولت مند ہونا
کلیجا تھام تھام کر رونا: زار و قطار رونا
کلیجا ٹھنڈا رہنا: چین اور سکھ سے رہنا

کلیجا بلّیوں اچھلنا: کمال بے چینی اور اظطراب ہونا
کلیجہ منھ کو آنا: دل گھبرانا
کلیجہ نکال کے رکھ دینا: جان دے دینا
کلیجے پر سانپ لوٹنا: دل پر نہایت افسوس سا گزرنا
کلیجے پر گھونسا سا لگنا: دل پر چوٹ لگنا
کلیجے میں چھید ڈالنا: کمال تکلیف پہنچانا
کلیجے سے لگا کے رکھنا: نہایت عزیز کر کے رکھنا
کلیجا کھرچنا: خوب بھوگ لگنا
کلیجا کھلانا: جان تک نکال کے حوالے کر دینا
کلیجے میں ڈال رکھنا: فرطِ محبت کے باعث دل کے اندر رکھ لینا
کلیجے میں ہاتھ ڈالنا: دل میں گھر کرنا
کمال پیدا کرنا: خوبی و ہنر پیدا کرنا
کمال حاصل کرنا: مہارت کامل حاصل کرنا
کمال دکھانا: گن دکھانا، کرشمہ دکھانا
کمال کو پہنچنا: پورا ہونا، کسی بات میں کمال حاصل ہونا
کمان بولی جانا: نوکری نکلنا، ڈیوٹی بتائی جانا
کمان تاننا: کمان چڑھانا
کمان زِہ کرنا: کمان پہ چلّہ چڑھانا
کمان میں ہونا: زیرِ حکم ہونا
کمر باندھنا: ارادہ کرنا، چلنے کو تیار ہونا
کمر بستر سے نہ لگنا: بے چین ہونا

کمر بستہ ہونا: تیار ہونا
کمر پکڑنا (تھامنا): سہارا ہونا
کمر توڑنا: ناامید کرنا
کرم ٹھونکنا: تعریف کرنا، تھپکنا
کمر جھکنا: نہایت کمزور اور بوڑھا ہو جانا
کمر رہ جانا: مفلوج ہو جانا
کمر سیدھی کرنا: آرام کرنا
کمر کا بل کھانا: کمر لچکنا
کمر کرنا: پہلوانوں کا کمر کو داؤں کرنا
کمر کس کر باندھنا: کسی کام کے کرنے کا مصمم اور پختہ ارادہ کرنا
کمر کسنا: پکا ارادہ کرنا
کمر کھول کر بیٹھنا: کسی کام سے فارغ ہو کر بیٹھنا
کمر لگنا: چوپائے کی پیٹھ زخمی ہونا
کمر مار کر چلنا: گھوڑے کا بوجھ کے سبب سے کمر جھکا کر چلنا
کمر مارنا: فوج کے بیچ کے حصہ پر حملہ کرنا
کمر میں چک آنا: کمر میں ضرب آنا
کمک پر ہونا: کسی کا مددگار ہونا
کمک دینا: سہارا دینا
کن سوئیاں لینا: خفیہ بھید لینا
کنا نکل جانا: کنارے کا پھٹ جانا
کنّے ڈھیلے ہو جانا: تھک جانا
کنارہ کرنا: علیحدگی اختیار کرنا
کنارے کنارے چلنا: بچ کر چلنا
کنارے لگانا: انجام کو پہنچانا
کنارے ہو جانا: ایک طرف کو ہٹ جانا
کنائی کاٹنا: ایک راستہ چھوڑ کر دوسرا راستہ اختیار کرنا
کنایہ میں کہنا: اشارے سے مطلب ظاہر کرنا
کنٹھ بیٹھنا: آواز بیٹھ جانا، موت کے آثار ظاہر ہونا
کنٹھا اٹھانا: تسبیح کی قسم اٹھانا
کنٹھی باندھنا: مرید ہونا، سادھو ہو جانا
کنجی ہاتھ ہونا: کسی کے مزاج پر قابو ہونا
کنچن برسنا: روپیہ برسنا
کند چھری سے حلال کرنا: بہت ایذا دینا
کندا بھوننا: دودھ کا کھویا بنانا
کندا چڑھانا: بندوق کی نالی میں لکڑی لگانا
کندے تولنا: کہیں جانے کا قصد کرنا
کندن کرنا: کھودنا، کندہ کرنا، گودنا
کندن بن جانا: نکھرنا، کیمیا بن جانا
کندن سا دمکنا: سونے چاندی کی طرح چمکنا
کندھا دینا: جنازے کو کندھے پر لینا
کندھا ڈالنا: ہمّت ہار دینا
کندھا لگنا: بوجھ یا رگڑ کے سبب کندھے کا زخمی ہونا
کندی کرنا: مارنا، موگری سے کپڑوں کی صفائی کرنا
کنڈا ہونا: خشک ہونا
کنڈل مارنا: جلیبی کی شکل بنا کر بیٹھنا
کنڈی دینا (لگانا): دروازہ بند کرنا

کنڈم کرنا: ناکارہ قرار دینا
کنڈی کھڑکھڑانا: دستک دینا
کنڈی مونڈنا: دروازہ بند کرنا
کنکوا اڑنا: پتنگ بازی کرنا
کنگال ہوجانا: مفلس ہوجانا
کنگھی چوٹی کرنا: بناؤ سنگار کرنا
کنواں اگاڑنا: کنویں کی مٹی نکالنا
کنواں اندھا ہوجانا: کنویں کا پانی خشک ہوجانا
کنواں ٹوٹنا: کنویں کا پانی کم ہوجانا
کنواں چھوڑ دینا: کنواں بند کردینا
کنواں کھودنا: کسی سے بدی کرنا
کنویں میں بانس ڈالنا: بہت ڈھونڈنا، دیکھ بھال کرنا
کنویں میں بھانگ پڑنا: سب کا متوالا اور پاگل ہوجانا
کنویں پر جاکر پیاسے آنا: فیض کی جگہ جاکر محروم آنا
کنویں جھانکنا: حیران و پریشان ہونا، بہت تلاش کرنا
کنویں میں بولنا: نہایت آہستہ اور دبی آواز سے بولنا
کنویں میں پھینک دینا: ضائع کردینا
کنویں میں دھکیل دینا: لڑکی کی شادی کسی بری جگہ کردینا
کنوتیاں بدلنا: چوکنا ہونا
کنول کھلنا: دل کا خوش وخرم اور شاداب ہونا

کنہ کو پہنچنا: کسی بات کی تہہ کو پہنچنا
کنہ نکالنا: دشمنی نکالنا
کنّی دبانا: قابو میں آنا
کنّی دبنا: مغلوب ہونا، مطیع وفرماں بردار ہونا
کنّی کاٹنا: کترانا
کنّی کھانا: پتنگ کا ایک رخ کو جھکنا
کواڑ بند ہوجانا: خاندان میں کسی کا نہ رہنا
کواڑ توڑ کے کھانا: جوں توں عمر بسر کرنا
کوتاہی کرنا: کسر چھوڑنا، کمی کرنا
کوتوالی چڑھنا: بدمعاشوں میں نام لکھا جانا
کوتھلا بھرنا: پیٹ بھرنا
کوٹ کوٹ کر موتی بھرنا: دنیا کے تمام حسن کا یکجا کردینا
کوٹھا بگڑ جانا: معدے کا غلیظ ہوجانا
کوٹھا لے کر بیٹھنا: چکلے میں بیٹھنا
کوٹھے چڑھنا: بات کا مشہور ہوجانا
کوٹھے پر بیٹھنا: پیشہ کرنا
کوچیں کاٹنا: قدم کاٹ ڈالنا، لولا بنادینا
کوچ بول دینا: روانگی کا حکم دینا
کوچا دینا (مارنا): گودنا، طعنے دینا
کوچہ بندی کرنا: محلوں یا گلیوں کی حد قائم کرنا
کوچہ گری کرنا: آوارہ پھرنا
کورا بچنا: بال بال بچنا
کورا جانا: خالی ہاتھ جانا
کورا رکھنا: بالکل محروم رکھنا
کورا نکل جانا: بے داغ بچ جانا

کوری آنکھ سے دیکھنا: بے حیائی سے دیکھنا

کورے کر ڈالنا: بیچ دینا

کوڑی پھرنا: چند آدمیوں کا کسی بات پر ایک رائے ہونا

کوڑی دانتوں سے اٹھانا: بہت کنجوسی کرنا

کوڑی کا کر دینا: بے عزت کر دینا

کوڑی کا مال نہیں: بے حد نکما ہے

کوڑی کفن کو نہ ہونا: نہایت مفلس اور محتاج ہونا

کوڑی کوڑی ادا کرنا: دام دام بے باق کر دینا

کوڑی کوڑی بھر پانا: کل وصول پانا

کوڑی کوڑی پر جان دینا: بہت کنجوس ہونا

کوڑی کوڑی پر دانت رکھنا: بہت لالچی ہونا

کوڑی کوڑی جوڑنا: نہایت کفایت شعاری سے روپیہ جمع کرنا

کوڑی کوس دوڑنا: نہایت محنت مشقت کرنا

کوڑی کی بات ہو جانا: بات بگڑ جانا

کوڑی کے تین تین بکنا: بہت ستا بکنا

کوزے میں دریا بند کرنا: کسی بڑے مضمون کو نہایت مختصر میں بیان کرنا

کوسنا لگ جانا: بد دعا کا اثر ہونا

کوسوں بھاگنا: از حد نفرت کرنا

کوفت اٹھانا: مصیبت یا تکلیف برداشت کرنا

کوک مارنا: چیخ مارنا

کوکھ اجڑ جانا: حمل گر جانا

کوکھ ماری جانا: بانجھ ہونا

کوکھ مانگ بھری پری رہے: تمھاری اولاد اور خاوند سلامت رہیں

کوکھ مانگ سے ٹھنڈی ہونا: اولاد اور خاوند سے خوش ہو کر اس کا سکھ دیکھنا

کوکھیں لگنا: بھوک کے مارے کوکھوں کا خالی معلوم ہونا

کولھو سے پٹنا: بہت ایذا دینا

کولھو کے بیل کو گھر ہی کوس پچاس: مصیبت زدہ کو گھر میں بھی قرار نہیں ملتا

کولھو کے بیل کی طرح پلنا: سخت محنت و مشقت کرنا

کولھو میں پلوا دینا: سخت بے رحمی کی سزا دینا

کولی بھرنا: بغل میں دبانا، گلے لگانا

کومل لگانا: نقب لگانا

کونڈا بھرنا: نذر پوری ہونے پر امام جعفر کی نیاز دلوانا

کونسل کرنا: صلاح و مشورہ کرنا

کوہ ٹوٹنا: بہت مصیبت پڑنا

کوہ کو کاہ سمجھنا: دشوار کام کو آسان سمجھنا

کوئلوں پر مہر ہونا: بڑے بڑے اخراجات پر توجہ نہ کرنا اور ادنیٰ خرچ پر کفایت دکھانا

کوئی بات اٹھا نہ رکھنا: کچھ کسر نہ رکھنا

کوئی دم کا مہمان: جلد رخصت ہونے والا

کوئی دن جاتا ہے: عنقریب ہے

کوئی دن کی ہوا کھانا: تھوڑے دن کی زندگی اور ہونا

کوئی دن یاد کرو گے: ہماری قدر کچھ دن بعد

ہوگی

کوئی کل سیدھی نہیں: ہر بات میں پیچ ہے

کوئی کل نہ بیٹھنا: کسی طرح چین نہیں

کہاسنا بخشوانا: مرتے وقت خطائیں معاف کرانا

کہہ کے گنہگار ہونا: بے نتیجہ بات کہنا

کہرام مچنا: ماتم ہونا

کہنے سننے میں آجانا: لگائی بجھائی پر عمل کرنا

کہے میں ہونا: اختیار میں ہونا

کہیں کا نہ رہنا: کسی کام کا نہ رہنا

کھابدنا: خاموش ہوجانا

کھابیٹھنا: رقم دبالینا

کھاجانا: ہڑپ کرجانا

کھاکے ڈکار نہ لینا: پرایا مال بلکل ہضم کرجانا

کھاتا ڈالنا: کسی سے لین دین جاری کرنا

کھاتے پیتے لاتیں مارنا: آسودگی میں بھی قسمت کا شاکی رہنا

کھاٹ پر پڑکے کھانا: بیماری پرلگنا

کھاٹ نکلنا: ارتھی نکلنا

کھارلگنا: شورلگنا

کھاری کنویں میں ڈال دینا: ضائع کردینا، کھودینا

کھال اتارنا: سزادینا

کھال بگڑنا: شامت آنا

کھال میں مست ہونا: اپنے حال میں خوش ہونا

کھانا اور غرانا: اپنے محسن کا احسان فراموش کرنا

کھانا بڑھانا: دسترخوان اٹھانا

کھانا زہر مار کرنا: مجبوری سے کھانا

کھانا جوڑا: دولھا کا بیش قیمت جوڑا جو دلھن کے گھر سے آتا ہے

کھانا پینا لہو کرنا: رنج دلانا

کھانڈا بجنا: تلوار چلنا

کھانڈے کی دھار پر چلنا: خطرناک کام کرنا

کھایا پیا نکالنا: خوب پیٹنا

کھپری منہ میں لگانا: رسوا کرنا، تہمت لگانا

کھٹ پٹ کرنا: فتنہ وفساد برپا کرنا

کھٹ راگ میں پڑنا: جنجال میں پڑنا

کھٹا کھارہنا: کسی سے ناراضگی ہونا

کٹھا میٹھا ہونا: منہ میں پانی آنا

کٹھے میٹھے دن: برے دن

کھٹائی کھانا: ترشی سے رغبت رکھنے والا

کھٹائی میں پڑنا: بکھیڑے میں پڑنا

کھٹکتے رہنا: چبھتا رہنا

کھٹکا لگنا: اندیشہ ہونا

کھچا چلا آنا: کشش سے چلا آنا

کھچا رہنا: آزردہ رہنا

کھچڑی آنا: بیری کے درخت میں پھول آنا

کھچڑی پکنا: کھسر پھسر ہونا

کھچڑی کھاتے پہنچا اترنا: ناحق کی اور جھوٹی نزاکت جتانا

کھچڑی ہوجانا: مل جل جانا

کھچ کے ملنا: صاف دلی سے نہ ملنا

کھر اپن بگھارنا: صاف اور خوش معاملہ ہونے کا دعوی کرنا
کھر اکرنا: پرکھنا
کھر اکھوٹا ہونا: نیت میں فرق آنا
کھرے کرنا: نقد وصول کرنا
کھر پا جالی سنبھالنا: سائیسی کرنا
کھڑا پانی نہ پینا: ذرا نہ ٹھہرنا
کھڑا پچھاڑیں کھانا: کھڑے ہو ہوکر گر پڑنا
کھڑا کر کے دکھانا: صاف انکار کرنا
کھڑے پاؤں بیٹھک دینا: مشکل کشا کی نیاز دلوانا
کھڑے پیر کا روزہ رکھنا: بیٹھنے کا نام نہ لینا
کھڑے رہ جانا: محروم رہ جانا
کھڑے سوکھا کرنا: کسی کا دیر تک انتظار کرنا
کھڑے کھڑے پھرنا: بے قرار پھرنا
کھڑے کھڑے ہو جانا: تھوڑی سی دیر کو آ جانا
کھڑے گھاٹ کپڑے دھلوانا: کھڑے کھڑے کپڑے دھلوانا
کھڑی سواری: تھوڑی دیر کے لیے
کھڑی لگانا: کھڑے رہ کر تیرنا
کھڑی نیاز دینا: مراد پوری ہونے پر فوراً نیاز دینا
کھڑ پیچ رکھنا: عداوت رکھنا
کھل کھا کھل: سستا مال خرید نے والے گاہک کو کہتے ہیں
کھلّی اڑانا: مذاق اڑانا
کھلیان کر دینا: ستیاناس کر دینا
کھوئے سے کھوا چھلنا: بہت بھیڑ بھاڑ ہونا
کھوپڑی چُل چُلانا: مار کھانے کو جی چاہنا
کھوپڑی کھا جانا: دماغ چاٹ جانا
کھوٹ کرنا: برائی کرنا
کھوٹ ملانا: نقص کرنا
کھوٹا کھرا دیکھنا: بھلے برے کی آزمائش کرنا
کھوج مٹانا: نیست و نابود کرنا
کھوجڑا جانا: غارت ہونا
کھور ولانا: شرارت کرنا، فساد کرنا
کھونپ کرنا: موٹا موٹا سینا
کھونٹا تگڑا ہونا: پختہ سہارا ہونا
کھونٹا سا بیٹھ جانا: کھونٹے کی طرح جم جانا
کھونٹے سے بندھنا: پابند ہونا
کھونٹے کے بل کودنا: کسی کے بھروسے پر گھمنڈ کرنا
کھونٹی لینا: چھوٹے چھوٹے بال مونڈنا
کھونٹی مروڑنا: سزا دینا
کھونچ لگنا: کپڑے کا کسی چیز سے الجھکر پھٹ جانا
کھے کھانا: بے ہودہ بکنا
کھیپ بھرنا: مال بھرنا
کھیت آنا: مارا جانا، کام آنا
کھیت پڑنا: گھمسان پڑنا
کھیت چھوڑ جانا: میدانِ جنگ سے بھاگ نکلنا
کھیت ہاتھ رہنا: میدان ہاتھ رہنا

کھِیل کھیل ہو جانا: پارہ پارہ ہو جانا
کھیلنا کھانا: زندگی کے مزے اٹھانا
کھینچ کرنا: کمی کرنا، رکاوٹ کرنا
کیڑا ادبانا: چُل مٹانا
کیڑا اڈالنا: عیب نکالنا
کیفیت لکھنا: تحریری رپورٹ کرنا
کیل ڈالنا: بس میں لانا
کیل کا کھٹکا نہیں: کسی شے کا خوف یا اندیشہ نہیں
کیلی بار چلانا: کنواں چلانا
کیلی کرنا: ٹانگوں میں ہاتھ ڈال کر مارنا
کیمیا بنانا: آسانی سے روزی حاصل کرنا
کینڈا کرنا: پیائش کرنا (سرسری)

(گ)

گاڑا بٹھانا: پوشیدہ جگہ کسی کو تاک میں بٹھانا
گاڑا بیٹھنا: گھات لگانا
گاڑھ پڑنا: مصیبت پیش آنا
گاڑھی چھننا: آپس میں خوب میل جول ہونا
گاڑی کھینچنا: کوئی ذمے داری اپنے سر لینا
گال بجانا: بیہودہ بکنا
گال پھلانا: غصہ کرنا
گال کرنا: زبان درازی کرنا
گال میں چاول بھرنا: طعن وطنز سے باتیں کرنا، ڈینگ مارنا
گالیوں پر اتر آنا: برا بھلا کہنے لگ جانا

گانٹھ اکھڑنا: جوڑ ہل جانا
گانٹھ باندھنا: یاد رکھنا
گانٹھ جوڑنا: نکاح کرنا
گانٹھ سے جانا: ذاتی نقصان ہونا
گانٹھ کاٹنا: ٹھگنا
گانٹھ کرنا: اتفاق کرنا، سازش کرنا
گانٹھ کھولنا: کینہ دور کرنا
گانٹھ، گرہ میں کچھ نہ ہونا: بالکل مفلس ہونا
گانٹھ میں رکھنا: اپنے قبضے میں رکھنا
گپ چپ کی مٹھائی کھانا: منھ سے نہ بولنا
گپّا دینا: فریب دینا
گت بجانا: ساز بجانا
گت بنانا: سزا دینا، برا حال کرنا
گت کرانا: بری حالت کرانا
گت کرنا: تجہیز و تکفین کرنا، اونے پونے فروخت کرنا
گٹ پٹ ہو جانا: باہم مل جانا
گٹکری نکالنا: آواز کا لہرا لینا
گٹھ جوڑ باندھنا: بیاہ کرنا
گٹھری باندھنا: مال جمع کرنا
گٹھری کر دینا: ہاتھ پاؤں باندھکر ایک جگہ ڈال دینا
گٹھری مارنا: چوری کرنا
گجھا دبا بیٹھنا: فریب سے کسی کی دولت حاصل کرنا
گداگری کرنا: بھیک مانگنا

گدّے بازی: عقل دوڑانا
گداز کرنا: ملائم کرنا
گد بدانا: رنج وغم سے بول نہ سکنا، خوش ہونا
گدھے پر چڑھانا: رسوا کرنا
گدھے پر کتابیں لادنا: بے وقوف کو علم پڑھانا
گدھے کا ہل چلنا: کسی جگہ کا برباد اور ویران کردینا
گدھے کو آدمی بنانا: بیوقوف کو عقلمند بنانا
گدھے کو باپ بنانا: کام نکالنے کے لیے بیوقوف کی خوشامد کرنا
گدھے کو حلوا کھلا کر لاتیں کھانا: بروں کے ساتھ بھلائی کر کے دُکھ اٹھانا
گدھے کا ہل چلانا: کسی شہر یا جگہ کو اجڑوانا
گدّی پر بیٹھنا: مسندِ حکومت پر جلوہ گر ہونا
گدّی سے زبان کھنچنا: سزائے موت دینا
گڈ مڈ کرنا: ملا دینا
گڈا بنانا: بدنام و رسوا کرنا
گرا پڑنا: ٹوٹا پڑنا
گرے پڑے وقت کا ٹکڑا: وہ چیز جو مصیبت کے وقت کام آئے
گراں کرنا: مہنگا کرنا
گراں ہونا: دوبھر ہونا
گر پڑ کے ملنا: بے وقعتی سے ملنا
گرج کر بولنا: چیخ کر بولنا
گرد اڑانا: تباہ کرنا
گرد کرنا: ماند کرنا
گرد کو نہ پہنچنا: پیچھے رہ جانا، برابری نہ کر سکنا
گرد ہونا: خاک ہونا
گرد پھرنا: طواف کرنا، صدقے ہونا
گردان کرنا: صیغوں کو بالترتیب زمانہ اور واحد وجمع وغیرہ کے لحاظ سے پڑھنا
گردش کھانا: مصیبت میں مبتلا ہونا
گردش میں آنا: مصیبت یا بپتا میں پھنسنا
گردن اکڑ جانا: تھک جانا
گردن پر بوجھ رہنا: احسان مند ہونا
گردن پر جوا رکھنا: کوئی بھاری کام اپنے ذمّے لینا
گردن پر چھری پھیرنا: صریح ظلم کرنا
گردن پر چھری چلنا: حق تلفی ہونا
گردن پر حق رہنا: کسی کے ذمے کسی کا حق رہنا
گردن پر خنجر چلانا: بہت ظلم کرنا
گردن پر خون ہونا: قتل کا ذمّے دار ہونا
گردن پر خون سوار ہونا: خونی کا اپنی زندگی سے ہاتھ دھو کر کسی کے پیچھے پڑنا
گردن پر خون لینا: قتل کی ذمے داری اپنے اوپر لینا
گردن پکڑ کر نکال دینا: بے عزت کر کے نکال دینا
گردن پھنسانا: ذمّے داری لینا
گردن پھیرنا: منحرف ہونا
گردن توڑنا: مغلوب کرنا
گردن جھکا کر چلنا: انکساری کرنا

گردن چھڑانا: آزاد کرانا

گردن دبانا: قابو کرنا

گردن دبی ہونا: ممنونِ احسان ہونا

گردن ڈالنا: گردن نیچی کرنا

گردن ڈھلنا: مرنے کے قریب ہونا

گردن سیدھی ہونا: مغرور ہونا

گردن کا بوجھ اتارنا: ذمّے داری سے سبکدوش ہونا

گردن کاٹنا: حق تلفی کرنا

گردن میں تسبیح ڈالنا: زہد و تقویٰ اختیار کرنا

گردن میں ہاتھ دینا: تیار کرنا، محبت کرنا

گردن دبنا: گردن میں ہاتھ دے کر نکال دینا

گردن ناپنا: مار ڈالنا

گردن نہ اٹھانا: شرمندگی سے آنکھ سامنے نہ کرنا

گردن ہلنے لگنا: بہت بوڑھا ہو جانا

گردوں پر دماغ ہونا: آسمان پر دماغ ہونا

گردوں پر کلاہ پھینکنا: فخر کرنا، ٹوپی اچھالنا

گردہ ہونا: حوصلہ ہونا

گرفت کرنا: اعتراض کرنا، مزاحمت کرنا

گرفت میں آنا: چنگل میں آنا

گرفتار شدہ: قیدی

گرگٹ کا جنم لینا: ایک حالت پر قائم نہ رہنا

گرگٹ کی طرح رنگ بدلنا: ایک حال پر نہ رہنا

گرم بولنا: بدمزاجی سے جواب دینا

گرمِ سخن ہونا: بات چیت میں مشغول ہونا

گرم سرد اٹھانا: برا بھلا وقت دیکھنا

گرم فقرہ سوجھنا: کوئی نئی شوخی کی بات سمجھ میں آنا

گرم و سرد آزمانا: تجربہ کار ہونا

گرمی چڑھ جانا: دماغ میں خلل آنا

گرمی چھانٹنا: غصہ کا اظہار کرنا

گرو کرنا (گروی رکھنا): رہن کرنا

گرویدہ ہونا: عاشق ہونا

گرہ آنا: برا ستارہ آنا

گرہ پڑنا: عداوت ہونا

گرہ ٹٹولنا: مال و دولت کی طلب ظاہر کرنا

گرہ دینا: یاد رکھنا

گرہ کا کھوٹا: اپنا نقصان کرنا

گرہ کھلنا: عقدہ وا ہونا

گرہ لگانا: دل میں رنجش ڈالنا

گرہ میں مال ہونا: دولت مند ہونا

گرہن لگنا: داغ لگنا، عیب لگنا

گریبان پرزے ہونا: گریبان چاک چاک ہونا

گریبان پکڑنا: سخت تقاضا کرنا

گریبان کھینچنا: جبراً کوئی کام لینا

گریبان میں منھ چھپانا: شرمندہ ہونا

گریبان میں ہاتھ ڈالنا: کسی چیز کا تقاضا کرنا

گڑ دینا: میٹھی میٹھی باتیں کرنا

گُر کلھیا میں پھوٹنا: کوئی خفیہ مشورہ کھل جانا

گڑے مردے اکھاڑنا: بھولی بسری بات کو چھیڑنا

گڑبڑ کرنا: جھگڑا پھیلانا

گڑ کے بومنڈی جھکانا: فکرمند ہونا
گڑھا بھرنا: کمی یا گھاٹا پر کرنا
گڑھی بھانڈنا: بڑی بہادری کا کام کرنا
گڑھی ٹوٹنا: قلعہ کا شکست کھانا
گڑیا سنوار دینا: بیٹی کا بیاہ کر دینا
گڑیوں کا کھیل: آسان کام
گز اور سکّہ جاری ہونا: شاہی رعب داب قائم ہونا
گز بنا دینا: مارتے مارتے سیدھا کرنا
گزارے کی صورت نکلنا: فکرِ معاش ہونا
گزک کرنا: نقل کرنا، چٹ کر جانا
گزند پہنچانا: نقصان پہنچانا
گزند ہونا: تکلیف ہونا
گزی گاڑھا پہننا: موٹا چھوٹا کپڑا پہن کر گزارہ کرنا
گشت کرنا: دورہ کرنا
گل بہیاں ڈالنا: پیار سے گلے میں ہاتھ ڈالنا
گل تنگ ہونا: غافل ہونا
گل دینا: پھانسی دینا
گل گل چھوتھ ملانا: خوشی منانا
گِل حکمت کرنا: مٹی اور کپڑے سے کسی چیز کا منہ بند کرنا تا کہ بھاپ باہر نہ نکل سکے
گُل افشانی کرنا: خوش بیانی سے باتیں کرنا
گُل بوٹے جمانا: پھول بوٹے ترتیب سے لگانا
گُل پھولنا: کوئی عجیب بات ظہور میں آنا
گل کرنا: دیا بجھانا

گل چھرے اڑانا: خوب عیش کرنا
گلا اٹھانا: بچّے کا تالو انگوٹھے سے اٹھانا
گلا بندھانا: مقروض ہونا
گلا خشک ہونا: پیاس لگنا
گلا کاٹنا: حق دبانا
گلے پر چھری پھیرنا: بہت ظلم کرنا
گلے پڑ کے سودا کرنا: زبردستی بیچنا
گلے پڑنا: ذمے پڑنا
گلے سے اتارنا: سمجھ میں آنا
گلے کا تعویز بنانا: کمال حفاظت سے رکھنا
گلے کا ہار ہونا: وبالِ جان ہونا، پیچھے پڑنا
گلے کی رگیں پھلانا: غصہ کا اظہار کرنا
گلے لگانا: زبردستی کوئی چیز ذمّے لینا
گلے میں جان اٹکنا: نزع کا عالم ہونا
گلے میں زنجیر پڑنا: بیاہ ہونا
گلے میں طوق پڑنا: کسی کی غلامی کرنا
گلے میں گرہ پڑنا: آواز نہ نکلنا
گلے میں گھنگھروں بولنا: نزع کا وقت ہونا
گلے میں ہڈّی نہیں: آواز نہایت دلکش ہے
گلاب کھچوانا: گلاب کا عرق نکلوانا
گلہ زبان پر لانا: شکایت کرنا
گلی جھکانا: آوارہ پھرنا
گلیاں چھاننا: گلی گلی آوارہ پھرنا
گلی بندھنا: پورا جوان ہونا
گم صم رہ جانا: چپ رہ جانا
گنتی میں لانا: خاطر میں لانا

گنج ڈالنا: انبار لگانا
گنجفہ ابتر ہونا: گنجفہ کے ناقص پتے حصے میں آنا
گند پاک ہونا: جھگڑا پاک ہونا
گنگا بہانا: کسی کام سے فراغت کرنا
گنگا پار کرنا: جلاوطن کرنا
گنگا جلی اٹھانا: قسم اٹھانا
گنگا لابھ ہونا: گنگا پر جا کر مرنا
گنگا نہانا: کسی مشکل کام کو انجام تک پہنچانا
گوتھا پتے پھرنا: سودائی بنے پھرنا
گوبر نکال دینا: بہت مارنا
گود بٹھانا: لے پالک بنانا
گود بھرنا: حاملہ عورتوں کی رسم
گود پسار کے کوسنا: ہاتھ یا دامن پھیلا کر کسی کو کوسنا
گودڑ میں سے گندوڑا: بروں میں اچھا نکلنا
گودی پھیلا پھیلا کر دعا دینا: دل سے دعا دینا
گور پر چونا پھیرنا: مرے ہوئے کی یاد تازہ کرنا
گور جھانک آنا: مرتے مرتے بچ جانا
گور کنارے جا لگنا: مرنے کے قریب ہونا
گور کے مردے اکھاڑنا: پرانے جھگڑے تازہ کرنا
گور گڑھا کرنا: نیست و نابود کرنا
گور میں انگارے بھرنا: عذاب کمانا
گور میں لات مار کر کھڑا ہونا: سخت بیماری سے شفا پانا
گور کی گود میں پلنا: کمال ایذا اور تکلیف میں پرورش پانا
گوڑ دینا: خراب کر دینا
گوڑے پسار جانا: حوصلہ کر دینا
گوڑے ٹوٹ جانا: ناامید ہو جانا
گوڑی کرنا: فائدہ اٹھانا
گوڑی ہاتھ سے جانا: کچھ ہاتھ نہ لگنا
گوز شتر سمجھنا: خاطر میں نہ لانا
گوش دل سے سننا: بڑی توجہ سے سننا
گوش مالی دینا: کان اینٹھنا
گوشۂ دل میں جگہ دینا: یاد رکھنا
گوشہ گیر ہونا: دنیا سے کنارہ کش ہونا
گول گول کہنا: صاف صاف نہ کہنا
گول مال کرنا: غبن کرنا
گولا دھار برسنا: موسلا دھار بارش ہونا
گولا لاٹھی کرنا: ہاتھ پاؤں باندھ کر گھٹنوں میں لاٹھی دے کر اٹھانا جو کہ ایک سزا ہے
گولر کا پیٹ پھڑوانا: بھید کھلوانا
گولر لیکنا: چبا چبا کر باتیں کرنا
گومگو میں رکھنا: دھوکے میں رکھنا
گول گانٹھنا: چاپلوسی کر کے مطلب نکال لینا
گوند ادکھانا: اکسانا
گونگے کا گڑ کھانا: چپ سا رہنا
گوہار لڑنا: ایک آدمی کا بہت سے لوگوں سے لڑائی کرنا
گوئے سبقت لے جانا: غالب آنا
گہہ بیٹھنا: جم کر بیٹھنا

گہہ جانا: گرہن میں آجانا
گہرا ہاتھ لگانا: بڑا بھاری غبن
گہرے سانس بھرنا: لمبے سانس لینا
گہری چھننا: گاڑھی دوستی ہونا
گہری نیند سونا: بے خبر سونا
گہک کر بولنا: تیز ہو کر بولنا
گھات میں آنا: قابو میں آنا
گھات تاکنا: موقع ڈھونڈنا
گھات چلانا: وار کرنا
گھات سوجھنا: تدبیر کا ذہن میں آنا
گھات میں پھرنا: داؤں میں رہنا
گھاتوں میں آنا: فریب میں آنا
گھاتیں بتانا: چالیں بتانا
گھاٹ اترنا: گھاٹ کو عبور کرنا
گھاٹ کرنا: دغا کرنا
گھاٹ کھڑا کرنا: بہانہ سازی کرنا
گھاٹ گھاٹ کا پانی پینا: جگہ جگہ پھر کر تجربہ حاصل کرنا
گھاٹ لگنا: کشتی کا کنارے پر لگنا
گھاٹا آنا: نقصان ہونا
گھاس کھا جانا: حماقت کی بات کرنا
گھاس کھودنا: ذلیل کام کرنا
گھان اتارنا: گھان تیار کرنا
گھانی کرنا: تیل نکالنا
گھاؤ گھپ کرنا: غبن کرنا
گھاؤ میں نمک مرچ لگانا: دُکھ پر دُکھ پہنچانا

گھائیاں بتانا: فریب دینا
گھٹنوں میں سر دے کر بیٹھنا: مایوس ہو کر بیٹھنا
گھٹنے ٹیک دینا: شکست تسلیم کرنا
گھٹی میں پڑنا: عادی ہونا
گھٹی میں ہونا: فطرت میں ہونا
گھچ پچ بولنا: جلدی جلدی بولنا
گھر آباد کرنا: شادی کرنا
گھر آئے کی شرم: گھر پر آنے کا لحاظ اور پاس
گھر اُف ہو جانا: خانہ خراب ہو جانا
گھر بسا لینا: شادی کرنا
گھر بار خالصے لگ جانا: گھر ضبط ہو جانا
گھر بنا لینا: رسائی حاصل کرنا
گھر بول اٹھنا: رونق آجانا
گھر بے چراغ ہونا: والی وارث کا مر جانا
گھر پڑنا: عورت کا کسی مرد کے نکاح میں آنا
گھر پکڑنا: قیام کرنا
گھر پھاندنا: چور کا دیوار پھاند کر اندر آنا
گھر پھونک تماشا دیکھنا: دولت برباد کر کے خوش ہونا
گھر جا تا رہنا: خاوند سے تعلق منقطع ہو جانا
گھر جانے کا راستہ نہ ملنا: گھبرا جانا
گھر جنوائی رکھنا: بیٹی داماد کو اپنے گھر میں رکھنا
گھر جھانکنا: تھوڑی دیر کے لیے گھر میں قدم رکھنا
گھر چڑھ کر لڑنے کو آنا: کسی کے مکان پر آ کر لڑنا

گھر تاک رکھنا: گھر دیکھ رکھنا

گھر سے پاؤں نکالنا: حد سے باہر جانے لگنا

گھر سے دینا: اپنے پاس سے دینا

گھر سینا: ہر وقت گھر میں پڑے رہنا

گھر کا آنگن ہونا: گھر تباہ ہو جانا

گھر کا نام اچھالنا: بدنام کرنا

گھر کے جالے لیتے پھرنا: بے فائدہ کام کرنا

گھر گھاٹ معلوم ہونا: سارے بھید جاننا

گھر گھر چراغ جلنا: عام خوشی ہونا

گھر گھر کے مزے چکھنا: تجربہ کار ہونا

گھر لٹانا: بہت فضول خرچی کرنا

گھر موسنا: گھر میں چوری کرنا

گھر میں پڑنا: بیوی بننا

گھر میں خاک اڑنا: نہایت غریب اور مفلس ہونا

گھرّ الگنا: اخیر سانس چلنا

گھرکی دینا: دھمکانا

گھرنی کھانا: گھومنا

گھریا میں گھرنا: نرغے میں گھرنا

گھڑوں پانی پڑ جانا: نہایت شرمندہ ہو جانا

گھڑے لنڈھانا: بہت شرمندہ کرنا

گھڑی بھاری ہونا: وقت مشکل سے کٹنا

گھڑی ساعت ہونا: مرنے کے قریب ہونا

گھڑی کو کنا: گھڑی کو چابی دینا

گھڑیاں گننا: شدّت سے انتظار کرنا

گھس پس کر اترنا: لباس کا خوب کام میں آنا

گھس گھس کرنا: کانا پھونسی کرنا

گھسٹتے گھسٹتے پھرنا: پکڑے پکڑے پھرنا

گھگی بندھ جانا: ڈر کے مارے بول نہ سکنا

گھلاوٹ کی آنکھ: محبت کی نگاہ

گھل گھل کر آخر ہونا: دُبلا اور لاغر ہو کر مرنا

گھل گھل کر کانٹا ہونا: لاغر اور دبلا ہونا

گھلومٹھو ہو جانا: بے تکلف ہو جانا

گھمڑیاں لینا: چکر کھانا

گھمنڈ نکال دینا: شیخی دور کر دینا

گھن پڑنا: کوئی دلی صدمہ یا روحانی تکلیف پہنچنا

گھن چکّر میں آنا: مصیبت میں پھنسنا

گھن مارنا: ضرب لگانا

گھُن لگ جانا: کیڑا لگ جانا

گھنٹا ہلانا: وقت گزاری کرنا

گھنٹے مورچھل سے اٹھانا: بوڑھے آدمی کے جنازے کو بڑی دھوم دھام کے ساتھ مرگھٹ پر لے جانا

گھنڈی کھولنا: گرہ کھولنا

گھنگھرو بولنا: موت کے قریب ہونا

گھنگنیاں منہ میں بھر کر بیٹھ جانا: خاموشی اختیار کرنا

گھنّی سادھنا: جان کر خاموش ہو جانا

گھوڑا کسنا: گھوڑا اسواری کے لیے تیار کرنا

گھوڑے بیچ کے سونا: بے فکری سے سونا

گھوڑے دوڑانا: بہت دور کی سوچنا

گھوڑا بیچنا: (گھوڑے کی) شادی کرنا
گھول کے پلانا: کسی کو جلد کچھ سکھا دینا
گھولوا پڑنا: کسی کام میں وقت پیش آنا
گھولے میں پڑنا: عذاب میں پڑنا
گھونٹ پی کر رہ جانا: غصہ ضبط کرنا
گھونٹ گھونٹ کر رکھنا: مجبور کر کے رکھنا
گھونٹ گھونٹ کر مارنا: رنج دے دے کر مارنا
گھونسا لگنا: اچانک صدمہ ہونا
گھونسلا بنانا: کسی کو معمولی ملازمت دلانا
گھی داغ کرنا: گھی کا تڑکا لگانا
گھی کے چراغ جلانا: بہت خوشی منانا
گھی کے کپّے کے پاس جا لگنا: کسی مالدار کے پاس رسائی ہو جانا
گئی کرنا: درگزر کرنا
گیا بھڈ ڈالنا: بے حد ڈرنا
گڑیاں کھیلنا: نادان، بے ہنر ہونا
گیل لگے پھرنا: ساتھ رہنا

(ل)

لاحول بھیجنا: لعنت بھیجنا
لادعویٰ دینا: کسی حق یا دعویٰ کو چھوڑ دینا
لاج رکھنا: آبرو بچا لینا
لاڈ لڈانا: ناز و نعمت سے پالنا
لارا لیری لگانا: حیلہ حوالہ کرنا
لاسا لگانا: جھگڑا لگا دینا
لاسا ہو جانا: چپک جانا
لاسے پر لگانا: مانوس کرنا
لاکھ لاکھ بناؤ دینا: بہت بھلا لگنا
لاکھ من کا ہونا: بھاری بھرکم ہونا
لاکھ میں کہنا: کھل کر کہنا
لاگ باندھنا: دشمنی پیدا کرنا
لاگو ہونا: خواہش رکھنا
لالی رہ جانا: عزّت رہ جانا
لالے پڑنا: ارمان ہونا
لب بند ہونا: خاموش ہونا
لب پر دم ہونا: مرنے کے قریب ہونا
لب پر مہر لگانا: خاموش ہو جانا
لب چبانا: حیرت و افسوس کرنا
لبِ گور ہونا: مرنے کے قریب ہونا
لبیں لینا: ہونٹوں کے بال کتروانا
لبا لب ہونا: منہ تک بھرنا
لپٹ لگنا: آگ کی گرمی پہنچنا
لپکی بھرنا: کچی سلائی لگانا
لپ لپ کرنا: بکواس کرنا
لپیٹ میں آ جانا: پھنس جانا
لت پت کر دینا: آلودہ کر دینا
لت پڑنا: عادت پڑنا
لتاڑ میں آنا: گردش میں آنا
لتّے کا سانپ بن جانا: بے حد مبالغہ کرنا
لتّے لینا: دھجیاں اڑانا
لٹک جاتی رہنا: بانکپن جاتا رہنا
لٹک میں آنا: ترنگ میں آنا

لٹکا چل جانا: منتر یا جادو چل جانا
لٹکا ہاتھ آنا: آسان تدبیر سوجھنا
لٹو ہونا: عاشق ہونا
لٹھ سا مار دینا: سخت بات کہہ دینا
لٹیا ڈبونا: کام خراب کرنا
لچھمی نارائن کرنا: بسم اللہ کرنا
لچھن جھڑ جانا: پہلی سی رونق نہ رہنا
لحاظ آنا: شرم آنا
لخت جگر کھانا: تکلیف برداشت کرنا
لخ لخ کرنا: پیاس کی شدت سے پرندوں کے گلے سے آواز نکلنا
لدّو کرنا: سواری کے قابل نہ رکھنا
لڈّو بانٹنا: خوشی منانا
لرز اٹھنا: خوف سے کانپ جانا
لڑ لگانا: شادی کرنا، وسیلہ یا تعلق پیدا کرنا
لڑ میں رہنا: کسی کا طرفدار بنا رہنا
لڑائی مول لینا: چھیڑ خانی کرنا
لڑکا بننا: نادانی کی بات کرنا
لڑکا بے دودھ پالنا: امید پوری نہ ہونے دینا
لطیفہ چھوڑنا: انوکھی بات کہنا
لعل لگانا: شان بڑھا دینا
لعل لگے ہونا: انوکھا ہونا
لعنت برسنا: بے رونقی ہونا
لعنت ملامت کرنا: برا بھلا کہنا
لعنت جھاڑنا: علمیت جھاڑنا
لغزش آنا: لڑکھڑانا

لغو بکنا: بیہودہ باتیں کہنا
لفافہ بنانا: ظاہری ٹیپ ٹاپ کرنا
لفافہ کرنا: دکھاوا کرنا
لفافہ کھل جانا: بھید کھل جانا
لقمان کو حکمت سکھانا: عقلمند کو تدبیر بتانا
لقمہ اجل ہونا: مر جانا
لقمہ حلق سے نہ اترنا: بہت ناگوار گزرنا
لقمہ دینا: دوسرے کی بات میں بولنا
لقمہ کر جانا: اڑا جانا
لکڑی پکڑانا: سہارا دینا
لکڑیاں چلنا: لاٹھیوں سے مار پیٹ
لکھ رکھنا: یاد رکھنا
لکھا آگے آنا: قسمت کا لکھا پیش آنا
لکھا پورا کرنا: برے دن کاٹنا
لکھے کو رونا: تقدیر کو کوسنا
لکیر پر چلنا: پرانی رسموں کا پابند ہونا
لکیر پیٹنا: افسوس کرنا، پرانی رسم پر چلنا
لگ بیٹھنا: مل کے بیٹھنا
لگا جانا: پیچھے پڑا رہنا
لگ چلنا: ساتھ ہو لینا
لگائے رکھنا: امیدوار رکھنا
لگا لے جانا: پھسلا لے جانا
لگا مارنا: تہمت دھرنا
لگا نہ ہونا: کچھ مناسبت نہ ہونا
لگا کھانا: برابر کا ہونا
لگام دینا: قابو کرنا

لگام چھوڑ دینا: آزاد کر دینا
لگانا بجھانا: لڑائی جھگڑا کرانا
لگانے میں آنا: بہکائے میں آنا
لگاوٹ دکھانا: دوستی کا دم بھرنا
لگاوٹ ہونا: بناوٹی محبت کا اظہار ہونا
لگن لگنا: عشق ہونا، دل لگنا
لگی کہنا: موافق کہنا، خوشامد کرنا
لگی کو بجھانا: بھوک مٹانا، آرزو پوری کرنا
لگی لپٹی رکھنا: صاف نہ کہنا
لگی میں اور لگانا: الزام لگانا، قصوروار ٹھہرانا
للو پتو کرنا: زبانی عزت کرنا
للو نہ رہنا: بن بولے نہ رہنا
لِم دھرنا: تہمت دھرنا
لِم لگانا: الزام لگانا
لمبا سفر کرنا: دنیا سے کوچ کرنا
لمبر سے خارج ہونا: نام کٹنا
لمبی تان کر سونا: اطمینان سے سونا
لمبی تاننا: بے فکری سے سوجانا
لمبی چوڑی ہانکنا: ڈینگ مارنا
لمبی سانس بھرنا: افسوس کرنا
لن ترانی کرنا: شیخی مارنا
لنڈ کریاں کھانا: گر کر لوٹ پوٹ ہو جانا
لنگ کرنا: لنگڑانا
لنگر اٹھانا: جہاز روانہ کرنا
لنگر باندھنا: پہلوانوں کا لنگوٹ باندھنا
لنگر بٹنا: مفت کھانا تقسیم ہونا
لنگر توڑنا: شکست دینا
لنگر جاری کرنا: خیرات تقسیم کرنا
لنگر کرنا: جہاز کا ٹھہرانا
لنگر لنگوٹا اختیار کرنا: کسی پہلوان کی شاگردی اختیار کرنا
لنگوٹ پاڑنا: کشتی لڑنا ترک کر دینا
لنگوٹ کھولنا: زنا کرنا
لنگوٹی باندھے پھرنا: نہایت غریبی کے باعث ننگا پھرنا
لنگوٹی بندھوا دینا: بالکل مفلس کر دینا
لنگوٹی کھلنا: پردہ فاش ہو جانا
لنگوٹی میں پھاگ کھیلنا: مفلسی میں عیش و عشرت کرنا
لو بجھنا: خواہش مٹنا
لو بھڑکنا: چراغ میں تیل ختم ہونے پر شعلہ کا بھڑک اٹھنا
لو لگنا: ہر وقت دھیان لگانا
لوتھ پڑنا: مردہ ہو کر گر پڑنا
لوتھ ڈالنا: مار کر گرا دینا
لوٹ پڑنا: لوٹ مار ہونا
لوٹا اٹھانا (رکھنا): ادنیٰ درجہ کی نوکری کرنا
لوٹنی لینا: بالکل انکار کرنا
لوٹے اٹھوانا: ذلیل کام کروانا
لوکا لگانا: اِدھر کی بات اُدھر لگانا، چھوڑنا
لُو لُو بنانا: احمق بنانا
لُون مرچ لگانا: بات کو بڑھا کر بیان کرنا

لونی لگنا: دیوار میں شور لگنا
لوہا بجانا: تلوار سے لڑنا
لوہا برسنا: تلوار چلنا
لوہا تیز ہونا: خفا ہونا، زور چلنا
لوہا لوٹ جانا: تلوار کا ٹیڑھا ہونا
لوہا ماننا: کسی کی دلیری کا قائل ہونا
لوہے ٹھنڈے ہو گئے: حوصلہ پست ہو گیا
لوہے کی چھاتی کر لینا: دل سخت کر لینا
لوہے میں ڈوبا ہونا: پوری طرح مسلح ہونا
لوئی اترنا: بے غیرت ہونا
لوے لگنا: اعتبار کرنا، قریب آنا
لویں پھرنا: نزع کی حالت میں کان کی لویں پھرنا
لہر آنا: خیال آنا
لہر اٹھنا: جوش اٹھنا
لہر بہر ہونا: اقبال یاور ہونا
لہریں گننا: وقت ضائع کرنا
لہر اڑانا: خوب مارنا
لہو اترنا: سخت غصہ آنا
لہو اونٹنا: غم و غصہ کے سبب خون جوش میں آنا
لہو برسنا: خونریزی ہونا
لہو بن کے دوڑنا: رگ و پے میں سرایت کر جانا
لہو بولنا: سخت محنت اٹھانا، غصہ کرنا
لہو پی کر رہ جانا: غصے کو ضبط کرنا
لہو ٹپکنا: نہایت سرخ و سفید ہونا
لہو چڑھنا: قاتل کی حرکات سے قتل کا انداز ہونا
لہو خشک ہونا: خوف کے مارے دم فنا ہو جانا
لہو رونا: بہت رونا
لہو سفید ہو جانا: محبت باقی نہ رہنا
لہو ملنا: میل جول ہونا
لیے بیٹھنا: ضد کرنا
لے پڑنا: چسکا لگنا
لے بھول جانا: عادت بھول جانا
لے لے ہونا: اعتراضات ہونا
لیپ پوت برابر کرنا: عیب چھپانا
لیتڑے پڑنا: نہایت ذلیل ہونا
لیر لیر کرنا: دھجیاں اڑانا
لیریں لٹکنا: غریب ہونا
لیک سے بے لیک ہونا: گمراہ ہونا
لینا ایک نہ دینا دو: فائدہ نہ غرض
لینے کے دینے پڑ جانا: مصیبت میں پھنس جانا
لینے دینے میں نہ آنا: بے تعلق ہونا
لینڈی پھولنا: مغرور ہونا
لینڈی تر ہونا: غرور زیادہ ہونا
لینڈی کتے کی موت مارنا: نہایت ذلت سے مارنا

(م)

مات دینا: شکست دینا
مات کھانا: بازی میں ہار جانا
ماتم پرسی کرنا: پرسا دینا
ماتھا پیٹنا: ماتم کرنا

ماتھا پیٹن کرنا: ظاہر داری کا سلام کرنا
ماتھا ٹھنکنا: کسی کام کی بدانجامی کے متعلق پہلے سے خبر ہو جانا
ماتھا ٹیکنا: سجدہ کرنا
ماتھا رگڑنا: خوشامد کرنا
ماتھا کوٹنا: افسوس کرنا
ماتھا مارنا: سر کھپانا
ماتھے پر الف کھینچنا: فقیر ہو جانا
ماتھے پر بل پڑنا: ناراض ہونا
ماتھے پر پسینہ ہونا: تکلیف یا غم کی وجہ سے ماتھے پر پسینا ہونا
ماتھے پر ٹیکہ ہونا: کسی امر کا کسی پر منحصر ہونا
ماتھے پر شکن ہونا: پیشانی پر بل پڑنا
ماتھے پر گولی لگنا: کسی بات کے ہونے سے پہلے اس کی بڑی علامتیں نظر آنے لگنا
ماتھے جانا (پڑنا): ذمّے آنا
ماتھے مارنا: واپس کرنا
ماٹی میں رلنا: خاک میں ملنا
ماخوذ کرنا: گرفتار کرنا، پکڑنا
مادر پدر ہونا: گالی گلوج ہونا
مارا تارنا: مرنے کے قریب کر دینا
مار رہنا: زیادتی رہنا
مار کھا جانا: فریب میں آجانا
مار کے الّو بنا دینا: بہت زیادہ مارنا
ماشہ تولہ ہونا: ایک حالت پر قائم نہ رہنا
ماش مارنا: جادو ٹونا کرنا

مال پچا بیٹھنا (چیرنا): غبن کرنا
مامتا ٹھنڈی رہنا: بچے کو دیکھ کر ماں کا خوش رہنا
مامی پینا: طرفداری کرنا
مان ڈھینا: غرور نہ رہنا
مان کرنا: تعظیم وتکریم کرنا
مان مرجانا: تکبر نہ رہنا
ماند کرنا: بے رونق کرنا
مانگ اجڑنا: بیوہ ہو جانا
مانگ بھرنا: شادی کرنا
مانگ پٹی میں لگا رہنا: بناؤ سنگار میں لگا رہنا
مانگ کھلنا: بیاہی عورت کا مرجانا
مانوس ہو جانا: گھل مِل جانا
ماہ و ماہی تک زلزلہ پڑ جانا: بے حد شور و غل ہونا
مائیوں بٹھانا: شادی سے کچھ روز پہلے دولہا دلہن کو زرد کپڑے پہنا کر بٹھانا
مبالغہ کرنا: بڑھا کر بیان کرنا
مبتلا کرنا: فریفتہ کرنا
مت بدلنا: طرز بدلنا
مت مار دینا: عقل زائل کر دینا
مت ماری جانا: عقل جاتی رہنا
مت ہونا: عقل ہونا
مُتشابہ لگنا: بھول میں پڑنا
متعلق کرنا: شامل کرنا
متعین کرنا: مقرر کرنا
متفق ہونا: موافق ہونا

متنبہ کرنا: آگاہ کرنا
مِتی چڑھانا: تاریخ لکھنا
مِتی کاٹنا: سود یا کیش کی رقم وضع کرنا
مُڑمُڑ دیکھنا: چھپکے پڑے ہوئے دیکھنا
مٹک چٹک: تیزی طرّاری
مٹھ مارا جانا: بگڑ جانا
مٹھار مٹھار کے باتیں کرنا: مزے لے لے کر باتیں کرنا
مٹھائی سے منہ بھر دینا: دل خوش کر دینا
مٹھائی بٹنا: فائدہ ہونا
مُٹھو لے لگانا: مٹھ مارنا
مٹھی ملنا: رشوت پہنچانا
مٹھی میں دھرا ہونا: پاس موجود ہونا
مٹھی میں دینا: کسی کے ہاتھ میں دینا
مٹھی میں طاق ہونا: استخارہ میں قاعدہ ہے اگر طاق ہوتا ہے تو کام کی اجازت ہوتی ہے
مٹّی اڑانا: خاک اڑانا
مٹّی برباد کرنا: بدنام کرنا
مٹّی پکڑنا: مقام کرنا، جگہ پانا
مٹّی پلید ہونا: برباد ہونا
مٹّی تھوپنا: پلستر کرنا
مٹّی ٹھکانے لگانا: اچھی طرح کفن دفن کرنا
مِٹّی دینا: دفن کرنا
مِٹّی ڈالنا: خاک اڑانا
مٹّی ڈھے جانا: بدن قابو میں نہ رہنا
مٹّی سے مٹّی مل جانا: میت کا دفن ہو جانا

مٹّی کا کھینچ لانا: قضا کا اس جگہ لے آنا
مٹّی کرنا: خاک میں ملانا
مٹّی مانگنا: لوگوں سے اپنے دفن میں شرکت کی تمنا کرنا
مجاز ہونا: کسی بات کو کر سکنے کی طاقت رکھنا
مجال رکھنا: کسی بات کی قدرت رکھنا
مجرا پانا: باریابی پانا
مجرا لینا: حساب میں لگا لینا
مچکا پڑنا: سستا ہو جانا
مچلکہ لکھانا: عہد نامہ یا اقرار نامہ تحریر کرانا
محاذ قائم کرنا: مخالفت کرنا
محاصرہ اٹھانا: ناکہ بندی چھوڑ دینا
محاصرہ میں آجانا: ہر طرف سے گھر جانا
محاق میں آنا: چاند کا زوال شروع ہونا
محاورہ پڑنا: عادت پڑ جانا
محرم ہونا: واقف ہونا
محروم پھرنا: مایوس واپس ہونا
محروم کرنا: حق مار لینا
محشر بپا ہونا: بڑا ہنگامہ ہونا
محصور کرنا: گھیرنا
محنت ٹھکانے لگنا: کوشش کا صِلہ ملنا
محنت اٹھانا: تکلیف برداشت کرنا
محنت رائگاں ہونا: محنت کا صلہ نہ ملنا
مخاطب ہونا: متوجہ ہونا
مختاری کرنا: انتظام کرنا
مجمعے میں پڑنا: جھگڑے میں پڑنا

مدیر آنا: مست ہونا، جوان ہونا
مداخلت کرنا: دخل انداز ہونا
مدتِ حیات تمام ہو جانا: عمر ختم ہو جانا
مدّعا بر آنا: مطلب پورا ہونا
مدّعا حاصل ہونا: مراد پوری ہونا
مدّو آنا: گھوڑے کے کندھے پر زخم ہو جانا
مدھ پر آنا: پھل کا پکنے پر آنا
مذکور آنا: ذکر آنا
مراد کو پہنچنا: مقصد میں کامیاب ہونا
مربّع بیٹھنا: چار زانو بیٹھنا
مربی بنانا: سرپرست قرار دینا
مرثیہ پڑھنا: ماتم کرنا
مرچیں سی لگ جانا: جھنجھلا جانا
مُرچڑا پن دکھانا: سینہ زوری کرنا
مرحلہ طے کرنا: اہم کام نپٹانا
مرد بننا: جرائت دکھانا
مردار پڑ جانا: بے جان ہو جانا
مردار ہڈّی پر اڑنا: حرام مال پر تکرار کرنا
مردار ہو جانا: ذبح کے قابل نہ رہنا
مَردانہ ہونا: گھر میں پردہ ہو جانا
مردنی پھرنا: موت کے آثار ظاہر ہونا
مردود ہو جانا: باہر کیا جانا
مردہ بھاری ہونا: مردے کا گنہ گار مرنا
مردوں سے شرط باندھکر سونا: بہت دیر تک سونا
مردوں کی ہڈیاں اکھیڑنا: مرے ہوئے لوگوں کی باتیں نکالنا
مردوں کی ہڈیاں چچوڑنا: بزرگوں کے کارناموں پر فخر کرنا
مرزائی کرنا: تکبّر کرنا
مرض بگڑنا: بیماری بڑھ جانا
مرض عارض ہونا: بیماری پیچھے لگ جانا
مرض کا طوطا پالنا: بکھیڑے میں پڑنا
مرض کی دوا ہونا: کسی کام کا ہونا
مرض پٹنا (ملنا): اتفاقِ رائے ہونا
مرغوں کی پالکی بندھانا: مرغوں کی لڑائی ہونا
مرغوب آنا: پسند آنا
مرقع بن جانا: حیران ہو جانا
مرقع درہم برہم ہونا: جلسے کا منتشر ہو جانا
مر کر چھوٹنا: موت کے بعد چھٹکارا پانا
مرلیا باجنا: دست آنا
مرمّت کرنا: گت بنانا، درست کرنا
مر مر کے بچنا: مرنے کے قریب پہنچ کر جان بچ جانا
مر مر کے دن گزارنا: بڑی مشکل سے زندگی کاٹنا
مرنا بھرنا: مصیبت جھیلنا
مرنڈا کرنا: گٹھری بنانا
مروڑیں رہنا: اکڑ میں رہنا
مری پڑنا: کسی عام مرض کا پھوٹ پڑنا
مرے مردے اکھاڑنا: پچھلی باتوں کو چھیڑنا
مرے ہوئے ہونا: فریفتہ ہونا
مڑ کے کروٹ نہ لینا: توجہ نہ کرنا، خبر نہ لینا
مزا کرِکرا ہونا: بے لطف ہونا

مزاج آگ کرنا: غصہ میں آنا
مزاج آنا: طبیعت کا مائل ہونا
مزاج اٹھانا: بدمزاجی برداشت کرنا
مزاج اصلاح پر آنا: بدمزاجی کم ہونا
مزاج بے مزہ ہونا: بیمار ہونا
مزاج پانا: توجہ پانا
مزاج پرسی کرنا: خیریت معلوم کرنا
مزاج پہچاننا: عادت سے واقف ہونا
مزاج ٹیڑھا ہونا: نازک مزاج ہونا
مزاج ساتویں آسمان پر ہونا: بڑا گھمنڈ کرنا
مزاج ہونا: مغرور ہونا
مزے لینا: خبر لینا
مزہ چکھ لینا: نتیجہ بھگتنا
مژدہ سنانا: خوشخبری لا کر دینا
مسیں بھیگنا: سبزہ آغاز ہونا، مونچھیں نکلنا
مسافت اٹھانا: سفر کی تکان برداشت کرنا
مسافت پڑنا: فاصلہ ہونا
مسافت طے ہونا: راستہ کٹنا
مستثنیٰ کرنا: علحدٰہ کرنا
مستقل رہنا: برقرار و قائم رہنا
مسٹ مارنا: ڈھیٹ بن کر بیٹھے رہنا
مسجد ٹھنڈی کرنا: مسجد شہید کرنا
مسجد ڈھا کر امام باڑہ بنانا: فرض کام کو چھوڑ کر سنت ادا کرنا
مسجد میں چونا لگانا: سخت قسم کھانا
مسخری کرنا: مذاق کرنا
مِسطر کرنا: رول کرنا
مسک لینا: چھین لینا
مسکوڑ الینا: دفعتاً کروٹ بدلنا
مِسل داخل دفتر کرنا: مقدمہ کی کاروائی ختم ہونے کے بعد مِسل کا محافظ خانے میں بھیجنا
مَسل کر رکھ دینا: پیس ڈالنا
مسلّط ہونا: سر پر سوار ہونا
مسمار کرنا: ڈھانا
مسوّدہ گانٹھنا: منصوبہ تیار کرنا، ارادہ باندھنا
مسئلہ کھل جانا: مسئلہ حل ہو جانا
سِی جوش کرانا: پکّا ٹانکا لگوانا
مسی کاجل کرنا: عورتوں کا بناؤ سنگار کرنا
مسیحائی کرنا: زندہ کرنا
مشاہدہ کرنا: معائنہ کرنا، دیکھکر تجربہ کرنا
مشتہر کرنا: مشہور کرنا
مشت بارنا: چپ رہنا
مشٹ مار لے جانا: چپ چاپ چلے جانا
مشّرف بہ اسلام ہونا: دین اسلام قبول کرنا
مشعل دکھانا: رہنمائی کرنا
مشغلہ ہاتھ آنا: دل بہلانے کی بات مل جانا
مشقت اٹھنا: تکلیف برداشت ہونا
مشک اٹھانا: سقّے کا کام کرنا
مشکیں چھوٹنا: بہت دست آنا
مشکیں باندھنا: شانوں کو پشت کی طرف ملا کر جکڑنا
مشورت کرنا: اصلاح کرنا

مشیّت میں گزرنا: خدا کی مرضی ہونا
مشیخت کرکری ہونا: غرور نکل جانا
مصرع دولخت ہونا: شعر کے دونوں مصرعوں میں ربط نہ ہونا
مصلحت دیکھنا: بھلائی دیکھنا
مُضِر ہونا: نقصان رساں ہونا
مضمحل ہونا: نڈھال ہونا
مضمون پست ہونا: مطلب گھٹیا ہونا
مضمون ٹپکنا: مضمون صاف ہونا
مضمون ہاتھ لگنا: نئی بات کا خیال میں آنا
مطلب اٹکنا: غرض وابستہ ہونا
مطلب پر آنا: تمہید کے بعد اپنے منشا کی بات کہنا
مطلب چبا جانا: صاف صاف مطلب ظاہر نہ کرنا
مطلب فوت ہونا: غرض حاصل نہ ہونا
مطلب کی گھات چلنا: اپنا فائدہ دیکھنا
مطلع صاف ہونا: آسمان کا ابر و غبار سے صاف ہونا
معاف رکھنا: باز رکھنا
معاملہ بن جانا: کام درست ہو جانا
معاملہ کرنا: بات چیت کرنا
معدوم کرنا: مٹانا، فنا کرنا
معذور رکھنا: معاف رکھنا
معرکہ سر ہونا: مقابلے میں فتح حاصل ہونا
معطّل ڈال رکھنا: بیکار رکھنا

معقول کرنا: لاجواب کرنا
معمّا حل کرنا: پہیلی بوجھنا
معّما کھلنا: راز افشا ہونا
معمول باندھنا: دستور اختیار کرنا
مغالطہ دینا: فریب دینا
مغرب سے آفتاب نکلنا: قیامت کی علامت ظاہر ہونا
مغز پچّی کرنا: دیر تک دماغ لگانا
مغز پیلا کر دینا: سر پر بہت مارنا
مغز چل جانا: دیوانہ ہو جانا
مغز سے دماغ خالی ہونا: بیوقوف ہونا
مغز کھپانا: سمجھانے کی کوشش کرنا
مغز میں کیڑا ہونا: نہایت جھکّی ہونا
مفصل بیان کرنا: کھول کر بیان کرنا
مفلسی میں شوق بنانا: غربت میں فضول خرچی کا حوصلہ کرنا
مفید پڑنا: کارآمد ہونا
مقابل ہونا: لڑنے کے لیے سامنے ہونا
مقابلہ بدنا: شرط باندھ کر مقابلہ کرنا
مقام بولنا: ٹھہرنے کا حکم دینا
مقام کرنا (ہونا): ٹھہرنا
مقدّر پھوٹنا: تقدیر بگڑنا
مقدر جاگنا: اچھے دن آنا
مقدر سامنے ہونا: قسمت یاور ہونا
مقدر سے زور نہیں چلتا: جو قسمت میں ہے ہو کر رہتا ہے

مقدّر سو جانا: تقدیر کا برخلاف ہو جانا
مقدّر رسیدھا ہونا: قسمت موافق ہونا
مقدر کا کروٹ لینا: تقدیر بدلنا
مقدّم سمجھنا: زیادہ ضروری سمجھنا
مقدّم ہونا: پہلے ہونا
مقدور رکھنا: قدرت رکھنا
مقدور چلنا: بس چلنا
مقدور ہونا: حوصلہ ہونا
مقسوم پر پتھر پڑنا: تقدیر بگڑنا
مقسوم جاگنا: اچھے دن آنا
مقسوم کا اترنا: جو چیز قسمت میں ہو اس کا مِلنا
مُکّا چلنا: مکّے بازی ہونا
مکافات کو پہنچنا: کیے کی سزا ملنا
مکر کرنا: دھوکہ دینا
مکّھن لگانا: خوشامد کرنا
مکّھی اڑا دینا: اچٹتا ہوا سلام کرنا
مکّھیاں مارنا: بیکار رہنا
مگ دیکھنا: راہ دیکھنا
ملاحظہ سے گزرنا: نظر سے گزرنا
ملاحظہ میں ہونا: کاغذات کا کسی حاکم یا افسر کی زیرِ نظر ہونا
ملاّحیاں سنانا: آوازے کسنا
ملار گانا: خوشی کے گیت گانا
ملال اٹھانا: زحمت برداشت کرنا
ملامت کرنا: برا بھلا کہنا
ملائیاں کھانا: دوسرے کے مال سے نفع حاصل کرنا
ملک الموت کا گھر دیکھنا: گھر میں لگاتار موتیں ہونا
ململاہٹ آنا: افسوس ہونا
ملولے بھرے ہونا: بہت سے ارمان ہونا
ملیامیٹ کرنا: برباد کرنا
ممتاز فرمانا: مرتبہ بڑھانا
ممولے چننا: بہت خاطر تواضع کرنا
من پھٹ جانا: طبیعت بیزار ہو جانا
من کچا کرنا: ہمت ہارنا
من کھٹّا ہونا: جی برا ہونا
من کے لڈّو پھوڑنا: خیالی پلاؤ پکانا
من کی من میں رہنا: ارمان پورے نہ ہونا
من کے چیتے ہونا: دل کی مراد پوری ہونا
من مار کر رہنا: دل کی خواہش اختیار میں رہنا
من مار کے بیٹھ رہنا: صبر کر کے رہ جانا
من مانی مراد پانا: خاطر خواہ آرزو پوری ہونا
من میلا کرنا: رنجیدہ ہونا
من ہرنا: دل چرانا
منادی پھرنا: اعلان ہونا
مناسبت رکھنا: تعلق یا علاقہ رکھنا
منّت وار کرنا: احسان مند کرنا
منّت کھینچنا: احسان اٹھانا
منّت بڑھانا: عہد پورا کرنا
منتر مارنا: جادو چلانا
منجھیلا پڑنا: ڈھیل پڑنا

منڈالگانا: سستا بیچنا
مُنڈاسا پھرانا: بے مروّتی کرنا
مُنڈاسا باندھنا: سر چڑھنا، پگڑی باندھنا
منڈل باندھنا: حلقہ باندھنا
منڈکری مارنا: گھٹنوں میں سر دے کر سونا
منڈلاتے پھرنا: اِرد گرد چکّر لگانا
مندھا چھوانا: شادی کا سائبان تنوانا
منڈی تولنا: غرور سے سر اونچا کرنا
منڈیر باندھنا: مینڈ بنانا
منزل دینا: مُردے کو آرام دینا، جنازے کو راستے میں ذرا سی دیر کے لیے رکھ دینا
منزل دراز ہونا: ذرا سی مسافت لمبی معلوم پڑنا
منزل کھوٹی ہونا: مقام مقصود تک پہنچنے سے رہ جانا
منزل مارنا: سفر ختم کرنا
منصفی اٹھ جانا: انصاف نہ رہنا
منطق بگھارنا: حجت کرنا
منقار زیر پر رہنا: خاموش رہنا
منکا ڈھل جانا: علامت مرگ ظاہر ہونا
منکر ہونا: انکار کرنا
منگل ہونا: رونق ہونا
مِن مِن کرنا: کام میں بہت دیر لگانا
منہ اپنا سا لے کر رہ جانا: شرمندہ ہو کر جانا
منہ اٹھا کر چلنا: بے پروائی سے چلنا
منہ اٹھا کر کہنا: بے سوچے سمجھے کہنا
منہ اجلا ہو جانا: چہرے کی رنگت نکھر جانا

منہ اس قابل ہونا: اتنی لیاقت ہونا
منہ اشک ندامت سے دھونا: شرمندہ ہو کر رونا
منہ اشکوں سے دھونا: بہت رونا
منہ باندھ کے بیٹھنا: منہ بند کر کے بیٹھنا
منہ بخشنا: طاقت دینا
منہ برا بنانا: ناراضی ظاہر کرنا
منہ بھرائی دینا: رشوت دینا
منہ پانا: راضی پانا
منہ پر پاؤں رگڑنا: بہت منت سماجت کرنا
منہ پر آنا: زبان پر آنا
منہ پر بحالی ہونا: چہرے پر تازگی ہونا
منہ پر بسنت پھولنا: چہرہ زرد پڑ جانا
منہ پر پانی پھر جانا: چہرے پر رونق آ جانا
منہ پر پھینک مارنا: خفگی سے کوئی چیز واپس کر دینا
منہ پر ٹھیکری رکھ لینا: لحاظ نہ کرنا
منہ پر تھوک دینا: نہایت شرمندہ اور ذلیل کرنا
منہ پر جانا: خیال کر کے مروّت برتنا
منہ پر جوتی لگنا: نہایت شرمندگی حاصل ہونا
منہ پر جوگنی ہونا: چہرے سے بدشگونی کے آثار ظاہر ہونا
منہ پر چڑھنا: مقابلہ کرنا
منہ پر چھوپا دینا: خاموشی اختیار کرنا
منہ پر سرخی ہونا: صحت مند ہونا
منہ پر سیدھی پھیرنا: روبرو بولنا
منہ پر شفق پھولنا: مارے خوشی کے چہرہ سرخ ہو جانا

منہ پر قفل لگ جانا: خاموشی چھا جانا
منہ پر لکھا ہونا: چہرے سے صاف ظاہر ہونا
منہ پر لگا لے جانا: کسی خطرناک چیز کے سامنے تک پہنچا دینا
منہ پر مہر کرنا: منہ بند کر دینا
منہ پر میٹھا ہونا: سامنے میٹھی اور دل میں کھوٹ
منہ پر ناک نہ ہونا: شرم وحیا نہ ہونا
منہ پر نمک ہونا: خوبصورتی ہونا
منہ پر نہ تھوکنا: بے حیثیت سمجھنا
منہ پر نہ رکھنا: ذائقہ نہ چکھنا، سامنے نہ کہنا
منہ پر ہاتھ پھیرنا: کسی کام کے پورا کرنے کا اظہار کرنا
منہ پر ہاتھ رکھنا: منہ بند کرنا
منہ پھیر کے چلنا: نفرت ظاہر کرنا
منہ تک آنا: کناروں تک بھر جانا
منہ تک جگر آنا: طبیعت بہت پریشان ہونا
منہ تنگ کرنا: نہ بولنا
منہ تک کے رہ جانا: حیرانی سے خاموش رہ جانا
منہ توڑنا: لاجواب کرنا
منہ توڑ کے جواب دینا: صاف جواب دینا
منہ جوڑنا: کانا پھوسی کرنا
منہ جھٹالنا: برائے نام کھانا
منہ جھلسنا: لعنت بھیجنا
منہ چاٹنا: پیار کرنا، خوشامد کرنا
منہ چلنا: چپ نہ بیٹھنا
منہ چوم کے چھوڑ دینا: ذلیل وشرمندہ کر کے چھوڑ دینا
منہ چھونا: اوپری دل سے کہنا
منہ خدا کی طرف ہونا: خدا پر بھروسہ کرنا
منہ خراب کرنا: گالیاں دینا
منہ در منہ کہنا: سامنے کہنا
منہ دکھانا: روبرو ہونا
منہ دھواں ہو جانا: چہرے پر ہوائیاں اڑنا
منہ دے کر بات کرنا: متوجہ ہو کر بات چیت کرنا
منہ دیکھ کر رہ جانا: مایوس ہو کر رہ جانا
منہ رکھنا: لحاظ رکھنا
منہ زور: منہ پھٹ
منہ سفید پڑ جانا: خوف چھا جانا
منہ سوجا رہنا: غصے یا بدمزاجی سے منہ پھولا رہنا
منہ سے دودھ ٹپکنا: ناتجربہ کار ہونا
منہ سے رال ٹپکی پڑنا: از حد خواہش ہونا
منہ سے سیاہی دھونا: بدنامی مٹانا
منہ سے لام کاف مت نکالو: بدزبانی مت کرو، خاموش رہو
منہ سے لعل اگلنا: فصاحت اور شیریں زبان سے کلام کرنا
منہ سے منہ ملانا: بوس وکنار کرنا
منہ سی دینا: خاموش کر دینا
منہ کالا کرنا: رسوا کرنا، بدفعلی کرنا
منہ کا نوالا ہو جانا: سہل اور آسان ہو جانا
منہ کپّے کی طرح پھولنا: بہت خفا ہونا
منہ کو سات توؤں کی کالکھ لگ جانا: سخت

بدنامی ہونا

منھ کو لگا ہونا: چسکا پڑا ہونا

منھ کو لہو لگنا: رشوت کا عادی ہو جانا

منھ کو مزہ لگا دینا: زبان کو چاٹ ڈال دینا

منھ کی کھلانا: شرمندہ کرنا

منھ کی لوئی جانا: بے شرم ہونا

منھ کے کوّے اڑ جانا: چہرہ سفید پڑ جانا

منھ کیل دینا: جادو یا منتر سے منھ بند کر دینا

منھ لے کر پھرنا: بے التفاتی کے سبب محروم ہو جانا

منھ میں تنکا لینا: عاجزی کرنا

منھ میں تھوک بلونا: بیہودہ اور بے معنیٰ باتیں کرنا

منھ میں موتنا: ذلیل کرنا

منھ نہ پھیرنا: پیچھے نہ ہٹنا

منھ نہ پڑنا: حوصلہ نہ ہونا

منھ ہونا: پاس ولحاظ ہونا

مہندی چھوٹنا: کوئی نقصان ہونا

مواخزہ سے بری کرنا: جواب طلبی یا باز پرس سے نجات دلانا

مُوت کا چلّو ہاتھ میں دینا: نیکی کے بدلے میں بدی کرنا

موت کی دھار پر مارنا: کچھ قدر و قیمت نہ جاننا

موت کے گھاٹ اتارنا: مار ڈالنا

موت کے منھ میں جانا: خطرے میں پڑنا

موتی چگنا: دولت مند ہونا

موتی خاک میں رولنا: اچھی چیز کی بے قدری کرنا

موتی کی سی آب اتر جانا: عزت جاتی رہنا

موتی کے ساتھ تولنا: بڑی قدر اور عزت دینا

موجودات لینا: حاضری لینا

مونچھیں منڈوانا: ہار تسلیم کرنا

مور آنا: بور آنا

مورچا باندھنا: لڑائی کے لیے دُھس تیار کرنا

مورچے پر رکھنا: نشانے پر رکھنا

مورچہ دوڑنا: زنگ لگنا

مُوس کے کھا جانا: ٹھگ کر یا لوٹ کر کھا جانا

مُوس کے کھک کر دینا: لوٹ لوٹ کے فقیر بنا دینا

موقع پڑنا: اتفاق پیش آنا

موقع پکڑانا: وقت سے فائدہ اٹھانا

موقع تکنا: مناسب وقت کا انتظار کرنا

موقع دینا: مہلت دینا

مول توڑنا: قیمت گھٹانا

مول لے کر چھوڑ دینا: بہت ادنیٰ سمجھنا

مول لے لینا: کمال احسان کرنا

مول نہ رکھنا: نہایت بیش قیمت ہونا

مومیائی نکالنا: سخت محنت لینا

مونڈ کر کھانا: لوٹ کر کھانا

مُونڈ مارنا: گردن مارنا

مونگ مانگتے پھرنا: فریاد کرتے پھرنا

مونہا مونہی ہونا: باہم جھگڑا ہونا

مہابت بیٹھنا: رعب سما جانا

مہر بندھنا: مہر مقرر رہنا
مہر ہو جانا: تصدیق ہو جانا
مہرہ لینا: کسی کام کا بیڑا اٹھانا
مہم سر کرنا: لڑائی فتح کرنا
مہمان اترنا: حمل ٹھہرنا
مہمیز کرنا: ایڑ لگانا
مے اڑنا: شراب پینا
مے ڈھلنا: شراب بوتل سے نکلنا
میان سے باہر ہونا: آپے میں نہ رہنا
میان سے کھینچنا: مرنے مارنے پر تیار ہو جانا
میاں مٹھو بنا دینا: بے سمجھے الفاظ رٹا دینا
میٹھے میں سلونا ملانا: بدمزگی پیدا کرنا
میٹھی آنکھوں سے دیکھنا: محبت بھری نگاہ سے دیکھنا
میخ مارنا: کیل ٹھونکنا
میدان جیتنا: جنگ فتح کرنا
میدان دینا: جگہ دینا
میدان رہنا: جنگ رہنا
میدان مانگنا: وسعت چاہنا
میدان میں آنا: مقابلے پر آنا
میدان میں جھنڈا گاڑنا: فتح حاصل کرنا
میدان ہاتھ ہونا: کامیاب ہونا
میرا سلام ہے: مجھے منظور نہیں
میزان لگانا: جوڑ لگانا
میزان ملنا: رائے ملنا
میعاد بولنا: قید کا حکم لگانا
میعاد بڑھانا: مدت بڑھانا
میل آنا: ناراضی ہونا
میل کا بیل بنانا: بات کا بتنگڑ بنانا
میل رکھنا: راہ و رسم رکھنا
میل کھانا: مناسب ہونا
مین میکھ نکالنا: نکتہ چینی کرنا
مینا کاری چھانٹنا: نکتہ چینی کرنا
مینڈھیا گوندھنا: بالوں کی جدا جدا لٹیں گوندھنا

(ن)

ناامید ہونا: مایوس ہونا
ناپید کرنا: برباد کرنا
ناچار کر دینا: مجبور کر دینا
ناحق کہنا: جھوٹ کہنا
ناداری آنا: مفلس ہو جانا
ناشاد جانا: نامراد جانا
ناشکری کرنا: احسان نہ ماننا
ناگوار گزرنا: برا لگنا
نامرد ہونا: ڈرپوک ہونا
ناچ نچانا: حیران و پریشان کرنا
ناخن پر قربان ہونا: بہت حقارت سے دیکھنا
ناخن سے گوشت جدا ہونا: اپنوں کا چھوٹ جانا
ناخن گاڑنا: اختیار جمانا
ناخن گھسنا: حد سے زیادہ کوشش کرنا
ناخن نیلے ہونا: مرنے کی علامت ظاہر ہونا
ناخنوں میں لکھ رکھنا: خیال میں رکھنا

ناخنوں میں ہونا: چالاکیوں اور شرارتوں سے خوب واقف ہونا
نادکرنا: گانا
ناد بجانا: سینگ کی پونگی بجانا
نادری چڑھانا: گنجفے میں شرمناک مات دینا
ناڑ نیچی کرنا: شرم سے گردن جھکانا
ناڑی چھوڑنا: دم نکل جانا
نازکرنا: نخرے کرنا
ناس کرنا: تباہ کرنا
ناسور پڑ جانا: بہت ایذا یا تکلیف ہونا
ناسور ڈالنا: زخم ڈالنا
ناطقہ بند کردینا: بولنے کی طاقت بند کردینا
نافذ کرنا: جاری کرنا
ناک اونچی ہونا: عزت دار ہونا
ناک اڑا دینا: بے عزت کرنا
ناک پر رکھ دینا: قیمت یا اجرت فوراً ادا کردینا
ناک پر غصہ ہونا: بہت خفا ہونا
ناک پر کی مکھی تک نہ اڑانا: بہت کاہل و سُست ہونا
ناک پکڑتے دم نکلنا: بہت کمزور ہونا
ناک چڑھانا: غصہ ہونا
ناک چڑھی رہنا: تیوری چڑھی رہنا
ناک چنے چبوانا: بہت ستانا
ناک چوٹی پر آفت آنا: عزت و آبرو پر آفت آنا
ناک چوٹی کا ڈر رہنا: بے عزتی کا خوف ہونا
ناک چوٹی میں گرفتار رہنا: عزت سنبھالنے اور زینت میں مصروف رہنا
ناک چوٹی ہاتھ ہونا: عزت و آبرو کسی کے اختیار ہونا
ناک رکھ لینا: عزت رکھ لینا
ناک سے لکیریں کھینچنا: کسی بات سے توبہ کرنا
ناک کا بال: نہایت عزیز اور مقرب
نالہ سر کرنا: فریاد کرنا
نام آسمان پر ہونا: بڑی نیک نامی ہونا
نام بازار تک جانا: رسوائی ہونا
نام بھی نہ لینا: سخت نفرت کرنا
نام بکنا: نام کی قدر ہونا
نام پر بیٹھنا: بھروسا کرنا
نام پر پاپوش مارنا: کسی سے بے حد بیزار ہونا
نام پر جان دینا: شہرت حاصل کرنے کی بیحد کوشش کرنا
نام پیدا کرنا: شہرت حاصل کرنا
نام تک کا روادار نہ ہونا: نام لینے کی بھی اجازت نہ ہونا
نام جاگنا: دوبارہ مشہور ہونا
نام جھنڈے پر چڑھانا: بدنام کرنا
نام سے تپ چڑھنا: کسی سے بہت ڈرنا
نام کی نوبت بجانا: اپنے نام کو مشہور کرنا
نام نہ رہنا: مٹ جانا
نام و نشان باقی نہ رہنا: فنا ہو جانا
ناموس بگاڑنا: بے آبروئی کرنا
نامۂ اعمال دھویا جانا: گناہوں کا بخشا جانا

نان کے لیے مرنا: کھانے پر جان دینا

نامہ کھلا آنا: موت کی خبر آنا

نانی یاد آنا: مشکل کام

ناؤ کنارے رکنا: مشکل آسان ہونا

ناؤ میں خاک اڑانا: جھوٹا الزام لگانا

نباہ دینا: انجام تک پہنچا دینا

نبرد آزما ہونا: جنگ کرنا

نبض پہچان لینا: راز معلوم کرنا

نبض ساقط ہونا: نبض کا حرکت نہ کرنا

نتھنوں میں تیر دینا: نہایت دق کرنا

نتھنوں میں دم کرنا: نہایت تنگ کرنا

نتھنی اترنا: خاوند کا مر جانا

نٹ کھٹی کرنا: عیاری کرنا

نثار ہونا: صدقے ہونا

نجات ہونا: رہائی ہونا

نخاس پر بھیجنا: بازار دکھانا

نخاس چڑھنا: رسوائے عام ہونا

نخوت کی ہوا بھرنا: بہت مغرور ہونا

ندا دینا: آواز دینا

ندارد ہونا: غائب ہونا

ندامت اٹھانا: شرمندگی اٹھانا

ندی میں جانا پیاسے آنا: ناکام لوٹنا

نذر ماننا: منت ماننا

نر بندھ کرنا: اصرار کرنا، ضد کرنا

نرا کاٹھ کا الو: بڑا بیوقوف

نرخ بڑھنا: بھاؤ چڑھ جانا

نرد مارنا: بازی جیتنا

نرغے میں آجانا: چاروں طرف سے گھر جانا

نرم گرم اٹھانا: بری بھلی برداشت کرنا

نسبت آنا: لڑکی کا رشتہ آنا

نسبت کرنا: منگنی کرنا

نشان ملنا: سراغ ملنا

نشست ٹھہرانا: بیٹھنے کی جگہ مقرر کرنا

نشیمن کرنا: گھونسلا بنانا

نصیب پھرنا: اچھے دن آنا

نطفہ ٹھہرنا: حمل ہونا

نظارہ مارنا: گھورنا

نظر اتارنا: صدقہ دینا

نظر اللہ پر رکھنا: خدا پر بھروسہ کرنا

نظر ثانی کرنا: پڑتال کرنا

نظر چار سو ہونا: چوکنا ہونا

نظر سے گزرنا: تجربہ ہونا

نظر سیدھی ہونا: مہربانی کی نظر ہونا

نظر سے تاڑ لینا: نگاہ سے بھانپ لینا

نظر میں چبھنا: برا لگنا

نظروں میں حقیر ہونا: دل سے اتر جانا

نظر میں رہنا: خیال یا دھیان میں رہنا

نظروں میں سبک ہونا: بے وقعت ہونا

نظروں میں کھبنا: پسند آنا

نظروں میں کھٹکنا: ناگوار معلوم ہونا

نظر نہ ٹھہرنا: چکا چوند ہونا

نظر نہ ہونا: توجہ نہ ہونا

نظر ہو جانا: آسیب کا اثر ہونا
نظر دینا: مثال پیش کرنا
نعش اٹھنا: جنازہ اٹھنا
نعل باندھنا: چوپایوں کے کھروں پر آہنی حلقے جڑنا
نفاق پڑنا: آپس میں بگاڑ ہونا
نفاق رکھنا: کینہ رکھنا
نفریں اٹھانا: لعنت وملامت برداشت کرنا
نفس مارنا: طبیعت پر قابو پانا
نفسی نفسی پڑنا: اپنی اپنی فکر کرنا اور دوسرے کی پرواہ نہ ہونا
نفوذ کرنا: جاری ہونا
نفی میں جواب دینا: انکار کرنا
نقاب چھوڑنا: چہرہ چھپالینا
نقّارہ بجاتے پھرنا: منادی کرنا
نقّارہ پر چوٹ پڑنا: سیندھ لگانا
نقشِ دل ہونا: پختہ یقین ہونا
نقشِ قدم پر چلنا: کسی کی پوری پوری تقلید کرنا
نقش لکھنا: عامل کا تعویز لکھنا
نقشہ اتارنا: خاکہ بنانا
نقشہ تیز ہونا: اقبال یاور ہونا
نقشہ جمانا: اعتبار جمانا
نقشہ جم کر اکھڑنا: اثر پیدا ہو کر مٹ جانا
نقشہ نکالنا: الزام لگا کر بدنام کرنا
نقطہ کا فرق نہ ہونا: ذرا بھی فرق نہ ہونا
نک توڑے اٹھانا: نخرے برداشت کرنا
نک کٹی ہونا: بدنامی ہونا
نک گھسنی کرنا: عاجزی کرنا
نکاح کی سی شرطیں کرنا: کٹ حُجی کرنا
نکتہ باقی نہ چھوڑنا: کوئی کسر اٹھا نہ رکھنا
نکتے نکالنا: عیب نکالنا
نکلنا بیٹھنا: آمدورفت رکھنا
نکّو بنانا: بدنام کرنا
نکیل ہاتھ میں ہونا: قابو میں ہونا
نگاہ اچکی ہونا: بلند خیال ہونا
نگاہ بدلی ہونا: خفگی ہونا
نگاہ چار ہونا: آمنا سامنا ہونا
نگاہ چڑھنا: پسند آنا
نگاہ کا کام کرنا: نظر پہنچنا
نگاہ میلی ہونا: کدورت آجانا
نگاہوں میں ہلکا ہونا: حقیر ہونا
نلوا الگ ہو جانا: کورا بچ جانا
نلوہ چلا جانا: صاف بچ جانا
نمدہ بندھ جانا: مفلس ہو جانا
نمک پھوٹ پھوٹ کر نکلنا: نمک حرامی کی سزا ملنا
نمک چھڑکنا: تکلیف میں اضافہ کرنا
نمک کا حق ادا کرنا: نمک حلالی کرنا
نمک کی کنکری حرام ہونا: بالکل فاقہ سے ہونا
نمک کی مار پڑنا: نمک حرامی کی سزا ملنا
نمک مرچ لگانا: بات کو بڑھا چڑھا کر کہنا
نمود کرنا: ظاہرداری کرنا

نمود کھونا: غرور توڑنا
ننا کاتنا: بہت کفایت کرنا
ننانوے کے پھیر میں پڑنا: لالچ میں پھنسنا
ننگ آنا: شرم آنا
ننگ وناموس کو خیر باد کہنا: عزت کھودینا
ننگ ہونا: غیرت ہونا
ننگے پاؤں آنا: غصّے میں آنا
ننھا بننا: انجان بننا
نو تیرہ بائیس بتا دینا: ٹال مٹول کرنا
نو نیزے پانی چڑھنا: لڑائی جھگڑے میں طوالت ہونا
نواب بننا: اپنے برابر کسی کو نہ سمجھنا
نوابی کارخانہ: امیری کاروبار
نواڑا کھیلنا: نواڑے میں سوار ہوکر دریا کی سیر کرنا
نوازش ہونا: عنایت ہونا
نوالہ توڑنا: کسی کے رحم وکرم پر زندگی بسر کرنا
نوالہ نہ توڑنا: کسی کام کی ابتداء نہ کرنا
نوالے مارنا: ہڑپ کرنا
نوٹ لینا: یادداشت لکھ لینا
نوچ کھانا: آڑے ہاتھوں لینا
نورا لگنا: کسی کے فریب دیتے سے نقصان ہونا
نوش جان ہونا: خوش گواری سے کھایا پیا جانا
نوشتہ دینا: تحریری سند دینا
نوک پلک ہونا: خوبصورت اور دیدہ زیب ہونا
نوک دُم بھاگنا: بے تحاشا بھاگنا
نوک رکھ لینا: آبرو بچا لینا
نوکِ زبان ہونا: زبانی یاد ہونا
نہار توڑنا: ناشتہ کرنا
نہار رہنا: صبح سے بغیر کھائے پیئے رہنا
نہال کردینا: مالا مال کردینا
نہاری کھانا: صبح کا ناشتہ کرنا
نہاں رکھنا: پوشیدہ رکھنا
نہنگِ اجل کا شکار ہونا: مرجانا
نئی جوتی پہننا: نئی حالات سے گزرنا
نئی شاخ لگانا: نیا تعلق پیدا کرنا
نئے رنگ دکھانا: نئی نئی باتیں ظاہر کرنا
نئے سرے سے جنم پانا: مرتے مرتے بچ جانا
نیا شگوفہ کھلنا: عجیب وغریب امر کا ظاہر ہونا
نیا گل کھلانا: تازہ فتنہ اٹھانا
نیاز پیدا کرنا: راہ ورسم پیدا کرنا
نیاز حاصل کرنا: ملاقات کرنا
نیاوَ چکانا: انصاف کرنا
نیت باندھنا: ارادہ کرنا
نیت بد کرنا: برائی کا ارادہ کرنا
نیت بھر جانا: دل بھر جانا
نیت ثابت رکھنا: ایمان قائم رکھنا
نیچا دیکھنا: شرمندگی اٹھانا
نیزوں پانی چڑھ جانا: لڑائی بڑھ جانا
نیت کرنا: برباد کرنا
نیست ونابود: بالکل فنا کردینا
نیستی چھانا: نحوست چھانا

نیستی لگانا: صدمہ پہنچانا

نیل بگڑنا: کم بختی آنا

نیل ماٹھ بگڑنا: جھوٹی خبر مشہور کرنا

نیل کی سلائیاں آنکھوں میں پھرنا: اندھا کرنا

نیلا پیلا ہونا: غصہ ہونا

نیلام کرنا: بول بول کر بیچنا

نیچہ تولنا: مارنے کے لیے نیچہ اٹھانا

نیند کافور ہونا: نیند اڑ جانا

(و)

وا کرنا: کھولنا

واویلا مچانا: شور مچانا

واجب آنا: ضروری ہو جانا

وارے نیارے ہونا: خوب نفع ہونا

واری جانا: صدقے ہونا

واسطہ پڑنا: کام پڑنا

واسطہ دینا: کسی کے نام کی دہائی دینا

واصل بحق ہونا: خدا سے جا ملنا

واصل جہنّم کرنا: دشمن کو قتل کرنا

واضح ہونا: صاف معلوم ہونا

واہ کرنا: تعریف کرنا

واہ واہ مچنا: تعریف ہونا

واہی تباہی پھرنا: آوارہ پھرنا

واہی ہو جانا: آوارگی اختیار کر لینا

واہی تباہی بکنا: فضول باتیں کرنا

وبا پھیلنا: متعدی بیماری کا عام ہونا

وبال سے ٹال دینا: ڈوبھر سمجھ کر ٹال دینا

وبال لینا: خود عذاب اپنے سر لینا

وبال ہونا: بوجھ بن جانا

وجد کرنا: بیخود ہو کر جھومنا

وحشت انگیز: ڈراؤنا

وحشت برسنا: ویرانی برسنا

وحشت کی لینا: وحشت کی باتیں کرنا

ور رہنا: بازی لے جانا

ور ہونا: برتر ہونا

وِرد کرنا: یاد کرنا

وردی کرنا: رپورٹ کرنا

ورق الٹنا: تبدیلی کرنا

ورق بکھرنا: برباد ہونا

ورم آنا: سوجن آنا

وُرود پانا: پہنچنا

وزن رکھنا: باوقعت ہونا

وسمہ کرنا: بالوں کو خضاب سے رنگنا

وصف رکھنا: خوبی رکھنا

وصول پانا: رقم پانا

وضع چھوڑنا: وضع کو ترک کرنا

وضع ملنا: طرز ملنا

وضع ہونا: ایجاد ہونا، حساب میں لگنا

وضو ٹھنڈے ہونا: ہمت پست ہونا، نیت بدل جانا

وعدہ آ پہنچنا: موت کا وقت آ جانا

وعدہ ایفا کرنا: قول پورا کرنا

وعدہ برابر آنا: زندگی کی گھڑیاں پوری ہونا

وعدہ وعید کرنا: جھوٹے وعدے کرنا، ٹالنا

وقت پر اوسان بجا رہنا: مصیبت کے وقت بدحواس نہ رہنا

وقت پر صاف جواب دینا: ضرورت کے وقت کام نہ آنا

وقت پر گولی بچانا: موقعے پر دغا دے جانا

وقت پڑنا: مصیبت پڑنا

وقت دیکھنا: موقعے کی تلاش میں رہنا

وقت نازک ہونا: حالات اچھے نہ ہونا

وقف ہونا: کسی کی ملکیت نہ ہونا

وقفہ دینا: مہلت دینا

وقوف پیدا کرنا: لیاقت حاصل کرنا

وقوف پکڑنا: عقل سیکھنا

ولایت پانا: ولی کا مرتبہ حاصل ہونا

ووٹ دینا: رائے دینا

وہم بندھنا: شک گزرنا

وہیں کا ہو رہنا: کہیں جا کر بیٹھ رہنا

(ہ)

ہاتھ اٹھا کے دینا: اپنی خوشی سے کوئی چیز دینا

ہاتھ آنا: میسّر آنا

ہاتھ اٹھا کر دعا دینا: پورے خلوص کے ساتھ دعا دینا

ہاتھ اٹھانا: کنارہ کش ہونا

ہاتھ کا اونچا ہونا: سخی ہونا

ہاتھ اوپر کے تلے ہونا: گرفتار ہونا

ہاتھ اوچھا پڑنا: پورا ہاتھ نہ پڑنا

ہاتھ بٹانا: مل کر کام کرنا

ہاتھ باندھے کھڑا رہنا: حکم کا منتظر رہنا

ہاتھ بڑھانا: سوال کرنا

ہاتھوں بکنا: تابع ہونا

ہاتھ بندھ جانا: مجبور ہو جانا

ہاتھ بھر کا کلیجہ ہونا: ہمت بڑھ جانا

ہاتھ بھر کی زبان ہونا: زبان دراز اور گستاخ ہونا

ہاتھ پانی لینا: طہارت کرنا

ہاتھ پاؤں باندھنا: مجبور کر دینا

ہاتھ پاؤں بچانا: احتیاط اور ہوشیاری سے کوئی کام کرنا

ہاتھ پاؤں پڑنا: منت سماجت کرنا

ہاتھ پاؤں پھولنا: حواس باختہ ہونا

ہاتھ پاؤں پیٹنا: بے فائدہ کوشش کرنا

ہاتھ پاؤں توڑنا: حالتِ نزع میں ہونا

ہاتھ پاؤں تھک کے تختہ ہونا: بہت مشقت کرنا

ہاتھ پاؤں تھیلا کرنا: کسی کو اتنا مارنا کہ بیکار ہو جائے

ہاتھ پاؤں تیار ہونا: ہاتھ پاؤں تگڑے اور فربہ ہونا

ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہونا: ہاتھ پاؤں میں گرمی نہ رہنا

ہاتھ پاؤں دابنا: خدمت کرنا

ہاتھ پاؤں دھو کے چڑھ بیٹھنا: یکا یک حملہ کرنا

ہاتھ پاؤں رہ جانا: فالج ہو جانا

ہاتھ پاؤں سیدھے کرنا: تھکاوٹ دور کرنا

ہاتھ پاؤں شل ہو جانا: ہاتھ پاؤں کا تھک کر مضمحل ہو جانا

ہاتھ پاؤں مارنا: مضطرب اور بے قرار ہونا

ہاتھ پاؤں میں سنیچر ہونا: کوشش اور محنت رائگاں جانا

ہاتھ پتھر تلے آنا: مجبور و ناچار ہونا

ہاتھ پٹھے پر نہ رکھنے دینا: کسی بات پر راضی نہ ہونا

ہاتھ پر دھرا ہوا ہونا: ہر وقت پاس رہنا

ہاتھ پر سانپ کھلانا: جان کو خطرے میں ڈالنا

ہاتھ پر سونا اچھالنا: امن و امان ہونا

ہاتھوں پر سرسوں جمانا: مشکل کام کو فوراً انجام دینا

ہاتھوں پر طوطا پالنا: زخم اچھا نہ ہونے دینا

ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھنا: بیکار محض پھرنا

ہاتھ پر ہاتھ رکھنا: قول و قرار کرنا

ہاتھ پسارنا: بھیک مانگنا

ہاتھ پکڑا دینا: کسی عورت کی شادی کرنا

ہاتھ پکڑ کے پہنچا پکڑنا: تھوڑا سا سہارا پا کر زیادہ کا طالب ہونا

ہاتھ پکڑے کی لاج ہونا: ہمیشہ مہربانی کرتے جانا

ہاتھ پورا پڑنا: کاری ضرب پڑنا

ہاتھ پہنچنا: دست رس ہونا

ہاتھ پھیرنا: پیار کرنا

ہاتھ پھیر دینا: قرض دینا

ہاتھ پیلے کرنا: غریبوں کی طرح بیاہ کر دینا

ہاتھ تنگ ہونا: مفلس ہونا

ہاتھ توڑ توڑ کے کھانا: مزیدار چیز کو کھا کر ہاتھوں کو چاٹنا

ہاتھ تہ سنگ ہونا: مجبور ہونا

ہاتھ ٹھڈی میں ڈالنا: خوشامد کرنا

ہاتھ ٹھہرنا: کسی کام کا مشق ہونا

ہاتھ جڑنا: تھپڑ مارنا

ہاتھ دل پر رکھنا: کمال بے قراری کا اظہار

ہاتھ جوڑ لینا: ہار مان لینا

ہاتھ جھاڑ اٹھے: مفلس و نادار ہوئے

ہاتھ جھاڑ کے کھڑے ہو جانا: سب کچھ خرچ کر ڈالنا

ہاتھ جھاڑنا: ہاتھ خالی کرنا

ہاتھ جھلاتے آنا: خالی ہاتھ آنا

ہاتھ جھوٹا پڑنا: وار خالی جانا

ہاتھ جھوٹا کرنا: ایسا وار کرنا جو کافی نہ ہو

ہاتھ چڑھنا: دستیاب ہونا

ہاتھ چھوٹا ہونا: بے دھڑک مار بیٹھنے کی عادت ہونا

ہاتھ حمائل رکھنا: کسی چیز کو ہاتھوں کے درمیان اس طرح رکھنا کہ ہاتھ ارد گرد رہیں

ہاتھ خرچ سے تنگ ہونا: خرچ پاس نہ ہونا

ہاتھ دانتوں سے کاٹنا: اپنی غلطی پر رنج و غصہ کرنا

ہاتھ دراز کرنا: ہاتھ آگے بڑھانا
ہاتھ دھو بیٹھنا: مایوس ہو جانا
ہاتھ دھو کر پیچھے پڑنا: درپے آزار ہونا
ہاتھ رنگنا: رشوت لینا
ہاتھ زیرِ زنخداں رہنا: سوچ میں رہنا
ہاتھ سر پر رکھنا: مددگار ہونا
ہاتھ سمیٹنا: دینے سے ہاتھ روکنا
ہاتھ سے بچنا: سلامت رہنا
ہاتھ سے دل پھسلنا: عاشق ہونا
ہاتھ سے دے بیٹھنا: گنواں بیٹھنا
ہاتھ سے کام نکلنا: کسی کام کا تجربہ ہونا
ہاتھ سے نالاں ہونا: کسی سے بہت تنگ ہونا
ہاتھ شل ہو جانا: ہاتھ تھک جانا
ہاتھ کا چالاک ہونا: دست دراز ہونا
ہاتھ کانوں پر رکھنا: بالکل لاعلمی ظاہر کرنا
ہاتھ کٹ چلے: اپنے ہاتھ کی تحریر دے بیٹھے
ہاتھ کمر پر رکھے ہونا: بیکار گھومتے پھرنا
ہاتھ کمر میں ڈالنا: لڑنا
ہاتھ کھجلانا: کچھ ملنے کی امید ہونا
ہاتھ کھلا رہنا: فیاضی کی عادت ہونا
ہاتھ کھل جانا: مار بیٹھنے کی عادت پڑ جانا
ہاتھ کھینچ لینا: کسی کام سے ہاتھ روک لینا
ہاتھ کی ابی بھی گئی: قابو میں آئی ہوئی چیز بھی گئی
ہاتھ کے اوپر ہاتھ دھرے بیٹھنا: بیکار ہونا
ہاتھ کے بیر نہ کھانا: کسی سے سخت نفرت کرنا
ہاتھ کی پیٹھ دانتوں سے کاٹنا: کسی چیز کے نہ ملنے پر سخت افسوس کرنا
ہاتھوں کے طوطے اڑ جانا: حواس باختہ ہو جانا
ہاتھ کی لکیر مٹنا: محبت جاتی رہنا
ہاتھ کے نیچے آنا: قابو میں آنا
ہاتھ گھسانا: بے فائدہ محنت کرنا
ہاتھ لال کرنا: الزام لینا
ہاتھ لگائے کملانا: نہایت نازک ہونا
ہاتھ میں ٹھیکرا دینا: بھیک منگوانا
ہاتھ میں جوہر ہونا: ہنرمند ہونا
ہاتھ میں سنیچر ہونا: ہر وقت چیزوں کو توڑتے پھوڑتے رہنا
ہاتھ میں گریبان ہونا: کسی کے ظلم کا فریادی ہونا
ہاتھوں چھاؤں رکھنا: نہایت حفاظت کے ساتھ رکھنا
ہاتھوں قلم ہونا: برائی بھلائی کسی کے اختیار میں ہونا
ہاتھوں ہاتھ اڑا کر لے جانا: فوراً لے جانا
ہاتھی سے گنے کھانا: زبردست سے مقابلہ کرنا
ہاتھی کے دانت بٹھانا: ناممکن بات کرنا
ہاتھی کے ساتھ گنے چوسنا: زبردست کے مقابلے میں آنا
ہاں جی کا نوکر ہونا: ہاں میں ہاں ملانے سے غرض رکھنا
ہانڈی ابلنا: بساط سے بڑھکر کام کرنا
ہانڈی پھوڑنا: راز کھولنا
ہانڈی گرم کرانا: فائدہ دلانا

ہانک پکار کے کہنا: بہ آواز بلند کہنا
ہاؤ ہاؤ کرنا: جلدی کرنا
ہپ کر جانا: کسی کا مال ہضم کر جانا
ہتے چڑھنا: کسی کے قابو میں آ جانا
ہتھ کھڑا رکھنا: بیگار لینا
ہتھکنڈا بتا دینا: طریقہ بتا دینا
ہجو کرنا: مذمت کرنا
ہجے نکالنا: عیب نکالنا
ہدف بنانا: نشانہ بنانا
ہدیہ کرنا: کوئی متبرک چیز بیچنا
ہڈی پسلی ایک کر دینا: بہت مارنا
ہڈی میں ہڈی پیوند میں پیوند ملنا: میاں بیوی کا اچھی نسل ہونا
ہذیان بکنا: بیہودہ باتیں کرنا
ہُر ہو جانا: غائب ہو جانا
ہرے میں آنکھیں ہونا: امیری کے باعث فضول خرچی کی عادت ہونا
ہروا کھل جانا: ذہن روشن ہونا
ہردے کرنا: یاد کرنا
ہرن کا کالا ہونا: شدّت کی دھوپ ہونا
ہرن ہو جانا: فرار ہو جانا
ہڑک اٹھنا: ولولہ اٹھنا
ہزیمت اٹھانا: شکست کھانا
ہفت زبان ہونا: بہت سی زبانیں جاننا
ہلاس ہو جانا: جلد خرچ ہو جانا
ہلاک کرنا: مارنا، قتل کرنا

ہلدی لگا کے بیٹھنا: بہانہ کرنا
ہلسائے میں آنا: بہکائے میں آنا
ہم خواب ہونا: ساتھ سونا
ہم دست ہونا: حاصل ہونا
ہم سختی کرنا: مقابلہ کرنا
ہُمکارا بھرنا: اقرار کرنا
ہن برسنا: خوب آمدنی ہونا
ہندی کی چندی کرنا: آسان کو اور آسان کرنا
ہنڈی پٹینا: ہنڈی کا روپیہ حاصل کرنا
ہنڈی سکارنا: ہُنڈی کا روپیہ ادا کرنا
ہو حق کرنا: خدا کو یاد کرنا
ہو حق ہو جانا: فنا ہو جانا
ہُو ہُو ہو جانا: ویرانہ ہو جانا
ہوا اکھڑ جانا: ساکھ جاتی رہنا
ہوا اور کچھ ہو جانا: انداز بدل جانا
ہوا بتانا: ٹال دینا
ہوا برخلاف ہونا: زمانہ موافق نہ ہونا
ہوا بندھنا: دھاک بندھنا
ہوا بھی نہ دینا: خبر تک نہ دینا
ہوا پر سوار ہونا: جلد باز ہونا
ہوا پر اڑنا: مغرور ہونا
ہوا پھانک کے رہنا: فاقے سے رہنا
ہوا پھیلنا: زمانہ موافق ہونا
ہوا چلنا: رواج پڑنا
ہوا حبس ہونا: ہوا بند ہونا
ہوا دینا: اکسانا

ہوا سر میں ہونا: دھن ہونا
ہوا سے لڑنا: خوامخواہ لڑنا
ہوا کا رخ بتانا: ٹال دینا
ہوا کا گزر نہ ہونا: رسائی نہ ہونا
ہوا کو گرہ دینا: نہایت مشکل کام کرنا
ہوا لگنا: محبت کا اثر ہونا
ہوا مٹھی میں بند کرنا: بے فائدہ کام کرنا
ہوا میں آجانا: اترانا
ہوائی اڑنا: منہ فق ہونا
ہوائی چھوڑنا: بے بنیاد بات کہنا
ہوس نکلنا: ارمان نکلنا
ہوش باختہ ہو جانا: گھبرا جانا
ہوش پراگندہ ہونا: ہوش بکھرنا
ہوش پکڑنا: عقل حاصل کرنا
ہوش رکھنا: خبردار رہنا
ہوش کافور ہونا: ہوش جاتے رہا
ہوک اٹھنا: پہلو میں درد اٹھنا
ہول آنا: دحشت سما جانا
ہول بیٹھ جانا: ڈر بیٹھ جانا
ہونا ہوانا: کسی فعل کا سرزد ہونا
ہونٹ سی لینا: خاموش ہو جانا

ہونس کا کھا جانا: نظر بد کا اثر ہو جانا
ہیاؤ پڑنا: ہمت پڑنا
ہیٹی کرنا: رسوائی کرنا
ہیرا کھانا: رشک سے جان دینا
ہیرے کی کنی کھانا: خودکشی کرنا
ہینگ لگانا: ذلیل کرنا، سنوارنا
ہیئے کی پھوٹنا: بے وقوف ہونا

(ی)

یاد آوری: مزاج پرسی
یاد گدگدانا: کسی کا بار بار یاد آنا
یارانہ ہونا: دوستی ہونا
یاری دینا: مدد دینا
یاس ہو جانا: امید ہو جانا
ید طولیٰ رکھنا: بڑی مہارت رکھنا
یک جان دو قالب ہونا: نہایت گہرے دوست ہونا
یک زبان ہونا: متفق ہونا
یہ گل کھلا: یہ نتیجہ نکلا

ختم شد

بک کارنر کے زیرِاہتمام نادر سفرناموں کی اشاعت

حالی کی صد سالہ برسی کے موقع پر خصوصی اشاعت

شرح بانگِ درا

خوبصورت اور معیاری کتابیں